محبت ع پیار کرنا دوست سمجھنا الفت رکھنا کسے سے
محاذات ع روبرو ہونا سامنے ہونا مقابلے پڑنا
محیات ع گروہ زندہ کیا گیا جلایا گیا
محاضرات ع حکایات موافق [illegible] سلیقہ کی ہوئی باتیں
محاورت ع جواب دینا معقول محاورات اسکی جمع ہے
محامات ع کسے کسیسے دفع کرنا کسے چیز کا [illegible]
محاولت ع طلب کرنا اور مانگنا سوال کرنا

میم با خا

مخاطبات ع باہم کلام کرنا تقریر کرنا باتیں کرنا
مخادعت ع فریب دینا دغا مخادعات اسکی جمع ہے
مخدرات ع زنان پردہ نشین اور ستردار عورتیں

مخدرات ع وہ دوائین جو سستی و بیخوابی لاتین
مخاصمت ع دشمنی و خصومت عداوت و بیر
مخلوقات ع جمع مخلوقہ یعنی پیدایش جو ہوا ہین سب
مخالطت ع آپسمین ملنا اختلاط و صحبت کرنا
مخافت ع خوف کرنا ڈرنا کسی دشمن غیرہ سے
مخافت ع آہستہ آہستہ پڑہنا گویا کوئی ورد یا وظیفہ
مخلات ع وہ توبرے جسمین دانہ گھوڑیکو دیتے ہین عملہ اگیہ
مخزونات ع پوشیدہ چیزین چھپی ہوئی چیزین
مخطورات ع خطرہ کی چیزین جنسے خوف پیدا ہو
مخالفت ع دشمنی عداوت بیر خصومت
مخافتت ع آہستہ پڑہنا دل ہی دلمین پڑہنا

میم با دال

مدحت ع تعریف کرنا کسیکو سراہنا بڑائی کرنا
مداہنت ع ظاہر کرنا بخلاف ارادہ کے جو دلمین نہو
مدرکات ع عقلہا دو انشہا اور درک کی چیزین
مداوات ع دوا کرنا علاج معالجہ کرنا بیمار کا
مداعبت ع کھیل بازی و خوشطبعی و عیش و عشرت
مدارات ع صلح و رعایت و خوشامد
مدارات ع سیر کواکب فرض کردہ منجمان
مدعیات ع جمع مدعا بہت سے مطالب مرادین
مداخلت ع دخل دینا کسی بات مین ٹوک دینا
مدارست ع باہم درس کرنا پڑہنا پڑہانا
مدافعت ع دفع کرنا دور کرنا ہٹانا

مداومت ع ہمیشگی یعنی ہمیشہ کے لئے
مدت ع درازی و میعاد ایک زمانہ کی جو مقرر ہو
مدت عدت ع مطلقہ یا بیوہ عورت کے نکاح ثانی کی میعاد جو شرعاً مقرر ہے

میم با ذال

مذلت ع خراب و ناخوار ہونا ذلت مین خرابی مین پڑنا
مذمت ع ہجو کرنا برائی کرنا کسیکو برا کہنا بذریعہ زبان کے

میم با رے

مرابطات ع دوستیان و رابطے اور محبتین جو آپسمین ہون
مرافعت ع پیش لیجانا مقدمہ کو حاکم کی روبرو کرنا بلند چڑہانا
مرافعات ع عرضیان بیان جو حاکم کو روبرو کرین
مراسلات ع خطوط اور مراسلت بھیجنا ایکدوسرے کیطرف
مرئیات ع وہ چیزین جو دیکھی جائین آنکھون سے نظر آئین
مرارت ع تلخی اور تلخ مزہ جسکو کڑوا مزہ کہتے ہین
مرودشت ع نام ایک مقام کا ہے یا شہر کا
مرابحت ع سود اور نفع سے بیچ کرنا کسی فائدہ مند چیز کو
مراقبت ع امید نگہبانی و پاسبانی و حفاظت
مراجعت ع رجوع کرنا متوجہ ہونا کسی چیز کیطرف
مراغبت ع رغبت کرنا توجہ کرنا چاہنا کسی چیز کو
مرافقت ع رفاقت کرنا دوستی کرنا ہمراہی کرنا
مرادفت ع باہم ہمردیف ہونا ملکر چلنا ہمراہ ہونا
مراضعت ع دودہ پلانا بچے کو دودہ جتنا ہو
مرت ع ایک دفعہ ایک مرتبہ ایک بار

مرمت ع درست کرنا بگڑی عمارت وغیرہ کو۔

مرحمت ع رحمت کرنا۔ مہربانی کرنا لطف سے پیش آنا۔

مروت ع ... مردمی کرنا جوانمردی کرنا احسان کرنا۔

مراعات ع رعایت کرنا چرانا گوشۂ آنکھ سے دیکھنا۔

مرازمات ع مقابلہ مطالبہ مراد وین مقصود۔

مراٰۃ ع آئینہ جس سے منہ دیکھتے ہیں۔

مرات ع عورت یعنی زن استری ہندی میں۔

مرقات ع نردبان زینہ جسکو ہندی میں پوڑی کہتے ہیں

مرغبات ع مرغوب چیزیں دلپسند چیزیں۔

میم با زای

مزلت ع لغزش کہانا پھسلنا ایک مقام سے۔

مزخرفات ع بیفائدہ باتیں جنسے کچھ نفع نہو۔

مزیدیت ع افزونی و زیادتی اور بڑہنا زیادہ ہونا

مزیبت ع وہ چیز جسکو روغن زیت ملا ہو چرب چیز۔

مزجات ع اندک بے اعتبار قلیل اور تہوڑی چیز۔

مزاولت ع نزدیک کرنا کسی چیز کو کسی چیز کے ساتھ۔

مزاحفات ع وہ بحر نظم کا جسمیں زحاف واقع ہوا ہو اور زحاف اصطلاح عروض میں گرنا یا ساقط ہونا ایک یا دو حرف کا رکن اصلی کسی بحر سے ہی یا زیادہ ہونا کسی حرف کا اصلی رکن پر۔

مزکت ع مسجد خانہ خدا مکان پاکیزہ صفا مکان۔

مزاحمت ع تنگی کرنا اور ناچار کرنا کسی کو۔

مزاولت ع ہمیشگی کرنا مداومت کرنا۔

میم با سین

مستودعات ع امانتیں جو کسیکے پاس رکھی جاتی ہیں

مسامحت ع آسان پکڑنا آسان کرنا کسے مشکل بات کو

مسائلت ع باہم سوال کرنا کسی چیز کے حاصل کرنے کو۔

مساہمت ع شریک ہونا شارکت کرنا باہم حصہ ... ہونا

مسالمت ع صلح کرنا صفائی کرنا عداوت سے باز آنا

مستعلیات ع وہ حروف جنکے پڑہنے سے زبان تالو کو لگجائے چنانچہ ص ض ط ظ خ غ و ق۔

مساہلت ع آسان جاننا اور آسان پکڑنا کسے چیز کو

مست ف بیہوش بے خود شرابی ہو یا دیوانہ۔

مشت ع غم و اندوہ و اندیشہ اور گلہ بکریاں وغیرہ کا

مسکرات ع نشہ دینے والی چیزیں جو مست کردیں

مستلذات ع لذت دار چیزیں مزے دار چیزیں

مسافت ع فاصلہ دوری درمیان منازل خود سفر

مساحت ع ناپنا پیمایش کرنا زمین کا جریب وغیرہ سے۔

مساعدت ع یاری کرنا مدد دینا مددگار ہونا۔

مسخنات ع گرم کرنے والی چیزیں جو گرم ہوں

مستوات ع بیٹھنے کی چوکی جس سے زمین ... ہموار کریں

مسارقت ع چوری کرنا کسے کا مال چورانا۔

مسافات ع جمع مسافت دوریاں اور فاصلے منازل۔

مسافرت ع سفر کرنا راستہ چلنا مسافر بننا۔

مسحات ع مٹی کہودنے کا بیلچہ جسکو کہی اور پہاوڑا کہتے ہیں

مسارعت ع تیزی سے کرنا جلدی کرنا سرعت کرنا کام میں

مساومت ع غلہ ارزان لیکر باسیدنی رکھ چھوڑنا گراں

مساوات ع برابری کرنا ہمدوشی کرنا برابر ہونا۔

مسکنت مفلسی وہ دریچی سکینے و عاجزے۔

مسؤلات ع موجود وہ چیزیں جنکی آرزو ہو۔

مسکت ع چپ کرنے والا زبان سے نہ بولنے والا

مستنبطات ع نکالی گئی مقام سے نکلی ہوئی چیز

میم با شین

مشاورت ع شورہ کرنا کسی کام کی نسبت

متابعت ع یاری کرنا پیروی کرنا متابعت کرنا

مشاکلت ع ہمشکل ہونا مانند ہونا مثال ہونا۔

مشتہات ع مرغوب چیزیں پسند چیزیں اچھی چیزیں

مشکات و مشکوٰۃ روشندان قندیلیں مع فتی کو۔

مشرقات ع روشن چیزیں جنسے روشنی ظاہر ہو

مشتوت ع سوت کیڑا بننے کا اور پراگندہ و پریشان

مشمومات ع خوشبوئیاں مثل عطر و عنبر کستوری وغیرہ

مشاتمت ع گالیاں دینا برا کہنا بد گوئی کرنا۔

مشاربت ع آپس میں ملکر پانی پینا یا شراب وغیرہ۔

مشت ف مکا یعنی ہاتھ بند کرکے کسیکو مارنا۔

مشقت ع رنج و تکلیف محنت و مزدوری

مشابہت ع تشبیہ ہونا مثل ہونا کسیکے مانند ہونا

مشارکت ع آپس میں شریک ہونا ساجھی ہونا آپس میں کسی کام میں

مشکوٰۃ ع وہ طاق جسمیں چراغ ہو یعنی چراغدان

مشتت ع پریشان پراگندہ جدا جدا جیسا ان۔

مشیت ع خواہش مرضی ارادہ یزدی خدا کی تقدیر۔

مشرکات ع کافرہ عورتیں یعنی وہ عورتیں جو مسلمان نہوں

میم با صاد

مصیبت سختی و دکھ تکلیف سخت رنج و آزار۔

مصافات ع دوستی و اخلاص آپس میں دوستی ہونا

مصادقت ع راستی و دوستی و اخلاص حق گوئی حق شناسے۔

مصابرت ع صبر کرنا ٹھہرے رہنا بیقرار نہونا کسی سختی پر

مصفات ع جس سے کوئی چیز صاف کریں یعنی صاف کرنیکا آلہ۔

مصمت ع وہ چیز جو پولی نہو اور زخم جو بھر آیا اور چیز جو پولی نہو۔

مصمت خاموش کیا گیا چپ کرایا گیا بے زبان کیا گیا۔

مصارعت ع کشتی کرنا اور ایک دوسرے کو زمین پر دے مارنا۔

مصلحت نیکی و صلاح کار جس سے وہ کام آسان ہوتا ہے۔

مصاہرت ع داماد بنانا خسر بنانا نسبت ازدواجیہ کرنا۔

مصادمت ع صدمہ پہنچانا اسیب پہنچانا ضرر پہونچانا

میم با ضاد

مضاربت ع نفع کی شراکت یا مال کسیکو دینا تجارت میں شریک ہونا

مضاجعت ع ایک جگہ ہونا اور ایک جگہ سونا۔

مضادت ع دشمنی کرنا ضد کرنا مخالفت رکھنا کسی سے۔

مضحکات ع ہنسنے کی باتیں مسخری کی باتیں

مضافات ع متعلقات و منسوبات و زمین گرد و نواح جیسے

مضاہات ع مانند ہونا ہمشکل ہونا مثل ہونا کسی سے

مضلت ع جائے گمراہی و وہ زمین جسمیں آدمی رستہ بھول جاوے

میم با طا

مطویات ع پیچیدہ چیزیں اور پیچیدہ مضامین کا غذات
مطائبات ع خوش طبعیاں۔
مطعومات ع کھانیکی چیزیں اور طعام قسم قسم کے
مطرات ع بارشیں اور بہت سے منہ و قطرات مسطرات
مطاوعت ع متابعت فرمانبرداری اطاعت و پیروی
مطارحات ع خوشامد کی باتیں جب دوسرا شخص آمادہ کرے
مطابقت ع برابری مطابق ہونا ہمسر ہونا۔

میم با ظاء

مظاہرات ع حمایت و پشتبانی کرنا امداد کرنا پشت دینا

میم با عین

معذرت ع عذر کرنا بہانہ کرنا کسی کام میں۔
معاندت ع عناد و دشمنی کرنا خصومت و عداوت کرنا۔
معاشرت ع باہم زندگانی کرنا و گذارہ کرنا۔
معدلت ع عدل کرنا انصاف کرنا برابر تولنا۔
معوضت ع بدلے کی چیز جو کسی کی چیز سے بدل لیجائے۔
معیت ع ہمراہی کرنا کسیکے ساتھ رہنا ہر کام میں
معاطفت ع مہربانی کرنا مہربان ہونا نرم دل ہونا۔
معاقدت ع عقد یعنی نکاح کرنا شادی کرنا۔
معاوضت ع عوض لینا بدلہ لینا کسی شخص سے
معلقات ع لٹکی ہوئی چیزیں جو ہوا میں لٹکتی ہوں۔
معصیت ع گناہ تقصیر جو کسی انسان سے سرزد ہو۔
معرفت ع پہچاننا شناخت کرنا خدا یا کسی اور کو۔
معجزات ع جو خرق عادت پیغمبروں سے سرزد ہوں۔
معیشت ع گذران کرنا وقت گذارنا ہر طرح سے۔
معاونت ع یاری و مدد کرنا حمایت کرنا کسیکے مشکل کام میں
معاودت ع عود کرنا پھر آنا بازگشت کرنا آگے سے کسی کو
معاقبت ع عذاب کرنا تنگی میں کھینا ناچار کرنا۔
معاتبت ع جھڑکنا عتاب کرنا غضب کرنا۔
معظمات ع بڑی چیزیں صاحب عظمت چیزیں۔
معضلات ع وہ مشکلیں جنکا حل ہونا مشکل ہونا۔
معاضدت ع یاد ہونا بازو ہونا قوت بخشنا کسیکو۔
معونت ع یاری دینا مددگاری کرنا اعانت کرنا۔
معادات ع عداوت کرنا خصومت و بیر کرنا۔

میم با غین

مغادرت ع بیوفائی کرنا دغا کرنا کسی سے۔
مغفرت ع بخشش کرنا گنہ بخشنا گنہگار کا۔

میم با فاء

مفارقت ع جدائی اور فرق میں پڑنا الگ ہونا۔
مفاجات ع اچانک ہونا یکایک آنا کسی بات کا
مفاخرت ع فخر کرنا تکبر و غرور کرنا بڑائی کرنا۔
مفاوضت ع مشورہ کرنا صلاح و تجویز آپس میں
مفاوضات ع وہ مکتوب جو اعلیٰ اور ادنیٰ نے آپس میں لکھے یعنی بیان وغیرہ
مفردات ع حروف تہجی یعنی الگ الگ حرف یا ترکیب وغیرہ
مفرضات ع قرض کی ہوئی چیزیں یعنی اُدھار لی ہوئی چیزیں

میم با قاف

مقیت ع توانا روزی دہندہ نگہبان گواہ حاضر و موجود ذات خدا

مُمَایَزَت ع علیحدہ کرنا جدا کرنا تمیز کرنا فرق کرنا۔

مَمَارَات ع گذشتہ باتین و ماجرہا سلف۔

مُمَارَات ع کسیکے ساتھ چلنا و عداوت کرنا و خصومت کرنا

مُمَاشَات ع ہمراہی کرنا ساتھ چلنا کسی راستے مین

مُمَاطَلَت ع دفع الوقتی کرنا اور کام کو پیچھے ڈالنا او دیر

مُمَارَسَت ع کوشش و تجسس و تجربہ علاج و دوستی کرنا۔

میم با نون

مُنَاسَبَت ع باہم نسبت رکھنا پیوند رکھنا کسی سے

مُنَاجَات ع دعا و ندا بجناب الٰہی نجات مانگنا۔

مُنَاعَمَت ع استوار کرنا مضبوط کرنا قوی کرنا۔

مُنَاہَدَت ع انگلیون پر خال لینا۔

مِنحَات ع رندہ جس سے لکڑی صاف کرتے ہین

مَنبَت ع جای روئیدگی سبزے کے اوگنے کی جگہ۔

مُنَادَمَت ع ندیم ہونا ہمنشین ہونا جلیس ہونا مصاحب ہونا۔

مُنَافَرَت ع حاکم کے پاس جانا تا ثابت حسب و نسب کے لئے

مَنعُوت ع تعریف کیا گیا نعت کیا گیا صفت کیا گیا

مُنَافَات ع نقیض و ضد جو دو امر اور دونون ایک دوسرے کے ضد ہون۔

مُنشَآت ع مسودات و عبارات و تصنیفات و انشا و کتابین

مُنیَت ع آرزو و مقصود و مراد جو کسیکے دل مین ہو۔

مَنِیَّت ع موت مرگ وہ اجل جس سے انسان مرجاتا ہے۔

مَنقَصَت ع نقصان و عیب زیان جو کسیکو واقع ہو

مُنَاقَضَت ع نقیض و شکستگی و خرابی و بگاڑ کام مین

مَنحُوت ع تراشیدہ چھیلی ہوئی چیز رندہ کی ہوئی چیز

مَنَامَات ع خواب جالینی بہت نیندین جو آدمیکو آوین

مُنبَت ع اوگایا گیا اور وہ نقش جو اپنی جگہ سے بلند ہو گیا۔

مَنہِیَّات ع وہ چیزین جو شرعًا منع ہین مثل شراب اور زنا و چوری وغیرہ

مَنَات ع ایک بت کا نام ہے جسکو کفار عرب پوجتے تھے۔

مَنفَعَت ع سود مندی حاصل کرنا نفع پانا کسی سے۔

مَنزِلَت ع رتبہ درجہ جا مکانے عزت و حرمت۔
دولت مند ہونے و امارت جو کسیکو حاصل ہو۔

مَنقَبَت ع ستودگی تعریف کرنا بیان اوسکے اوصاف کے

مِنَّت ع کوئی احسان و خوبی جو کسی سے کیجائے۔

مُنَاکَحَت ع نکاح کرنا شادی کرنا کسی سے۔

مُنَازَعَت ع کشاکش و خصومت و عداوت و دشمنی۔

مَنقَبَت ع محامد و ثنائے اہل بیت صحابہ کبار و بزرگان دین اہل اسلام

مُنَاظَرَات ع آپسمین بحث کرنا مسایل مذہبی پر۔

میم با واو

مُوَاظَبَت ع ایک کام پر ہمیشہ رہنا ضبط رکھنا۔

مُوَالَات ع محبت و دوستی و پیوستگی و التفات۔

مُوَاسَات ع یاری و غمخواری و دلداری و دلاسا۔

مُوَاصَلَت ع ملنا پیوند پانا وصل ہونا کسی سے۔

مَوَات ع بیجان ہو مری ہوئی چیز فوت ہوئی ہوئی

مُوَاخَات ع برادری کرنا کسیکا بھائی بننا۔

مَوَدَّت ع دوست رکھنا پیار کرنا یار بنانا۔

مَوہِبَت ع بخشش کرنا ہبہ کرنا کسی چیز کا۔

مُوَافَقَات ع موافقت کرنا اتفاق کرنا متفق ہونا۔

موعظت ع پند و نصایح کرنا نصیحت دینا کسیکو۔
موازات ع برابری کرنا ہمسری کرنا برابر ہونا۔
موافقت ع دوستی رکھنا اتفاق رہنا کسی سے۔
موالفت ع الفت کرنا محبت کرنا پیار رکھنا کسی سے۔
موعدت ع وعدہ کرنا اقرار کرنا کسی سے بات مین
موقت ع وقت پر ٹہرا ہوا کام موقوف بوقت جو ادا ہو
مولفات ع تالیف کی ہوئی کتابین جمع کئے ہوے نسخے
موت ع مرجانا فوت ہونا نیست و نابود ہونا دنیا سے جان کا
مواہنت ع سستی کرنا کاہل ہونا کسی ضروری کام مین
موانست ع آپسمین اُنس کرنا صحبت رکھنا ہمنشینی کرنا
مونت ع بار و گرانی و تعب و رنج و ایذا جو کسی کام مین ہو
مونت ع بار احتیاج معیشت خرچ جو انسان پر ضروری ہے
موازرت ع وزیری کرنا بادشاہ کا وزیر ہونا۔
موادعت ع وداع کرنا رخصت کرنا کسیکو اپنی پاس سے۔
موثرات ع تاثیر کرنے والی چیزین جنکی کہانے سے تاثیر ہو
موامرت ع مشورہ کرنا تجویز و صلاح کرنا کسی امر مین۔
موجودات ع جمع موجودگی بہت سی پیدایش۔

میم با ہا ر

مہارت ع اوستادی و لیاقت و اصل تجربہ۔
مہابت ع بیم و ترس و شکوہ و شان و رعب۔
مہلت ع آہستگی و فرصت و وقت جو چھوڑ دیا جاوے
مہاجرت ع جدائی علیحدگی۔
مہمات ع مہمین یعنے بہت مشکل کام۔

میم با یا ی

میت ع مردہ جو مر چکا ہو نیست و نابود ہو چکا ہو
میمنت ع برکت و سعادت و میمون و نیکی و خوبی۔
میقات ع وقت و ہنگام کا روز وعدہ ہر ایک کام کا۔

ستائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول

حرف نون اور آخیر مین تا ہے۔

نون با الف

ناسوت ع عالم اجسام و جہان دنیا و عالم شرعیات و ظاہر
ناراست ٹیڑہا اور کج جو سیدہا نہو۔
نادرست جو درست نہو نہایت خراب۔
ناشطات ع خوش کرنیوالی جماعتین ایک گروہ۔
ناشرات ع باد ہائے تند سخت و تند ہوائین۔
نابت ع رویانندہ و رویندہ اگانیوالا اور اگنے والا۔
ناخواست بے طلب بے تلاش و بے سوال چیز۔
ناداشت مفلس و نادار و محتاج جسکے پاس کچہ نہو۔
ناشناخت ناواقف دنیا نہیچاننا یا وہ آدمی جسکی شناخت نہو۔
ناگرفت ف ناگہان ناگاہ یکایک واقع ہونیوالا۔

نون با با ی

نباتات ع سبزہ بہری تند سپید رہیدگی سبزے کی۔

نباہت ع چمک شان عزت فخر اقتدار۔

نبت ع گھاس سبزہ سبزہ ہر ایک قسم کا۔

نبالت ع بزرگواری وعزت وبڑائی۔

نبوت ع خبر دینا نبی ہونا پیغمبر ہونا۔

نون باجیم

نجابت ع بڑا آدمی ہونا بزرگوار ہونا گرامی ہونا امیر ہونا

نجاست ع پلیدی بخلاف پاکیزگی کے۔

نجدت ع شجاعت دلیری جوانمردی بہادری دلاوری

نجات ع خلاصی پانا رہائی پانا عذاب سے۔

نون باحاء

نحوست ع بدنصیب ہونا نحس ہونا خراب یا بتر ہونا۔

نحافت ع ناتوانی کمزوری وناطاقتی۔

نحت ع تراشنا چھیلنا کسی چیز کا۔

نحلت ع عورت کا حق مہر دینا پیدا کرنا دعوے کرنا و بخشش بے عوض ومذہب باطل۔

نون باخاء

نخل تابوت ف بوان مہندوں کے مردہ لکا جاوے کا ہوتا ہے

نخوت ع بزرگی وتکبر وغرور وبڑائی۔

نخست ف اول سب سے پہلے۔

نون باذال

ندرت ع تنہائی وکمی وعجیب ہونا۔

ندوت ع تری ونمناکی اور گیلا ہونا۔

ندبت ع ماتم کرنا کسی مردہ کا نوحہ کرنا رونا چلانا۔

ندامت ع شرمندگی۔

نون باذال

نذارت ع خوف ڈرانا اور عیب کہلانا۔

نون بازاء

نزاکت ع نازک ہونا خلاف قیاس یہ مصدر ہے

نزہت ع بے عیبی وپاکیزگی وخوبی وخوبصورتی۔

نزاہت ع بدی عیب سے پاک ہونا اچھا ہونا خوبصورت ہونا

نون باسین

نسبت ع لگاؤ سروکار پیوند کسی سے رکھنا۔

نسمات ع خوشبوئیں مثل عطر وعبیر وکستوری وغیرہ۔

نسمت ع آدمی اور روح وجان انسانی۔

نسوت ع زنان یہ جمع خلاف قیاس ہے۔

نون باشین

نشدت ع گم ہوئی ہوئی چیز کو ڈھونڈھنا تلاش کرنا

نشات ع پیدائش عالم موجودات پیدائش ایک قسم کی بار ا

نون باصاد

نصفت ع داد وانصاف عدل ومقدمات میں۔

نصرت ع یاری ومدد وفتح جو جنگ میں حاصل ہو۔

نصیحت ع پند اور وعظ جو کہ نیکوئی کے لیے کریں۔

نون باضاد

نضارت ع رونق وتازگی وآبداری سرسبزی ...

نون باطاء

نطاة ع نام قلعہ خیبر کا جو ایک منجملہ چند قلعوں کے ہے۔

نون با ظاء

نظافت ع پاکیزگی و پاک جسمی و نیکی و خوبی -

نظارت ع نظر کرنا اور دیکھنا اور دیکھتے رہنا -

نظامت ع پرونا انتظام کرنا بندوبست کرنا -

نون با عین

نعمت ع دسترس مال و روزی آسایش عطا و دولت جاہ

نعت ع وصف و تعریف آنحضرت صلعم کی نظم ہو یا نثر

نعوت ع جمع نعت یعنی بہت تعریفیں جناب پیغمبر علیہ السلام کے

نون با غین

نغمات ع آوازے خوش و سرود جو ساز کے ساتھ گایا جائے -

نون با فاء

نفاست ع زچہ ہونا عورت کا وخشید نجیلی و اچھا خون نفاس کا

نفرت ع رمیدگی دوری چاہنا ناپسند رکھنا -

نفت ع ایک قسم کا تیل ہے جو زمین سے نکلتا اور جلایا جاتا ہے

نفحات ع خوشبوئیاں جو سونگھی جائیں مثل عطر و مشک وغیرہ

نفخات ع دم پھونکنا پھونکنا دم چڑھانا کسیکو -

نفسانیت ع خود غرضی و تکبر و غرور و ریا و عجب

نفطت ع چیچک آبلہ جو ایک مشہور بیماری ہے -

نفاثات ع جادوگر عورتیں سحر ساز عورتین -

نون با قاف

نقمت ع عقوبت و کینہ و عذاب رنج و ضرر پہنچانا

نقابت ع تعریف کرنا اچھا گننا بزرگ جاننا -

نقاہت ع ضعیفی و ناتوانی مگر دوری کے بعد تندرستی -

نقیصت ع نقصان لوٹنا خسارہ کہنا کسی کی برائی پر

نقاوت ع پاکیزگی -

نون با کاف

نکبت ع خواری و رنج و نحوست و مفلسی و ناداری -

نگاہداشت ف حفاظت و پاسبانی و نگاہبانی و نگہبانی

نکہت ع خوشبو جو سونگھی جائے مثل عطر وغیرہ -

نکات ع جمع نکتہ یعنی وہ بات جو مرمز ہو اور اچھا کلام

نکایت ع دشمن کو دکھ دینا رنج پہونچانا -

نکت ع جمع نکتہ جسکی تعریف تحریر ہو چکی ہے -

نکمت ع زمین کو کھودنا اور گرانا کسی جگہ کا -

نون با واؤ

نوات ع ہستہ خرما استخوان خرما کھجور کی ہڈی -

نواخت ف موافق و مطابق و برابر لائق و ہمسر -

نوابت ع اوگنے والی چیزیں یعنی درخت و سبزہ وغیرہ

نوبت ع وقت و مرتبہ و نقارہ خیمہ پاس محافظت

نوشت ف لکھنا اور پیشانی کا لکھا ہوا لیکھ -

نون با ہاء

نہمت ع ہمت باندھنا ارادہ کرنا مضبوط قصد کرنا -

نہایت ع انتہا و انجام و اخیر و خاتمہ و کمال ہر چیز کا

نہضت ع اٹھنا کوچ کرنا لشکر کا فرودگاہ سے -

نہفت ف پوشیدگی اور نام شعبہ موسیقی کا اور پوشیدہ چھپا

نون با یاء

نیابت ع کسی کی جگہ ٹھہرنا قائم مقام ہونا مختار ہونا

نیست ف فانی یہ ایک کلمہ انکاری فارسی مین ہے۔

نیارست ف نتوانست نہ لاسکا۔

نی گسبت ف چھینٹا چھوٹا وغیرہ جو سر کنڈے سے بنا ہو۔

نیم دست ف مسند کوچک جو چھوٹا فرش ہو۔

نیم راست ف نام پردہ موسیقی و قسم ایک راگ کا۔

نیت ع عزم و ارادہ قصد جو کیا جائے۔

نیم سفت ف ناتمام چیز جو ابھی بٹ چکی ہو۔

اٹھائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف واو اور اخیر مین تا ہے

واو باالف

واسوخت ف ایک قسم و طریق و طرح اشعار کا نام ہے۔

واخواست ف محاسبہ مطالبہ کسے چیز کا کسے سے۔

واجبات ع جمع ہے واجب کی جو احکام انسان پر ضرور رہین۔

واردات ع وہ حال جو آدمی پر گذرے یعنو سرگذشت یہ جمع وارد کی ہے۔

واقعات ع جمع واقعہ کی یعنی وقوع مین آئی ہوئی باتین۔

واقفیت ع واقف ہونا اطلاع پانا محرم حال ہونا۔

واہیات نا کار چیزین بیکار بیہودہ چیزین اصل باتین۔

واو باجیم

وجنات ع رخسارے آدمی کے انسان کی گالین۔

وجاہت ع خوبروئی درو شناسی خوبصورتی حسن و جمال۔

واو باحاء

وحدت ع یکتا ہونا ایک ہونا فرد ہونا خدا کو ایک جاننا۔

وحدانیت ع ایک ہونا یکتا ہونا فرد ہونا۔

وحشت ع وحشی ہونا دیوانہ ہونا۔

واو باخاء

وخامت ع ناسازگاری ناموافقت کم الفتے۔

واو بادال

ودیعت ع امانت وہ چیز جو کسیکے پاس رکھی جائے۔

واو باراے

وراثت ع وارث ہونا کسی مردہ کی جائداد کا۔

واو بازاے

وزارت ع وزیر ہونا بار اٹھانا بادشاہ کا مشیر ہونا۔

واو باسین

وسعت ع کشادگی و فراخی چوڑائی بلندی۔

وساطت ع وسیلہ ہونا درمیان آنا ذریعہ ہونا۔

وسامت ع خوبی زیبائی۔

وسمت ع داغ کرنا تہمت کرنا بدنامی لگانا۔

وسیقت ع نزدیکی دوست آویزہ و تمسک جو تحریر ہو۔

واو باشین

وشات ع جمع واشی غماز و سخن چین دو رنگو جھوٹے لوگ۔

وشت ع خوب خوش طبع و مطبوع و دلپسند چیز۔

واو با صاد

وصمت ع عیب نقصان و زیانکاری۔

وصیت ع وہ بات جو مرنے کے وقت کہی جائے۔

وصلت ع ملنا پیوند ہونا بخلاف مفارقت کے۔

واو با فاء

وفات ع مرنا نیست و نابود ہونا۔

وفاقت ع دوستی موافقت و سازگاری و محبت۔

وفادت ع ایلچی ہونا پیغامبر ہونا پیام رسان ہونا۔

واو با قاف

وقت ع زمانہ عرصہ جو گذرتا یا گذر چکا ہو۔

وقرت ع پتھر میں گڈھا جسمیں پانی جمع ہو جائے۔

وقاحت ع بیحیائی و بد شرمی و بے ادبی و گستاخی و بیہودہ گوئی

وقایت ع کتاب ہے مشہور اور پناہ دینا اور نام ہے کتاب فقہ کا جو مشہور ہے

وقیعت ع ملامت عیب گوئی کرنا غمازی کرنا کسی کے حق میں

وقعت ع سختی و آسیب و کارزار و جنگ و معرکہ۔

واو با کاف

وکالت ع وکیل ہونا کسیکی طرف سے مختار کار ہونا نائب ہونا۔

واو با لام

ولات ع جمع والی حاکمان و دوستان رفیقان و مالکان۔

ولیدات ع ہمزاد لڑکیاں ہم عمر لڑکیاں ہمسن لڑکیاں۔

ولی نعمت ع صاحب نعمت آقا جسکا کوئی نوکر ہو۔

ولادت ع زائیدن یعنی جننا پیدا ہونا بچہ کا۔

ولایت ع یاری دینا اور استیلا و راست گفتاری

ولایت ع ولی ہونا دوستی و تصرف و حکومت و دیار و ملک

واو با ہا

وہدت ع زمین پست و نشیب

اکتیسویں فصل

اون لغاتکے بیان میں جنکا اول حرف ہا اور آخر حرف تا ہے

ہا با الف

ہادم اللذات ع دور کرنیوالا لذتوں کا یعنی ملک الموت جو جان لیتا ہے

ہات ع اسم فعل بمعنی امر یعنے بخش اور لا۔

ہاروت ع نام ایک فرشتہ کا دو فرشتوں میں سے جو چاہ بابل میں ہیں اور دوسرے کا نام ماروت ہے۔

ہاجرت ع دوپہر سے عصر تک کا وقت مجازاً ظہر کا وقت۔

ہا با با

ہبت ع بخشش کرنا ہبہ کرنا کسی چیز یا جائداد کا۔

ہا با جیم

ہجرت ع چھوڑنا اور جدا ہونا وطن سے اور خویشوں سے

ہجعت ع خواب کرنا نیند کرنا سو رہنا۔

ہا با دال

ہدات ع جمع ہادی ہدایت کرنیوالے مرشد و استاد و غیرہ

ہدایت ع رہنمائی کرنا سیدھا راستہ دکھانا۔

ہا با رائے

ہرات ف نام شہر دارالملک خراسان جو مشہور شہر ہے

ہفت سنگار ف عورت کے سات سنگار یعنی پوشاک۔ زیور سرمہ شانہ وغیرہ

ہا با زاء

ہزت ع عیش و عشرت و آرام و خوشی و ذرہ رغبا نے۔

ہزیمت ع شکست کہانا و فرار کرنا بہاگنا جنگ سے

ہا با شین

ہشت بہشت ف آٹھ بہشت خلد دار السلام دار القرار عدن۔ جنت الماویٰ جنت النعیم۔ علیین۔ فردوس۔

ہشت ف چھوڑا اور ترک کیا دست بردار ہوا۔

ہشت صفات ف آٹھ صفتیں معرفت علم شکر۔ رضا صبر تسلیم عبادت شفقت۔

ہا با ضاد

ہضیمت ع ستم کشیدگی ظلم و زبردستی و غضب غصہ

ہا با فاء

ہفت ف سات عدد میں جسکو عربی میں سبعہ کہتے ہیں

ہفت ف جرعہ آب شراب وغیرہ یعنی گہونٹ شراب پانی کا

ہفت ہشت ف باتیں خصومت آمیز عتاب کلام غضب

ہفوت ع لغزش و خطا و بیہودہ گوئی و کلام بیفائدہ

ہفتاد و دو ملت ع بہتر فرقے اہل اسلام کے جنکی تفصیل طول ہے

ہا با میم

ہمت ف ارادہ بلند و قصد مصمم عزم معنبوط انسان کا

ہم پشت ف ہم جد و ہم نسب و شخص ایک باپ کی اولاد۔

ہم دست ف شریک یا متفق و ہمزور۔

ہملانت ف ایک قوم۔

ہا با نون

ہنگفت ف سطبر و گندہ و غلیظ و ناہموار و نامطبوع

ہا با واو

ہویت ع مرتبہ وحدت و ذات باری درجہ فنا کے اللہ

ہوا پرست ف عیاش آدمی اپنے دلکی خواہش کرنیوالا

ہا با یاء

ہیہات ع یہ کلمہ افسوس و تحیر و تعجب کے مقام پر بولا جاتا ہے

ہیئت ع نام علم اشکال افلاک و صورت و شکل و مثل و مانند

ہیبت ع خوف و رعب اور ڈرنا کسی زبردست سے۔

تیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یا اور اخیر مین تا ہے

یا با الف

یاقوت ع نام جواہر نام خوشنویس غلام خلیفہ مستعصم باللہ کا ہے

یادداشت ف نشان یاد کہنے کا جس سے وہ بہول نہ جائے۔

یالیت ع اے کاش کے ہے افسوس یہ لفظ افسوس کے مقام پر آتا ہے

یا با با

یبوست ع خشکی جو بدن مین پیدا ہو بسبب گرمی کے۔

یا با خاء

یخ در بہشت ف ایک قسم حلوے کا نام ہے جو لذیذ ہوتا ہے

یا با راء

یُزنَشتہ ت منزلِ مقام جہان قیام کیا جائے۔

یا با سین

یَسارَت ع تونگری و دولت فراخی و [illegible] نام [illegible]

یا با کاف

یکدَسَت ف یکسان نے الفو یعنی یکسانی بی تغیر یافت۔

یک جہت ف متفق ہر ایک کام مین یکطرفہ آدمی۔

یکذات ف یکدام یکجائی یک سخن و یکسیرت آدمی

یکصدے ذات ف نام عہدہ کا ہے جو بادشاہ سے امیر [illegible]

یا با واو

یَواقیت ع جمع یاقوت۔

چوتھا باب

اون لغات کے بیان مین جن اخیر مین
حرف ثا ہے اور اول سے کے
حروف برعایت حروف تہجی اپنے
اپنے موقع پہ بڑھے لیتے جاتے ہین۔
اس مین اونیس فصل ہین۔

پہلی فصل

اون لغات کے ذکر مین جن سے کے
اول حرف الف و اخیر مین ثا ہے

الف با تا

اَثاث ع بہت ہونا انبوہ ہونا جمع ہونا [illegible]

الف با حا

احداث ع نو پیدا ہونا و نو [illegible]

الف با را

اِرث ع ورثہ و ترکہ باپ کا جو بیٹے کو پہونچے یا اور کو [illegible]

الف با شین

اَشعَث ع نام ایک شخص کا ہے۔

الف با غین

اِغریرث ع نام بادشاہ جو برادر افراسیاب بادشاہ کا تھا۔

الف با لام

اَلغِیاث ع فریاد و زاری و داد خواہی حاکم سے۔

الف با میم

اُمّ الخبائث ع شراب جسکے پینے سے بہت نقصان [illegible]

الف با نون

اِناث ع جمع انثیٰ [illegible] یعنی عورتین [illegible]

اَنیث ع نرم لوہا جو بہت سخت [illegible]

اَنبعاث ع برانگیختہ ہونا کسی کام کے لیے مستعد ہونا

الف با یا

اِیراث ع میراث پہنچانا متوفی کا ترکہ [illegible] کے
وارث کو دینا۔

دوسری فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول حرف با اور اخیر مین ثا ہے

با با الف

باعث ۔ برانگیختہ کرنیوالا موجب سبب کسی چیز کا ۔

باحث ۔ زمین کہودنیوالا بحث کرنیوالا کسی سے ۔

با با تا

بث ۔ ظاہر کرنا واضح کرنا آشکارا کرنا کسی چیز کا

با با حا

بحث ۔ کہودنا زمین کا اور ڈہونڈنا اور جہگڑا کرنا کسی بات پر

با با را

برغوث ۔ ایک کیڑا پسو جو مشہور جانور ہے ۔

با با عین

بعث ۔ اوٹہانا اور یوم البعث قیامت کا روز ۔

با با غین

بغاث ۔ کرگس جو ایک جانور پرند مشہور ہے ۔

تیسری فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول حرف تا اور اخیر مین ثا ہے

تا با الف

تانیث ۔ مونث یعنے عورت ہونا ۔

تا با ثاے

تثلیث ۔ تین حصہ کرنا ایک کو تین بنانا ۔

تا با حا

تحدث ۔ بات بنانا قصہ بنانا حدیث کا ذکر کرنا

تا با شین

تشبث ۔ پنجہ مارنا کسی سے پناہ مانگنا بہروسا کرنا ۔

تا با فا

تفث ۔ سر و بغل و ریش و بروت کے بال منڈانے

چوتھی فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول حرف ثا اور اخیر مین ثا ہے

ثا با الف

ثالث ۔ تیسرا حصہ تین فارسی مین سوم ۔

ثا با لام

ثلث ۔ تیسرا حصہ اور نام ایک خط کا خطوط ہفتگانہ سے مثل خط نسخ و ریحان و رقاع و ثلث و نستعلیق وغیرہ ۔

ثلاث ۔ تین اور منگل کا دن جسکو فارسی مین سہ شنبہ کہتے ہین

پانچوین فصل

اون لغات کے ذکر مین جنکے اول حرف جیم اور اخیر مین ثا ہے

جیم با ثا

جبث ؛ منع سے او کہا نا خراب کرنا دور کر دینا نکالنا

چھٹی فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول حرف حرف حا اور اخیر مین ثا ہے

حا با الف

حارث ؛ شیر درندہ اور زمیندار جو کھیتی کرتا ہو

حانث ؛ دو مجرم جسنے برخلاف عہد قسم کے کیا ہو وہ خطا آدمی

حا با ثاء

حثث ؛ برانگیخت کرنا کسی کو کسی کام کی درستی پر لگا دینا

حا با دال

حدث ؛ طفل و امرد و نوجوان لڑکا نو عمر لڑکا۔

حدث ؛ پلید ہونا بے وضو ہونا۔

حدیث ؛ جزو سخن از نئی چیز و عادات پیغمبر علیہ السلام

حدوث ؛ نیا پیدا ہونا جو صفت عالم مخلوقات ہے

حا با رائے

حرث ؛ بونا کھیتی کرنا زمینداری کرنا۔

حا با واؤ

حوادث ؛ جمع حادثہ مصیبتین رنج غم و اندوہ و [illegible]

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف خا اور اخیر مین ثا ہے

خا با باء

خبث ؛ پلیدی او پلید ہونا ناکارہ ہونا۔

خبیث ؛ پلید و ناخوش و بدکردار و بدخصلت و ناکارہ

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف دال اور اخیر مین حرف ثا ہے

دال با رائے

دریا ثالث ؛ تیسرا [illegible] دوسرا [illegible]

دال با لام

دلبارث ؛ [illegible]

دال با یاء

دلیث ؛ [illegible]

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے

اول حرف رے اور اخیر مین ثا ہے

راے با ثاے

رَثّ ۔ پرانا ہونا بد حال ہونا خراب و نابکار ہونا۔

راے با عین

رَعَاث ۔ گوشوارہ گلوبند جو دوزیور مشہور ہیں۔

راے با فاء

رَفَث ۔ فحش باتیں یہ لفظ جب کے معنے دیتا ہے بمعنی گالی

راے با واو

رَوَث ۔ سرگین یہ لفظ جمع ہے واحد اسکا روثہ ہے

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول حرف شین اور اخیر مین ثا ہے

شین بایاء

شِیث ۔ نام پیغمبر جو لیسر آدم علیہ السلام کا تھا۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول حرف طا اور اخیر مین ثا ہے

طا با میم

طَمْث ۔ زنان حیض دار حائض ہونا جماع کرنا مع ہونا۔

طا با ہاء

طَہْمُورَث ۔ نام بادشاہ ہوشنگ کا وہ شاہ جسنے شیطان کو گہوڑا بنایا

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور اخیر مین ثا ہے

عین با الف

عَابِث ۔ بازی کرنیوالا کہیلنے والا وقت ضایع کرنیوالا۔

عین با باء

عَبَث ۔ بیفایدہ بیہودہ بیکار بے سود۔

عین با میم

عَمْرو لَیْث ۔ نام شاہ سیستان جنے شیراز آباد کیا تھا عمرو اوسکا اصلی نام اور لیث خطاب تہا۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف غین اور اخیر مین ثا ہے

غین با ثاء

غَثّ ۔ لاغر ہونا اور گوشت گندہ و ریم و خون جو جسم سے نکلے

غین با راء

غَرَث ۔ گرسنگی و شہوت طعام اور بہوکہ۔

غین با واو

غوث ۶ فریاد رس فریاد و ایک ولی کا نام ہے جو قطب سے کم درجہ

غین با یار

غیث ۶ باران یعنے مینہ جو برستا ہے۔

غیاث ۶ فریاد رسی ور فریاد رس بحیر با غیث غیاث صحیح ہی نی۔

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف فا اور اخیر مین ثا ہے۔

فا با رائے

فرث ۶ سرگین جانوران حیوانات جانور دنکا گوبر

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول کاف اور اخیر مین ثا ہے

کاف با بائے

کبث ۶ بدبو ہو جانا گوشت کا بگڑ جانا۔

کاف با رائے

کراث ۶ گندنا جو ایک سبزی کا نام ہے۔

کاف با شین

کشوث ۶ نام ہے دوا جسکو دینار کہتے ہین شہرت دنیا اور جا ہے۔

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول لام اور اخیر مین ثا ہے

لام با با

لبث ۶ دیر کرنا توقف کرنا ٹھہر جانا کسے مقام پر۔

لام با واو

لوث ۶ آلودگی کسے پلیدی یا گناہ و تہمت شیرہ ہے۔

لام با یار

لیث ۶ شیر درندہ و خطاب ندان شاہان ہے جو شیر جیسے

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول میم اور اخیر مین ثا ہے۔

میم با یار

مبعوث ۶ برانگیختہ ہوا پیدا کیا ہوا اوٹھا گیا۔

میم با ثار

مثلث ۶ تین حصہ کیا گیا سہ گوشہ کیا گیا۔

مثالث ۶ سہ تار جو ایک ساز مشہور معروف ہے

میم با جیم

مجتث ۶ بیخ سے اوکھاڑا اور نام ایک بحر کا بحو بیطلم ہے

میم با حار

محدث ۶ نیا پیدا کرنیوالا سو جو مکرنیوالا ہر کہ نبوالا

محدث ۶ نیا پیدا کیا گیا یعنے جو چیز پیدا ہو چکی ہو

مُحدِّث ۶ عالم حدیث و اخبار رسول صلی اللہ علیہ وسلم

میم باخار

مُخنّث ۶ ہیجڑا یعنے عضو تناسل کاٹ ڈالا ہو مشابہ ہیجڑا۔

میم باراے

مرکز مُثلّث ۶ زمین باعتبار ابعاد ثلاثہ یعنے طول و عرض و عمق کے

میم باسین

مُستغیث ۶ داد خواہ فریادی جو حاکم کے روبرو نالش کرے

مُستحَث ۶ اوٹھایا گیا بلند کیا گیا اونچا کیا گیا۔

مُستحِث ۶ اوٹھانیوالا برانگیخت کرنیوالا۔

مُستغاث ۶ وہ شخص جس سے داد مانگیں حاکم وقت۔

میم باعین

مُغیث ۶ فریادرس یعنے جو شخص فریاد کی داد دیوے

مُغاث ۶ ایک دوا کا نام ہے جو پوست درخت کا ہے

میم باکاف

مُکث و مِکث ۶ دیر و درنگ و توقف و ڈھیل۔

میم بالام

ملوث ۶ آلودہ ہوا ہوا بھرا ہوا گیسے پلید سے

میم بانون

مُنبعث ۶ اوٹھایا جانیوالا برانگیختہ ہونے والا۔

میم باواو

موارثیث ۶ میراث جس سے بہت ورثے۔

مُورِث ۶ میراث چھوڑنے والا ورثہ کرنیوالا کسیکو۔

مُونث ۶ مادہ عورت زن بخلاف مرد کے۔

میم بایار

میراث ۶ ورثہ جو مورث کی جایداد سے وارث کو حاصل ہو

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور اخیر مین ثا ہے

نون باتاے

نث ۶ فاش کرنا ظاہر کرنا ہویدا کرنا روشن و مشہور کرنا۔

نون بافار

نفث ۶ پھونکنا اور فضلہ ناک و منھ سے ڈالنا تھوکنا۔

نون باکاف

نکث ۶ رسی باٹ اوتارنا و نقض عہد کا کرنا قول ہار جانا

اونتیسوین فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول حرف واو اور اخیر مین ثا ہے

واو باالف

وارث ۶ مدعی یعنے والا میت کے مال کا حقدار۔

پانچوان باب

اون لغات کے ذکر مین جن کے اخیر مین حروف جیم ہے اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنی اپنے موقع پہ بدلتے جاتے ہین اسمین چھبیس فصل ہین۔

پہلی فصل

اون لغات کے ذکر مین جن اول حرف الف اور اخیر مین جیم ہے

الف بابا

اَبلُوج ع قند و شکر سفید جسکو چینی و کہانڈ کہتے ہین۔
اِبتہاج ع فرحت خوشی و دلجمعی و بہجت خوشحالی۔

الف باتا

اُترُج ع ترنج جو ایک مشہور میوہ خوشگوار ہے۔

الف باجیم

اُجاج ع نمک تلخ و آب شور کڑوا نمک اور شور پانی۔

الف باحا

اِحتِیاج ع حاجت و ضرورت جو انسان کو پڑتی ہے۔

الف باخا

اَخشِیج ع ضد و مخالفت یکدیگر مجازاً چار عنصر کہ ایک دوسرے کے ضد ہین
اِخراج ع نکالنا کسی چیز کو کسی سے باہر نکالنا بدر
اِختِلاج ع پھڑکنا عضو بہر کنا عضو کا ہلنا اعضا کا۔

الف بادال

اِدماج ع لپیٹنا اور نام ایک صنعت شعری کا جو ایک مضمون مین دوسرا مطلب لپٹا ہوا ہو۔

الف باراے

اَرج ع قیمت و قدر و منزلت درجہ و رتبہ ہر ایک چیز کا۔
اِرتِجاج ع ہلنا اور کانپنا جنبش کرنا لرزہ کہانا۔
اَرگنج ف خراسان ملک اور النہر کی میں ایک شہر ہے۔

الف بازا

اِزدِواج ع جفت کرنا نکاح کرنا مرد و عورت کا جفت ہونا
اِزعَاج ع ہلانا اور اٹھانا جنبش دینا و بلند کرنا باہر نکالنا

الف باسین

اِستِعلَاج ع علاج کا طالب ہونا معالجہ چاہنا بیمار کا۔
اِستِدراج ع وہ باتین جو خلاف قیاس کسی سے ظاہر ہون اگر کسی ولی خدا پرست سے ظاہر ہون تو اوسکو کرامت کہینگے اور اگر کسی کافر سے ظاہر ہون تو استدراج کہینگے۔
اِستِمزاج ع مزاج پرسی کرنا مزاج کا حال پوچھنا دریافت کرنا۔
اِسفِیدباج ع شوربا گوشت جو مصالح ہونیہ سے پکا ہوا ہو
اِستِخراج ع خواہش نکالنے کی کرنا اور باہر نکالنا یا نکلوانا۔
اِسفِنج ع ابر مردہ ہوا بادل جو پانی کو چوس لیتا ہے۔
اِسفِیداج ع سفیدا جو مشہور چیز ہے اور سفید رنگ اور ادویات مین مستعمل ہے۔

الف باشین

اَشج ع شکستہ سر یعنی وہ چیز جسکا سر ساتھ ہو۔

الف باعین

اِعْوِجَاج ع ٹیڑھا ہونا کج ہونا خمدار ہونا مجازاً بہکنے کے

اَعْرَج ع لنگ یعنے وہ شخص جو ایک پاؤں کٹا ہو

الف با فاء

اِفْلَاج ع فالج ہونا بدن کی حس حرکت نابیکار ہونا جسم کا۔

اَفْوَاج ع جمع فوج یعنے بہت سے لشکر اور بہت فوجیں پیادہ و سوار

الف با لام

اِلْتِجَاج ع ستیزہ کرنا دشمن سے لڑنا جنگ کرنا معرکہ کرنا۔

الف با میم

اِمْتِزَاج ع کسے چیز کا ملنا دوسرے کے ساتھ ایک مزاج ہونا۔

اَمَاج ع نشانہ تیر کا جہاں تیر لگایا جائے۔

الف با نون

اِنْدِرَاج ع داخل ہونا اور آنا اور لپیٹا جانا اور درج ہونا

اُنْمُوذَج ع نمونہ و نمودار و نشان کسی چیز کا۔

اِنْدِمَاج ع ملنا و استوار ہونا پیوست ہونا مضبوط ہونا۔

اِنْضَاج ع پختہ کرنا خلط و مادہ زخم و میوہ کا کمال کو پہونچانا

انگشت پیچ ف عہد و پیمان کرنا بیعت کرنا کسی قول و اقرار پر

اَنْبَج معرب انبہ جو میوہ مشہور ہے اور ہندوستان نہیں ہوتا ہے۔

الف با واو

اَوْج ف بلندی بلندی مین ہر چیز کو کہتے اوج و بلندی ایک چیز

اَوْدَاج ع جمع ودج گردن کی رگیں جنکے کٹنے سے انسان مر جاتا

الف با ہا

اَہْوَج ع احمق جسکا بدن جسیم و دراز قد بہت لمبا۔

اِہْلِیلَج ع معرب ہلیلہ یعنے ہرڑ جو ایک مشہور دوا ہے۔

الف با یا

اِیْمَلَج ع ایک مرکب دوا کا نام ہے جو مسہل و منقی دماغ ہے

اِیْرَج ع نام پسر فریدون بادشاہ کا۔

اِیْچ ف ہیچ معنے اسکے کچھ اور ناکارہ و خراب۔

اِیْلَاج ع کسے چیز کو کسی چیز مین لانا دو چیز کا ملانا۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول حرف با اور آخیر مین جیم ہے

با با الف

بَاج ع محصول جو بادشاہ زمینداروں اور تجارت سے لیتے ہیں

بادلیج ع معرب بادلش جسکے معنے توشک ہین

بادریسج ف خام طمع دبہو وہ گو بیفایدہ باتیں کرنیوالا

با با خا

بَخْج ف کوفتہ و پست اور چپڑا ہوا جسکو کوٹ کے چپٹا کریں

با با را

بَرْنج معرب برنج تنہا چاول اور چاول جو غلہ مشہور ہے۔

بُرْج ع گنبد برج اسکی جمع بروج وہ عمارت جو گول ہو۔

با با سین

بسیج ف قصد ارادہ تیاری آمادگی جو کسی کام مین کریں

بِسْفَایَج ع نام دوا کا جو ایک درخت کی لکڑی ہوتی ہے

با با لام

بَلْمَج ع نام حریرہ کے جو گوشت پکا ہو اس مین تنہا ادویت

با بانون

نبج ع معرب انجاین خر اسانہ کہ بہنگ جسکو قنب کہتے ہیں
پنج ف پانچ بحساب شمار جسکو عربی مین خمس کہتے ہین۔
پنج گنج نیبج ہو اس الشانی ونازہ پگانہ جو مسلمانوں نیر پڑہتے ہے
پنہان شکنج ف وہ شخص جو دلمین پیچ رکہے اور دلمین دشمن ہو۔

با با واو

پوچ ف خالی و بے مغز ناکارہ و بیہودہ خراب۔

با با ہار

بہیج و خوش و خورسند آدمی بےغم بے اندیشہ انسان ج
بہراج ع نام بادشاہ جو بڑا بادشاہ عظیم الشان تھا۔
بہرج ع کہوٹا درم اور ہر چیز زبون جو ناپسند۔

با بایار

پیلپایہ پیچ ف کشتی کے فنون سے ایک پیچ کا نام ہے

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول حرف تا اور اخیر مین جیم ہے

تا باالف

تاج و کلاہ یعنی ٹوپی جو سر پہ پہنتی ہین مجازاً بادشاہ تاج
تاجج ع شعلہ مارنا آگ کا بلند ہونا اور بہڑکنا آگ کا۔
تارنج ف وہ لوٹ فارسی مین بلفظ داود کرد ن مستعمل ہے۔

تا با تار

تتمل ج ت ایک قسم کی آش کا نام ہے جو ترکی لوگ پکاتے ہیں

تا با خار

تخالج ع وسواس شک شبہ جو کسیکے نسبت جائز ہو
تخریج ع نکالنا خارج کرنا کسی چیز کو کسی جگہ سے۔

تا با دال

تدریج ع درجہ بدرجہ پایہ بہ پایہ پہونچانا تا آہستگی کام کرنا۔

تا با رائے

ترویج ع مشہور کرنا رواج دینا جاری کرنا کسی چیز کو۔
ترنج ع چین و شکنج۔
ترنج ع نقش و نگار جو کپڑے وغیرہ پر کرتے ہین اور ایک قسم کا میوہ

تا بازائے

تزویج ع جفت کرنا نکاح کرنا ایک کا دوسرا جوڑا ہونا۔

تا باشین

تشنج ع کہینچا جانا عضو کا حرکت سے رہ جانا کسی عضو کا کام سے

تا باعین

تعریج ع عروج کرنا بلند چڑہنا اور اوپر کو جانا صنائع رتبہ ہونا

تا بافار

تفرج ع خوشی کرنا سیر و تماشا مین مشغول ہونا۔

تا باکاف

تکنج ع خراب ہو جانا سڑ جانا بدبو ہو جانا طعام وغیرہ کا۔
تکنج ع بیہودہ وہ سبزے جو پانی و اچار پر آجاتی ہے
اور باسی روٹی پر بھی وہ سبزی ظاہر ہوتے ہین۔

تا بالام

تلاج ع شور و غوغا آدمیون کا جو کسی ہجوم کے وقت ہوتا ہے

تلہج ع شیفتگی و حرص ہوا پیدا ہو جس سے کچھ حاصل نہو۔

تا با میم

تموّج ع موج مارنا پانی کا اور طغیانی آب دریا وغیرہ

تا با نون

تنضیج ع پکانا کسی مادہ کا بذریعہ دوا تیار کرنا جوش دینا

تا با ہا

تہیّج ع موج جانا پہول جانا زیادہ ہونا بڑہنا۔

تہیج ع گرد و غبار کا ظاہر ہونا خاک کا اوڑنا۔

تا با یا

تیہوج ع معرب تیہو جو ایک جانور ہی اوسکو کہتے ہیں۔

تیملج ع ملیبار و ادیم جو ایک قسم کا خوشبودار چمڑہ ہے

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف ثا اور اخیر میں جیم ہے

ثا با جیم

ثجّ ع گرانا پانی اور خون کا بہنا بہتا پانی و خون کا۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف جیم اور اخیر میں بھی جیم ہے

جیم با الف

جاچ ف توران میں شہر ہی جسکو تاشکند و شاش کہتے ہیں۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف حا اور اخیر میں جیم ہے

حا با الف

حاجّ ع حج کرنیوالا زیارت اور بہت سے حاجی مفرد و جمع دونو آتا ہے

حارج ع حرج دینے والا نقصان دینے والا زیان پہونچانیوالا کسی کے کام میں۔

حجّاج ع ولید خلیفہ کے دربار میں ایک ظالم امیر تھا جسنے ستر ہزار علما و فضلا و سادات ناحق قتل کیے۔

حُجج ع جمع حجت حجتیں بہت سے دلیلیں اور سندیں۔

حجّ ع زیارت و طواف کعبہ۔

حِجج ع جمع حجہ جسکے معنے سال کے ہیں۔

حا با دال

حدائج ع پردہ دار کجاوے جو اونٹون پر لادتے ہیں۔

حا با را

حرج ع تنگی و سختی و نقصان و زیان جو کسی کام سے پیدا ہو

حا با لام

حلّاج ع روئی سے پنبہ دانہ نکالنے والا اور دہنیا اور لقب حسین بن منصور حلاج کا جو موحد ولی تہا اور کلمہ انا الحق

بر ملا کہنے کے سبب سے علمائے شرع نے اوسکی نسبت
قتل کا فتویٰ لکھا اور وہ بغداد میں بغداد کے خلیفہ کے حکم سے دار پر کھینچا گیا

حا با واو

حوائج ع جمع حاجت خلاف قیاس یہ جمع ہے۔
حُجّاج ع جمع حاجہ و حاج حج کرنیوالے لوگ جو حج کرچکے ہیں

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف
خا اور اخیر مین جیم ہے

خا با الف

خارج ع باہر الگ نکلا ہوا ایک جگہہ سے بیدخل ہوا ہوا۔
خانج ع چلیپا و صلیب یعنی صلیب نصارا کا جو نصاریٰ تبرک کا اپنے پاس رکھتے ہیں

خا با جیم

خج ع مخفف خجالت شرمندگی و شرمساری دنگ عاد

خا با دال

خِدَاج ع ناقص و ناتمام اور نکلنا حمل خام کا عورت کے پیٹ سے

خا با رائے

خَرج ع نکلنا باہر آنا خرچ ہونا الگ ہوتا چلے جانا۔
خُروج ع نکلنا باغی ہونا ہنگامہ برپا کرنا لڑائی کیواسطے
خَراج ع محصول و معاملہ جو زمیندار بادشاہ کو دیتے ہیں

خا با زائے

خَزرج ع نام ایک قبیلہ عرب کا ہے۔

خا با شین

خَشیج ف عنصر ضد مخالف یعنی آگ ہوا خاک پانی۔

خا با لام

خَلیج ع نہر یا شاخ جو دریا سے نکلے ہوا جرا پانی کا۔
خَلج باہر کھینچنا کھینچ کر باہر نکالنا۔

خا با واو

خوارج ع جمع خارج اور خارجی ایک فرقہ منکر علی المرتضیٰ کا ہے
خُنج ع شفتالو یعنی آڑو جو ایک قسم کا مشہور میوہ ہے

آٹھوین فصل

اون لغات کے ذکر مین جنکے اول حرف
دال اور اخیر مین جیم ہے

دال با الف

داج ع تاریکی و تاریک مکان اندھیری جگہہ اندھیرا۔

دال با جیم

دجاج ع مکیان و خروس جنکو مرغیان و مرغا کہتے ہیں۔

دال با رائے

درج ع لپیٹنا اور کاغذ و طومار و قصیدہ نظم و نثر اور نام
ایک مقام کا عرش معلی پر۔
دُرج ع صندوقچہ و طبلہ زیور رکھنے کا جسکو ڈبیا کہتے ہیں
دَرَج ع جمع درجہ اور رستے اور زینے نردبان یوڑیان
دُرّاج ع تیتر جو ایک مشہور جانور ہے۔

دال باسین

دستِ رنج ف کسب محنت مزدوری جو آہستہ کیجائے۔

دست پیچ ف ذریعہ وسیلہ دست ویز دستک ورقہ دستاویز

دال باواو

دُوّاج مخفّف دَوّاج لحاف پوشش کپڑا جو اوپر لیکر سوئیں۔

دِوَاج و لباس ہرقسم جو انسان اپنے جسم پر پہنے۔

دَوَاج و قبا جو ایک مشہور لباس گلے مین پہننے کا ہے۔

دال بایاء

دِیباج و معرب دیبا۔ ایک قسم کا عمدہ ریشمی کپڑا ہے

نوین فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین جیم ہے

ذال باالف

ذَاتُ البُرُوج و آسمان یعنی کرسی ہفت آسمانی گوی

دسوین فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول حرف رائے اور اخیر مین جیم ہے

رای باالف

رَاز یانج و معرب رازیانہ یعنی بادیان سو نفا در اسما اجوائن

رَائج ع رواج پایا گیا جاری ہوا ہو مشہور و معروف۔

رای بابار

رَتَاج ع بڑا دروازہ جسمین چھوٹی کھڑکی ہو و حلقہ در و شتر الاغر

رای بانون

رَنج ف دُکھ تکلیف ضرر و نقصان و غم و اندوہ۔

رای باواو

رَوَاج و ظاہر مشہور ہونا صفا۔ قدر بہو جاری ہونا۔

رای باہاء

رَہج ع گرد و غبار و شور و غوغا و فتنہ و فساد۔

گیارھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف زاء اور اخیر مین جیم ہے

زا باالف

زاج ہندی پھٹکری جو ایک قسم کے دوا مشہور ہے۔

زای باجیم

زُجَاج ع آبگینہ کانچ اور شیشہ جو بطور قندیل ہو یعنی بلّور

زَجّاج ع امیہ علم نحو سے ایک فاضل کا نام ہے۔

زای باواو

زَوج و جفت خواہ مذکر ہو خواہ مؤنث جوڑا ہمسر کا

ژای بایار

زرنیخ و معرب یک شته معماران جس سے کام سیدھا کرتے ہیں
زرنیلج ت نام ایک قسم کے طعام کا جو نہایت لذیذ ہوتا ہے

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف
سین اور اخیر مین جیم ہے

سین با الف

ساج ع سال کی لکڑی جو سیاہ ہو مرغ کنجد خوار تیل کہا [illegible] مرغ بینوالا
سافج ع وہ دوا جسکو تیریات کہتے ہین۔

سین با با

سپنج ف مہمان عاریت مانگی ہوئی چیز و چراگاہ چاپایوں کا

سین با تا

ستغنج ف چند غلہ آپس مین ملے ہوئے جسکو سنتاجہ کہتے ہیں

سین با حا

سحج ع چھیلنا چمڑہ اتارنا خارش کی بیماری جسکو کھجلی کہتے ہیں
سحنج ع چھلا جانا جسم کا بسبب بیماری خارش وغیرہ کے۔

سین با را

سرسج ف جو گڑی پر باندھا جاتا ہے اکثر مطلا ہوتا ہے
سراج ع چراغ و آفتاب جمع اسکی سرج ہے۔
سراج ع زین فروش جو زین گھوڑونکا بنکر بیچے۔
سرج ع گھوڑیکا زین جسکو ہندی مین کاٹھی کہتے ہین
سترتاج ف گیسو پوش عورتونکا [illegible] موتی

سترقوج و فنون کشتی مین سے ایک نوع کا نام ہے۔

سین با کاف

سکنج ع وہ شخص جسکے منہہ سے بدبو آتی ہو خصوصا جب بولے
سکبنج ع یہ نام ایک قسم کی آش کا ہے۔
سکہ رائج ف موسیقی مین ایک ترانہ کا نام ہے اور نیز وہ زر جسکے سلطنت مین بادشاہ کے حکم سے رائج ہو۔

سین با میم

سمج ع بدو ناخوش و زشت و بدمزہ بصورت و نامطبوع
سمج ف تہہ خانہ جو زمین مین ہو جسکو سرد خانہ بھی کہتے ہیں

سین با نون

سنج ف جہانج جو بجاتے ہین و در وزن کرنیوالا اور وزن [illegible] چنانچہ لفظ باد سنج۔ وغیرہ۔

سین با واو

سوء المزاج ع مرض و بیماری بگڑنا مزاج کا بیمار ہونا۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول حرف شین
اور اخیر مین جیم ہے

شرج ع [illegible]
شرج ع [illegible]

شین با طا

شطرنج ف مشہور [illegible]

مُہرے ہین شاہ فرزین - اسپ - فیل - رُخ - پیادہ

شین با کاف

شِکَنج ف تاب و پیچ جو رسن و رشتہ و زلف مین ہو۔
شِکَنج ف ناخن سے چٹکی بھرنا کسیکے عضو کو۔

چودھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف طا اور اخیر مین جیم ہے

طا با سین

طَسُوج ع کنارہ کرنا اور چوتہائی دانگ کے جو ایک وزن ہے

طا با میم

طمغاج و طفغاج ت ترکستان مین ایک خطا کا نام ہے

طا با یا

طَیہُوج معرب تیہو جو نام ایک جانور کا ہے۔

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور اخیر مین جیم ہے

عین با الف

عارِج ع بلند چڑہنے والا اور جانیوالا زیادہ ہونیوالا شعر
عاج ع ہاتھی دانت یعنی ہڈی ہاتھی دانت کی۔

عین با جیم

عَجاج ع گرد و غبار و اندہیری و شور و غوغا۔

عین با را

عُرُوج ع بلندی اونچائی بالائی۔

عین با واو

عُوج ع نام مرد طویل القامت جو آدم علیہ السلام کے وقت سے موسی کے عہد تک تین ہزار پانسو سال جیا طوفان نوح کا پانی اوسکی کمر تک تہا موسی کی عصا کی ضرب سے وہ مرگیا اوسکے باپ کا نام عوق تھا

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف غین اور اخیر مین جیم ہے

غین با نون

غَنج ع کرشمہ و ناز و حرکت چشم و ابرو و اشارہ۔

سترھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف فا اور اخیر مین جیم ہے

فا با الف

فالِج ع نام بیماری جس سے آدہا بدن بیکار ہو جاتا۔

فا با جیم

فَجّ ع کھلا راستہ جو بند ہو جائے راستہ شارع عام۔

فا با رائے

فَرج ع رخنہ و شگاف سوریچہ اندام نہانی زنان و سوراخ و چھید
فَرَج ع کشایش و آسایش و آرام تسلے و اطمینان۔
فُرَج ع جمع فرجہ شگافہا یعنی بہت سے سوراخ اور چھید
فُروج ع بہت سے شگاف اور سوراخ اور چھید [illegible]
فَرّوج ع چوزہ مرغ خانگی اسکی جمع فراریج ہے یعنی بہت سے چوزے
فَرخج و نازیبا و زشت رو بدصورت بدشکل۔

فا با واو

فَوج ف گروہ سپاہ جنگی اور لشکر بادشاہ اور انبوہ و ہجوم

فا با یار

فینخذج و ایک حالت تپ کا نام ہے۔

اٹھارہوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف قاف اور اخیر مین جیم ہے

قاف با بار

قَبج معرب کبک یعنی چکور جو مشہور جانور پرند ہے۔

قاف با جیم

قَچ ت میش نر شاخدار جنگی جسکو مینڈھا کہتے ہین

قاف با لام

قلج و قلیج ت شمشیر یعنی تلوار جو مشہور ہتیار ہے۔

قَلاّج ع زور سے کھینچنا کمان وغیرہ کا اور بقدر دونوں [illegible]

قاف با میم

قِماج ت ایک قسم کی روٹی کا نام ہے جو لذیذ ہوتی ہے

قاف با واو

قُولنج و ایک بیماری کا نام ہے جو رودہ مین درد سخت ہوتی ہے۔
قُوچ ت میش نر شاخدار جو لڑنے مین مینڈھا اسکا نام

انیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف کاف اور اخیر مین جیم ہے

کاف با الف

کاج کلا افسون و نام درخت قسم صنوبر [illegible]
کاکوج ف چھوٹے انگلے ہاتھ کی پانچوین انگلی جسکو چھنگر کہتے ہین۔

کاف با جیم

کجمج ف خالی از فصاحت و تقریر جو صحیح ہو خراب [illegible]
کجواج ف کج و نگون و خمدار جو راست نہو۔
کجمج ف جسکی گفتگو فصیح نہو جو اچھی تقریر نہ کر سکے۔
کچ ف چونہ جس سے عمارت مضبوط طور پہ بناتے ہین۔
کج و ٹیڑھا جو سیدھا نہو اور خمدار و نگون ہو۔

کاف با لام

کلج ف لڑنیوالا جھگڑنیوالا فساد انگیز شوری۔

کاف با میم

گماج ت ایک قسم کی روٹی یہ لفظ فارسی بھی لکھا جاتا ہے یعنی قماج

کاف با واو

گوسج معرب کوسہ یعنی مرد بیریش جسکو داڑھی ادگی ہو۔

گوچ ف . وانہ ہونا یعنی جانا ایک مقام سے دوسرے کو۔

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول کاف فارسی اور آخیر مین جیم ہے

کاف فارسی با رائے

گرکلج ف نام شہزاد الملک شیخ اردم جسکو خیوا بھی کہتے ہین

گرج ف نام ولایت گرجستان جو صعب گذر پہاڑ پہ ہے۔

گریج ف گریبان کورتہ یا قبا کا گریبان مشہور لفظ ہے۔

گریج ف گچ جو عمارت مین کام آتا ہے۔

کاف با لام

گلاج ف ایک قسم حلوے کا ہے جسمین ہر قسم کے مغز ہوتے ہین

کاف با نون

گنج ف گوشہ و خلوت جا گنجایش جہان چند آدمی بیٹھ سکین

گنج وہ بہت سا مال و خزانہ و دولت اور ہر چیز بافراط۔

کاف با یائے

گیج ف بیائے مجہول پریشان و پراگندہ و خراب و برباد۔

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول لام اور آخیر مین جیم ہے

جیم با الف

لاخراج ع وہ چیز جسکا محصول سرکار سے معاف ہو۔

لاعلاج ع وہ بیماری جسکی بیماری کا علاج نہو۔

لااحتیاج ع جو شخص کسیکا محتاج نہو۔

لام با جیم

لجاج ع ستیزہ و نااتفاقی و عداوت و خصومت و کینہ۔

لجج ع بہت سے دریا اور ندیان یہ لفظ لجہ کی جمع ہے۔

لجوج ع ستیزندہ یعنی لڑنیوالا جنگجو و بدمزاج آدمی

لجلاج ع نام حکیم ہندی جسنے شطرنج ایجاد کیا اور وہ شخص جسکی زبان صاف نہو اور تقریر مین بات اوسکی درست نہو

لچ ف نام قوم جنکے بزرگ سینہ برہنہ رکھتے تھے

لام با زاء

لزج ع چپک جانیوالی چیز مثل گوند و لئی و سریش وغیرہ

لام با نون

لنج ت لب یعنی ہونٹھ اور کنارہ ہر چیز کا۔

لنج ف نازسے چلنا رفتار معشوقانہ مٹک مٹک کر چلنا۔

لام با واو

لوچ ف بہینگا اوسر منگا آدمی۔

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول میم اور اخیر مین جیم ہے

میم باالف

ماج ع معرب ماہ یعنے چاند۔
مانج ع نام ہے ایک قوم جن اور وہ آگ جسکا دہوان نہو مشتعل آگ
ماپیچ ف پرچم و پرچم علم یعنی علم کا پہریرا جو اوپر ہوتا ہے
مایحتاج ع جس چیز کے حاجت ہو جس چیز کی ضرورت ہو
ماچ ف بوسہ دینا چومالینا اور آواز بوسہ کی جو نکلتی ہے
ماجوج ع یافث بن نوح کی اولاد تاتاری لوگ اور وہ قوم کہ
جو سد سکندر کے اندر بند ہے اور یاجوج ماجوج اوسکو کہتے ہین
قبل از قیامت وہ دیوار گر جاےگی اور وہ قوم پہیل پڑیگی

میم با بار

مبتہج ع شادان و خوش مبہج کے بھی یہی معنے ہین
یعنے خورسند و فرحت ناک۔

میم با تار

متوج ع تاج رکہا گیا سردار بنایا گیا ٹوپے پہنایا گیا
متموج ع موج مارنیوالا پانی لہر مارنیوالا دریا
متفرج ع جاے سیر و تماشا خوشی کا مقام۔

میم با جیم

مج ع معرب منگ یعنی ماش جو مشہور غلہ ہے۔

میم با حار

محلیج ع روی جسمین دانہ نہو تخم اوسکا نکالا ہوا
محتاج ع حاجتمند خواہشمند صاحب ضرورت۔

میم با خار

مخرج ع نکلنے کی جگہ مخارج اسکی جمع بہت سے نکلنے کے مقام
مخروج ع نکلا ہوا اور نکالا ہوا باہر لایا ہوا۔

میم با دال

مدارج ع درجے بہت سے پایے اور رتبے جو حاصل ہون

میم با رار

مرج ع فساد و بتابی و خرابی و فتنہ و شور۔
مروج ع رواج دیا گیا جاری کیا گیا ظاہر کیا گیا۔

میم با زاے

مزدوج ع ہمقرین آپسمین ملا ہوا اور مثنوی قسم نظم
مزاج ع سرشت و طبیعت انسان کے اور اصلیت ہر شے کے
مزیج ع ما الامزاج یعنے سرشت و طبیعت انسان کے
مزج ع آپسمین مناسب جان ہونا چند چیزون کا۔

میم با سین

مستخرج ع نکالا گیا اخراج کیا گیا باہر لایا گیا۔

میم با ضاد

مضج ع تار کہینچنے والا چلا کر دینے والا اونچی آواز نکالنے والا

میم با عین

معراج ع آلہ عروج یعنے نردبان زینہ جسکی ذریعہ سے بلند چڑہین
معالج ع علاج کرنیوالا یعنے طبیب جو معالجہ کرے۔
معارج ع جمع معراج کی بہت سے بلندیان اور اونچائیان
معوج ع کج و ناراست یعنے وہ چیز جو ٹیڑہی ہو۔
معرج ع جاے عروج یعنے نردبان یوڑہی وغیرہ

مُعَرَّج ع جامہ نفیس منقش اور معرج گر بافندہ جولاہہ۔

میم با فار

مَفلُوج ع صاحب فالج یعنے جس شخصکو فالج ہو۔
مُفَجَّج ع خام و ناپختہ و خراب بیکار چیز۔

میم با میم

مَمزُوج ع ملا ہوا مزاج بلا ہوا اختلاط پایا ہوا۔
مُمتَزِج ع ملانے والا ملنے ملا آپسمین اختلاط وآمیزش کرنیوالا۔

میم با نون

مُنفَرِج ع کشادہ سوراخ دار وہ چیز جسکو چھید ہوئے
مَنطقَۃُ البُرُوج ع بارہ برج آسمانی کا دایرہ
مَنسُوج ع بنا ہوا کپڑا جو جولاہہ نے بنا ہو۔
مُنتِج ع نتیجہ دینے والا کسی اچھے یا بُرے کام کا۔
مُندَرِج ع درج کیا گیا داخل کیا گیا دخل دیا گیا
مُندَمِج ع داخل ہونیوالا اور درہم رفتہ۔
مَنہَج ع کھلا ہوا راستہ جمع اسکی مناہج ہے۔
مِنہَاج ع راہ راست اور کھلا راستہ عام راستہ
مُنَتَّج ع بنا ہوا کپڑا جیاہے کیسے قسم کا ہو۔
مُنضِج ع سبز مکھی جو گوشت پر بیٹھکر گرم ڈالدیتی ہے۔
مُنضِج ع پختہ کرنیوالا میوہ یا مادہ یا خلط کا۔

میم با واو

مُوزِیسَج ع معرب موز سے آنکھ کی ایک بیماری کا نام

میم با ہا

مُہیج ع غبار اُٹھانیوالا اور ہر ایک چیز اوٹھانیوالا۔
مُہَیِّج ع اوٹھانے والا غبار وغیرہ اشیا کا۔
مُہَج ع جمع مہجہ جان و روح۔
مَہاراج ھ لقب بادشاہ ہند و شاہ زنگ۔

تیئسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف نون اور اخیر مین جیم ہے

نون با الف

نَاگاج بہت جلد ناگاہ اچانک فے الفور۔
نَاہج ع رستہ چلنے والا سفر کرنے والا رہرو۔
نَارَنج ع معرب نارنگ نارنگی مشہور میوہ ہے۔
نَاف پیچ ف درد ناف جو ایک مشہور بیماری ہے۔
نَاسِج ع جولاہا کپڑا بننے والا نساج بھی اوسکو کہتے ہیں

نون با تار

نَتَائج ع نتیجے جمع نتیجہ کی یعنی حاصل کلام مراد۔
نَتاج ع بچہ جننا پیدایش مین آنا یا لانا۔

نون با سین

نَسِیج ع کپڑا بُنا ہوا اور ہر ایک قسم کا کپڑا۔
نَسَائج ع کپڑے بنے ہوئے یہ لفظ جمع نسیج کی ہے۔
نَسَّاج ع جولاہہ کپڑا بننے والا ناسج بھی اسکو کہتے ہین
نَسَّاجی باقندگی جولاہے ین جولاہہ کا کسب۔

نون با شین

نَشْگَنْج ۔ چٹکی بھرنا دو انگلیون مین کسیکے گوشت کو دبانا

نون با عین

لِعْکَج ۔ مینش یعنی بھیڑ جو ایک مشہور چارپایہ ہے۔

نون با میم

نَمُوفَج ۔ نمود کسی چیز کا یعنی بہت مین سے تھوڑا۔

نون با واو

نُوَافِج ۔ معرب نافہ یعنی کستوری کا نافہ۔

نون با ہا

نَہج ۔ راہ راست و راہ کشادہ و شاہراہ بڑا راستہ۔

نون با یا

نَیرَنج ۔ معرب نیرنگ یعنی واو و مکر و طرز و طریق۔

نیم تاج ۔ ایک قسم کا تاج خورد ہوتا ہے چھوٹا تاج

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول حرف واو اور آخیر مین جیم ہے۔

واو با جیم

وَفَنج ۔ نام ایک دوا کا جو علاج مین مستعمل ہے۔

واو با دال

وُدَاج ۔ گردن کی رگ جسکے کٹنے سے انسان مر جاتا ہے۔

واو با راے

وَرَنج ۔ [illegible]

وَرْتیج ۔ نام جانور جسکو سلوا و سمانا کہتے مین۔

واو با لام

وَلُوج ۔ گھسنا کسی چیز کا کسی چیز مین داخل ہونا۔

واو با ہا

وَہَّج ۔ روشن پر جلوہ و پر نور۔

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول حرف ہا اور اخیر مین جیم ہے

ہا با را

ہَرَج ۔ سرگشتگی و سختی و گرمی کی اور تیزی تابستان گرمی

ہَرْج ۔ آشوب و فتنہ و شور و فساد و خرابی۔

ہا با زا

ہَزَج ۔ آواز نیک ترنم و سرود و صداے خوش مطلق آواز

ہا با واو

ہَوْدَج ۔ کجاوہ عماری جو اونٹ و ہاتھی پر باندھتے ہیں یعنی کہتے ہین اور پردہ دار سواریان جسمین عورتین رہتی ہین۔

ہَوَادِج ۔ عماریان یہ لفظ جمع ہودج کے ہے۔

ہَوْج ۔ نادانی شتابی و جلدی بے صبری ناشکیبائی۔

ہا با یا

ہَیْلاج ۔ زائچہ مولود جو بچہ کے پیدا ہوتے کھینچتے ہیں جسکو جنم پتری کہتے ہیں

ہَیْج ۔ غبار اور برانگیختہ ہونا بے اختیار اٹھنا۔

ہیَیّج تو بروزن سیب پختہ کرنیوالا او تپانیوالا۔

چھبیسوین فصل

اون لغاتکے بیان مین جنکے اول حرف با اور اخیر مین جیم ہے

یا با الف

یابیج ۔ تیر پیکان و اروغیرہ بہل والا و ہر چیز تیز نوکدار

یاجوج ماجوج ۔ قوم غول جو سد سکندری کے اندر ہین باہر نکل نہین سکتے۔

یا بالام

یلمج ۔ پیغمبر نبی مرسل۔

چھٹا باب

اون لغات کے ذکر مین جنکے اخیر مین حرف حا ہے اور اول کے حروف برعایت حروف تہجی کے اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اس مین اونیس فصل ہین۔

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف الف او اخیر مین حا ہے

الف با با

ابن صبح ۔ کنایہ آفتاب جو صبح سے پیدا ہوتا ہے

الف با راے

ارتباح ۔ سود لینا تجارت مین بیلج کہانا۔

ارواح ۔ ملایک یہ لفظ جمع روح کی ہے یعنی بہت سے روح

ارتیاح ۔ راحت و خوشی و دلجمعی و آرام۔

الف با سین

استصلاح ۔ صلاح پوچھنا مشورہ کرنا تجویز پوچھنا

الف با شین

اشباح ۔ جمع شبح کالبدہا و جسمہاے ہر یک چیز۔

الف با صاد

اصح ۔ بہت صحیح تندرست او مضمون جسمین غلطی نہو

اصلح ۔ بہت نیک بہت اچھا بہت خوب۔

اصطلاح ۔ صلح کرنا اور اتفاق کرنا ایک امر پر۔

اصباح ۔ صبح کے وقت کسی طرف جانا فجر کو کام کرنا

اصلاح ۔ نیک کرنا درست کرنا پاک کرنا اچھا بنانا

اصباح ۔ جمع صبح کے بہت سے فجرین اور صبح۔

الف با فا

افتتاح ۔ کہولنا آغاز کرنا شروع کرنا کشادہ کرنا۔

افلاح ۔ فیروزمندی و خوبی و رستگاری نیکی

اِفتراح ۔ خوشی و آسودگی و فرحت و آرام و دلجمعی ۔

اِفراح ۔ خوش کرنا راضی کرنا آسودہ کرنا ۔

اِفضاح ۔ رسوا کرنا خراب کرنا بدنام کرنا فضیحت کرنا ۔

اَفضح ۔ رسوا تر یعنی رسوا و بدنام و متہم و خراب ۔

اَفصح ۔ بہت فصیح یعنی وہ شخص جو فصاحت زیادہ رکھتا ہے ۔

اِفتضاح ۔ رسوائی و بدنامی و خرابی و فضیحت ۔

الف با قاف

اَقبح ۔ بہت ناقص اور معیوب اور عیب دار و زیانکار ۔

اَقداح ۔ جمع قدح بہت پیالے اور کاسے پانی پینے کے ۔

اِقداح ۔ عیب کرنا نقصان پہونچانا اپنے آپ کو ۔

اَقبح ۔ زشت تر یعنی نہایت مکروہ و نامطبوع ۔

اِقماح ۔ زمین کیطرف آنکھیں کر کے آسمان کیطرف سر اوٹھانا ۔

اِقتراح ۔ مانگنا سوال کرنا کسی سے اپنے مطلب کیلیے ۔

الف با لام

اِلحاح ۔ عجز و زاری کرنا منت سے پیش آنا خوشامد کرنا ۔

اَلواح ۔ جمع لوح تختہ تا کے چوب یا سنگ وغیرہ ۔

الف با میم

اِملاح ۔ نمکین کرنا نمک ڈالنا کسی چیز میں شور بنانا ۔

الف با نون

اِنجاح ۔ حاجت روا ہونا و مشکل کشا کسے کے ۔

اِنفتاح ۔ کشادہ ہونا کہلا ہوا ہونا صاحب کشایش ۔

اِنشراح ۔ کہلنا کشادہ ہوا صاحب شرح ہونا ۔

اِنتصاح ۔ نصیحت کرنا کسیکو بدکام سے باز رکہنا ۔

اِنسطاح ۔ سینگ مارنا گائی و قوچ یا کسی اور جانور کا ۔

الف با یا

اِیضاح ۔ واضح کرنا روشن کرنا کہلا ہوا کرنا اور سر کہہ کر بیان کرنا کسی مشکل مضمون کو ۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف با اور آخیر مین حا ہے

با با الف

بادِ مسیح ۔ دم مسیحائی جس سے مردہ زندہ ہو جاتا تہا

با با طا

بَطالیح ۔ جمع بطاح پست وریہ سنگ زمین ۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور آخیر مین حا ہے

تا با را

تَرویح ۔ راحت دینا خوشبودار کرنا خوشی پہونچانا ۔

تَراویح ۔ جمع ترویح اور بیس رکعت نماز جو ماہ رمضان میں بعد عشا کے پڑہتے ہیں ۔

تَرجیح ۔ دانہ در زانہ و قریب و نزدیک ۔

تَرشیح ۔ ٹپکنا پانی کا اور کم برسنا بارش کا ۔

ترشیح ۶ پانی دینا اور نام ایک صنعت کا۔

ترجیح ۶ بڑہنا غالب ہونا لفظ کر دون و اون سکے ساتھ ضم ہوتا ہے۔

تا با سین

تسبیح ۶ سبحان اللہ کہنا اور خدا کو پاکیزگی سے یاد کرنا۔

تسامح ۶ آسان پکڑنا جوانمردی کرنا آسان جاننا۔

تا با شین

تشنیع ۶ بے ادبی کرنا کلمات گستاخانہ زبان پر لانا۔

تشریح ۶ بیان کرنا شرح کرنا وضع کر کے تقریر کرنا۔

تا با صاد

تصفح ۶ تلاش و جستجو توجہ کرنا بغور دیکھنا۔

تصافح ۶ مصافحہ کرنا ایکدوسرے کا ہاتھ پکڑنا۔

تصریح ۶ بیان کرنا ظاہر کرنا کسی پوشیدہ بات کا۔

تصحیح ۶ درست کرنا۔

تا با فا

تفاح ۶ سیب جو مشہور میوہ خوشبودار و شیرین ہے۔

تفضیح ۶ رسوا کرنا بدنام کرنا خرابی سرگشتہ کرنا۔

تفریح ۶ خوشی و دلجمعی و فرحت پہونچانا۔

تفتیح ۶ کھولنا کشایش دینا وسعت دینا۔

تفسیح ۶ فراخ کرنا کشادہ کرنا کھولنا چوڑا کرنا۔

تا با لام

تلمیح ۶ سبک کی نگاہ کا اشارہ کرنا کلام میں اور شاہد لانا۔

تلویح ۶ روشن کرنا و ظاہر کرنا نشان کرنا اور نام کتاب کا جو مشہور ہے۔

تا با میم

تملیح ۶ نمکین کرنا کھانے میں نمک ڈالنا شور بنانا۔

تمساح ۶ نہنگ جو آبی جانور مشہور ہے ہند میں مگرمچھ

تماسیح ۶ جمع تمساح نہنگان بہت سے مگرمچھ۔

تمدیح ۶ مدح کرنا کسیکو سراہنا تعریف کرنا۔

تا با نون

تنقیح ۶ پاک و صاف کرنا پاک و صاف بنانا درست بنانا۔

تنحنح ۶ گلا صاف کرنا آواز درست کرنا سرود کے لیے۔

تا با واو

توضیح ۶ روشن و ظاہر کرنا و نام کتاب فقہ میں جو مشہور ہے

توشیح ۶ حمایل گردن میں ڈالنا آرایش دینا زیب دینا۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف جیم اور اخیر میں حا ہے

جیم با الف

جامہ فتح ۶ کپڑی پر سورہ انا فتحنا لکھکر جنگ کے وقت پہنتے ہیں

جارح ۶ سرکشی کرنیوالا سر پھیرنے والا باغی ہونیوالا۔

جیم با رائے

جریح ۶ زخمی و مجروح اور وہ شخص جسکو زخم لگے ہیں

جرح ۶ ریش و زخم جو تلوار و چہرے سے لگے یا دلیل سے ہے

جراح ۶ زخم لگانیوالا کھاؤ کرنیوالا فصد لینے والا۔

جیم با نون

جُناح ۔ پر و بال و بازوے دست مقد لشکر جو سب سے آگے ہو
جُنح ۔ جرم و گناہ و تقصیر جو بندہ سے سرزد ہو ۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین حرف حا ہے

دال با عین

دعامٰی قدح ۔ ایک عا کا نام ہے جو عربی زبان مین ہے

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ذال اور اخیر مین حرف حا ہے

ذال با الف

ذابح ۔ ذبح کرنیوالا مارنیوالا قتل کرنیوالا ۔

ذال با بار

ذبح ۔ بسمل کرنا اللہ اکبر کہکر جانور کو ذبح کرنا ۔
ذبیح ۔ جو ذبح ہوا ہو یعنی وہ جانور جو ذبح کیا جاوے ۔
ذُرّوح ۔ ایک سرخ رنگ کرم ہے جسکا کہانا زہر قاتل ہے
ذراریح ۔ جمع ذروح یعنی بہت سے کرم سرخ رنگ ۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف رائے اور اخیر مین حا ہے

رائے با الف

راجح ۔ غالب لایق اور پلہ ترازو کا جو بھاری ہو ۔
رابح ۔ سود مند نفع بخش یعنی وہ چیز جس سے نفع ہو
راح ۔ خوش ہونا آسودہ ہونا خوشبودار ہونا ۔
راح روح ۔ روح کی تازگی اور نام ایک راگ کا جو مجھ کو ...
رامح ۔ نیزہ بردار اور نیزہ مارنیوالا سپاہی پہلوان ۔

رائے با بار

رباح ۔ نام غلام آنحضرت صلعم جو وفادار تھا ۔
ربح ۔ نفع و سود فائدہ جو تجارت مین حاصل ہو ۔

رائے با حار

رحراح ۔ فراخ و کشادگی اور کہوئی ہوئی چیز

رائے با شین

رشح ۔ ٹپکنا پانی کا رشاح جمع رشاذ رشح کی ہے ۔

رائے با میم

رمح ۔ نیزہ رماح رمح کی جمع ہے بہت سے نیزے ۔
رمّاح ورمّاح ۔ نیزہ داران نیزہ سازان نیزہ بنانیوالے

رائے با واو

رواح ۔ دو گھڑی دن رہے کا وقت شام تک اخیر دن کا وقت
روح ۔ آسائش و فرحت بو خوش ہوا خوش و باد مطبوع
رُوح ۔ جان رحمت اور وہ بخار لطیف جو دل سے پیدا ہو کر

مرجب جیسا آسمان ہوتا ہے اور نام عیسے عم کا۔

رَوَائِح ع جمع رائحہ یعنی بادِ خوش اور خوش بوئین

رَوَاقِ سَبع چوتھا آسمان جسپر حضرت عیسے رہتے ہیں

روزِ اِستفتاح ع پندرہوین ماہ رجب جسمین در دروازہ کعبہ کا کہولا جاتا ہے اور جیسے علیہ السلام اوسی روز بولا تہا اور مہد مین کلام کیا تھا۔

رای با یاء

رِیح ع بوی مطلق خوش ہو یا ناخوش اور وہ ہوا جو پیٹ مین ہو

رِیاح ع جمع ریح بہت خوش ہوائین اور جو چلین۔

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور اخیر مین حا ہے

سین با الف

سَامِح ع چشم پوشی کرنیوالا کسیکے جرم و خطا سے۔

سَادَہ لوح ف احمق بے وقوف آدمی بے عقل انسان۔

سَانِح ع شکار جو دست راست سے آدمی اور حقیقت جو ظاہر ہو اور جو شکار دست چپ سے آدمی اوسکو بارح کہتے ہین

سین با با

سَبَّاح ع شناور تیرنے والا تیراک دریا کا۔

سبکروح ف مرد بے تکلف بے تعلق و چست آدمی

سَبُّوح ع ثنا کرنیوالا تعریف کرنیوالا صفت کرنیوالا۔

سُبُّوح ع بہت پاک یہ خدا کا نام ہی تعریف کیا گیا

سین با را

سَرح ع چرنا چارپایوں کا اور چارپایہ چرنیوالا اور چراگاہ و بلند درخت

سَرلَوح ع پہلا ورق کتاب کا دیباچہ کتاب کا۔

سین با طا

سَطح ع نام مکان اور جو چیز طول عرض رکھتی ہو

سَطِیح ع نام قلعہ چند قلاع خیبر مین سے جو یہود کے قلعے ہیں

سُطُوح ع جمع ہی سطح کی چوبارہ مکان کے اور صحن میدان

سین با عین

سعد ذابح ع منازل قمر سے بیسوین منزل کا نام

سین با فا

سِفَاح ع زنا کرنا بیگانہ غیر محرم عورت سے جماع کرنا۔

سَفَّاح ع مرد بسیار عطا و فصیح و بہادر و جوانمرد دلاور

سین با لام

سِلاح ع ہتھیار قسم شمشیر و نیزہ و خنجر وغیرہ۔

سَلِیح ع ماند سلاح یعنے ہتھیار شمشیر و نیزہ وغیرہ۔

سین با میم

سَمَاح ع جوانمردی و بخشش و سخاوت و دلاوری۔

سین با نون

سُنُوح ع پیدا ہونا کسی حادثہ یا شکار کا بائین سے

سین با واو

سوانح ع جمع سانحہ حوادث و روئیداد ناپسندیدہ غیر مطبوع

سین با ثاء

سَمَرُوح ۳ ف بنو سوالید ثلثہ درو بیٹے ادبا بادی جو مشہور ہونے

سین با یا

سَیَّاح ۶ سیر کرنیوالا جا بجا سیر کرنیوالا۔ آدمی ۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین اور آخیر مین حا ہے

شین با الف

شَارِح ۶ بیان کرنیوالا شرح کرنیوالا کھولنے والا ۔

شین با با

شَبَح ۳ شخص و جسم و کالبد جمع اسکی اشباح ہے ۔

شین با را

شَرْح ۶ کھولنا اور بیان کرنا اور ظاہر کرنا کسی بات کا ۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد اور آخیر مین حا ہے

صاد با الف

صَالِح ۶ نیکو کار اور نام ایک پیغمبر کا جنکے دعا سے پہاڑ سے اونٹنی معہ بچہ کے نکلی تھی اور قوم ثمود پیغمبر کے نا فرمانی سے ہلاک ہوئی

صاد با با

صُبْح ۶ فجر کا وقت ختم رات کا اور آغاز دن کا ۔

صَبُوح ۶ وہ شراب جو صبح کے پیتے ہین فی قع خمار کے لئے ۔

صَبِیح ۶ خوبرو سفید رنگ آدمی معشوق ۔

صَبَاح ۶ فجر کا وقت اور سفید رنگ آدمی خوبصورت ۔

صُبَّل ۶ خوبرو شعلہ قندیل اور نام ایک مکار ملحد بدبخت کا جسکو حسن صباح کہتے تھے ۔

صَبِیح ۶ خوبصورت سفید رنگ آدمی معشوق ۔

صاد با حا

صَحِیح ۶ درست و تندرست و صحیح جسمین کوئی نقص و غلطی نہو

صِحَّت ۶ تندرستی اور پاک ہونا عیب و نقصان سے ۔

صِحَاح ۶ جمع صحیح اور نام کتاب کا علم حدیث مین ۔

صُحَاح ۶ تندرست و پاک عیب سے جسمین کوئی نقص نہو

صاد با را

صَرْح ۶ قصر کوشک نہایت عالی اور ظاہر کرنا و بلند کرنا ۔

صِرْح ۶ خالص بے نقص بے آمیزش چیز ۔

صَرِیح ۶ ظاہر و آشکارا ۔

صُرَاح ۶ خالص خلاف و نام کتاب لغت مین روشنی ۔

صاد با فا

صَفْح ۶ خطا معاف کرنا گناہ بخشنا عفو کرنا ۔

صَفَائِح ۶ جمع صفیحہ تختہ ہا سنگ اور لکڑی ہر چیز کے

صاد با لام

صَلَاح ۶ نیکی اور بہلائی اور درستی ہر چیز کی ۔

صِلَاح ۶ آشتی و مصالح جو درمیان دو دشمنوں کے ہو ۔

صلح ع خوبی و بہتری و صفائی و درستی -

ضاد با یار

صیاح ع آواز بلند فغان و فریاد و زاری -

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ضاد اور اخیر مین حا ہے

ضاد با یار

ضباح ع آواز روباہ لومڑی کی آواز جو مشہور ہے جانور کی

ضاد با رار

ضرب الفتح ع شادیانہ کا نقارہ جو بجایا جاتا ہے

ضریح ع قبر ضرایح اسکے جمع ہے فارسی گور -

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف طا اور اخیر مین حا ہے

طا با الف

طالح ع بدکار و بدافعال و بدبخت فاسق و فاجر آدمی

طامح ع سرکش و متکبر و مغرور و نافرمانی آدمی -

طافح ع شراب سے بھرا ہوا مست بیخود و بیہوش -

طا با بار

طباشیر صبح ف صبح کی سفیدی کیونکہ طباشیر سفید ہوتا ہے

طا با راے

طرح ع کنارہ کرنا قایم کرنا ڈالنا دور کرنا نقشہ و نمونہ

طراح ع نقاش و نمونہ بنانیوالا کنارہ کرنیوالا قایم کرنیوالا

طا با لام

طلح ع نام درخت خاردار و شگوفہ خرما اور درخت کیلا کا

طا با واو

طوایح ع حوادث و سختیان جو انسان پر وارد ہوتی ہین -

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف فا اور اخیر مین حا ہے

فا با الف

فالق الاصباح ع الگ کرنیوالا صبح کا یعنی خداتعالی کے نام ہے

فایح ع بوی خوش اور خوش ہوا جس سے فرحت حاصل ہو -

فاتح ع کھولنے والا اوس چیز کو جو بند ہو -

فا با تار

فتح ع کشایش اور نام حرکت حرف یعنی زبر اور غلبہ و شکست

فتوح ع کشایش -

فتاح ع کھولنیوالا نام خداوند تعالی کا ہے جس سے ہر ایک کو کشایش ہے

فا با راے

فرح ع خوشی و فرحت و دلجمعی و آرام و عیش و عشرت

فا با صاد

فَصِیح ۔ بے عیب کلام اور کلام کرنیوالا بے عیب ۔

فا با ضاد

فَضِیح ۔ رسوا و بدنامی جو کسیکو حاصل ہو ۔

فُضُوح ۔ رسوائی و بدنامی و شہرت بد ۔

فا با لام

فَلَاح ۔ رستگاری و خیر و نیکی و خوبی و بھلائی ۔

فَلَّاح ۔ کشاورز یعنے زمیندار کھیتی کرنیوالا ۔

فا با واو

فَوَائح ۔ خوشبوئیں اور خوشبودار چیزیں جنسے خوشبو آوے ۔

فا با یا

فَیح ۔ خوشبو پھونکنا کسے مین جو خوشبو رکھتی ہو ۔

چودھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف قاف اور آخیر مین حا ہے

قا با الف

قُبح ۔ زشتی و برائی و کراہت جو کسی چیز مین ہو ۔

قَبِیح ۔ زشت و نازیبا و بدصورت و کریہ و بدشکل ۔

قَبَائح ۔ برائیان اور فعلیان جو کرنا ناپسند و عیب ۔

قُبُوح ۔ زشت و زبون بمعنی ناپسند ۔

قاف با حا

قُحّ ۔ سادہ و خالص زشت جسکا ... ہو

قاف با دال

قَدح ۔ پہاڑ توڑنا یعنے عیب کرنا دشمنون یا لگڑونکو کرم کرنا

قَدَح ۔ بڑا پیالہ پانی پینے یا شراب کا ۔

قِدح ۔ تیر بے پیکان اور قمار بازی کے تیر ... عرب ...

قاف با را

قَرَاح ۔ صاف پانی اور ہر چیز صاف و پاکیزہ جسمین کدورت نہو

قَرح ۔ گہرا اور خراب ہوا زخم جو ہمیشہ جاری ہو ۔

قُرُوح ۔ جمع قرح بہت سے زخم جو گہرے اور جاری ہون

قاف با زا

قُزَح ۔ نام کوہ نام فرشتہ ہو سیل و رنگہا رنگ و خوش رنگ

قاف با لام

قَلَح ۔ دانتونکی زردی جو میل کے جود دانتون پر جم جاتی ہے ۔

قاف با میم

قَمح ۔ گندم یعنی گیہون ... جو عرب مین ...

قوس قزح ۔ ... رنگین ... ہوتی ...

قاف با یا

قَیح ۔ ریم جو زخم سے نکلتی ہو اور مواد بدبو ... کا ۔

پندرھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف لام اور آخیر مین حا ہے

لام با الف

لائح = ظاہر ہونیوالا روشن ہونیوالا آشکارا برملا۔

لاقح = مادہ جسکے ساتھ جفت ہو اور حاملہ عورت ہو اور وہ ہوا جس سے درخت کو پھل لگے۔

لام با فاء

لُفّاح = اوس گیاس کا پھل جسکو بیروح و مردم گیاہ کہتے ہین

لام با قاف

لِقاح = حاملہ ہونا عورت کا بارور ہونا درخت کا۔

لام با واو

لوح = تختہ لکڑی کا یا پتھر وغیرہ جو چوڑا او لمبا ہو۔

لوائح = جمع لائحہ روشنیان چاند سورج و شمع اسی طرح ہر تن

سولھوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف میم ور آخیر مین حا ہے

مائدہ مسیح = وہ خوانچہ جو عیسیٰ مسیح کو آسمان سے اوترا تھا۔

مالح = شور و نمکین چیز شور و نمکین کرنیوالی چیز۔

مانح = سخی و بخشندہ اور دینے والا مال و دولت کا۔

مح = سفیدی تخم مرغ کی جو سوائے زردی کے ہوتی ہو۔

میم با با

مُباح = جائز رکھا گیا روا رکھا گیا عام کر دیا گیا۔

میم با تاء

مِتشح = ٹپکنے والا گھڑا جس سے پانی ٹپکا کرے۔

میم با جیم

مُجنّح = صاحب بال پر اور اڑنیوالا جانور ہوا مین۔

میم با حاء

مُحّ = انڈے کی زردی جو سوائے سفیدی کے ہوتی ہو۔

میم با دال

مدح = تعریف کرنا سراہنا کسیکو۔

مدیح = ستایش و تعریف کرنا سراہنا کسیکو۔

مدائح = جمع مدیحہ تعریفین جو کسیکی کیجائین۔

میم با راے

مَراح = جائے راحت اور روان جارہو ہونا ہے خوشی کا مقام

مُراح = اونٹوں کے بیٹھنے کا مقام جہان وہ رات کو بیٹھتے رہون

مِراح = عیش و خوشی و آرام و بستگی دل کی۔

مُروِّح = راحت دینے والا خوشبودار کرنیوالا خوش کرنیوالا

مُروَّح = راحت دیا گیا خوشی پہونچایا گیا۔

مَرح = بہت خوش ہونا تکبر کرنا فاسد ہونا۔

مُربح = سودمند چیز جس سے ہر طرح فائدہ ملے۔

مرابح = بہت فائدہ اور بھلائیان خوبیان۔

مرجوح = مغلوب یعنے جسپر کسے نے غلبہ پایا ہو۔

مُرمّح = صاحب راحت اور پانچوان گھوڑا دوڑ مین سے

مُرشح = ٹپکا ہوا پانی جو کسی چھت وغیرہ سے آتا ہو

مرغ مسیح ف خفاش یعنی شبپر جو مسیح کے معجزے سے

مرغ صبح ف بلبل و خروس حی علی الصباح بولنے ہین۔

میم با سین

مَسِیح ع دوست اور زمین ناپنے والا اور رعایت لقب حضرت عیسیٰ
علیہ السلام کا اور نیز بروزن سکین گو او یک چشم ان دونوں نسبت ...

مَسَح ع ہاتھ ملنا اور مالش کرنا اور مس کرنا کسی بدن کو

مِسّاح ع زمین کو پیمائش کرنیوالا زمین ناپنے والا۔

مُستَملِح ع نمکین چیز جسمیں نمک ملا ہو۔

مُسَلِّح ع مسلح کرنیوالا آراستہ کرنیوالا دلیر کرنیوالا درست کرنیوالا

مُستَراح ع جائے آرام جائے پاخانہ حاجت روائی کا مقام

مَست ح ف بدمست جسنے شراب پی ہو۔

مُستَرِوح ع آسودہ ہونے والا خوشبو لینے والا۔

مُستَروَح ع جائے آسائش آرام کا مقام۔

مُستَقبَح ع زشت و بدصورت و بدشکل کردہ۔

مُسرَج ع زین دار گھوڑا یعنی وہ گھوڑا جسپر زین پڑا ہے

مُسطَح ع پہن و فراخ اور بچھا ہوا فرش وغیرہ۔

مُستَلِح ع سلاحدار یعنی جسنے ہتھیار باندھے ہوئے ہوں

میم با صاد

مُصلِح ع اصلاح دینے والا درست کرنیوالا اچھا بنانیوالا

مَصالِح ع اصلاح پہونچانے والی چیزیں اسباب سامان تجارت

مُصَحِّح ع تصحیح کرنیوالا غلطی درست کرنیوالا عیب نکالنیوالا

مِصباح ع چراغ اور پیالہ جسمیں صبح کو پئیں اور نام کتاب

مَصابِیح ع جمع مصباح اور نام کتاب علم حدیث

میم با طا

مَطمَح ع مقام بلند نظری و مقام طمع و امید بہبودی

مَطرَح ع کینہ اور شکار ڈالنے کا تھیلہ مطارح اسکی جمع ہے

میم با فا

مُفَرِّح ع فرحت بخش چیز اور نام ہے دوا کا جو دل خوش کرے

مُفتَضِح ع رسوا کرنیوالا بدنامی دینے والا دشمن

مِفتاح ع کنجی اور نام کتاب علم معانی بیان میں مشہور کتاب ہے۔

مَفاتِیح ع جمع مفتاح بہت سی کنجیاں جنسے قفل کھولیں

میم با قاف

مَقبُوح ع زشت و ناخوب بدصورت و بدکردہ چہرہ

مَقابِیح ع بُرائیاں بدصورتیاں بدیاں۔

میم با لام

مَلِیح ع نمکین سبزہ رنگ معشوق سانولا رنگ۔

مِلَحّ ع مبالغہ کرنے والا شور پڑانیوالا مفسد آدمی

مَلّاح ع کشتی بان ناخدا ملاح سے یعنی دو نوں بازو جہاز کا

مِلواح ع جو مرغ پالا کرتے وہ مرغوں کے پنجرے میں چھوڑا جائے۔

میم با میم

مَملُوح ع نمکین جیسے وہ چیز جسمیں نمک ملا ہوا ہو۔

مُمَزَّج ع ایک قیمتی کپڑے کا نام قسم کتان ہے

میم با نون

مُنَقَّح ع پاک و صاف کیا ہوا درست و دور عیب کیا ہوا

مُنسَرِح ع آسان کیا گیا اور نام ایک بحر کا بحور سے

میم با واو

مُوَشَّح ع آراستہ کیا گیا زیور پہنایا گیا اور نام صنعت شعر کی

مُؤذِّن تسبیح ع نام تسبیح جو گول دانوں والی ہوتی ہے

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور آخیر مین حا ہے

نون با الف

ناصح ۔ نصیحت کرنیوالا بد کام سے ہٹانیوالا۔

ناطح ۔ سینگ مارنے والا چوپایہ۔

ناکح ۔ چھید کرنیوالا نکاح کرنیوالا کسی عورت سے۔

نون با با

نباح ۔ نالۂ سگ یعنے کتے کا رونا۔

نون با جیم

منجاح ۔ رستگاری فیروزی حاجت روائی و مشکلکشائے

نجح ۔ فیروزی و حاجت روائی و مشکل کشائے۔

نون با صاد

نصوح ۔ صاف و خالص توبہ و استوار یعنی ایک جنکا جیسا ایسی توبہ کی ہو پھر گناہ نہ کیا۔

نصایح ۔ نصیحتیں۔

نصاح ۔ جمع ناصح کی نصیحت کرنے والے لوگ سمجھانے والے

نصح ۔ نصیحت کرنا درستی بانند کہنا سمجھانا سیکھو۔

نصیح ۔ نصیحت کرنے والا سمجھانے والا بازرکھنے والا۔

نون با ضاد

نضح ۔ پانی کھینچنا۔

نون با فا

نفح ۔ خوشبو پھونکنا اور خوش ہوا کا چلنا۔

نفایح ۔ خوشبوئیں۔

نون با قاف

نقل روح ۔ اپنے روح کو دوسرے کے جسم بیجان مین لیجانا یہ ایک عمل اہل ریاضت کے اعمال سے ہے۔

نون با کاف

نکاح ۔ چھید کرنا سوراخ کرنا شادی کرنا۔

نکح ۔ سوراخ چھید جو کسے چیز مین کیا جاسئے۔

نون با واو

نواح ۔ اطراف چارون طرف جانب۔

نوح ۔ آواز قمری و کبوتر وغیرہ اچھی آوازین۔

نوح ۔ رونے والا آدمی نوحہ کرنے والا اور نام ایک نبی مرسل کا جنکی دعا سے قوم پر قہر نازل ہوا اور تمام زمانہ پانی کے طوفان مین غرق ہوگیا۔ حرف چند آدمی اور ہر ایک قسم کی پیدایش کا نر و مادہ جو کشتی مین بحکم خدا سوار تھا بچ گیا۔

اٹھارھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف واو اور آخیر مین حا ہے

واو با الف

واضح ۶ روشن و ہویدا و ظاہر و سب کے روبرو۔
واضح ولایح ۶ جو چیز بہت روشن و ظاہر ہو۔

واو با شین

وِشاح ۶ ہار یدی گلو بند جو ایک پوشاک مشہور ہے۔

واو با ضاد

وِضاح ۶ روشن و آشکارا اور واضح سب کے روبرو۔
وَضُوح ۶ روشن ہونا ظاہر ہونا روبرو ہونا۔

واو با قاف

وَقِیح ۶ بیشرم ہونا بیحیا ہونا بیغیرت ہونا۔
وِقاح ۶ بیشرم و بیحیا بیشرمی و بیحیائی۔
وَقِح ۶ جو آدمی شرم و حیا و غیرت نہ رکھے۔

واو با یاء

وَیح ۶ یہ کلمہ افسوس و حسرت کا ہے جو رحم کی مقام پر کہتے ہیں

اُنیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول حرف یا اور آخر مین حا ہے

یا با یاء

یَبرُوح ۶ بیخ ثعل جسکو فارسی مردم گیاہ و ہندی مین لکھنی کہتے ہیں۔

ساتوان باب

اون لغات کے ذکر مین جن کے اخیر حرف خا ہے اور اول کے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اس مین اکیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول حرف الف اور آخر مین خا ہے

الف با باء

آب سُرخ ف شراب برعایت اسکے رنگ کے۔

الف با خاء

آخ ۶ تحسین آفرین و شور و فغان و غوغا۔
اَخ ۶ برادر بھائی و آفرین کہنا کسیکو شاباش کہنا۔
اُخ ۶ سوگند ترکی مین تیر چلانے کا چلہ۔
اَخ رَخ ۶ خوش جسکو عربی مین طویلے کہتے ہین۔

الف با زاء

آرخ ف مسّہ سیاہ رنگ جو آدمی کے بدن پر نکلتا ہے۔

الف با سین

اِسفاناخ ۶ پالک کا ساگ جو مشہور سبزی ہے۔
اِسلاخ ۶ چمڑا اوتارنا کھال اوتارنا ذبیحہ کا۔

الف با صاد

اِصطخ ۶ نام قلعہ شہر جو فارس کے ملک مین ہے

الف با نون

اِنتِساخ ع نسخہ پکڑنا نقل مطابق اصل لکھنا۔
اِنتِفاخ ع پہولنا نفخ کرنا ہوا کے بہر جانے سے۔

الف با واو

اُوستاخ ع گستاخ و بے باک و بیشرم و بیحیا۔
اُوسلخ ع سیخ و سیخ چرک و ریم زرد آب جو دنبل سے نکلے
اَوج مِرّیخ ف برج اسد جو خانہ مریخ ستارے کا ہے۔

الف با یار

اَیکلخ ت گلہ اسپان گہوڑون کا گلہ۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف بار اور اخیر مین خا ہے

با با الف

بادسرخ ع نام بیماری گلام و سخن و ریح و تیز و تند ہوا

با با خار

بخ بخ ع خوشا و آفرین کہنا شاباش کہنا رضامندی ظاہر کرنا

با با را

برزخ ف پارہ و حصہ و بہرا ور ایک جز و کل مین سے
برزخ ع وہ چیز جو دو مخالف چیزون مین حایل ہو
جیسا کہ اعراف بہشت اور دوزخ مین برزخ ہے اور
صبح دن اور رات مین اور زندگی دنیا کی و دنیا بود مین۔

با با طار

بطیخ ع خربزہ جو مشہور میوہ ہے اور مشہور خربوزہ ہے۔

با با لام

بَلخ ف خراسان مین ایک شہر مشہور و معروف ہے

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول بائی فارسی اور اخیر مین خا ہے

با مع الف

پاسخ ف جواب دینا کسی سایل اور قایل کے سوال اور کلام کا

بائی فارسی با واو

پُوخ ت سرگین آدمی یعنے آدمی کا گہر فضلہ خورک کا

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور اخیر مین خا ہے

تا با الف

تاریخ ع وقت ظاہر کرنا تعین کرنا کسی شے کا جو متعلق
ماضی و حال کے ہو اور سال بیان کرنا گذشتہ لوگون کا

تا با سین

تسلیخ ع چمڑا اوکہاڑنا کہال اوتارنا کسی ذی جان کا

تا با لام

تلخ ت کڑوا ناپسند سیاہ و مکروہ ناملبوع۔

تا با میم

تمریخ ع روغن یا کوئی اور چیز بدن پر ملنا مالش کرنا۔
تماشیخ ع پہرجانا صورت کا خوبصورتی سے بدصورتی کیطرف

تا با نون

تناسخ ع زایل ہونا منتقل ہونا روح کا ایک جسم سے دوسرے جسم

تا با واو

توبیخ ت سرزنش و ملامت و عتاب کرنا کسی مجرم کو۔
تواریخ ع جمع تاریخ کی یعنی گذرے ہوئے احوال بیان کرنا اور مقرر کرنا ایک وقت کا کسی کام کے لیئے۔
توی فناخ ت کشتی کے ایک فن کا نام ہے۔

تا با یا

تیر چرخ ف کنایۃً نام ستارہ عطارد جو منشی فلک ہے

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم فارسی اور آخر مین خا ہے

جیم مع الف

چارمیخ ف ایک قسم کی تعذیب کا نام ہے جس مجرم کو ایک لکڑی کے تختہ پر لٹا کر چار مقام گلا و پیٹ اور دماغ وزیر ناف میخ لگا کر مار ڈالتے ہین۔

چارشاخ ف ایک قسم کی تعذیب کا نام ہے۔
چاہ زنخ ف ٹہوڈی کا گڑہا جو ایک صفت معشوق کی ہے

جیم با حا

چخ ف چھری کا غلاف جھگڑا لڑائی میل پیپ۔
چخاچخ ف آواز تلوار کی لڑائی میں و ہتھیار کی آواز

جیم با را

چرخ ف ہر چیز مدور اور ہر ایک آلہ کا نام جو دولاب و آسمان و دہن و رقص و گریبان ہے اور انکا سخت نام سو فسخ خراسانی

چھٹی فصل

اون لغات کے ذکر مین ہے جن اول حرف خا اور آخر مین بھی خا ہے۔

خا با لام

خلخ ف ترکستان مین ایک شہر ہے۔

خا با واو

خوخ ت شفتالو آڑو جو ایک مشہور میوہ ہے

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور آخر مین خا ہے

دال با واو

دوزخ و بواو معروف نام گیاہ و بواو مجہول جہنم جسکے
سات طبقے ہین جہنم لظے حطمہ سعیر سقر جحیم ہاویہ
ان سات طبقون مین علیحدہ علیحدہ عذاب ہے -

دال بایاء

دیولاخ ف دیوخانہ گہر کا دیو گہر کا جن آسیب

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف راے اور اخیر مین خا ہے

راء باالف

راسخ و استوار و برجا و قایم و مستحکم و مضبوط و پایدار
راخ و شراب خوشی و نشہ و بدمستی و خوش مزاجی -

راء باخاء

ریخ ف رنج و غم و غصہ و حیرانی و پشیمانی -
رخ ف خسارہ و نام ایک بڑے مرغ کا و نام مہرہ شطرنج -

راء باسین

رسوخ ع استوار و قایمی و مستحکمی مضبوطی و پایداری

راء باواو

روخ ع گہاس جسکے بوریا بنتے ہین ہیرات ہین زرد سیاہ کہتے ہین

راء بایاء

ریخ ع پیخال مرغ یعنے بیٹ پرند جانور کی -

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف زائے اور اخیر مین خا ہے

زای باخاء

زخ ع شور و بانگ و صدائے جرس و زنگولہ گہڑیال کی آواز
زخ ف مسہ سیاہ گوشت جو جسم پر نکلتا ہے -

زای باراء

زریخ ف ہڑتال جو ایک کانی چیز زرد رنگ ہے -

زای بانون

زنخ ف زنخدان ذقن و طعنہ دینا کسیکو -

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور اخیر مین خا ہے

سین باباء

سبلخ ع بنجر زمینین جنمین زراعت نہین ہوتے -
سیاناخ ف پالک کا ساگ جو ایک مشہور سبزی ہے -

سین باتاء

ستاخ ع شاخ درخت درخت کی ڈالی فرع

سین باراء

سُرخ ف لال رنگ جسکو ہندی مین رتہ کہتے ہین

سین بالام

سَلاخ ع پوست کن چمڑا او کہاڑ ہوا لا کہال اوتارا ہوا
سَلخ ع چمڑا او کہاڑنا اور ایک چاند کا آخری تیسوین تاریخ

سین بامیم

سُماخ ع سوراخ گوش کان کا چہید

سین بانون

سنگلاخ ف وہ زمین جسمین پتہر اگلتے ہین

سین باواو

سوراخ ف چہید جاہے کسی چیز مین ہو

سین بایا

سیخ ف لوہے کی سلاخ لمبی جو مشہور ہے اور سیخ پر بہونتے ہین

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین اور اخیر مین خا ہے

شین باالف

شاخ ف شاخ درخت و سینگ حیوان کا و ٹکڑا لکڑی کا
شاخ شاخ ف پارہ پارہ ٹکڑا ٹکڑا ذرہ ذرہ
شابلخ ع سوانگ جو ایک قسم کا غلہ مشہور ہے
شاہرخ ف نام شاہزادہ اور شطرنج باز جو شطرنج کہیلے
شامخ ع بلند و جمع اسکی شوامخ ہے بلند چیز

شین باخا

شخ ف اختصار شلخ یعنے ایک ڈالی یا فرع

شین بایا

شیخ ع بڈہا بزرگ جمع اسکی شیوخ ہے

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد اور اخیر مین خا ہے

صاد باالف

صارخ ع چلانیوالا بہت بلند آواز نکالنیوالا

صاد باراے

صراخ ع چیخنا چلانا بہت بلند آواز نکالنیوالا اور وہ شخص جسکو چیخ پکار کی عادت ہو

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف طا اور اخیر مین خا ہے

طابایا

طبخ ع پکانا اور پکوانا جوش دینا اوبالنا کسی چیز کو
طبیخ ع کسی چیز کا پکایا ہوا یا پانی جوش دیا ہوا
طبلخ ع باورچی طعام پکانیوالا آدمی

طاباراے

طرخ ہ وضع ڈہنگ طرز طریق علوت نمو۔

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول حرف فا اور اخیر مین خا ہے

فا با الف

فاسخ ع توڑنیوالا فساد کرنیوالا فسخ کرنیوالا۔

فا با رے

فرفخ ہ خرفہ جو ایک سیاہ رنگ تخم ہوتا ہے۔
فرسخ ع مقدار تین میل یعنی تین کوس کا فاصلہ۔
فراخ ع چوڑا اور بہت اور وہ چیز جسمین وسعت ہو۔
فراسخ ع جمع فرسخ یعنی بہت فرسنگ

فا با سین

فسخ ع توڑنا اور فساد کرنا خرابی کرنا پیوند اوکہاڑنا۔

پندرہوین فصل

اون لغات کے ذکر مین جن اول کاف اور اخیر مین خا ہے

کاف با الف

کاخ ف قصر محل اور بہت بلند عمارات امیرانہ۔

کاف با خا

کخ کخ ف آواز خندہ کلمہ نفرت وہنسی کی آواز۔
کخ کخ ف آواز سرفہ یعنے کہانسے کے آواز۔
کخ ف بوریا گہاس کہ ہمیشہ لو کے تنور میں جیسے بچے ڈر یں
کخ ف حرف تنخ و کلمہ نفرت جو نفرت کے وقت کہین۔

کاف با رے

کرخ ہ بغداد کے پاس ایک گانو جسکا نام کرخ ہے۔
کرخ ف مخفف کرخت یعنے بہت سے سخت چیز۔

کاف با سین

گستاخ ف شوخ چالاک بے باک بی ادب کند ناتراش

کاف با لام

گلرخ ف خوبصورت آدمی پہول کی رنگت والا۔
کلوخ ف مٹی کا ڈھیلا۔

کاف با واو

کوخ ف جہونپڑا خانہ بے روزن اور بوریا بنے کی گہاس و کرم میوہ۔

سولہوین فصل

اون لغات کے ذکر مین جن اول حرف لام اور اخیر مین خا ہے

لام با الف

لاخ ف جا و مقام و بسیار کے وانبوہ ہر چیز کے بہتات

لام با خا

لام با خاء

لَخ و لُوخ ت بوریہ بننے کے گہاس جسکو دُکن مین سر کہتے ہین

سترھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف میم اور آخر مین خا ہے

میم با الف

مَالِیخ ع سودا خلل دماغ الیخولیا جو مرض مشہور ہے

مَاسِخ ع تفہ۔ بمیزہ۔ پہیکا۔ مزہ خراب مزہ۔

میم با تاء

مُتَلَطِّخ ع آلودہ ہوئے ہوی چیز گند کی سی بہرہوئے

میم با خاء

مُخ ع مغز مغز استخوان خلاصہ ہر چیز و تخم ہر چیز

میم با رے

مَرِّخ ع روغن ملنا اور نام ایک درخت کا دلکڑی جلانا۔

مرکز چرخ ف کرہ زمین اور تمام سرزمین جسقدر رہتا ہے۔

میم با زے

مِزَاح ف خوشطبعی کرنا مسخری کرنا خوش مزاجی کرنا۔

میم با سین

مَسْخ ع اچھی صورت سے بصورت ہونا صورت بگڑ جانا

مَسْلَخ ع پوست اوکہاڑنیکی جگہہ ذبح کرنیکا مقام قصائی خانہ

مَسِیخ ع بمیزہ چیز بے ذائقہ چیز جسکا مزہ کسیلا ہو۔

میم با شین

مَشَایِخ ع جمع مشیخہ و مشیخہ جمع شیخ یعنے بہت سے بزرگ لوگ

میم با طاء

مَطْبَخ ع طعام پکانیکی جگہہ جس مقام پر کہانا پکایا جائے

مُطَبِّخ ع باورچی جو کہانا پکانے پر مقرر ہو۔

مَطْبُوخ ع پکایا ہوا جوش دیا ہوا اوبالا ہوا

میم با فاء

مُفَسِّخ ع نام ایک درد و بیماری کا ہے جو مہلک ہوتی ہے۔

میم با لام

مَلَاخ ف ایک شہر کا نام ہے۔

میم با میم

مُمَاسِخ ع مسخ کرنیوالا پہیرنیوالا صورت کا صورت بگاڑنیوالا

میم با نون

مِنْفَخ ع دمہ آہنگران یعنے لوہارونکی کہالین جنسے آگ روشن کیجاتی ہے

مُنْفِخ ع پہونکنی والا اور وہ چیز جو پیٹ مین ہوا پیدا کرے۔

مَنْسُوخ ع رد کیا گیا نیست نابود کیا گیا بگاڑا ہوا

مُنْتَسِخ ع نسخہ لینے والا نقل اوٹھانیوالا کسے کتاب کا۔

مُنْتَسَخ ع نسخہ لیا گیا نقل اوٹھایا گیا کسے کتاب سے۔

مَنَاخ ع محل خواب جائے آسودگی جسجگہہ سوئین

مُنْفَسِخ ع فاسد و تباہ کار و خراب ڈالنیوالا۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول

حرف نون اور اخیر مین خا ہے

نون با الف

ناچخ ف چھوٹا نیزہ اور برچھے جو ایک ہتھیار ہے

نافخ ع بہت پھکنے والا دم لگانے والا۔

ناسخ ع رد کرنے والا اور لکھنے والا جسکا عربی خط ہے

نون با خار

نخ ع تار رشتہ خواہ سوت خواہ ابریشم کا یا کسی چیز کا

نون با را

نرخ ع قیمت بہاؤ جو کسی چیز کا مقرر ہو۔

نون با سین

نسخ ع زائل کرنا رد کرنا لکھنا اور نام خط جو اختراع کیا ہوا عماد الدین یاقوت مستعصمی کا ہے۔

نسخ ع جمع نسخہ یعنے بہت سے نسخے کتاب وغیرہ کے۔

نون با فار

نفخ ع پھونکنا اور چلنا ہوا کا اور دم لینا۔

نون با یار

نیم رخ ف تصویر یکچشم جسکی ایک آنکھ دیکھلائی جاوے

اونتیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف واو اور اخیر مین خا ہے

واو با خار

وخ ع واہ واہ یہ کلمہ فرحت و حیرت کا ہے

وخ وخ ع کلمہ فرحت و تعجب کا ہے جو اپنے تئین عمدہ بولا جاتا ہے

واو با سین

وسخ ع چرک و ریم و چرکین و میلا و میلاپن ہر چیز کا۔

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ہا اور اخیر مین خا ہے

ہا با زار

ہزار میخ ف لباس فقر جسکو کئی طرح کے پیوند ہوں

ہائے با نون

سندوی جنبخ ف کنایہ ستارہ زحل جسکا اصلی رنگ سیاہ ہے

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یا را اور اخیر مین خا ہے

یا با الف

یافوخ ف نرمہ یعنے تالو نوزاد بچہ کا جو متحرک ہوتا ہے

یا با خار

یخ ف وہ پانی جو بسبب سردی کے مثل آئینہ جمکر چمکتا ہے اور دونو طرف سے مثل آئینہ نظر آتا ہے

اور برف آسمان سے برستی ہے۔

آٹھوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کے اخیر دال ہے اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی کے اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اس مین اٹھائیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین دال ہے

الف با باء

آب مرواریدف بیاری نزول الماء جسکو موتیابند کہتے ہین

آب منجمدف کنایہ پیالہ بلور کا جسمین شراب پیتے ہین۔

آب سندف دریائے سندھ جو سندھ کے دریاؤن سے بڑا ہے۔

آب در جگر ندارد ف جو شخص مفلس و نادار و عقل سے نادان و بد دل ہو۔

آب دزدف عورتونکے نہانے کا مکان جو تالاب پر ہوتا ہے پانی چورا و سکو کہتے ہین۔

آب خوردف نصیب و قسمت و رود خانہ و تالاب جہان سے پانی پیتے ہین

آبادف ضد ویران و آفرین و ستائش اور بسا ہوا

آباد ف نفرین و دعائے بد جو کسیکے حق مین کیجائے۔

اَلْعَاد ع جمع بُعد و رہائی و رہنا زل و مسافت ہو ون سے مساجود و ہ

اِلْحَاد ع دور ڈالنا دور پھینکنا کسیکو اپنے آپ سے۔

اَبَاعَن جد ع باپ دادے سے قدیم الایام سے

اَبَد ع ہمیشہ اور وہ زمانہ جسکے نہایت نہو۔

اَبُوزَید ع نام مرد زیرک جو فاضل و صاحب علم تہا۔

اَبْجَد ع حروف مفردات الف سے یا تک اور وہ آٹھ کلمے جو بحساب جمل واسطے ترتیب اعداد کے قرار پائے ہین۔ ابجد ہوز حطی۔ کلمن۔ سعفص۔ قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ۔

الف با تاء

آتش بیدود ف کنایہ آفتاب جسکے آگ مین دہوان نہین ہے

اِتّحاد ع دوستی محبت پہلے یگانگت جو کبھی سے ہو۔

الف با ثاء

اِثْمِد ع ہو سنگ سرمہ جسکو پیس کر سرمہ بناتے ہین۔

الف با جیم

اِجتہاد ع کوشش کرنا اور حاصل مسائل شرعیہ کا قرآن و حدیث سے

اَجْنَاد ع فوج و لشکر و انبوہ لشکر کا یہ لفظ جند کی جمع ہے

اَجْسَاد ع بہت سے بدن اور جسم یہ لفظ جسد کی جمع ہے

اِجْلِوّاد ع دوڑنا تیزی سے چلنا تیز رفتاری کرنا۔

الف با حاء

اَحَاد ع جمع احد اکائی ایک سے نو تک حساب شمار مین۔

اَحفَاد ع فرزندزادگان و خادمان و خدمتگذاران -
اَحقَاد ع کینہ ہا و غصہ یعنی بہت سے غضب و غصے جمع حقد کی -
اِحقَاد ع کسیکو غصہ مین لانا غضبناک کرنا بہڑکانا -
اُحُد ع نام پہاڑ کا جو مدینہ کے پاس ہے اور آنحضرت نے اوس مقام پر کفار مکہ کے ساتھ جنگ کی اور امیر حمزہ سید الشہدا اوسی لڑائی مین شہید ہوئے حضرت کا دندان مبارک بھی اوسی لڑائی مین ٹوٹا -
اَحَد ع ایک اور اتوار کا دن اور نام خدا تعالیٰ کا بمعنی یکتا

الف با خاء

آخوند ف اوستاد و معلم تعلیم دینے والا علم پڑہانیوالا -
اُخدُود ع شگاف ہائے زمین و کوہ جو دراز ہون -

الف با رای

آرد ف آٹا گندم وغیرہ کا جسکے روٹیان پکاتے ہین -
آرلوف چہبیسوین تاریخ ہر ماہ شمسی کی -
اُرمزد ف نام ستارہ مشتری و روز اول ہر ماہ شمسی کا -
اَرَد ف قہر و خشم و غضب اشتعال طبیعت کا -
اُرد ف مانند و نظیر و مثل چنانچہ اردشیر یعنے مانند شیر
اِرد ف چہبیسوین تاریخ ہر مہینے شمسی کی -
اَروَند ف نام کوہ جسکو الوند بھی کہتے ہین یہ پہاڑ ہے
اِرتِداد ع رد ہونا دین سے پہر جانا مرتد ہونا -
اَرمَد ع صاحب رمد جسکے آنکہین دکہتی ہون آشوب چشم
اَرشَد ع سیدہے راستہ پر چلنے والا ارشاد دینے والا -
اِرتِیاد ع [illegible] اور طالب کی جستجو کرنا -

اِرشَاد ع حکم دینا ہدایت کرنا خدا کی راہ پر لیجانا -
اَرجَمَند ف ہر چند اس لفظ مین ہا الف سے مبدل ہے

الف با زا

آزاد ف جو شخص کسیکا غلام نہو اور نام درخت جسکو طاق کہتے ہین اور جرجان مین ہوتا ہے اوسکے پتے زہر ہوتے ہین مجرد و بے عیب کامل اور سرو کو آزاد اس لئے کہتے ہین کہ خزان سے محفوظ ہے -
آزرد ف بہت کہانا پیٹ بہر کر کہانا زیادہ بہوک سے کہانا
اِزلِعَاد ع سخت آواز کرنا اونٹ کو چلا کر لوٹنا -
اِزدِیَاد ع زیادہ ہونا بڑہ جانا پہلے حالت سے ترقی کرنا
اِزدِرَاد ع کہاجانا گلے سے اوتار لینا نگلجانا لقمہ کو -

الف با سین

اِسپَہبَد ف سپہ سالار فوج و لشکر کا افسر پہلوان ہر گروہ
اِستِبدَاد ع [illegible] ناخود لفظ بد اور یکہ معنے جنید ہنر
اُستَاد ف تعلیم دینے والا علم پڑہانیوالا ہنر سکھلانے والا
اِستِعدَاد ع آمادگی و قابلیت جو کسیکو حاصل ہو -
اِستِطرَاد ع اچہے کار و روانگی اور چلاؤ ہر چیز کا -
اِستِعَاد ع دوری چاہنا الگ ہونیکی درخواست کرنا
اِستِشہَاد ع گواہی چاہنا کسی کو گواہ جو اوسکے دل و اہل
اِستِمدَاد ع مدد مانگنا یاری چاہنا مشکلکشائی چاہنا -
اِستِسعَاد ع نیک بختی مانگنا اسعاد چاہنا نیکی طلب کرنا
اِستِعبَاد ع بندگی پکڑنا عبادت کرنا بندہ بنانا -
اِستِیلَاد ع اولاد چاہنا اولاد مانگنا نسل چاہنا

اسعاد ع یاری و نیک بختی و سعادت نیکی و خوبی۔
اُسُود ع جمع اسد بہت سے شیر جو مشہور جانور ہے۔
اَسْوَد ع ہر چیز سیاہ رنگ مار سیاہ اور کالے رہت۔
اُسْنَاد ع وہ چیز جس پر تکیہ حصر ہو یعنے جائے پناہ۔
اَسْنَاد ع جمع سند یعنے بہت سے سندیں۔
اَسَد ع شیر درندہ جو مشہور جانور ہے۔
اِسْتِرْدَاد ع واپس لینا کسے چیز کا جو دی ہوئی ہو۔

الف با شین

اِشْہَاد ع گواہی دینا جو حال معلوم ہو بیان کرنا۔
اَشَدّ ع سخت مضبوط نہایت مستحکم چیز۔
اِشْتِدَاد ع سختی و سخت گیری سخت مزاجی شدت۔
اَشْکُدْ او ف [illegible] صبح و صباح۔
اِشْنَاد ع سخت اور چھبیسویں تاریخ ہر مہینے کی۔

الف با صاد

اَصْفَاد ع بہت سے زنجیریں اور قید اور بخشش۔
اِصْطِبَاد ع شکار کرنا شکار کھیلنا۔
الف با ضاد
اَضْدَاد ع جمع ضد کی یعنے بہت سے ضدین۔

الف با طاء

اِطِّرَاد ع سیدھا ہونا ایک دوسرے کے پیچھے ہونا ایک دوسرے کی پیروی کرنا۔
اِطْرَاد ع چلانا روان کرنا جاری کرنا کام کا۔

الف با عین

اِعْتِدَاد ع اعتبار و شمار میں لانا حساب میں لانا۔
اِعْدَاد ع آمادہ کرنا مستعد کرنا تیار کرنا۔

اَعْدَاد ع جمع عدد یعنے حساب [illegible]
اِعْتِضَاد ع یاری کرنا قوت دینا [illegible]
اِعْتِمَاد ع اعتبار کرنا تکیہ کرنا بھروسا [illegible]
اِعْتِقَاد ع سخت پڑنا محکم کرنا [illegible] بات کو دل میں [illegible]
اِعْتِیَاد ع عود کرنا پھر آنا [illegible]

الف با غین

آغَایِد ع جمع اغید معشوقان نازک بدن [illegible]

الف با فاء

اِفْتِقَاد ع گمشدہ نابود کرنا مہربانی کرنا [illegible]
اَفْتَاد ف اتفاق کسے بات کا جو پڑ جاوے۔
اَفْرَاد ع فرد کی جمع ہے یعنی ایک ایک الگ الگ
اِفْسَاد ع فساد کرنا فتنہ برپا کرنا شور و غوغا کرنا۔
اَفْسَاد ع بربادیاں بہت سے فتنے و فساد و شور۔

الف با قاف

اِقْلِید ع کلید معرب یعنے تالی جس سے قفل کھولیں۔
اِقْتِصَاد ع میانہ روی میانہ چال و اعتدال ایک بات میں

الف با کاف

اَکْرَاد ع نام قوم صحرانشین جو کرد کہلاتی ہے اور کردستان ملک انکا ہے
اَکِید ع محکم واستوار و مضبوط و مستقل۔

الف با لام

اَلْوَنْد ف نام کوہ جسکو اروند بھی کہتے ہیں۔
اَلَدّ ع سخت خصومت کرنیوالا نہایت عداوت رکھنے والا۔

الف با میم

اَمداد ۶ مدد کرنا یاری دینا حمایت کرنا مشکل کے وقت میں
اِمتداد ۶ درازی اور لمبائی جو کسی چیز میں ہو۔
اَمجد ۶ بزرگتر یعنی بڑا بزرگ صاحب عزت۔
اَمجاد ۶ بزرگان یعنی بڑے بزرگ صاحب اقتدار۔
اَماجد ۶ بزرگان جو مرتبہ میں بزرگ ہوں۔
اَمرد ۶ بے ریش امرد جمع اسکی ہے وہ لڑکا جسکے داڑھی نہ نکلی ہو
اُمید و اُمید پیش مشہور لفظ ہے کسی سے طمع رکھنا۔
اُمّ ولد ۶ وہ کنیز جسنے اپنی مالک کے نطفہ سے لڑکا جنا ہو
اور مالک کے وفات کے بعد وہ آزاد متصور ہو۔

الف بالنون

اِنقیاد ۶ زیر بار ہونے و فروتنی و خاکساری و عجز۔
اِنتقاد ۶ نقد لینا اور گہاس کو دانہ سے جدا کرنا غلہ صاف کرنا
اِنعقاد ۶ باندھا جانا اور جمع ہونا یکجا ہونا فراہم ہونا۔
اِنشاد ۶ شعر پڑھنا شعرخوانی کرنا۔
اِنسداد ۶ بند ہونا رستہ کا جو پہلے جاری تھا دیوار بننا
اِنفراد ۶ تنہا ہونا فرد فرد ہونا اکیلے ہونا۔
اَنبان باد ف آہنگر کی کہال جس سے آگ روشن کرتے ہیں

الف باواو

اَوتاد ۶ میخیں جمع وتد اور اولیا جو تمام جہان میں
پایہ سے ہستی ہیں اور مدار زمانہ کا اونپر ہے۔
اَوراد ۶ وظیفے جو ہر روز پڑھے جائیں اور ذکر
جو ہر روز کیا جائے۔
اَولاد ۶ بیٹے بیٹیاں پوتے پوتیاں دہوتے دہوتیاں ولد کی جمع ہے

اُولاد ۶ نام دیو جو مازندران میں رہتا تھا۔
اَورمزد ف ستارہ مشتری جو قاضی فلک ہے اور حکومت
اوسکے متعلق ہے۔
اَورند ف تخت و فر و شکوہ و مکر و حیلہ و دغا و فریب
اَوحد ۶ یگانہ ایک جسکے ساتھ کا کوئی نہو۔
آوند ف برتن پانی پینے کا اور ہر ایک برتن۔
آورد ف لڑائی و جنگ و پیکار و فساد و فتنہ۔

الف بایا

اِیجاد ۶ وجود میں لانا پیدا کرنا موجود کرنا کسی چیز کو
اِیراد ۶ نیچے لانا وارد کرنا اوتارنا کسی چیز کو۔
اِیزد ف نام حق تعالے جلشانہ کا ہے۔
اِیلاد ۶ زائیدن یعنے جننا عورت کا بچہ کو۔
اِیزاد ۶ زیادہ ہونا مگر خلاف قیاس ہے۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان میں جن اول حرف با اور آخیر میں دال ہے

با با الف

باد ف ہوا و کلام و شتم و مدح و آہ و نالہ و نخوت و
غرور و کلمہ دعائیہ و نام فرشتہ و نام بیماری و حسد و غرور
بارِد ۶ سرد کرنے والا و ناخوش و بیمزہ و مرد بے شہوت۔
بادآورد ف نام خزانہ خسرو پرویز نام خار و نام سرود

بامداد ف صبح کا وقت طلوع آفتاب سے پہلے۔
باوجود ف تسپر بھی فلان شخص کے ہوتے ہوئے۔
باربد ف نام مطرب جو مقربان خسرو پرویز سے تہا اور گانے مین اوستاد تھا۔
باسعود ع کنیت خواجہ ابوالحسن خرقانی جو ایک مقبول شیخ تہے
بازو بند ف ایک زیور کا نام جو بازو پر باندھتی ہین
باغ مراد ف شہر ہرات مین ایک باغ کا نام ہے جسکو شاہ مراد نے بنایا تھا۔

با با خائے

بخرد ف دانا وہوشیار صاحب عقل و ہوش و لیق
بخت سفید ف طالع مند جسکے بخت اچھے ہون۔
بخت بلند ف صاحب طالع امیر سردار دولتمند

با با دال

بدع چارہ ع علاج وچارہ جو کسی مشکل امر مین کیجائے۔
بدّ اف مخفف بود وصاحب وخداوند مثل سپہبد وغیرہ۔
بکنف مخالف نیک یعنے برا آدمی برائی کرنیوالا۔
بدرود ف وداع کرنا رخصت کرنا علیحدہ کرنا کسیکو۔
پدید ف ظاہر آشکار عیان و برملا

با با رائے

برخورد ف ملاقات ہوا و ملاقات کیا گیا آپسمین ملا ایکدوسرے سے
برخورذ ف پہل کہا ملاقات کرنے والا ہونیکی حاصل کرنیوالا۔
بردوسر ہو ہمیشہ ہونا قیام کرنا ٹہرے رہنا۔
بُرد ع ایک قسم کا مخطط کپڑا و قصیدہ بردہ مشہور ہے۔
بَرَدہ ژالہ ف ژالہ رگ جو بادل سے برستی ہین۔
بَرَد ع جو چیز سرد ہو مثل برف و یخ وغیرہ۔
برگ بید ف قسم تیر جو شکل مین بید کے پتے کیطرح ہوتا ہے۔
بَرِید ع قاصد ونامہ بر اور دم کٹا ہوا گہوڑا۔
برجند ف نام ایک قصبہ کا جو خراسان مین ہے۔
برہ بند ف تجربہ کار اور نام قوم جو قوت پاتی ہین۔
برازذ ف قندی زہید یعنے یہ بات اچھی معلوم ہوتی ہے
برومند ف بارور برخوردار کامیاب صاحب نصیب

با با سین

بسند ف کافی اور کافی ہونا بس ہونا۔
بُسّذ ت مرجان یعنے مونگا جو ایک قسم کا جواہر ہے اور سمندر مین پیدا ہوتا ہے۔

با با تین

بتن پید ھ نام ایک راگ کا جو ہند مین گاتے ہین۔

با با عین

بُعد ع دوری یعنی دور ہونا کسی مقام سے کسی مقام تک
بعید ع دور یعنی وہ شخص جو کسی مقام سے دور ہو۔
ابعد البعد ع نام دائرہ جو تمام افلاک سے منتہا ہے اور جو چیز بہت دور ہو

با با غین

بغداد ع نام شہر جو مشہور ہے اور حضرت غوث الاعظم کا وہان مزار ہے اور ائمہ کے بھی وہان مزار ہین۔

با بالام

بلید ع کند ذہن آدمی جسکو علم پڑہنے کا مادہ نہو۔

بُلَند ف عظیم الشان بزرگ دراز اور دہلیز کے اوپر کی لکڑی اور ہر چیز لمبی چاہیے اور اونچا جو ہے نیچے کو مثل زلف بلند وغیرہ

با با نون

بَند ف قید و گرہ و تدبیر و فریب و حیلہ و پیوند عضو و زنجیر و قفل و بند قبا و دوال تیغ اور بندبانی کا وعدہ و پیمان و خیال

بنامیز د ف کلمہ قسم ہے اسکے معنے قسم ہے خدا کی۔

با با واو

بو یزید ہ نام ایک ولی کامل کا جو بسطام شہر مین قیام پذیر تھا

بو سعید ہ نام شہ حضرت غوث الاعظم جیلانی بغدادی قدس سرہٗ

با با ہے

بہزاد ف نام نقاش جو ہم عہد شاہ اسمٰعیل صفوی کے تھا اور اپنے کام مین کمال اُستاد تھا۔

با با یاء

بیاری جمع بید یعنے بیابان پیوند و جوڑ ہر چیز کا۔

بید ف نام درخت جو پہل نہین رکہتا و بمعنے شعور و آگاہی و بیہودہ و نام دیو و نام کرم جو قالین و پشمینہ کو کہاتا ہے و نام کتاب ہنود جو چار بید مشہور ہے۔

بیہو دہ ف بے فایدہ۔

بیداد ف ظلم و ظالم و جور و جفا کار و ستم و ستمگار۔

تیسری فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول با ہے

فارسی اور آخر مین دال ہے

با با الف

پاید ف قایم رہے پایدار رہے ہمیشہ رہے۔

پاہی مرد ف مددگار مدد کرنیوالا اعانت کرنیوالا

پاژند ف دست پناہ آگ پکڑنیکا اور نام کتاب مجوس

پاہی بند ف قید او رقیدی جو قید مین ہو۔

با با راے

پرند ف حریر سادہ ریشمی جو ہر ترقی پرون یعنے ثریا ستارہ ہا آسمانے۔

پلید ف نجس و خراب و گروہ بخلاف پاک کے یعنے جو چیز پاک نہو

با با نون

پند ف نصیحت جو کسی شخص کو بدی سے باز رکہنے کیلئے کیجاے

با با واو

پود ف وہ سوت جو کپڑے کے عرض مین بنتی ہین جسکو بانا اور پیٹا کہتے ہین۔

پولاد ف ایک قسم کا بیش قیمت لوہا ہوتا ہے جس سے قیمتی ہتہیار بناتے ہین۔

با با یاء

پیل بند ف بازی شطرنج مین ایک کہیل کا طریق ہے

پیش خورد ف چاشنی طعام اور کہانا جو ناشتہ کے طور

پیش آمد ف سلوک و رعایت جو کسی سے کیجاے۔

پیش نہاد ف ارادہ و منظور خاطر و عزم و قصد جو کیا جاے

چوتھی فصل

ان لغات کے بیان میں جن کے اول حرف تا اور آخیر میں دال ہے

تا با الف

تالِد ء مال کہنہ پرانا مال اور پرانا اسباب -

تَأبِید ء ہمیشہ کرنا ابد تک کرتے رہنا کسی کام کو

تاشکند ف توران میں ایک شہر مشہور ہے -

تاکید ء باز رکہنا مضبوط کرنا بار بار کہنا اور کرنا -

تائید ء مدد کرنا دستگیری کسی مشکل کام میں -

تار و پود ف تانا بانا کپڑے کا تار و کپڑا بننے کا -

تا با با

تَبَرزَد ف قند سفید نبات شفاف جو نہایت تحفہ ہوتا ہے

تَبَلُّد ء کند ذہنی و کم فہمی و کج فہمی و کم عقلی -

تَبَاعُد ء دوری یعنی فاصلہ پر ہونا دور ہونا کسی مقام سے

تا با جیم

تَجَاہُد ء کوشش کرنا سعی کرنا کسی کام میں دل لگانا

تَجدِید ء نئے سرے سے کام کرنا دوبارہ کسی کام کا آغاز کرنا

تَجرِید ء بہنہ کرنا اکیلا کرنا اور نام ایک کتاب کا -

تَجوِید ء نیکو کرنا سر کو ناحروف کو ٹھیک ٹھیک ادا کرنا -

تَجَرُّد ء اکیلا ہونا مجرد ہونا برہنہ ہونا تارک دنیا ہونا فقیر ہونا

تَجَلُّد ء جلدی اور چالاکی کرنا جلدی سے کام کرنا -

تا با حا

تَحمِید ء تعریف کرنا سراہنا حمد پڑہنا خدا کی جناب میں

تَحدِید ء حد مقرر کرنا تیز کرنا آمادہ کرنا کسی کو -

تا با خا

تختہ بند ف حبس محبوس اور وہ لکڑیاں جن سے شکستہ عضو کو باندہتے ہیں

تختہ نرد ف وہ تختہ جس پر کہیلیں اور نرد نام ایک کہیل کا ہے جسکو نرد کے ذریعہ کہیلتے ہیں -

تا با را

تُرَبُد ء نام دوا مسہل جسکو کہتے ہیں لنربت ہندی کہتا ہے اوسکی کہتا جیسے آتے ہیں دست بہت

تَردِید ء رد کرنا پہرانا پہیر دینا اور کرنا ردی کا -

تَرَدُّد ء پہرنا چلنا آنا جانا محنت کرنا زحمت کرنا -

تَرَصُّد ء امیدوار ہونا کسی سے امید رکہنا طمع رکہنا -

ترکی تمام شد ء لاجواب ہونا بات ختم ہوئی تقریر کر چکا

ترجیع بند ف یہ ایک قسم کی نظم ہے جو چند مصرعوں کے بعد بار بار وہی دو مصرع لاتے ہیں -

ترکیب بند ف یہ ایک قسم کی نظم ہے جو چند مصرعے ایک قافیہ ردیف کے لکہہ کر دو مصرعے اور مختلف قافیہ و ردیف کے لاتے ہیں -

تا با زا

تَزَایُد ء بڑہنا زیادہ ہونا ترقی پانا پہلے حالت سے

تزارید ء بہت سے جمع رنگین جو کسی چیز میں ہوں

تا با سین

تَسَانُد ء جماع کرنا چار پایوں کا جفتی ہونا نر کا مادہ سے

تسدید ع بہت درست و مضبوط کرنا قایم کرنا کسی چیز کو۔
تسوید ع سیاہ کرنا اور لکھنا مسودہ کرنا۔

تا با شین

تشدید ع سختی کرنا استوار کرنا مضبوط کرنا سخت پکڑنا کسیکو
تشدد ع سخت کرنا سختی سے پیش آنا سخت گیری کرنا۔
تشہد ع گواہی دینا کلمہ شہادت پڑھنا۔
تشاہد ع باہم گواہی کرنا کسی کا غذ یا سند پر۔
تشئید ع بلند کرنا مضبوط کرنا دیوار کا چونہ اور گچ سے
تشحید ع تیز کرنا چھری و تلوار کا پتھر وغیرہ پر۔

تا با صاد

تصعید ع اونچے مکان پر چڑھنا بلند ہونا صعود کرنا۔
تصاعد ع اونچے جانا بلند مکان پر چڑھنا و بلند ہونا
تصید ع شکار کرنا شکار کھیلنا۔

تا با عین

تعداد ع شمار کرنا گننا حساب کرنا کسی چیز کا۔
تعقید ع پوشیدہ سخن کہنا آہستہ بولنا کانا پھوسی کرنا۔
تعدید ع شمار کرنا گننا حساب کرنا۔
تعند ع عناد و دشمنی کرنا عداوت رکھنا کسی سے
تعہد ع ذمہ دار ہونا ضامن ہونا عہد کرنا کسی سے
تعبد ع بندگی کرنا عبادت کرنا تابعداری کرنا۔
تعود ع عادت کرنا خوگیر ہونا کسی بات پر۔

تا با فا

تفقد ع [illegible] کرنا گم شدہ چیز کو [illegible]
تفرد ع یگانہ ہونا الگ ہونا اکیلا ہونا فرد ہونا۔
تفرید ع یگانہ کرنا اکیلا کرنا فرد کرنا کسی کو۔
تفنید ع نسبت دینا کسیکو ساتھ ضعف رائے اور دروغ کے

تا با قاف

تقیید ع قید کرنا بند میں رکھنا محبوس رکھنا کسی کو۔
تقید ع پابند کرنا قایم و استوار کرنا کسی کو کسی بات پر
تقلید ع پیروی کرنا متابعت کرنا حلقہ گلے میں ڈالنا۔
تقاعد ع باز رہنا کسی کام سے ہٹ جانا۔
تقلید ع پیروی کرنا گلوبند گلے میں ڈالنا متابعت کرنا۔

تا با میم

تمجید ع بزرگ جاننا بزرگی کے ساتھ نسبت دینا کسیکو۔
تمہید ع بچھانا ہموار کرنا درست کرنا آراستہ کرنا۔
تمرد ع سرکشی کرنا سر پھیرنا نافرمانی کرنا۔
تمدد ع درازی و کشیدگی جو کسی چیز میں ہو۔

تا با نون

تنید ف تیز اور سخت بو اور ہوا وغیرہ۔
تنومند ف قوی جسم فربہ جسم زور آور پہلوان آدمی۔
تناد ع ندا کرنا اور یوم التناد روز قیامت کا نام ہے کہ اوس روز ہر ایک شخص حساب کتاب کے لئے بولایا جائیگا۔

تا با واو

توکید ع محکم کرنا و استوار و مضبوط کرنا و استحکام و پایدار کرنا۔
تولد ع پیدا ہونا اولاد یعنی پسر و دختر کا۔
تولید ع جننا کسی لڑکی یا لڑکا کا۔
توالد ع اولاد پیدا کرنا لڑکے لڑکی کا جننا۔

تَوَحُّد ۔ اکیلا ہونا تنہا ہونا فرد ہونا یگانہ ہونا۔

تَوحِید ۔ اکیلا ہونا تنہا ہونا خدا کو ایک جاننا۔

تَوَقُّد ۔ روشن ہونا آگ کا بسبب پڑنے ایدھن کے۔

تَوَدُّد ۔ دوستی پیدا کرنا باہم دوست ہونا پیار کرنا۔

تَوَارُد ۔ دو شخصوں کا ایک جگہہ پر اُترنا اور نکلنا ایک مصرع کا دو شاعروں کی طبیعت سے سرزد ہونا۔

تا با ہا ر

تَہَجُّد ۔ رات کو بیدار ہونا نماز پڑھنا رات کا۔

تَہدِید ۔ ڈرانا خوف دلانا دہشت دلانا۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ثا اور آخیر مین دال ہے

ثا با رائے

ثَرِید ۔ ٹکڑے روٹی کے شوربا مین بھیگے ہوئے

ثا با میم

ثَمَد ۔ آب اندک تھوڑا پانی جو کہ تالاب حوض مین ہو

ثَمُود ۔ صالح پیغمبر کے قوم کا نام جو خدا کے قہر سے ہلاک ہوئے صالح نے اونکے کہنے سے دعا کی اور ایک اونٹنی معہ بچہ کے پہاڑ سے بحکم اعجاز نکل آئے تبھی بھی منکر رہے اور اونٹنی کو مار ڈالا آخر عذاب نازل ہوا اور وہ سب اس عذاب سے مر گئے۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم اور آخیر مین دال ہے

جیم با الف

جَادَاد ۔ اسباب مکان وغیرہ [illegible] زمیندارے۔

جَامِد ۔ جما ہوا اور وہ لفظ جو مصدر سے نہ [illegible] اسکو کہتے ہین۔

جَاوِید ۔ ہمیشہ علی الدوام جو بات ہوتی ہو۔

جَاحِد ۔ وہ شخص جو جان بوجھہ کر منکر ہو۔

جیم با حا

جَحد ۔ عمداً انکار کرنا جان بوجھہ کر منکر ہونا۔

جُحُود ۔ دیدہ و دانستہ انکار کرنا سچ بات سے منکر ہونا۔

جیم با دال

جَدِید ۔ نئی بات نئی چیز جو نئے سر سے ہو۔

جَدَد ۔ زمین ہموار اور صاف میدان کھلا صحن۔

جُدُد ۔ جمع جدد یعنے بہت راستے و طریق۔

جَد ۔ بخت و نصیب بزرگی و تونگری جدہ و جدید [illegible]

جِد ۔ کوشش کرنا اور محنت جس سے کار برآمد ہو۔

جیم با را

جَرَاد ۔ ملخ یعنے ٹڈی جو ایک مشہور پرند ہے

جَرِید ۔ قاصد جو جلد پہنچے یکہ و تنہا جلنے والا

جَرَائِد ۔ بہت سے دفتر اور بہت سے کاغذات۔

جَزر و مَد ؏ قبض و بسط کھلا اور بند۔

جیم با سین

جَسَد ؏ تن و جسم خاص آدمی کا انسان کا وجود۔

جیم با عین

جَعد ؏ موے مرغول مجازاً زلفین انسان کے۔

جیم با کاف

جگر بند ف مجموع جگر و شش و دل و غیرہ مجازاً فرزند بیٹے بیٹیا۔

جیم با لام

جَلِید ؏ برف جو آسمان سے گرتی ہے بہ زمستان

جَلَد ؏ تازیانہ لگانا چست چالاک تیز و شتاب

جِلد ؏ پوست انسان یا حیوان کے بدن کے کہال۔

جُلُود ؏ حیوانون کے چمڑے بدن کی کہالین جمع ہے جلد

جَلمَد ؏ سخت پتھر جو اور پتھرون سے سخت ہے

جَلّاد ؏ درہ مارنیوالا پوست کہینچنے والا قتل کرنیوالا بہ حکم حاکم

جُلمُود ؏ سخت پتھر جو نہایت سخت ہو۔

جیم با میم

جَماد ؏ جو چیز ذی جان نہو اور زمین ملنے جیسے پتھر

جُمُود ؏ جم جانا پانی کا اور افسردہ ہونا۔

جَمُود ؏ جما ہوا اور بندھا ہوا پانی یا کوئی اور چیز

جَمَد ؏ یخ و برف جو پہاڑ پر گرتی ہے۔

جَمشید ف نام ایک بادشاہ عظیم الشان کا ہے

جیم با نون

جُند ؏ لشکر و سپاہ و نام دوا کا جو خایہ سگ آبی ہوتا ہے

جُنُود ؏ بہت سے لشکر اور بہت سے فوجین۔

جُنَید ؏ نام ایک ولی بغدادی کا جو نہایت کامل بزرگ تھے

جیم با واو

جَود ؏ نیک چیزین اچھی اشیا مطبوع طبع۔

جُود ؏ بخشش و سخاوت جو سخی کرتے ہین۔

جَوانمرد ف بہادر سخی پہلوان نیکو کار آدمی۔

جَوہر فرد ؏ جز و لا یتجزے جو قابل قسمت نہو۔

جَوّاد ؏ بہت بخشش کرنیوالا اور نام خدا تعالیٰ جل شانہٗ۔

جیم با ہائے

جُہد ؏ طاقت و کوشش و جستجو و تلاش انسانی۔

جَہد ؏ رنج و مشقت و تکلیف جو کسی کام مین ہو

جہد جَہید ؏ بہت کوشش نہایت سعی کمال جستجو۔

جِہاد ؏ کفار کے ساتھ اشاعت دین کی ترقی کی لڑائی لڑنا۔

جیم با یاء

جَیِّد ؏ خوب و نیک اور بہت اچھا دلپسند و مضبوط۔

جِید ؏ گردن و عنق انسان کے۔

جِیاد ؏ جمع جَیِّد خوب نیک اور اگر جمع جِید تصور کیا جائے تو اسپان تیز رفتار و جمع جید گردنین۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول جیم

فارسی اور اخیر مین دال ہے

جیم با الف

چار بند ف قید خانہ محبس مجازاً دنیا باعتبار چار طرف کے

جیم با بے

چرند ف چوپایہ حیوان جو پانو چلتا ہو بخلاف پرند کے۔

جیم با شین

چشم زد ف طرفۃ العین آنکہ کا اشارہ یک لمحہ اور ڈرانا۔

چشم بند ف وہ منتر جس سے نیند باندہ دیتے ہین اور جسپر وہ منتر کیا جاتا ہی اوسکو نیند نہین آتے۔

چشم بد ف کسیکی بد نظر جو دوسرے کو اثر کر جاتی ہی

جیم با غین

چغند ف بوم یعنی الو یا ایک جانور جس مین اوسی [illegible] ہوتا ہے

جیم با قاف

چقندر ف ایک ترکاری کا نام ہے جو پکا کر کہاتے ہین

جیم با کاف

چکاد ف پیشانی آدمی کا ماتہا۔

جیم با لام

چلقد ت چلتہ انسان کے پہننے کا جو جنگ مین پہنتے ہین۔

جیم با نون

چند ت یہ لفظ بمعنی استفہام کی آتا ہے اور بمعنی اخبر دینے کے

جیم با یا

چیرہ دست ف وہ شخص جو دستار رنگین باندہے اور وہ لوگ جو مکر ہو۔

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول حرف حا اور اخیر مین دال ہے

حا با الف

حاد ع تیز و تند چاہے کچھ چیز ہو۔

حاسد ع حسد کرنیوالا دوسرے شخص کا زوال نعمت چاہنے والا

حامد ع تعریف کرنیوالا خدا کے احمد پڑہنے والا شخص۔

حافد ع یار دوست خادم رفیق نیکخواہ پیارا۔

حا با جیم

حجر الاسود ع سنگ سیاہ جو کعبہ مین لگا ہوا حاجی جسکو چومتے ہین

حا با دال

حد ع کنارہ ہر چیز کا اور سزا گنہگار کو شریعت کے حکم کی بموجب

حدود ع جمع حد بمعنی کنارے اور بہت سزا شریعت کے

حداد ع آہنگر یعنی لوہار لوہے کے کام بنانیوالا۔

حدید ع لوہا اور وہ چیز جسکو تیز کیا گیا ہو سلاح وغیرہ کے

حا با سین

حسد ع کسیکے نعمت کا زوال چاہنا دیکہکر جلنا۔

حسن مقید ع حسن مخلوقات کا اور حسن عالم ایجاد کا

حسود ع بدخواہ اور بہت حسد کرنے والا۔

حُسّد ع جمع حاسد یعنی بہت حسد کرنیوالے لوگ۔

حا با صاد

حصد ع کاشتا زراعت خشک گھاس کا اور جمع کرنا۔
حصاد ع زراعت کاٹنا خشک گھاس کا کاٹنا۔

حا با فا

حفد ع خدمت کرنا شتاب کرنا جلدی کرنا۔
حفد ع خدمت کیا گیا شتاب کیا گیا جلدی کیا گیا۔

حا با قاف

حقد ع کینہ و عناد و بغض جو دل میں ہووے۔

حا با لام

حل و عقد ع کھولنا باندھنا انتظام کرنا بندوبست کرنا۔
حلوائے بید ف میوہ ہے شیرین لذیذ مجازاً رطب

حا با میم

حمید ع تعریف کیا گیا سراہا گیا صفت کیا گیا۔
حمد ع ستایش کرنا جناب باری کی تعریف کرنا خدا کی۔
حمائد ع نیک خصلتیں اچھے نیک خاصیتیں نیک خوئیں۔

نویں فصل

ان لغات کے بیان میں جن کے اول حرف خا اور اخیر میں دال ہے

خا با الف

خاوند ف مخفف خداوند صاحب مالک شوہر عورت کا۔
خاربند ف کھیتی کی باڑ جو چار طرف بنائی جائے۔
خالد ع ہمیشہ رہنے والا اور نام اصحاب محمد صلعم کا۔

خانہ خورشید ف برج اسد جو سورج کا گھر ہے۔
خاکزاد ف آدمی انسان جو خاک سے پیدا ہو۔
خانہ زاد ف گھر جم یعنے اپنے غلام کا فرزند۔

خا با با

خبث الحدید ع لوہے کا میل جو مشہور ہے

خا با جیم

خجستہ بنیاد ف لقب شہر اورنگ آباد کا جو دکن میں ہے
خجند ف ماوراء النہر میں ایک شہر ہے جسکا یہ نام ہے

خا با دال

خداوند ف صاحب و مالک و آقا و ولی نعمت
خد ع رخسارہ انسان کے گال۔

خا با رائے

خردمند ف دانا و ہوشیار عقلمند لیق۔
خرد ف عقل ہوش و دانائی انسان کی۔
خرداد ف اساڑھ کا مہینا اور چھٹا روز ہر ماہ کا۔
خرسند ف خوش و رضامند صابر و راحت و آرام۔
خراد ع لکڑی کو چرخ پر چڑھا کر درست کرنا۔
خرائد ع زنان بکر و شرمگین اور موتی ناسفتہ۔
خرد مرد ف ریزہ ریزہ پارہ پارہ ٹکڑے ٹکڑے۔
خرد ف چھوٹا ضد بزرگ و ریزہ ہر چیز کا۔
خورشید ف سورج روشن یعنے خور سورج اور شید روشن۔

خا با شین

خشنود ف خوش و خورسند خاطر جمع رضامند و خوش دل

خا با لام

خُلْد ع ابقا ہمیشگی و نام بہشت اور ایک قسم موش کو کہتا۔
خُلُود ع ہمیشگی اور بقا یعنی ہمیشہ رہنا ہمیشہ جینا۔

خا با میم

خُمُود ع آگ کا بجھنا بیہوش ہونا آرام پکڑنا سو جانا۔

خا با واو

خوردا د ف نام ایک ماہ شمسی کے منجملہ بارہ مہینوں کے۔
خویشاوند ف رشتہ دار قریبی یک جدی لوگ۔
خورد ف طعام و چھوٹا و لایق اور کہا یا اور متصل ہوا۔
خوشید ف خشک ہوا بے آب ہوا۔
خود ف لوہے کی ٹوپی جو جنگ میں سر پر رکھتے ہیں۔
خود بخود ف آپ سے آپ بلا دخل کسی دوسرے کے۔
خواب صیاد ف غفلت و مکر و فریب دغا۔
خوشنود ف خوش خورم و خوشدل بخلاف غمگین کے۔
خورشید ف سورج روشن یعنی خور سورج اور شید روشن۔
خوید و خید ف سبز چارہ اور سبز گھاس مویشی کے۔

خا با یا

خیر باد ف کلمہ رخصت بوقت رخصت کرنے کسی دوست کے بولا جاتا ہے۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف دال اور آخر میں بھی دال ہے۔

دال با الف

داد ف عدل انصاف و عطا و بخشش و دہش۔
داؤد ع ایک پیغمبر کا نام جو سلیمان پیغمبر کا باپ تھا۔
دار الجہاد ع وہ شہر جہاں جہاد کرنا جایز ہو کفار کا شہر۔
داناد ف مرد لوگ خدا کو پہچاننے والا نیک و بد سے خبردار یعنی دانی۔
دار الاسد ع مرض جذام کوڑھ کی بیماری جو مہلک ہے۔

ذال با دال

دُ ذ ف ہم جیسا پایہ جو درندہ ہو مثل سگ و گرگ و شیر وغیرہ۔

دال با رے

دربند ف نام شہر و نام قلعہ و گذرگاہ دریا صلح و وفادار ہنا ہے۔
درد مند ف صاحب تکلیف و بیمار و مریض۔
دروبند ف نام شہر و بند در و قفل دروازہ۔
دُرد ف شراب پانی کا میل جو نیچے بیٹھ جاتا ہے۔
درخورد ف لایق و سزاوار۔
درود ف رحمت استغفار و دعا و تسبیح و رکاتنا کرنا۔
درد ف تکلیف و رنج و دکھ آزار و بیماری ہر ایک قسم کی۔

دال با زا

دزد ف چور جو کسی کی کوئی چیز چرا کر لیجائے۔

دال با سین

دست برد ف غلبہ فیروزی و فتح پانی جو دشمن پر حاصل ہو۔
دست بند ف پہونچی جو ایک قسم کا زیور ہے۔
دست مزد ف اجرت و مزدوری جو مزدور کو ملے۔

دال با لام

دلبند ف مجازاً فرزند پیارا اور دوست۔
دلپسند ف مطبوع چیز جسکو دل پسند کرے۔

ہوتا ہے کانی پتھر ہے۔

زاے باراے

زراد ع زره گر اور نام ایک فاضل کا جو اہل فاضل تھا

زرشفید ع چاندی نقره جسکا رنگ سفید ہوتا ہے۔

زرلوند ف یہ دوا دو قسم ایک طویل دوسری مدحرج ہو

زرنباد ع ایک دوا کا نام ہے۔

زرد ع گلے میں لقمہ اوتارنا اور زره بنانا جو جنگ میں پہنتے ہیں اسواسطے کہ جسم کو اوس سے گزند نہ پہنچے۔

زرغد ع زره اور بہت کہانا او پیٹ بھر کے کہانا۔

زرنتد ع قسم غلہ جسکو جوار کہتے ہیں ذرت بھی صحیح ہے۔

زرد ف بہت کہانا پیٹ بھر کے کہانا۔

زرود ع مکہ کے راہ میں ایک مقام ہے آب کا نام ہے۔

زای باغین

زغند ف جست کو دہاند جو کشتی میں کرتے ہیں

زاے بالام

زلہ بند ف جو شخص باسی کہانا کہاے ایک وقت کا کہانا دوسرے وقت کہائے۔

زاے بامیم

زمرد ف مشہور جوہر ہے جسکو سبزیا کہی میں سبزه بھی اوسکا نام ہے

زمیاد ف ستائیسواں دن ہر ماه شمسی کا۔

زاے بانون

زند ف نام کتاب مجوس زرتشت یعنی ابراہیم زرتشت یا علیہ منی کی ہے

زنده رود ف نام نہر جو اصفہان میں ہے۔

زنده پیل ف خطاب شیخ احمد جام جسکی دعا سے تابہی زنده ہوتا تھا

زنگانه رود ف نام ساز جو زنگی بجاتے ہیں اور نام نہر

زاے باواو

زود ف جلد شتاب اور وه کام جو بلا توقف کیا جاے

زورمند ف صاحب قوت پہلوان صاحب طاقت

زاے باہا

زهرخند ف وه ہنسی جو غضب و خشم کی حالت میں ہو یعنی دل ہنسنا

زهد ع کوشش و سعی جہاد میں کیجاے اور محنت شاقہ

زهاد ع جمع زاہد کہ جو عبادت میں محنت کرنے والے۔

زه وزاد ف بچہ فرزند و اہل و عیال اور گہر کے لوگ۔

زاے بایا

زیاد ع زیاده ہونا اور نام کافر جنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر دروغ گواہی زنا کی دی تھی و نام بازی۔

زیرخورد ف نام پرده سیتی جو اول صبح گاتے ہیں۔

چودھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور آخر حرف دال ہے

سین باالف

سالخورد ف پیر ضعیف اور بڑی عمر کا آدمی بزرگ

سازمند ف ساختہ و آراستہ و تیار و عیش چیز

ساعد ع دست تا آرنج تا بازو یعنی ہاتھ کو ہتہیلی تک بازو

سین با میم

سمرقند ء نام شہر ملک توران میں جو دارالسلطنت تیمور کا ہے

سین با نون

سنجد ء نام میوہ جو عناب کے طرح سرخ رنگ ہوتا ہے ۔

سند ء تکیہ گاہ اور وہ چیز جسپر اعتبار ہو مثل دستک و قبالہ وغیرہ ۔

سند ء حرف زدہ بند شہر و نام رود در ہندوستان میں زمین نشیب کے ۔

سنبار ء سرگین آدمی جو سخت و سطبر و گندہ ہو ۔

سندباد ء نام کتاب جسکو حکیم زرتشت نے نصایح میں لکھا تھا نام اسپر شاہزادہ کا کتاب پادشاہ ۔

سناد ء عیوب قوافی میں سے ایک کا نام ہے ۔

سین با واو

سواد ء سیاہی جو اطراف شہر و نواحی ملکہ دور سے دیکھا ہو

سودد ء سرداری و امارت و پیشوائی و عزت و حرمت ۔

سود ء جمع اسود سیاہ رنگ فارسی میں نفع و فائدہ جو تجارت وغیرہ سے ہے

سین با ہاء

سہاد ء بے خوابی یعنے بیدار رہنا و نام بیماری کا ۔

سہرند ء نام شہر ہند میں جو بادشاہ چغتائی میں بیچ سلطنت کا مقام تھا

سہ بعد ف طول و عرض و عمق تینوں بعد کا نام ہے ۔

سین با یاء

سید ء گرگ درندہ یعنے بھیڑیا یا جو شیر درندہ ہے ۔

سید ء سردار و مہتر اور وہ شخص جسکے حسب و نسب پیغمبر تک پہنچتا ہو

سیاہ و سفید ف دن و رات جیکی بدی طرف و غرب ۔

پندرھوین فصل

ان لغات کے بیان میں جن کے اول حرف شین اور آخر دال ہے

شین با الف

شاہد ء گواہ و حاضر و معشوق و محبوب و مرغوب ۔

شادمند ف خوش اصل میں شادی مند ہے

شاگرد ف خادم و نوکر و تلمیذ اصل میں شاہ گرد تھا ۔

شاد ف خوش و خرم جسکو کوئی کسیطرح کا غم نہو ۔

شارد ء چلنے والا پریشان و شتابی پراگندہ دل

شاد باد ف خوش و آسودہ ہو یہ کلمہ دعائیہ ہے ۔

شاید ف آیا نہ ہو ہی یا نہیں یہ کلمہ شبہ و شک کا ہے

شین با با

شب گرد ف چور اور کوتوال جو کہ رات پھرتا ہے کو ہے

شین با دال

شد ف ہوا گیا گذرا ۔

شداید ء تکلیفیں اور غم و اندوہ اور سختیاں و رنج ۔

شدید ء سخت و محکم و مضبوط جس چیز میں نرمی نہو ۔

شدید ء نام اعراب و راستواری کا سخت کرنا ۔

شد و مد ء رواج دولت و شان و شوکت و نام و نشان و عزت و آبرو

شین با عین

شغاد ف نام برادر رستم جسنے رستم کو بفریب ہلاک کیا تھا

شین با کاف

شکر خند ف خوشی کا ہنسنا جو انسان دل کی خوشی سے ہنسے

شین با میم

شمبلید ۶ نام ترہ جسکو میتھی کہتے ہین یہ ایک ساگ ہے۔
شمشاد ف نام درخت جو بلند ہوتا ہے اور شعرا قد معشوق کو اسکے تشبیہ دیتے ہیں

شین با واو

شوارد ۶ رمندگان پریشان اور جمع شاردہ یعنی رمندہ۔
شواہد ۶ جمع شاہد بہت سے گواہ اور بہت سے معشوق۔

شین با ہا

شہربند ف حصار و محبوس و مقید جو کہیں جا نسکے۔
شہید ۶ گواہ اور جو شخص راہ خدا مین مارا جاوے و نام شاعر کا۔
شہود ۶ حاضر ہونا اور حاضر ہونیوالا اور گواہان اور وہ
حالت جو مراتب کثرات و موہومات سے گذر کر مقام توحید
عیانی پہونچ جاوے اور تمام خلق مین حضرت خالق نظر آوے۔
شہرود ف عراق مین ایک ندی و نام ساز سبکو شہرود کہتے ہین۔

شین با یا

شیید ۶ کردہ شدہ یعنی جو کچھ کیا جائے۔
شید ۶ بیائے مجہول روشنی و بیائے معروف ایک چونا وگچ۔
شیاد ۶ مکار و فریبی و دغاباز آدمی۔

سولہوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد اور اخیر مین دال ہے

صاد با الف

صاعد ۶ اوپر چڑھنے والا بلند جانیوالا صعود کرنے والا۔

صاد با دال

صدد ۶ نزدیکی و مقابلہ و برابر و ارادہ و پنہانی کسی چیز کا
صد چشمہ ف امیر بالا نشین و بلند جیسے چترا پر چشمین۔
صدید ۶ زرد آب جو دنبل یا زخم سے نکلتا ہے یعنی ریم
صعد ایک بیگہ دس ہانیان جو مشہور عدد ہے۔

صاد با را

صرد ۶ جانور کا کہ جسکو لٹورا کہتے ہین۔
صرح ممرد ۶ قصر درخشان و سادہ و ہموار اور برابر۔

صاد با عین

صعید ۶ خاک اور روی زمین اور ایک شہر مصر کے ملک مین ہے۔
صعود ۶ اوپر چڑھنا اوپر کو جانا بلند ہونا عروج کرنا۔
صعود ۶ اوپر چڑھنے والا بلند جانیوالا عروج کرنیوالا۔

صاد با لام

صلد ۶ سخت و صاف یعنے وہ چیز جو سخت و صاف ہو۔

صاد با میم

صمد ۶ مہتر بے نیاز جو کبھی گرسنہ و تشنہ نہو کسی کا محتاج نہو
صماد ۶ جاے بلند و زمینِ سخت کو بستان کہتے ہین۔
صمد ۶ جو چیز اندر سے پولی نہو سخت ہو۔

صاد با نون

صنادید ۶ مہتران و بزرگان و گذشتگان زمانہ سلف۔
صندید ۶ مہتر و بزرگ و سرگروہ و امیر سالار قوم۔

صاد با واو

صوابدید ۶ صلاح و تجویز جو کسیکے حق مین نیک ہو۔

صاد با یاے

صَید ۶ شکار و شکار کرنا و شکار کھیلنا۔

صَیّاد ۶ شکاری یعنے وہ شخص جو شکار کھیلے

سترھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ضاد اور اخیر مین دال ہے

ضاد با دال

ضِدّ ۶ خلاف کید گر جیا کچہ دن و رات علم و وجود و بد و نیک۔

ضاد با میم

ضِماد ۶ دوا رقیق جو کسی زخم پر لگا کین یعنے لیپ کریں۔

اٹھارھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف طا اور آخر مین دال ہے

طا با رائے

طَرد و طُرد ۶ جدا نا کمہیونی سوش دبشہ و غیرہ کو۔

طا با واو

طَود ۶ بڑا پہاڑ و بلند گہاٹی پہاڑی و قلہ کوہ۔

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور آخر مین دال ہے

عین با الف

عَاد ۶ ہود پیغمبر کے قوم جو بسبب نافرمانی ہونے کے طوفان سے ہلاک ہوئے

عَاقِد ۶ عہد کرنیوالا گرہ دینے والا باندھنے والا کسے چیز کو۔

عَایِد ۶ عود کرنیوالا واپس آنیوالا جہان سے گیا تھا۔

عَابِد ۶ عبادت کرنیوالا بندگے کرنیوالا آدمی۔

عَانِد ۶ دشمن عداوت کرنیوالا دشمنی رکھنے والا۔

عین با باء

عَبداللہ بن زیاد ۶ یہ ایک امیر لشکر یزید لعین تھا جسکے حکم سے امام حسینؑ شہید ہوئے تھے۔

عَبد ۶ بندہ و غلام تابعدار جمع عِباد خدا کا بندہ۔

عَبِید ۶ بہت بندے اور غلام یہ اسم جمع ہے بہت بندگی کرنیوالے

عُبَید ۶ تصغیر عبد یعنے کمتر بندہ غریب آدمی عاجز بندہ۔

عِبَاد ۶ جمع عبد بہت بندے بہت بندگی کرنیوالے

عُبّاد ۶ جمع عابد بہت عبادت کرنیوالے بندگے کرنیوالے

عین با تاء

عَتاد ۶ تیاری اسباب سفر کی اور بانس عصا اور لاد نا اسباب کا

عَتِید ۶ حاضر و مہیا و موجود و تیار و آمادہ۔

عین با دال

عَدّ ؛ شمار کرنا گنتی کرنا کسی چیز کا۔
عَدَدْ ؛ شمار گنتی کسی چیز کی جو کیجائے۔

عین باسین

عَسْجَدْ ؛ زر و طلا و جواہر اور ہر چیز قیمتی و گران بہا۔

عین باضاد

عَضُدْ ؛ بازو و زور و قوت و پناہ۔
عَضَدْ ؛ یاری دینا مدد دینا اور نام بادشاہ شیراز کا۔

عین باطار

عُطَارِدْ ؛ نام ستارہ جو دوسرے آسمان پر ہے دبیر فلک ہے و نام دو اجکو سنبل و می کہتے ہین اور حسبت کا بھی نام ہے

عین باقاف

عَقْدْ ؛ گرہ دینا عہد و پیمان و نکاح و بیع و شرا جو آپس مین ہو
عَقَدْ ؛ گرفتگی زبان سخن مین یعنے لکنت کرنا بات میں۔
عِقْدْ ؛ سلک مروارید گلوبند یعنی ہار جو گلے مین پہنتے ہین
عُقَدْ ؛ جمع عقدہ یعنے بہت سے عقدے اور مشکلین جو پڑ جائیں۔
عَقَایِد ؛ جمع عقیدہ کی یعنی باتین کو دل مین درست ٹہرانا اور ثابت رہنا

عین باکاف

عَکْس و طَرْد ؛ صنعت شعری کا نام ہے کہ نصف مصرع کو اگر الٹا کر پڑہین تو دوسرا قافیہ و ردیف درست نکلتا ہے۔

عین بامیم

عَمِید ؛ پیشوائے قوم سرگروہ قافلہ سالار و حاکم و سردار۔
عَمُود ؛ ستون و چوب خیمہ و گرز شاہان اور سرگروہ و بہتر قوم
عِمَاد ؛ بہت سے ستون بنا یعنی بلند اونچی دیوار

عَمْد ؛ جان بوجہ کر کام کرنا اور دانستہ مرتکب جرم کے ہونا۔
عُمُدْ و عُمَدْ ؛ جمع عمود بہت سے ستون جو مکان میں ہوں۔

عین بانون

عِنْد ؛ نزدیک قریب پاس پاس۔
عُنُود ؛ ستیزہ کرنا حق کے برخلاف کرنا ناحق مرتکب ہونا۔
عَنُود ؛ ستیزہ کرنیوالا و گمراہ و ناحق شناس۔
عَنِید ؛ ستیزہ کرنیوالا سرکش و عداوتی و جنگ جو۔
عِنَاد ؛ ستیزہ و سرکشی و عداوت ناحق و لڑائی۔
عُنْقُود ؛ خوشہ انگور جو ایک مشہور میوہ ہے۔
عَنَاقِید ؛ جمع عنقود یعنے بہت سے خوشے انگور کے۔

عین باواو

عَوَایِد ؛ پہر آنیوالے و سود و منافع و صلہ و مہربانیان۔
عَوْد ؛ پہر آنا اور فیرنا یعنے بازگشت۔
عُود ؛ مطلق لکڑی اور ایک قسم کی سیاہ لکڑی جو آگ مین جلانیسے خوشبو دیتی ہے اگر بھی اسکو کہتے ہین

عین باہا

عَہْد ؛ زمانہ قول اقرار عُہُود اسکی جمع ہے یعنے بہت سے زمانے۔

عین بایا

عِیْد ؛ ہر چیز بار بار آنیوالی اور نام تیوہار مسلمانونکا جو سال مین دو مرتبہ آتا ہے ایک عید فطر بعد گذرنے ماہ رمضان کے پہلی شوال کو اور دوسرے عید اضحیٰ یعنے کعبے دسوین تاریخ ذی الحجہ کو جس روز مسلمان قربانی بکرے وغیرہ کی کرتے ہین۔

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف غین اور اخیر مین دال ہے

غین با دال

غُدَد ع جمع غدہ جو غدود گوشت و چربی سے نکلتا ہے

غد ہ صبح آینده یعنے جو روز کل آئے گا۔

غین با میم

غِمد ع تلوار اور چھری کی میان جو مشہور چیز ہے۔

غین با نون

غُند ہ پیچیدہ جمع ہوا ہوا اکٹھا ہوا ہوا فراہم ہوا ہوا۔

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف فا اور اخیر مین دال ہے

فا با الف

فاسد ع بگڑا ہوا اور بگاڑنیوالا فساد ڈالنے والا۔

فارِد ع یگانہ زمان وحید اور فرد آدمے اکیلا۔

فاقد ع گم کرنیوالا مفقود کرنیوالا نابود کرنیوالا۔

فا با دال

فَدفَد ع سخت زمین ہموار اور لق و دق جنگل بیدرخت صحرا زمین

فا با رائے

فرود ف زیر و تحت نیچے اور آگے اور پائین۔

فرگند ف زمین جسمین گڈھے ہون زیر و بالا زمین ناہموار اور جس زمین مین پانی بہرا ہوا ہو۔

فریاد ف دہائی دینا ظلم کے داد مانگنا۔

فرہاد ف نام عاشق شیرین جسنے تیشہ کے ساتھ اپنی جان دیدی

فراجد ع جد و جد باپ دادا نانا بزرگ لوگ۔

فرح آباد ف ایک شہر ایران مین ہے۔

فرخ آباد ف ایک شہر ہند مین ہے۔

فرغند ف ایک گہاس بیل جو خاردار درخت پر پیدا ہوتی ہے

فرصاد ع توت جو میوہ و درخت مشہور ہے۔

فرقد ع گوسالہ اور دو ستارے جو قطب کے پاس ہین۔

فرند معرب پرند شمشیر و جوہر شمشیر اور نام یار رستم۔

فرستند ف بمعنی فرلبید غلط ہے۔

فرزین بند ف ایک چال شطرنج کی ہے۔

فرند ع ایک گہاس کا نام ہے جو نہایت سرد ہے

فرزند ف پسر و دختر دونو کو کہتے ہین یعنی اولاد۔

فرید ع یگانہ اور نام ایک کامل ولی کا جسکا مزار پاکپٹن پنجاب مین ہے خاندان چشت کا بزرگ تہا۔

فرد ع یگانہ اکیلا لاثانی اور یکتا شخص۔

فرائد ع جمع فریدہ جسکے معنے مفرد اور تنہا کے ہین۔

فا با صاد

فصد ع رگ سے خون نکلوانا خون لینا۔

قلعہ لغند د ف لوطیو نکی اصطلاح مین شکم کو کہتے ہین ۔

قاف با نون

قَند ع معرب کند ماخوذ کہنڈ سی یعنی کہانڈ و مصری ۔
قَنّاد ع قند ساز و حلوائی جو شیرینی بناتا ہے ۔

قاف با واو

قَوّاد ع دلال و بیغیرت قلتبان و قرمساق جسکو اپنی عورت کے غیرت نہو ہندی مین اسکو بہڑوا کہتے ہین ۔
قَوَد ع قصاص یعنی بدلا لینا کسیسے کسی بات کا ۔
قَواعِد ع جمع قاعدہ و نام کتاب جو قواعد کے علم میں ہے ۔

قاف با یار

قَیْد ع مشہور لفظ ہی یعنی کسیکو بند کرنا بے لبس کرنا ۔
قید بند ف قاعدہ قید جھاڑ لود وہ مکان جسمین قیدیونکو رکہا جائے ۔

بیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن اول حرف کاف اور آخر مین دال ہے

کاف با الف

کاسِد ع بی رونق اور وہ چیز جسکے خریدکو کوئی رغبت کرے نا اہل ۔
کاربند ف عمل کرنیوالا اطاعت کرنیوالا فرمانبردار مطیع ۔
کارِد ع چہری وہ ہے کی جسسے کوئی چیز چیرین ۔
کالبد ف قالب ہر چیز کا و تن و بدن انسان و حیوان کا ۔
کاغذ باد ف پتنگ جو ہوا مین اوڑاتے ہین ایک ڈور کو لگا کر ۔
کاد ع حرص و ہوا اور شہوت و خواہش نفس کے ۔
کائد ع مکار یعنی مکر کرنیوالا فریب دینے والا فریبی آدمی ۔
کارمند ف خدمتگار کام کرنیوالا کام کا آدمی ۔
گاد ف صیغہ ماضی گائیدن ہے جسکے معنے گائیدن ع کردن و جماع ہے ۔

کاف با بار

کَبِد ع جگر جو عضو رئیس پہلوئے راست مین ہے اکباد اسکی جمع ہے ۔
کُباد ع درد جگر یعنی وہ درد جو جگر کے مقام پر ہو ۔
کَبُود ع رنگ نیلگون یعنی آسمانی رنگ ۔

کاف با دال

کَدُود ف کہا چاہ جسکو عربی مین بیر کہتے ہین ۔

کاف با رار

گرد ف کار دل اور کیا یعنی فلان فلان کار کرد صیغہ ماضی گردن سے ۔
گُرد ف نام قوم صحرا اور وہ مین جنکو کنارہ بلند بیچ مین نشیب ہو یعنی آبگینہ شبان جو مویشی چراتا ہے ۔
گردنا کشاد بچہ اسپ جسپر سوار نہوئی ہو نہ زین چڑہا ہو ۔
گُرد ف پہلوان و دلاور و جوانمرد و بہادر جنگ آور آدمی ۔
گرد ف شہر اور ایک قسم کا ابریشم و آفتاب و غم و نغمہ و غبار ۔
گربہ بید ف قسم درخت بید ۔
گرگ بند ف گرفتار گرگان بند اسیر و قیدی آدمی ۔
گرد باد ف ہوا کا بگولہ جو پہرتا ہوا جاتا ہے ۔

کاف با زا

گزید ع باج و خراج و جزیہ جو مسلمان بادشاہ کلفار رعیت لیتے ہین ۔
گزند ف آفت و آسیب و رنج وہ کہ جو کسیکو پہونچے ۔

کاف باسین

کسناد ف بے رونق اور عدم حسن پیدا ہونا اور سستی کسی چیز کے

کاف باشین

کشاد ف خوشی و فتح و فراخ اور چھوڑنا تیر کا کمان سے کہلاتا اور کھلا ہوا

کاف بالام

کلند ت زمین کھودنے کا آلہ جسکو کسے کہتے ہیں یعنی پھاوڑا اسکا نام ہے

کلید ف جس سے قفل کھولا جاتا ہے ہند میں اسکو تالی کہتے ہیں۔

گلقند ف کوزہ قند کا جو مشہور چیز ہے۔

گلفند ف معروف چیز ہے اور کنایۃً لب معشوق۔

گلبند ف نام جامہ رنگین جسکو باندھا کرتے ہیں۔

کاف بامیم

کمند ف اصلیں خمند تھا کہ خم پیچ اسمیں ہوتے ہیں۔

کمربند ف جس سے کمر باندھیں اور غلام و چاکر جو حاضر ہے

کماد ف کوئی چیز جو کھو گم ہو گئی ہو کو گم کرنا اور سکنا

کاف بانون

کنجد ف تل جس سے تیل نکالتے ہیں نام ایک غلہ کا ہے۔

کندت گانو و جراحت و ریش اور بہا گنا و قند شکر۔

کنود و ناسپاس آدمی و زمین شور جسمیں کچھ پیدا نہو۔

کنود و ناسپاسی کرنا ناشکری کرنا کافر نعمت ہونا۔

گنج بادآورد ف خسرو پرویز کے خزاین سے ایک خزانہ کا نام ہے وجہ تسمیہ اسکا یہ تھا کہ بادشاہ روم نے اپنا خزانہ جہاز میں لادکر روانہ کیا تھا ہوا ایسی مخالف ہوئی کہ جہاز خزانے کا لادا ہوا ایران کی علاقہ میں آگیا اور کارپردازان ایران نے وہ خزانہ لیکر بادشاہ کے پاس بھیجدیا چونکہ وہ خزانہ ہوا کے ذریعہ سے آیا تھا بادشاہ نے اسکا نام گنج بادآورد رکھا۔

گنبد ف عمارت مدور و چار و قلم سے کونا بنا اور گھونٹ کا

گنبند ف بیکار تلوار وغیرہ جسکے تیزی جاتی رہی ہو۔

گنبد چار بند ف بلحاظ ارباع عناصر و چار طبع کے دنیا اور ان

گند بوئی ع بوئی مطلق ہے خواہ خوش ہو خواہ بد۔

کاف باواو

گود ف خرمن غلہ جو جمع ہو بعد کٹ جانے کھیتی کے۔

کون و فساد ف ہونا نہونا عالم دنیا ہست و نیست۔

کوہ زمرد ف کنایۃً شئے محال جو کسیکو مل سکے۔

کوچہ بند ف محفوظ و مامون چیز جسکو کوئی لے سکے

گوگرد ف گندھک جو مشہور معدنی چیز ہے۔

گوسپند ف دنبہ جو مشہور جانور ہے۔

کاف باہا

گہبد ف زاہد گوشہ نشین خلوت نشین عبادت کرنیوالا

گہبد ف صراف و خزانہ دار خزانچی جسکے پاس روپیہ ہے

کاف بایا

کیقباد ف شاہ عادل نام بادشاہ۔

کیاد ت مکر و فریب دغا کرنا اور دنیا کیطرف۔

رکید ہ نام راجہ ہند جو ہمعصر سکندر تھا نام رہ جسکو کہتے ہیں

رکیاد ہ و مکار حیلہ گر جس شخص کو بہت فریب یاد ہوں

چوبیسویں فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول لام اور اخیر مین دال ہے

لام با الف

لَابُدْ ع ضروری مرکب لا اور بد سے لا بمعنے نفی اور بد بمعنے چارہ۔
لَادْ ع ردہ دیوار اور ایک قسم ریشم کا اور ایک قسم کا عطر و قلعہ۔
لَاتُعَدْ ع بے شمار اور بہت بمعنے اندازہ بے تعداد۔

لام با باء

لَبَادْ ف وہ لکڑی جو بیل کے گردن پر رکھکر قلبہ رانے کرتے ہین یعنی جو۔
لَبَادْ ف جامہ بارانی یعنے جو نمدے سے بناتے ہین اور بارش مین پہنتے ہین۔
لُبَدْ ع بہت یا مال جمع رکھا ہوا اور خزانہ جمع رکھا ہوا۔
لَبِیدْ ع جوال نمد اور نام شاعر کا جو عرب مین ہوتا تھا۔

لام با حاء

لَحَدْ ع قبر جسمین مردہ دفناتے ہین اور وہ جگہ جہان مردہ کو غسل دیتے ہین

لام با دال

لُدْ ع جمع الد یعنے گمراہ تر اور ستیزندہ تر اور جنگ آور تر۔

لام با واو

لُورگَنْد ف بواو مجہول وہ مغاک جو سیلاب سے زمین مین پڑجاتا ہے۔
لَوِیدْ ف بواو مجہول دیگ یتیلہ سرکشادہ جو قسم دیگ کا ہے۔

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول

حرف میم اور اخیر مین دال ہے

میم با الف

مَانَنْدْ ف حرف تشبیہ اور مثال کا ہے۔
مَارِسْفَنْدْ ف نام روز بست نہم ہر ایک مہینہ شمسی کے۔
مَاسْتْ بَنْدْ ف پنیر ساز جو پنیر بناکر بیچتے ہین۔
مَاءُ الْوَرْدْ ع عرق گلاب جو پھولون سے نکالتے ہین۔
مَاجِدْ ع مرد بزرگوار اور جد بمعنے باپ دادا اور استاد وغیرہ۔

میم با باء

مَبَادْ ف نہو یعنے خدا کرے یہ بات نہو۔
مِبْرَدْ ع سوہان آہنی اوزار لوہار وغیرہ کا۔
مُبَرِّدْ ع سرد کرنیوالا جو کسی چیز کو سرد کرے۔
مُبَرِّدْ ع نام ایک نجومی کا ہے جو علم نحو مین فاضل تھا

میم با تاء

مُتَعَوِّدْ ع خوگیر اور عادت کرنے والا۔
مُتَضَادْ ع مخالفت کرنیوالا ضد کرنیوالا دشمنی کرنیوالا۔
مُتَرَدِّدْ ع فکر کرنیوالا اور چلنیوالا زراعت کرنیوالا
مُتَعَنِّدْ ع دشمن و بدخواہ اور عناد کرنیوالا۔
مُتَعَبِّدْ ع بہت عبادت کرنیوالا بندگی کرنیوالا۔
مُتَصَاعِدْ ع اوپر چڑہنے والا بلند جانیوالا۔
مُتَمَرِّدْ ع سرکش و نافرمان و مغرور و متکبر۔
مُتَبَلِّدْ ع کند ذہن و احمق و کم فہم۔
مُتَرَصِّدْ ع امیدوار طمع رکھنے والا۔
مُتَّحِدْ ع اتحاد کیا گیا ایک کیا گیا یگانہ کیا گیا۔

مُتَزَایِدْ ع زیادہ ہونیوالا ترقی کرنیوالا۔

مُتَعَدَّدْ ع شمار کیا گیا گنا گیا حساب کیا گیا۔

مُتَعَہَّدْ ع ذمہ وار آدمی یعنے جسکا ذمہ کیا گیا ہو۔

مُتَنَاہِدْ ع پست ہونیوالا سستی کرنیوالا۔

مُتَوَلِّدْ ع پیدا ہونیوالا موجود ہونیوالا۔

میم با جیم

مُجْتَہِدْ ع جہد و اجتہاد کرنیوالا راہ صواب ہونڈہنے والا

مُجَیَّدْ ع بزرگوار و گرامی اور پاک نیک کردار آدمی

مُجَلَّدْ ع جلد کیا ہوا یعنے کوئی کتاب جسکی جلد ہو چکی ہو

مُجَمَّدْ ع چیز رقیق جو سردی سے جم جائے جسطرح پانی جم جاتا ہے

مَجْہُودْ ع کوشش کیا گیا جہد کیا گیا سعی کیا گیا۔

مُجَعَّدْ ع پیچدار بال پیچیدہ زلفین۔

مُجَدِّدْ ع نئے سر سے پیدا کرنیوالا تازہ کرنیوالا

مُجَدَّدْ ع نئے سر سے پیدا کیا گیا دوبارہ کیا گیا۔

مَجْدُودْ ع صاحب بخت وروز و نام حکیم سنائی جو مشہور ہے

مُجَاہِدْ ع کافرون کے ساتھ لڑنے والا جہاد کرنیوالا۔

مَجْدْ ع بزرگی و بزرگواری و نیکی و خوبی۔

مُجِدّ ع کوشش کرنے والے لوگ سعی کرنے والے۔

مُجَرَّدْ ع تنہا و مرد بے زن بے تعلق و بلا ملک و اسباب و غیرہ

میم با حا

مَحْسُودْ ع حسد کیا گیا جسکو دیکھ کر حاسد حسد کرے

مَحْصُودْ ع کھیتی کٹی ہوئی غلہ کاٹا ہوا۔

مَحَامِدْ ع جمع محمدت تعریفین نیک خصلتین خوبیان۔

مَحْمُودْ ع تعریف کیا گیا اور نام بادشاہ غزنین کا۔

مُحَمَّدْ ع بہت صفت کیا گیا اور نام پیغمبر صلعم کا۔

مَحْدُودْ ع حد کیا گیا کنارہ بنایا گیا۔ خاص کیا گیا

میم با خا

مَخْضُودْ ع درخت پاک کیا گیا یعنے اوسکا کانٹا اوتار دیا گیا

مُخَلَّدْ ع ہمیشہ رہنے والا نہ مرنے والا۔

میم با دال

مَدَدْ ع کمک حمایت کرنا بوقت کسی مشکل کے۔

مِدَادْ ع گھنے کے سیاہی جس سے کتاب لکھیں۔

مَدِیدْ ع دراز اور نام ایک بحر کا بحور نظم سے۔

مَدّ کشش و دراز اور کشش جو الف پر لکھتی ہیں۔

مُدّ ع نام پیمانہ مقدار دو رطل یعنی دو رطل کا مقدار۔

میم با را

مُرْدَادْ ف نام ماہ ششم تقویم پارسیان جو ہماد ون ہندی مہینہ ہے

مُرْتَدّ ع اسلام سے پھرا ہوا آدمی جسنے اسلام چھوڑ دیا ہو۔

مَرْمَدْ ع جسکی آنکھین دکھتی ہون رمد بیمار اور سرخ ہوئی ہون آنکھ

مَرْدُودْ ع پھیرا گیا رد کیا گیا بیکار کیا گیا مرتد کیا گیا

مَرِیدْ ع متمرد سرکش و نافرمان و مردود و کافر۔

مُرِیدْ ع ارادہ کرنے والا صاحب ارادت فرمانبردار تابع۔

مَرْقَدْ ع خوابگاہ یعنے جسجگہ پر انسان سوئے۔

مَرْقَدْ ع خوابگاہ صیغہ اسم ظرف رقود سے مجازاً گور

مَرْبَدْ ع اونٹ بٹھلانے کی جگہ یعنی جسجگہ اونٹ بیٹھے

مِرْفَدْ ع کاسہ بزرگ بڑا پیالہ پانی کا یا شراب کا۔

مَرْدُوْد ع رد کیا گیا دور پھینکا گیا منہ خدا سے ہوا گیا۔

مُراد ع ارادہ کیا گیا مطلب مقصد دل کی خواہش۔

مَرْوارِید ع موتی جو مشہور جواہر ہے۔

مَرُوت بے ریش ہونا حد گذرنا اپنے مقام سے بڑھنا۔

مُرْدُ ع جمع مرد اور فارسی میں مراد فوت ہوا۔

مَرْدُ ع تھوسنا اور بانی میں تر کرنا درخت میوہ اراک۔

مِرْصاد ع راہ فراخ جسمین کسی طرح کی بندش نہو

مَرْصَد ع جائے امید جائے طمع اور جگہہ حصول نفع کی

مَراصِد ع جمع مرصد بہت مقام امید کے۔

مُرْشِد ع راہ راست دکھلانے والا، ارشاد دینے والا پیر گورو۔

مَرْصُوْد ع امید کیا گیا طمع رکھا گیا۔

مَرِیْزاد ف لغزش میں ہو خدا کرے نہ گرے۔

مَرْگِ نو مبارکباد ف فتنہ تازہ برپا ہونیکے وقت کہتے ہیں

میم بازا

مَزِیْد ع زیادتی و افزونی اور بڑھنا اور ترقی کسی چیز کی

مُزَرَّد ع زرہ پوش یعنے جس شخص نے زرہ پہنی ہو۔

مِزْوَد ع توشہ دان جسمین راہ کا خرچ رکھیں۔

مُزاد ف زیادہ کیا گیا افزون کیا گیا ترقی دیا گیا۔

مُزْدُ ف مزدوری۔

میم باسین

مُسْتَمَنْد ف غمگین حاجتمند درست غم کے معنی کہتا ہے

مُسْتَبْعِد ع دور بعید دشوار یعنی جسکا بات ممکن الوجود ہو۔

مَسَد ع ریشہ درخت و ریسمان ابریشم خرما۔

مُسْتَسْعِد ع سعادت خواہ ہونے والا یا مانگنے والا۔

مُسْتَزاد ع زیادہ کیا گیا بڑھایا گیا ترقی کیا گیا۔

مُسْتَرَد ع واپس دیا گیا پھیر دیا گیا موڑا گیا۔

مُساعِد ع یاری دہندہ مدد دینے والا حامی۔

مُسْتَہَد ع بیدار کیا گیا جگایا گیا نیند سے۔

مَسْنَد ع تکیہ گاہ اور جائے قیام دجاپناہ۔

مُسْنَد ع روزگار و زمانہ و پیر خواندہ جانے والا

مُسْتَبِد ع تنہا کسی کام پر کھڑا ہونے والا اکیلے کام کرنیوالا

مُسْتَجِد ع خود جدید نیا بنایا گیا تازہ کیا گیا۔

مُسْتَنَد ع جس چیز پر پشت کی جائے تکیہ و پشت پناہ

مُسْتَنِد ع پشت دینے والا حمایت کرنے والا۔

مُسْتَعِد ع ساختگی و آمادگی رکھنے والا کام پر مضبوط۔

مُسْتَعاد ع نفع لیا گیا اسم مفعول استعادہ بمعنی را خود کردہ شدہ

مُسْتَفاد ع فائدہ لیا گیا نفع لیا گیا کسی سے۔

مُسْتَرْشِد ع رہنمائی طلب کرنیوالا ارشاد مانگنے والا

مَسْجِد ع جائے سجدہ جمع اسکی مساجد سجدہ کا مقام

مُسْتَفِید ع فائدہ پایا گیا نفع پایا گیا کسی سے

مُسْتَوْقِد ع آگ بھڑکانیوالا آگ روشن کرنیوالا

مَسْدُوْد ع بند کیا گیا دیوار بنایا گیا کسی مقام پر

مَسْعُوْد ع صاحب سعادت نیک بخت نیکوکار آدمی

مِسْرَد آلہ آہنی جس سے چمڑے میں سوراخ کرتی ہیں ہند آیا ہے

میم باشین

مُشاہِد ع دیکھنے والا نظر کرنے والا۔

مُشَدَّد ۔ تشدید دیا گیا سخت کیا گیا۔
مَشہُود ۔ حاضر کیا گیا گواہی دیا گیا دیکھا گیا۔
مَشہَد ۔ حاضری کا مقام اور قبرستان شہید کا اور نام
شہر ایران میں جسکو پہلے طوس کہتے تھے۔ چونکہ روضہ
علی بن موسیٰ رضا امام کا وہاں ہے اسلئے مشہد اسکا نام ہے
مَشِید ۔ گچ کیا گیا مضبوط کیا گیا قایم کیا گیا۔
مُشَیَّد ۔ گچ اور چونہ سے بنایا گیا۔
مُشَیِّد ۔ گچ اور چونہ سے بنانیوالا اور شید معنی گچ و چونہ
مُشک بید ۔ ایک قسم کا بید ہے جسکے پھول خوشبودار ہوتے ہیں
مُشک را کافور کرد ۔ سیاہ کو سفید کیا بوڑھا کیا
کیا جاہل کو عالم بنایا کافر کو مسلمان کیا۔

میم با صاد

مَصاعِد ۔ جاہاے بلند اونچے مقام بہت سے بلند محل۔
مَصعَد ۔ اوپر جانیکی جگہہ اونچا مقام بلند محل۔
مُصعِد ۔ بلندی پر چڑہنیوالا اوپر جانے والا۔
مَصایِد ۔ جمع صید شکار انداز یان خلاف قیاس۔
مصرع تشدید ۔ وہ اچھا مصرع جو تلاش حال ہو

میم با طا

مَطرُود ۔ مردود ہوا راندہ دکیا گیا نامنظور کیا گیا
مُطَّرِد ۔ ایک بہتیرہ پر ہونیوالا ایک طریق پر چلنیوالا
مِطرَد ۔ چھوٹا نیزہ اور کپڑا جو اور کپڑوں کے نیچے پہنیں

میم با عین

مَعابِد ۔ جمع معبد عبادت خانے جس جگہہ خدا کی بندگی کریں

مُعِید ۔ بار بار کام کرنیوالا ایک کام پر اعادہ کرنا۔
مُعِدّ ۔ تیار کرنیوالا درست کرنیوالا مضبوط کرنیوالا
مُعَدّ ۔ تیار کیا گیا درست کیا گیا قایم کیا گیا۔
مَعدُود ۔ تیار کیا گیا اور تھوڑی چیز (تعداد جو کم ہو)
مُعتَضِد ۔ یاری کرنیوالا و نام خلیفہ عباسیہ جو ... تھا
مَعاقِد ۔ گرہ باندھنے عہد کرنے ضامنی کرنیکے مقام
مَعبَد ۔ جاے عبادت بندگی کا گہر مسجد وغیرہ۔
مُعَبَّد ۔ عبادت کیا گیا یعنی وہ شخص جسکی عبادت کی گئی ہو
مُعَدَّد ۔ گنا گیا سر و سامان دیا گیا شمار کیا گیا۔
مُعَربِد ۔ جنگجو و بدخواہ آدمی بدخو و بدمزاج
مَعاد ۔ جاے بازگشت عالم آخرت روز قیامت۔
مُعتَمِد ۔ اعتماد کرنے والا صاحب اعتبار۔
مُعانِد ۔ دشمنی رکھنیوالا یاری چھوڑنے والا۔
مُعاقِد ۔ عقد کرنیوالا گرہ باندھنے والا۔
مُعاوِد ۔ عود کرنے والا پھر آنے والا۔
مُعاہِد ۔ عہد کرنے والا اقرار کرنے والا۔
مَعبُود ۔ عبادت کیا گیا یعنی جسکی عبادت کیجاے
خداوند تعالےٰ کا یہ نام ہے۔
مُعتَقِد ۔ صاحب اعتقاد یعنی وہ شخص جو اخلاص
رکھتا ہو اور دل سے کسی کی نسبت صاف ہو۔
مَعقَد ۔ جگہہ باندھنے کی یعنی جس جگہہ گرہ باندھیں۔
مَعقُود ۔ باندھا گیا یعنی جسکو گرہ میں باندھ دیا ہو۔
مُعتَمَد ۔ اعتبار کیا گیا یعنی جسپر اعتماد کیا گیا ہو۔

مُعَانِد ع دشمن عناد کرنیوالا خصومت و عداوت کرنیوالا

مَعْہُود ع قدیم و کہنہ و عہد کیا گیا قول و اقرار کیا گیا

مُعْتَاد ع عادت پکڑا گیا اور عادت پکڑنیوالا انسان

مُعْتَدِ ع حد سے بڑہنیوالا دشمنگار اندازہ سے نکلنے والا

میم با غین

مُغْمَد ع پوشیدہ اور تلوار غلاف مین کی گئی او زیوہ

میم با فاء

مُفْسِد ع فساد کرنیوالا فتنہ و شور برپا کرنے والا

مَفْصَد ع خون نکالنے کی جگہہ فصاد فصد لینے والا

مُفِید ع فائدہ مند چیز یعنی ایسی چیز جس سے فائدہ ہو

مَفْقُود ع گم کیا گیا نیست و نابود کیا گیا دور کیا گیا

مُفْتَقَد ع گم کیا گیا بازپرس کیا گیا نابود کیا گیا

مُفْرَد ع فرد کیا گیا اور بندہ فرمانبردار و مطیع و تابع حکم

مَفَاسِد ع جمع فساد کی بہت سے خرابیان

میم با قاف

مَقْصِد ع جائے قصد لغۃ فصاد درست نہین ہے بجائے ارادہ

مَقَاصِد ع نام کتاب علم کلام مین جو معتبر کتاب ہے

مَقَامِ مَحْمُود ع بڑا درجہ و نام مقام جو مختص بمقام محمدی ہے

مُقَلِّد ع بغیر دلیل کے عمل کرنیوالا و نقال اور پیروی کرنیوالا

مَقْعَد ع بیٹھنے کی جگہہ مکان اور جسم جس پر انسان بیٹھتا ہے

مَقْصُود ع ارادہ کیا گیا عزم کیا گیا خواہش کیا گیا

مُقَیَّد ع قید کیا گیا بند مین دیا گیا اور وہ قیدی جو قید خانہ مین ہو

مَقَاعِد ع جمع مقعد یعنی بہت سے بیٹھنے کے مقام

مِقْوَد ع رسیان یا لنگ جو چارپایہ کے پاندھنے مین

مَقَالِید ع جمع مقلید مع کلید یعنی قفل کی کلی اور کنجیان

میم با کاف

مَکَاکِید ع جمع مکید و مکیدت بمعنی مکاری و بلند اندیشی و مکر و فریب

مُکِید ع کید کنندہ یعنی مکار و دغاباز و فریب باز

میم با لام

مُلْحِد ع حاسق و بیدین اسکی جمع ملاحدہ یعنی بہت سے بد دین

مُلَنْد ف یعنی لاف زن کیونکہ لُند بمعنے لاف کے ہین

مُلْتَحَد ع جائے پناہ امان کی جگہہ جہان پناہ دیا مین

میم با میم

مُمْتَد ع کہینچا گیا دراز ہوا لمبا ہوا مدد ڈالا گیا

مُمَہَّد ع بچھایا گیا نیک کیا گیا تمہید او بچھایا گیا

مُمَہِّد ع بچھانے والا نیک و درست کرنیوالا

مُمَرَّد ع بولنی منور بنا سادہ وہموار جسمین شب دراز ہو

مُمِدّ ع مدد کرنیوالا حمایت کرنیوالا دستگیری کرنیوالا

مُمِدّ ع ایک رگ کا نام ہے جس سے اعضا بدن کو پہنچی جاتی ہے

مَمْدُود ع دراز کیا گیا لمبا کیا گیا کہینچا گیا

مُمْکِنُ الْوُجُود ع مخلوقات اور پیدایش عالم موجود ہے

میم با نون

مُنْقَاد ع مطیع و فرمانبردار جسکو حکم سے عدول نہو

مُنْعَقِد ع گرہ دیا ہوا باندھا ہوا منسوب متعلق

مُنْسَد ع بند ہونے والا

مَن یَزِید ۔ نوع بیع کہ جو کوئی زیادہ قیمت دے جنس خرید جاوے یعنی نیلام
مُنشِد ۔ شعر پڑھنے والا جو شایق شعر خوانی کا ہو۔
مُنَضَّد ۔ چُنا ہوا انتخاب کیا ہوا بہت عمدہ۔
مُنجَمِد ۔ پانی یا روغن سردی سے جم جاوے وہ چیز جو جم گئی ہو
مُنتَقِد ۔ نقد لینے والا جو شخص اوسکا انکار نہ کرے۔
مُنتَقَد ۔ سرد کیا گیا اور پاک کیا گیا نقد کیا گیا۔
مُنفَرِد ۔ تنہا اکیلا جسکے ساتھ کوئی دوسرا نہو۔
مُنذِر ۔ پردہ پھاڑنیوالا راز افشا کرنے والا۔

میم با واو

مَولِد ۔ جاے ولادت وطن و زمان ولادت جہاں کوئی پیدا ہو
مُوَلِّد ۔ جننے والا پیدا کرنیوالا جس سے بچہ پیدا ہو۔
مُوَلَّد ۔ شخص عجمی جسنے عرب میں پرورش پائی ہو
مَورُود ۔ ورد کیا گیا وظیفہ کیا گیا ہر روز بلا ناغہ کیا گیا
مَولُود ۔ پسر یا دختر پیدا ہوا ہو جس وقت بچہ جو جنا گیا ہو
مَوَالِید ۔ جمع مولود فرزندان موالید ثلاثہ یعنے نباتات وجمادات وحیوانات۔
مَوعِد ۔ وعدہ کا وقت و مقام وعدہ جسوقت کا اقرار ہو
مَوَاعِید ۔ جمع میعاد و وعدہ کیا جاوے وعدہ ہاے وعدہ۔
مَوعُود ۔ وعدہ کیا گیا اقرار کیا گیا کسیکے ساتھ
مَودُود ۔ دوست رکہا گیا رفیق بنایا گیا یار بنایا گیا
مَوَاجِید ۔ حالات وجد جو مستی فقرا کو آتی ہے
مُوجِد ۔ پیدا کرنیوالا ایجاد کرنیوالا خداوند تعالے
مُوبَد ۔ حکیم دانشمند فقیہ ہو آتشپرستان کا جو سب کا پیشوا ہو

مُوبَد ۔ پیشرو کیونکہ مو بمعنے اوپر اور بد بمعنے صاحب۔
مَوَاد ۔ جمع مادہ بمعنے اصل ہر چیز کا اور مادہ ہر چیز کا۔
مَوَائِد ۔ جمع مائدہ بمعنے خوانچہ طعام۔
مُؤَکِّد ۔ تاکید کرنیوالا مضبوط کرنے والا کسی بات پر
مَورِد ۔ اُترنے کی جگہ آدمیوں و جانوروں کی پانی پینے کی جگہ
مُوَرَّد ۔ گلگون و سرخ رنگ مشابہ گل یعنے جو چیز گلاب کے پہول کیطرح ہو۔
مَوجُود ۔ ایجاد کیا گیا بنایا گیا ظاہر کیا گیا واضح ہوا اطلاق اس لفظ کا ہر ایک چیز پر ہے جو عالم ایجاد مین خالق حقیقی خداوند تعالے کے حکم سے پیدا ہوی ہے۔
مُورِف ۔ نام درخت جسکو عربی مین آس کہتے ہین۔

میم با ہا

مُہَنَّد ۔ جو تلوار ساخت ہند کے ہو یعنے تلوار ہندی۔
مَہد ۔ گہوارہ اور بچھونا اور بچھانا اور فرش و بستر۔
مِہَاد ۔ بستر و لباس و فرش جو بچھاے جائین۔
مُہرہ سفید ۔ ناقوس یعنے سنکھہ جو ہندو بجاتے ہین۔

میم با یا

مِیلَاد ۔ زمان ولادت و نام شہر و نام پہلوان جو شہرازور آور تھا
مِیعَاد ۔ وعدہ کیا جاوے وعدہ و مدت وعدہ مقرر ہو
مَیمَند ۔ نام قصبہ نواح غزنین مین جو مشہور قصبہ ہے

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول

حرف نون اور اخیر میں دال ہے

نون با الف

ناوَرْد ف جنگ جدل و لڑائی و معرکہ جو آپس میں ہو۔
نامَحْدُوْد ف جس چیز کی حد نہو یعنی بے انتہا و بے حد۔
نامَزَد ف مشہور و معروف اور جس نام سے موسوم ہو۔
ناگزِیر ف ضروری و ناگزیر بات جسکا کرنا ضرور ہو۔
ناقِد ع سرہ کرنیوالا درہم و دینار کا پرکھنے والا۔
نامُراد ف بے مُراد صحیح ہے مگر رایج ہے۔
ناپدید ف پوشیدہ اور چھپا ہوا نظر سے
جو ظاہر نہو۔
نابُود ف گم جو پیدا نہو جسکی ہستی وقوع میں آئی ہو۔
ناشاد ف غمناک و دلگیر جو خوش نہو۔
نامَرد ف جو مرد نہو یعنے مردونکے کام نہ کرسکتا ہو۔
نااُمید ف جو امید نہ رکھتا ہو بے طمع و بے آس۔
نامہ سفید ف نیکوکار آدمی جو اچھے کام کرتا ہو۔
نارَد ف چیچڑ جو جانور مشہور ہے اور گائے و بیل وغیرہ کو چمٹ جاتے ہیں۔
ناہِد ع نوجوان عورت جسکی پستان چھوٹے چھوٹے ہوں اور اُبھرے ہوئے۔
ناہید ف ستارہ زہرہ جو تیسرے آسمان پر ہے مطربہ فلک۔

نون با با

نَبَرْد ف جنگ جدل و لڑائی و معرکہ جو آپس میں ہو۔

نون با جیم

نِجاد ع وہ تلوار جو گردن میں حمایل ہو۔
نَجَد ع بلند زمین جو ملک عرب میں ہے۔

نون با خا

نخلہ بنی محمود ع مکہ اور طائف کے درمیان ایک مقام ہے مشہور۔
نخود ف غلہ چنا جو ایک غلہ مشہور ہے۔
نخلبند ف باغبان جو باغ کی پرورش کرے اور درخت لگائے۔

نون با دال

نَدید ف ہمتا و نظیر و مثال و شبیہ۔

نون با رای

نَرْد ف نام بازی وتن درخت۔

نون با زای

نَزْد ف مخفف نزدیک یعنے پاس اور قریب۔
نَژاد ف اصل و نسب انسان کا و ذات و قوم وغیرہ۔
نَژَنْد ف سرنگون پست خوار و اندوہگین غمناک۔

نون با سین

نَسَق بَنْد ف عامل ملک شل کاردار و تحصیلدار وغیرہ۔

نون با شین

نَشید ع شعر پڑھنا آواز بلند کرنا بلند آواز سے پڑھنا۔

نون با عین

نَعْلْبَنْد ف گھوڑوں کی نعل باندھنے والا لوہار۔

نون با فا

نَفاد ع سونپا جانا سپرد ہونا حوالہ ہونا۔

نون با قاف

نَقّاد ع درہم و دینار کو پرکھنے والا جسکو صراف کہتے ہیں۔
نَقَد ع آمادہ کرنا دینے پر کہنا درہم و دینار کو زر و سیم

مسکوک روپیہ و پیسہ و اشرفی۔

نقش زیاد نام دوسرے بازی کا جفت بازی نرد کے

نقود ع جمع نقد کے جسکی تشریح تحریر ہو چکی ہے۔

نون با میم

نمرود ع نام بادشاہ کافر جسنے ابراہیم نبی کو آگ میں ڈالا تھا

نمود ع علامت نشان رونق و خوبی ظاہری۔

نمد نمدہ ایک قسم کا فرش جو اون سے بناتے ہیں۔

نون با واو

نوند ف اسپ تیز رفتار یعنے وہ گھوڑا جو تیز چلنا ہے

نود ف نوے عدد ۹۰ لفظ عربی میں تسعین کہتے ہیں

نومید ف ناامید وہ شخص جسکو کچھ امید طمع نہو۔

نوشاد نام ایک شہر کا ہے۔

نوید ف خبر خوش و بشارت خوشی کی جو کسیکو پہونچے

نورد ف پیچ و تاب و بسا طو فرش و برابر جنگ و مست خصوصاً اور لکڑی کے گوشہ و سوراخ روباہ اور لکڑی جو لا ہو نکے جسپر کپڑا لپیٹتے ہیں۔

نون با ہاء

نہود ع ابہر نا پستان کا عورت چھاتیوں کا۔

نہاد ف بنیاد و خلقت و اصلیت مزاج و طبیعت

نہاوند ف نام شہر جو عراق میں ہے و نام پردہ موسیقی

چھبیسوین فصل

اون لغات کے بیان میں جنکے اول حرف واو

اور اخیر میں دال ہے

واو با الف

واسطۃ العقد ع گوہر کلان جو وسط میں سلک کے ہوا اور دو نو طرف اسکے چھوٹی موتی ہوں۔

وافد ع ایلچی بننے والا اور وہ شخص جو نجیب گھر سے ہو

واجب الوجود ع ہمارا ہتا جسکی ذات اسکے وجود کے مقتضی ہے

واماند ف باقی رہنا و پیچھے رہنا کسی سے کسی کام میں

واجد ع وجد پانے والا یہ نام خدا تعالے کا ہے۔

واحد ع ایک تنہا یگانہ اور نام خدا تعالے کا۔

واعد ع وعدہ کرنیوالا اقرار کرنیوالا۔

والد ع باپ جسکی نطفہ سے کوئی ہو فارسی میں پدر کہتے ہیں اور عربی میں اب کہتے ہیں۔

واو با تاء

وتد ع میخ چوبین یعنے لکڑی کے کیلا اور لکڑی کی میخ۔

واو با جیم

وجد ع حالت و رقص جو صوفیوں کو سماع میں پیدا ہوتی ہے اور راندہ گیں ہونا شیفتہ ہونا ایک حال سے دوسرے حال میں آنا۔

وجد ع توانا و تونگر ہونا اور پانا اور حاصل کرنا۔

وجود ع جسم و بدن اور موجود ہونا عالم ایجاد میں۔

واو با حاء

وحید ع یگانہ و یکتا اور ایسا شخص جسکا ثانی نہو۔

وحدت الوجود ع تمام موجودات کو ایک وجود

خدا کا جاننا فقرے سے صوفیہ مین یہ ایک مقام ہے
جب سالک اس مقام پر پہونچتا ہے زمانہ کا
وجود اسکو خدا کا وجود نظر آتا ہے۔ بلکہ اپنے
آپ کو بھی خدا کا وجود تصور کرتا ہے چنانچہ حسین
بن منصور حلاج اسی مقام پر پہونچ کر کلمہ انا الحق
زبان پر لایا تھا اور اسی علت مین دار پر کھینچا گیا۔

واو با دال

وَدُود ع دوست مہربان اور نام خداوند تعالےٰ جل شانہٗ
وُدّ ع دوستی دونائی محبت و پیار و یک جہتی۔
وِدَاد ع دوستی۔
وَدّ ع نام بت جسکو قوم نوح علیہ السلام کی پوجتی تھی۔

واو با رے

وَرد ع گل سرخ جسکے عرق کو گلاب کہتے ہین اور وہ بھی گلاب کہلاتا ہے
وِرد ع وظیفہ روزمرہ کا اور مقام پانی پینے اور نہانے کا
وُرُود ع آنا یا اُترنا کسے منزل یا مقام پر سے۔
وَرِید ع رگ گردن کی جسکو شاہ رگ کہتے ہین۔

واو با سین

وَسَائِد ع جمع وسادہ بالشہا یعنے بہت سے بالشین
اور تکیے جیسے پشت لگا کر بیٹھین۔

واو با عین

وَعِید ع وعدہ بد یعنے عذاب کا وعدہ جو کفار کو
قیامت پر دیا گیا ہے۔
وُعُود ع جمع وعدہ یعنے بہت سے وعدے و اقرار۔

واو با غین

وَغد ع کمینہ و فرومایہ و ناکس آدمی زیاں کار آدمی

واو با فا

وَفد ع جمع وافد رسول ہونا ایلچی ہونا پیغامبر ہونا کسیکا
وُفُود ع جمع وفدہ و خد اسم جمع وافد و وافد بمعنی ایلچی ہونا پیغامبر ہونا

واو با قاف

وَقَاد ع روشن ہونیوالا بھڑکنے والا مشتعل ہونیوالا آگ
وَقُود ع ہیزم وغیرہ جس سے آگ روشن کرین یعنی ایندھن آگ کا
وُقُود ع آگ جلانا مصدر ہے آگ روشن کرنا بھڑکانا۔
وَقِید ع سامان آگ جلانیکا یعنے ہیمہ خشک وغیرہ۔

واو با لام

وَلِیعَہد ع حاکم وقت اور جسکو بادشاہ معین کیا یا مالک کر دیوے
وَلُود ع وہ عورت جسکی اولاد بہت ہو یعنی جنا اولاد جب عورت
وَلِید ع کودک اور نام چند شخصوں کا اور نام خلیفہ کا جو بنی امیہ سے تھا۔
وَلَد ع بیٹا جو اپنے تخم سے ہو۔

واو با ہا

وَہَاد و وَہد ع پست زمین اور نشیب زمین۔

ستائیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکا اول حرف
ہا اور اخیر مین دال ہے

ہا با جیم

الف با تا

اتخاذ ء پکڑنا ہاتھ مین لانا قبضہ کرنا کسی چیز پر۔

الف با جیم

اجلواذ ء دوڑنا تیز رفتاری کرنا چلنا جلدی سے۔

الف با خا

اخذ ء پکڑنا لینا کسی چیز کا کسی سے۔

اخاذ ء پکڑنا اور تالاب جو [illegible] جمع ہو [illegible]

اخّاذ ء سخت پکڑنے والا اور بہت پکڑنے والا۔

آخذ ء گیرندہ یعنے پکڑنے والا قبضہ کرنیوالا۔

الف با سین

استلذاذ ء لذت لینا مزہ پانا ذوق پانا۔

اسفندارمذ ء بارہوین ماہ شمسی کا نام ہے۔

الف با عین

اعوذ ء پناہ مانگتا ہون امان چاہتا ہون۔

الف با فا

افخاذ ء رانہا یعنے رانین بہت گوشت کے انبوہ۔

الف با لام

التذاذ ء لذت پانا مزہ پانا شیرینی حاصل کرنا ذوق پانا۔

الذ ء نہایت لذیذ چیز اور مزہ دار کہانا۔

الف با نون

انفاذ ء جاری کرنا روانگی یا بہیجنا ظاہر کرنا ظاہر ہونا۔

دوسری فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول حرف تا اور اخیر مین ذال ہے

تا با عین

تعویذ ء پناہ دینا اور پناہ مین لانا اور وہ کاغذ جسپر کوئی [illegible] لکھا ہو باندہ

تا با لام

تلمیذ ء شاگرد جسنے علم پڑہا یا کوئی ہنر سیکھا ہو

تلامیذ ء شاگردان یا لفظ جمع تلمیذ کے ہے۔

تلمذ ء شاگردی کرنا کسی سے علم پڑہنا یا ہنر سیکھنا۔

تلذذ ء لذت لینا مزہ پانا شیرینی حاصل کرنا۔

تا با نون

تنفیذ ء روان کرنا جاری کرنا کسی حکم وغیرہ کو۔

تیسری فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول حرف حا اور اخیر مین ذال ہے

حا با نون

حنیذ ء بریان یا لاغر بریان کیا ہو بکری کا بچہ۔

چوتھی فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول حرف شین اور اخیر مین ذال ہے

شین باالف

شافذ = جدا رہا ہوا اکیلا اور جو لفظ خلاف قیاس میں ہو۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف
عین اور اخیر مین ذال ہے

عین با واو

عوذ = پناہ بردن یعنے پناہ مانگنا امان چاہنا۔

عین با یا

عیاذ = پناہ اور پناہ لینا امان چاہنا کسے سے۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف
فا اور اخیر مین ذال ہے

فا با الف

فانیذ = شکر سفید یعنی کھانڈ جسکو چینی بھی کہتے ہیں۔

فا با خا

فخذ و فخذ = ران جو ایک عضو اعضا جسم سے ہے

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف
قاف اور اخیر مین ذال ہے

قاف با نون

قنفذ = خارپشت ایک جانور مشہور ہے ہندی مین سیہی نام ہے

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف
کاف اور اخیر مین ذال ہے

کاف با الف

کاغذ = مشہور چیز ہے جسپر کوی کتاب یا خط لکھیں

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف
لام اور اخیر مین ذال ہے

لام با ذال

لذائذ = جمع لذت یعنی لذتین جو کسے طعام وغیرہ سے حاصل ہوں

لذیذ = لذت دار چیز مزے دار طعام ذائقہ دار حلوا وغیرہ

لام با یا

لیاذ = پناہ مانگنا کسے سے امان چاہنا حمایت مین آنا استحکام چاہنا۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف

آب انار ف شراب سرخ باعتبار اوسکی رنگت کے۔

آب خضر ف آب حیات جسمین سے خضر نے پانی پیا تھا۔

آبگیر ف تالاب حوض و جھیل جسمین پانی رہتا ہو۔

اَبُوالبَشَر ع اولاد آدم علیہ السلام جو سبکا باپ ہے

اَبکار ع جمع بکر کنواری عورتین جمع بکرہ بمعنی بامداد صبح وقت

اَبَر ف مزید علیہ بر بمعنے بالا۔

اَبر ف بادل جسکو عربی مین سحاب کہتے ہین۔

اَبتر ع دم بریدہ ناتمام و بے فرزند و پراگندہ خاطر و پریشان

اَبی جعفر ع کنیت امام محمد باقر کے اور نام ایک امام کا۔

اَنہار ع جمع نہر بہت سے دریا اور ندیان پانی کے

اَبرار ع نیکوکاران یعنے نیک کام کرنیوالے اچھے لوگ

اَلبقر ع شورہ ایک مشہور چیز ہے جس سے بارود بناتے ہین

اَبخار ع نام ایک وہ بیت کا گرجستان کے ولایت کے طرف

آبدار ف تروتازہ و بارونق و سرسبز۔

آبکار ف شراب فروش جو شراب بیچتا ہے۔

الف باتار

آتش تر ف شراب باعتبار اوسکی سرخ رنگت کے۔

آتشکار ف آگ دینا اور گرم کرنا کسی چیز کو آگ سے

آتش خوار ف نام مرغ جو آگ کہاتا ہے بعض حکیم کہتے ہین کہ وہ مرغ پانی پیتا ہے

آتشگیر ف دست پناہ آلہ آہنی جسکے ساتھ آگ پکڑتے ہین

اَتجار ع تجارت کرنا سوداگری کرنا آپس مین بیع و فروخت کرنا

الف باثار

اَثیر ع عالی و بلند مجازاً آسمان و طبقہ عالم بالا۔

اثر ع نشان و علامت و حدیث محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَثر ع جوہر شمشیر و نقل سنن و حدیث نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام

اثر ع نشان کسی چیز کا جو باقی رہ جائے اوسکی مرنے کے بعد

آثار ع نشانہای قدم جمع اثر یعنے یادگار اور نشان۔

اَثمار ع جمع ثمر کے بہت میوے درختونکے جو کہائے جاتے ہین

الف باجیم

آجر ع وہ اینٹ جو آگ مین پک کر پختہ ہو جائے۔

آجار ف زمین ہموار اور وہ زمین جسمین نشیب و فراز نہو۔

اَجیر ع مزدور جو کسیکا کام اجرت پر کرے۔

اِجبار ع جبر و زبردستی کرنا کسی پر جبر کرنا ظلم کرنا۔

اِجہار ع ظاہر کرنا بلند آوازی سے پڑہنا کسی کتاب وغیرہ کو

اُجور ع جمع اجر بہت سے مزدوریان اور اجرتین۔

اَجہر ع روز کور جسکو دن مین نظر آوے اور رات کو بینا ہو جائے۔

الف باحا

اَحور ع نام ستارہ مشتری و مرد سفید پوست و سیہ چشم و خوبصورت

اِحضار ع حاضر ہونا کسیکے حضور مین جانا روبرو ہونا

اَحجار ع جمع حجر بمعنے سنگ جسکو پتھر کہتے ہین۔

اَحبار ع دانایان یعنے بہت سے دانا و عقلمند لوگ۔

اَحمر ع سرخ و سخت و درشت و مقتول۔

اَحرار ع حر بمعنے آزاد و لقب ابراحرار نقشبند رحمۃ اللہ کا

اِحتکار ع وہ غلہ جو بامید گرانی حصول نفع خرید جاوے اور کہہ چھوڑین

الف باخا

آخر ع ضد اول یعنے جو بات اخیر و انتہا مین ہو۔

آخر ؛ بمعنے دیگر ہندی میں اور بعد ازاں۔

آخرف ف غضروف لغت ... ہڈی جو انسان کے گردن کے نیچے اور سینہ کے اوپر ہے یعنی ہنسلی۔

آخور ف گھوڑے کے چرنے کی جگہ مخفف آبخور۔

آخور سالار ف طویلہ کا دارو غہ جسکے حکومت میں طویلہ ہو۔

آخیر ع پچھلا آخر کا انتہا کا۔

اختر ف ستارہ و فال و شگون و طالع و علم و دو بیت و نام ہفتہ

اخضر ف سبز رنگ یعنے وہ چیز جسکا رنگ سبز ہو۔

اخبار ع جمع خبر واحد و بیشتر نبوی و تواریخ جہان و حالات گذشتگان

اخبار ع خبر دینا کسیکو اطلاع پہونچانا واقف کرنا۔

اختبار ع خبر لینا آزمانا کسیکو کسی بات پر۔

اختیار ع برگزیدن و مختار کرنا کسیکو کسی کام پر۔

اختصار ع مختصر کرنا تھوڑا کرنا بڑے کو چھوٹا کرنا۔

اخگر ف ٹکڑا آگ کا تھوڑی سی آگ انگارا آگ کا۔

الف با دال

ادبار ع پشت دینا دولت کا مجازاً کم بختی و کم قسمتی و بے نصیبی

ادوار ع گردشیں آسمان اور زمانہ اور وقت جو گذر رہے ہوں۔

ادرار ع روان ہونا برسنا دل کا بار بار بول آنا بار بار پیشاب کرنا دوشیدہ و ... روزینہ اور جاری کرنا کسی چیز کا۔

ادبیر ع ادبار بضرورت قافیہ وغیرہ بمعنے بدبختی و کم نصیبی و کم قسمتی ہے

الف با ذال

آذر ف آتش اور نام ہے ... تقریباً ... جو ... ہر دو کا موسم ہے۔

آذار ع نام مہینہ رومی تقریباً ... جو پہلا مہینہ شمسی ہے۔

اذخر ع ایک خوشبودار گھاس کا نام ہے مرچیا گند کہتے ہیں۔

ادخار ع ذخیرہ رکھنا اور ذخیرہ کرنا جمع رکھنا کسی چیز کا

اذکار ع یاد کرنا ذکر کرنا کسیکو اوسکے پیچھے۔

اذکار ع جمع ذکر بہت مرتبہ یاد کرنا کسیکو۔

اذفر ع تیز بو یعنے وہ چیز جسکی بو تیز ہو۔

الف با را

اردشیر ف لقب بہمن بن اسفندیار یعنی اسکی مانند شیر

الف با زا

آزر ع نام پدر ابراہیم علیہ السلام جو بت تراش تھا۔

آزور ف صاحب حرص آز یعنے جو شخص صاحب حرص ہو

ازہر ع روشن تر یعنے زیادہ روشن و ظاہر

ازبر ع حفظ و یاد جو علم بر زبان کسیکو یاد ہو۔

اژدر ف مار بزرگ یعنے بڑا سانپ و اژدہا۔

ازار شلوار ف تنبان کمر کا دستار جو سر پر باندھیں

ازاہیر ع جمع ازہار شگوفہ ہائے بہار اور تازہ سبزیاں۔

ازہار ع جمع زہر شگوفہ ہائے تازہ و سبزیاں اور درختوں کی

ازہار ع شگوفہ لانا اور روشن کرنا چراغ کا۔

الف با سین

استفسار ع پوچھنا دریافت کرنا کسی سے۔

استقصار ع کم کرنا چھوٹا کرنا اوس چیز کو جو بڑی تھی۔

استخر ف تالاب و نام قلعہ فارس جسمیں اوپر تالاب ہے۔

اسفندیار ف نام بادشاہ پسر گشتاسب جسکو رستم نے تیر دو شاخہ کے ساتھ اندھا کیا تھا۔

اِسْتَدراک ف ڈاک چوکی وقاعدہ جو ڈاک لے جاتی ہے۔
اَسِیر ع محبوس قیدی وحبس قیدجمیں قیدی دستار۔
اِسْتِغْفار ع مغفرت مانگنا بخشش چاہنا خدا سے۔
اُسْتُوار ف مضبوط ومحکم وپایدار چیزو محکم بنیاد۔
اِسْتِبْشار ع خبر خوش پوچھنا بشارت چاہنا کسی سے۔
اَسْمار ع جمع سمر افسانہ کہ شب وحکایات جو رات کو کہا جاتا ہے۔
اِسْتِقْرار ع قرار پکڑنا ثابت ہونا مضبوطی وقیام پانا۔
اِسْتِمْرار ع روان ہونا ہمیشہ ہونا جاری ہونا قایم ہونا۔
اِسْتِظْہار ع یاری چاہنا پشت پناہ ہونا قوی پشت ہونا۔
اِسْتِحْقار ع خوار رکھنا بے عزت کہنا بے وقر رکھنا کسیکو۔
اُسْتُخْوان ف ارف محکم ومضبوط یعنی جسکی بدنی ہڈی ہو۔
اَسْفار ع جمع سفر مسافران جمع سفر یعنی بہت سفر۔
اَسْوَد واَحْمَر ع حبش وروم وعرب وعجم یعنی نیکی وبدی۔
اَساطِیر ع جمع اسطورہ افسانہا دروغ وخطوط وسطور۔
اِسْتِکْثار ع بہت مانگنا کثرت کے ساتھ سوال کرنا۔
اَسْمَر ع گندم گون افسانہ گو وقصہ خوان یعنی کہانیاں کرنیوالا
اِسْتِکْبار ع تکبر کرنا غرور کرنا فخر کرنا بڑائی کرنا۔
اِسْتِبْصار ع دانائی وبینائی ودانش وبینش نور قلب۔
اِسْتِجْبار ع جبر گردن کشی وتکبر وغرور وظلم وستم۔
اَسْحار ع جمع سحر وسحر صبح کے وقت اور بہت سے جادو۔
اِسْتِحْضار ع یاد رکھنا اور کسیکے حاضری چاہنا روبرو رکھنا۔
اُسْتُر ف خچر چارپایہ مشہور ہے۔
اَسْتار ع جمع ستر بہت پردے نقاب جو منہ پر ڈالیں۔
اَسْتار ع وہ وزن جو ساڑھے چار مثقال ہو پوشیدہ کرنا۔
اِسْتِتار ع چھپ جانا پوشیدہ ہونا پردہ میں ہونا آشکارا

اَسَرّ ع بہت خوش اور بہت آسودہ خوشحال۔
اِسْتِثْمار ع میوہ چکھنا اور میوہ مانگنا کسی سے۔
اِسْتِشْعار ع دلمیں ڈرنا خوف کرنا شعار میں لانا۔
اَسْغَر ف خارپشت جو ایک جانور مشہور ہے۔
اَسْرار ع جمع سر یعنی راز دل کے بھید اور اراد۔
اِسْتِکْرار ع تکرار کرنا بار بار کہنا کسی بات کو کسی سے۔
اِسْتِنْصار ع یاری مانگنا مدد مانگنا حمایت چاہنا کسیسے۔
اِسْتِفْسار ع پوچھنا دریافت کرنا کسی طرح کا حال کسی کا۔
اَسْتَر ف ابر یعنی دو تہ کپڑے کی دوسری تہہ

الف با شین

اِشْعار ع خبر دینا اطلاع پہونچانا آگاہ کرنا کسیکو۔
اَشْعار ع جمع شعر ابیات اور جمع شعر یعنی بدن کے بال۔
اَشْقَر ع ہر چیز سرخ رنگ یا پیلی جو سرخی اور سیاہی لیے ہو سرخ گھوڑا۔
اَشَرّ ع خود پسند وستیزہ کار وشریر وخود طلب۔
اَشْجار ع جمع شجر یعنی درختان۔
اِشْتِہار ع مشہور کرنا کسی بات کو۔
اَشْرار ع جمع شریر یعنی بہت سے لوگ صاحب شرارت۔
اُشْتُر ف شتر اونٹ جو ایک چارپایہ بار بردار مشہور ہے۔

الف با صاد

اِصْطَخْر معرب استخر نام قلعہ جو فارس کے ملک میں ہے۔
اِصْرار ع ضد کرنا ایک کام پر قایم رہنا ہٹ کرنا۔
اِصْطِبار ع صبر کرنا ٹھہرے رہنا کسی مشکل بات پر۔
اَصاغِر ع خوردان یعنی چھوٹی عمر کے بچے اور بندے

اَصفار ع جمع صفر یعنے خالی اور نقطے جو دہائی اور سیکڑے کے درجوں پر ہوں۔
اَصفر ع زرد رنگ یعنے وہ چیز جسکا رنگ زرد ہو

الف با ضاد

اِضرار ع ضرر پہونچانا تکلیف دینا دکھ دینا نقصان پہنچانا۔
اِضطرار ع حالت بے اختیاری بیچارگی کے او بیقراری
اِضمار ع ضمیر لانا کسی اسم میں کلام کے وقت اشارہ کرنا۔

الف با طار

اَطوار ع جمع ہے طور کے بہت سے طور و طریق و طرز
اَطہر ع بہت پاک اور اچھا جمع اسکے اطہار ہے۔

الف با ظار

اَظہر ع بہت ظاہر و ہویدا اور سب کے رو برو۔
اِظہار ع ظاہر کرنا روبرو لانا اور حقیقت حال جو زبانی کہے

الف با عین

اِعذار ع عذر کرنا ختنہ کرنا و طعام و ضیافت ختنہ کے۔
اِعصار ع گردباد ہندی بگولا جو گرد پہرتا جاتا ہے۔
اَعصار ع جمع عصر یعنے بہت سے زمانے اور بہت سے وقت۔
اِعتبار ع عبرت پکڑنا اور کسی چیز کو اچھا جاننا۔
اَعور ع شخص یک چشم اور نام ایک دیو کا جو پسر ابلیس کا ہے
اِعتذار ع عذر چاہنا عذر کرنا کسی بات پر۔
اَعمار ع جمع عمر عمرہا و زندگانیہائے انسان۔
اَعشار ع جمع عشر کسی چیز کا دسواں حصہ۔

الف با غین

اَغبر ع خاکی رنگ گرد آلودہ مکدر چیز
اِستغفار ع مغفرت چاہنا بخشش مانگنا گناہ سے۔
اَغمار ع نم و زمین نمناک اور رہنا او رہلانا۔
اَغمار ع نادانان ناآزمودہ کاران یعنی جو لوگ کہ ناتجربہ کار ہوں

الف با فا

اِفتقار ع فقیری و درویشی و حاجتمندی و افلاس طلب و محتاجی
اَفکار ع جمع فکر بہت سے فکر و اندیشے جو آدمیوں کو لاحق ہوتے ہیں
اَفگار ف زخمی و زخم دونوں معانی اس سے حاصل ہوتے ہیں
اِفطار ع روزہ کہولنا بعد فاقہ کے کہانا کہانا۔
اُفدر ع برادرزادہ خواہرزادہ برادر پدر یعنے چچا۔
اَفشار ف نام قوم قزلباش جس قوم سے نادر شاہ بادشاہ ایران تہا
اِفسار ع باگ ڈور گہوڑیکی جو گہوڑے کو باندہتے ہیں
آفتاب سوار ف کنایہ مرد صبح خیز جو شخص صبحکو اٹہے۔
آفتاب بگرو ف سایبان و اچہین آفتاب چہپ جاتا ہے
اِفتخار ع فخر کرنا بڑائی کرنا اظہار شوکت و شان کرنا۔
اَفقر ع جو شخص نہایت محتاج اور نادار و فقیر ہو۔

الف با قاف

آق سنقر ت ترکی میں اکثر غلاموں کے نام ہوتے ہیں معنی اسکے سفید مرغ۔
اَقطار ع کنارہا و قطرہا و طرفہا و جانبہا۔
اِقتصار ع قصر کرنا کوتاہی کرنا چہوٹا کرنا۔
اِقتدار ع طاقت ور ہونا صاحب قدر و منزلت ہونا۔

الف با کاف

اَکابر ع عزت دار لوگ امیر لوگ بڑے آدمی۔
اَکبر ع بہت بڑا اور بڑی عزت والا خدا تعالے۔

برادر ف بھائی حقیقی باپ کا بیٹا۔

برسم ع نام ہے جو زمین خشک ہے پہاڑ میں نیکو کار و مہربان۔

بر ع نیکی و بخشش و خوشنود و رضامند و زندگانی۔

بُر ع گندم گیہوں جو ایک غلہ مشہور ہے۔

برت ایک جو پہلا عدد اعداد میں سے ہے۔

با با زاے

بزر ع تخم ہر ایک چیز کا جس سے وہ چیز پیدا ہو۔

بزور ع جمع بزر بہت سے تخم اور بہت بیج

بزہکار ف گنہگار فاسق فاجر عاصی بدکار۔

بزرگر ف تخم بونیوالا زمیندار

بزرجمہر م وزیر اعظم نوشیروان کا جو آخر معزول ہو گیا تھا

بزرگوار ف بزرگ اور بڑے مرتبے اور بڑی عمر کا آدمی

بزرگر ف جو میش شاخدار کو لڑائے جانور لڑانیوالا۔

بزجگر ف ضد بہادر کم حوصلہ کم ہمت آدمی کم دل شخص۔

با با سین

بستہ نگار ف ایک راگنی کا نام ہے جو گائی جاتی ہے۔

بُسر ع خرما خام یعنے میوہ کھجور کا جو کچا ہو۔

بسر نام وزیر نصرانی جو بڑا مدبر و عقیل تھا۔

بستر ف بچھونا جو زمین یا تخت وغیرہ پر بچھایا جاے۔

با با شین

بشیر ع خوشخبری دینیوالا نیک خبر پہنچانیوالا اور نام سو لکھ [illegible]

بشر ع چہرہ و موکبہ یعنے انسان کا چہرہ جو نظر آئے۔

بشرہ ع [illegible] صاحب بشرہ انیس جسکا چہرہ دیکھا جاے۔

با با صاد

بصیر ع صاحب بینائی و دانا و عقلمند و صاحب دانش و خبر۔

بصائر ع بینائیاں اور جتنا روشن دلیل و سندیں مضبوط۔

بصر ع بینائی دیکھنا اور آنکھ جس سے آدمی دیکھتا ہے۔

با با طاء

بطر ع زخم کو چیرنا اور ریم و خون اُس سے نکالنا۔

بطر ع دہشت و حیرانی و غفلت و نا پہنچنے سے دشا دو تونگری میں [illegible]

با با عین

بعث و نشر ع روز قیامت یعنے دن اُٹھنے اور پھیلنے کا

بعیر ع اونٹ جسکو فارسی میں شتر کہتے ہیں۔

بعر ع سرگین شتر و گوسپند وغیرہ یعنی لید جسکو مینگنی کہتے ہیں

با با قاف

بقر ع گاؤ نر ہو یا مادہ بخلاف ثور کے کہ نر گاو کا نام ہے۔

با با کاف

بکتر ف آہنین کپڑا ہی جو جنگ میں پہنتے ہیں [illegible]

بکلر ت امیر سردار و سپہ سالار و حاکم و فرمان [illegible] جو [illegible] وقت ہو۔

بکر ف زوج و شیرہ نازک لطیف جو ابھی کسی مرد سے ہم صحبت نہ ہوئی ہو

بکر ع شتر جوان و نام قبیلہ و نام ملک و نام علاقہ۔

بُکرہ ع وقت بامداد یعنے صبح کا وقت فجر کا موقع۔

بکور ع صبح کو اٹھنا اور فجر کو کام کرنا [illegible]

با با لام

بلبا ت قول وو عدہ [illegible] جو [illegible] سے کیا جاوے

پے نوکر ف یہ لفظ غلط ہے نانوکر صحیح ہے مگر مشہور ہے

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول باے فارسی اور اخیر مین رای ہے

باب الف

پالکی ف دکن مین ایک قوم ہے۔

پاسکار ف پیادہ یعنی خادم مزدور خاکروب خدمتگار وغیرہ

پارہ کار ف شوخ لچا سرکش نافرمان آدمی۔

پاسخاطر ف کسیکی خاطر سے کسیکی رعایت۔

پاسدار ف طرفدار کسی کا حمایتی و مددگار۔

پایدار ف محکم و مضبوط اور برقرار رہنے والی چیز۔

پائیں گار ف وہ جگہہ جہان مصالحہ عمارت کا رکہا جاوے

پازہر ف زہر مہرہ جو مشہور ہے پتھری مخفف پادزہر دوا مین مستعمل ہے

باب تا

پتر ہندی و فارسی مین مشترک ہے چوڑا کیا ہوا لوہا یعنی پترا

باب خا

پختہ خوار ف آرام طلب آدمی کم محنت پکا پکایا کہانے والا

باب دال

پدیدار ف ظاہر و آشکار جو چیز سب کے روبرو ہو۔

پدر ف باپ جسکی نطفہ سے یہ شخص ہو۔

باب ذال

پذیرا ف قبول کرنا پذیرندہ قبول کرنیوالا

باب را

پرستار ف خدمتگار مرد ہو یا عورت حکم ماننے والا تابعدار

پردہ دار ف دربان یعنی محافظ دروازہ کا اور سر پوشیدہ چیز

پروار ف سردمکان یعنی فربہ جانور جسکی بدن پر گوشت ہو

پرکار ف قلم دوشاخہ جس سے دایرہ کہینچین اور دایرہ بناتین

پروردگار ف پرورش کرنیوالا انام خدا تعالی کا جو سب کا پالنے والا ہے

پر ف بہرا ہوا لبالب بہرا ہوا پیالہ یا کوئی اور برتن

پرکار ف دانا و عیار عقلمند جو ہر ایک کام کر سکتا ہو

پرور ف پالنے والا پرورش کرنیوالا شخص۔

پرہیزگار ف بچنے والا گناہ سے اور نیک کام کرنیوالا۔

پری پیکر ف خوبصورت آدمی اور معشوق جیسا حسن والا

پر ف بال و بازو جس سے جانور پرندا اڑتے ہین۔

پردہ زنبور ف برقعہ جالی دار جو عورتین پہنتی ہین۔

پریر ف مخفف پریروز یعنی پرسون کا دن جو گذر گیا ہے

باب سین

پسر ف بیٹا جو اپنے نطفے سے پیدا ہوا ہو اور لڑکا کم عمر

باب نون

پندار ف تصور و تکبر و خیال لو وہم جو طبیعت مین جب

پنجر ف جو چیز مشبک ہو او پنجرہ یعنی جالے۔

باب واو

پوطہ دار ف خزانچی جسکی تحویل مین نقد رہتا ہو

پور ف بیٹا جو اپنے نطفے سے پیدا ہوا ہو۔

پور ہاجر کنایہ ہے اسمٰعیل سے جو نبی مشہور ہے

پا با ر

پیکار ف جنگ و لڑائی معرکہ جو دشمن سے کیا جائے۔
پیداوار ف آمدنی اور کمائی جو کسی کام سے حاصل ہو۔
پیر ف بزرگ بڑی عمر کا آدمی اور مرشد اور پیشوا۔
پیزار ف جوتا جو پاؤن مین پہنتے ہین۔
پیغمبر ف ایلچی پیغام لیجانیوالا اور جو خدا کا پیام لایا ہو۔
پیکر ف شکل و صورت ظاہری ہر چیز کے۔
پیشکار ف گماشتہ نوکر اور کام کرنے والا۔
پیرانہ سر ف حالت پیری و ضعیفی و پیرانہ سالی۔
پیلہ ور ف شیشہ گر و عطار و ابریشم فروش۔
پے سپر ف پامال و پریشان و خراب حالت مین۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف تا اور اخیر مین رائے ہے

تا با الف

تار ف ریسمان جامہ یعنی تانا و تاریکی و میان سر مخفف تارک و نام درخت اور ترکی مین تنگ۔
تاجر ع سوداگر۔
تار مار ف زیر و زبر کج مج و پریشان۔
تالار ف مانند چوز میندار چار ستون زمین مین گاڑکر اور اوپر تختہ ڈالکر زراعت مین تیار کرتے ہین اور پرندہ کی پاسبانی کرتے ہین
تابعدار ف یہ لفظ محض غلط ہے بلکہ تبعہ دار کہا جاوے تو بجا ہے

تاتار ف نام ایک ولایت کا جو مشہور ہے۔
تاثر ع اثر قبول کرنا کسیکا دباؤ اپنے اوپر لینا۔
تاثیر ع اثر کرنا کسی چیز پر حاوی ہونا دباؤ ڈالنا۔
تاجدار ف بادشاہ صاحب تاج و ملک ملک۔
تاجور ف بادشاہ صاحب کلاہ فرمان روا۔
تاخر ع پیچھے ڈالنا توقف کرنا ٹھہر جانا درنگ کرنا۔
تاخیر ع پیچھے ڈالنا توقف کرنا ٹھہر جانا درنگ کرنا۔

تا با با

تبر ف ایک قسم کا ہتھیار ہے تلوار کا کام دیتا ہے۔
تبر ع طلا یعنے سونا جسکو زر کہتے ہین۔
تبار ف خاندان و اولاد اور عربی مین ہلاک۔
تبختر ع ناز اور غرور سے چلنا مور کی چال چلنا۔
تبور ع خسران و ہلاک و کاہلی و سستی و بدبختی وغیرہ۔
تبذیر ع پراگندہ کرنا فضول خرچ کرنا نکلنا گھاس کا زمین سے
تبحر ع بہت صاحب علم ہونا مثل دریا کے ہونا صاحب فیض ہونا۔
تبادر ع باہم دوڑنا آگے نکلجانا تیز رفتاری کرنا۔
تبخیر ع دھوان اوٹھانا بخار اوٹھانا کسی چیز سے
تبصر ع دیکھنا نظر کرنا نگاہ ڈالنا کسی پر۔
تباشیر ف سفیدہ دوا کا نام ہے طباشیر اسکا معرب ہے۔

تا با تا

تتر ف مخفف تاتار جو ایک مشہور ملک ہے۔

تا با ثا

تثمیر ع میوہ لگنا اور نفع پانا فائدہ حاصل کرنا۔

تصغیر ع چھوٹا کرنا کم کرنا مختصر کرنا کسی چیز کو۔
تصور ع اپنے دل میں کسی چیز کی تصویر کو قائم کرنا۔
تصویر ع صورت و شکل کا بنانا تصاویر اسکی جمع آتی ہے۔
تصدیر ع دیباچہ لکھنا اور مقدم کرنا کسیکو کسی پر۔
تصویر سایہ دار ف بُت جو مٹی یا پتھر سے بنا ہو۔

تا با ضاد

تضجر ع دل تنگ اور بے آرام ہونا پریشان و غمگین ہونا۔

تا با طا

تطہیر ع پاک کرنا پلیدی دور کرنا صاف کرنا کسی چیز کو۔

تا با ظا

تظاہر ع پشتی دینا مددگاری کرنا حمایت میں لینا۔

تا با عین

تعزیر ع سیاست کرنا کسیکو بعوض جرم کے جو قتل و حد سے کمتر ہو شرع میں۔
تعسر ع تنگی و دشوار کرنا عسرت کی حالت میں ہونا۔
تعطیر ع خوشبودار کرنا عطر لگانا کسی چیز کو۔
تعییر ع سرزنش و طعنہ دینا ملامت کرنا۔
تعطر ع خوشبو ہونا خوشبوئی لگانا عطر لگانا۔
تعبیر ع بیان کرنا اور خواب کا مطلب کہنا اترنا عبور کرنا۔
تعذر ع دشوار ہونا عذر اور حجت لانا کسی بات میں۔
تعمیر ع عمارت کرنا کوئی مکان بنانا۔

تا با غین

تغییر ع بوزن تشریف بدلنا پلٹنا کسی چیز کو۔
تغیر ع بدلنا ایک حالت سے دوسرے حالت میں ہونا۔

تغار ع طشت گلی یعنی مٹی کا طشت مٹی کا رکاب
تغایر ع فرق باہمی نمایاں ہونا غیر بننا غیرت میں

تا با فا

تفرر ع بھاگنا نفرت کرنا الگ ہونا اور جانا کسی سے
تفسیر ع قرآن کی شرح کا علم و علم معانی قرآن۔
تفاسیر ع جمع تفسیر کے بہت سے تفسیریں قرآن کے۔
تفاخر ع فخر کرنا بڑائی کرنا بڑا آدمی بننا۔
تفکر ع فکر کرنا اندیشہ کرنا غور کرنا کسی بات میں۔

تا با قاف

تقذر ع پلید رکھنا ناصاف رکھنا خراب رکھنا کسی
تقتیر ع تنگی کرنا تنگ رکھنا کسی کو کسی بات میں
تقدیر ع اندازہ و اندازہ جو خدا کے حکم سے ہو
تقصیر وار ف صاحب قصور یعنی جس شخص سے کوئی خطا ہو
تقصیر ع کوتاہ کرنا سستی کرنا نافرمانی کرنا۔
تقریر ع سخن کہنا قرار دینا اقرار میں لانا کسیکو۔
تقرر ع قرار پکڑنا ٹھہر جانا کسی مقام پر مقرر ہونا
تقشیر ع پوست اوتارنا جو میوہ وغیرہ سے
تقاطر ع پے در پے گرنا قطرہ لگا ہوا کسی چیز سے

تا با کاف

تکبر ع بڑائی کرنا اپنے آپ کو بزرگ جاننا غرور کرنا
تکبیر ع بزرگ کہنا خدا کو بزرگ کہکر پکارنا تکبیر نماز کی
تکدر ع مکدر خاطر ہونا دل میں غبار لانا کسی کی طرف
غبار آلودہ ہونا۔

تیمار رف غمخواری کرنا خدمت کرنا کسی بیمار و علیل کا۔
تیمور رف فولاد اور نام بادشاہ مغل کا جو مشہور ہے۔
تیر رف تیز چلنے کا وستارہ عطارد و نام ماہ تیسی تقریباً ماہ ساون
تیار رع جلد رفتار و جنبندہ مواج و درست مہیا و کامل
بعضوں اسکو اردو یا لکڑی میں وہ قریب بصحت ہے۔
تیرآور رف مکار و حیلہ گر و فریبی آدمی و دغاباز۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ثای اور اخیر مین رای ہے

ثا با بار

ثبور رع ہلاک ہونا مرجانا فوت ہونا نیست و نابود ہونا۔

ثا با غین

ثغر رع دانت اور اگلے دانت اور سرحد درمیان ملک کفر و اسلام کے جو واقع ہو۔
ثغور رع جمع ثغر دندانہا و سرحد تا ممالک کفر و اسلام۔

ثا با فا

ثفر رع پاردم یعنے دمچے جو مشہور ہندی لفظ ہے۔

ثا با میم

ثمر رع میوہ بار و پھل درخت کا و مال و زر و فرزند و اولاد
ثمار رع جمع ثمر میوہ یعنے بہت سے میوے اور پھل اور اولاد۔
ثمیر رع میوہ ہر ایک قسم کا اور درخت میوہ دار۔

ثا با واو

ثورہ رع گاو نر مادہ بخلاف بقر کہ بمعنے نر او مادہ کے ہے۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف جیم اور اخیر مین رائے ہے

جیم با الف

جار رع ہمسایہ نگہبان شریک یا وہ پناہ دیا گیا اور بر سے کے مین نداکرنا اور مناد ہے وجمعیت۔
جانور رف جو صاحب جان ہو یعنے زندہ ہو مجازاً وحوش و طیور سوائے انسان کے۔
چاکر رف جو شخص کسیکا نوکر یا خدمتگزار ہو۔
جائر رع جور کرنیوالا ظلم کرنیوالا راہ حق سے پہرنیوالا۔
جارلنجار رت اندک طلب و بسیار طلب آدمی۔
جان دار رف جانور و سلاح دار و دوست و مددگار جو کسیکا محافظ ہو۔
جاگیر و جاہی گیر رف وہ زمین جو بادشاہ کسی منصب دار کو دے۔
جاغر رت چینہ دانہ مرغان جو مرغ کہاتے مین۔
جاج نگر رہ ہند مین ایک شہر مشہور ہے۔
جابر رع جبر کرنیوالا زبردستی کرنے والا۔
چار رف اربع و مخفف چارہ جسکے معنے علاج ہین۔
چار یار رف حضرت ابوبکر و عمر و عثمان و علی جو محمد صلعم کے جانشین تھے۔
چار تکبیر رف نماز جنازہ اور مجازاً ترک کرنا۔

جیم با بار

جَبَایِرَہ جمع جبیرہ یعنی وہ لکڑیاں جو شکستہ عضو پر باندھتے ہیں۔
جَبْر ٹوٹی ہڈی کو باندھنا اور تنگ کرنا حال کسی کا اور کسی کام پر کسی کو زبردستی مامور رکھنا۔
جَبّار ٹوٹی کو باندھنے والا اور نام خداوند تعالیٰ۔

جیم با دال

جِدار دیوار یعنی عمارت جو بنی ہوئی ہو۔
جَدْر و جُدْر دیوار یعنی عمارت جو بنی ہوئی ہو۔
جُدُر جمع جدار دیوار یعنی بہت سی دیواریں عمارتیں جو بنی ہوئی ہوں۔
جَدَر کسی جانور کے کاٹنے کا نشان اور آبلہ نکلنا بدن پر
جَدْوار زہر نبے جو ایک مشہور بیخ ہے اور دوا میں مستعمل ہے۔
جَدِید نیا ولایتی دستار اور جو چیز کہ تازہ کام میں ہو۔

جیم با ذال

جَذْر بیخ ہے اوکھاڑنا اور وہ عدد جسکو اوسکی نفس میں ضرب کریں تو دوسرا عدد حاصل ہو۔

جیم با رے

جَرّہ کھینچنا کسی بھاری چیز کا اور نام علم کا جسکو جرثقیل کہتے ہیں
جَرِیر نام شاعر عرب جسکے اشعار عام و خاص پسند تھے۔
مَحمِل ع کجاوہ اونٹ کا جسپر مسافر بیٹھتے ہین۔
مُحاوِل ع حوالہ کرنے والا سپرد کرنے والا۔
مُحَجَّل ع اسپ سرخ رنگ جو چار پانو سے سفید ہو۔

مُحَصِّل ع تحصیل کرنیوالا یعنے پیادہ حاکم کا جو روپیہ وصول کرنے پر متعین ہو
مُحَصَّل ع حاصل کیا گیا یعنے جو روپیہ حاصل ہوا ہو۔
مُحیل ع حیلہ گر و مکار و فریبی آدمی۔
مُحَوِّل ع سپرد کرنے والا حوالہ کرنے والا۔
مُحَوَّل ع سپرد کیا گیا حوالے کیا گیا تفویض کیا گیا۔
مَحصُول ع حاصل کیا گیا لے لیا گیا وصول کیا گیا۔
مَحمُول ع گمان کیا گیا بار اوٹھایا گیا وہم کیا گیا۔

میم با خاء

مَخذُول ع خوار کیا گیا خرابی مین ڈالا گیا۔
مَخمَل ع مشہور نام کپڑے کا جو ریشمی ہوتا ہے
مُخَیَّل ع خیال کیا گیا بیان کیا گیا کسی بات مین۔
مَخاذِیل ع خوار کئے گئے یہ لفظ جمع مخذول کی ہے
مُختَل ع خلل پایا ہوا رخنہ پایا ہوا۔
مُخِل ع خلل ڈالنے والا رخنہ ڈالنے والا۔
مُخَلخَل ع جو چیز آپسمین چسپان نہو الگ الگ ہو
مُختال ع متکبر و مغرور آدمی۔
مَخایِل ع جمع مخیلہ جاہای خیال یعنے آثار و علامات کسی چیز کے

میم با دال

مَدخَل ع دخل کرنا داخل ہونا اور مقام دخل کا مصدر میمی ہے اسم ظرف بھی
مُدَخِّل ع بخیل و ممسک آدمی جو کچھ خرچ نہ کرے۔
مُدخَل ع داخل کرنے کا مقام اور داخل کیا گیا۔
مَداخِل ع مقامات دخل و آمدنی زر اور پیوند کرنا سینا بُننا اور
حنا بوٹہ دار جو عورتیں ہاتھ پیر لگاتی ہین اور گہر کے مکان۔

مُدخُول ع داخل کیا گیا اندر لایا گیا۔
مُدَلبَل ف نعرہ بلبل کا اور آواز بلبل کی۔
مُدَلِّل ع دلیل سے ثابت کرنیوالا صاحب حجت۔
مُدَلَّل ع دلیل سے ثابت کیا گیا جو بات دلیل سے ثابت ہو۔
مُدَمِّل ع جو چیز زخم کو پاک کر کے اچھا کر دیوے۔
مَدلُول ع دلالت کیا گیا اشارہ کیا گیا راہ دکھلایا گیا۔

میم با راے

مِرجَل ع دیگ مسی جسمین کہانا پکاتے ہین۔
مُرتَجَل ع شعر بدیہہ کہا گیا اور وہ لفظ جو ایک معنے سے
دوسرے معنے مین بے مناسبت کہا جائے۔
مَرغُول ع پیچ و تاب او رباں پیچدار و آواز مرغان اور
الاپ مغنیون کا اور وہ آواز جو پیچدار ہو۔
مُرسَل ع بہیجا گیا اور نبی رسول پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم
مَرسُول ع بہیجا گیا یہ لفظ خلاف قیاس مشہور ہے۔
مُرَفَّہ الحال ع آسودہ حال خوش معاش مالدار و دولتمند آدمی
مَراحِل ع منزلین جمع مرحلہ کے لفظ کی۔
مربع مستطیل ع چار گوشہ مائل بطوالت مثل تقطیع کتاب
مُراسِل ع وہ عورت جسکی خط کتابت مردون سے ہو

میم با زاے

مَزال ع لغزش و جاے لغزش یعنی پہسلنے کی جگہہ
مُزِیل ع دور کرنیوالا زائل کرنیوالا کم کرنیوالا۔

میم با سین

مُستاصِل ع بیخ سے اوکہاڑا گیا نابود کیا گیا۔
مُستاہَل ع سزاوار و لائق کیا گیا۔

مُسْتَذَل ع ذلیل و خوار کہا گیا بے عزت کیا گیا۔
مَسَائِل ع جمع مسئلہ جوال دوز لوگ اور سوزن کلان جس سے جوال سیتے ہین۔
مُسْتَحِيل ع محال و ناممکن و حیلہ گر مکار۔
مُسْتَمَال ع مائل کیا گیا تسلی دیا گیا اطمینان کیا گیا۔
مُسْتَقِل ع صاحب استقلال و محکم و مضبوط۔
مُسْتَقْبِل ع پیش آنے والا زمانہ آئندہ۔
مُسْتَقْبِل ع تصویر دو چشمی جسکی دونو آنکھین نظر آوین۔
مُسْتَعْجِل ع دوڑنے والا جلدی کرنے والا۔
مَسِيل ع پانی جاری ہونیکا مقام چشمہ وغیرہ۔
مُسَجَّل ع سجل کیا ہوا درست و آراستہ مہر کیا گیا
مُسْتَطِيل ع جسم دراز جسکا طول و عرض برابر نہو۔
مَسَائِل ع مسئلہ کی جمع ہے بہت سے مسئلے
مُسْتَعْمَل ع استعمال کیا گیا کام مین لایا گیا۔
مُسْتَهِل ع نیا چاند دیکھنے والا ہلال کا دیکھنے والا
مُسْجِل ع گورخر جو مشہور جانور ہے۔
مَسْئُول ع سوال کیا گیا مانگا گیا طلب کیا گیا۔
مَسْلُول ع کھینچا گیا باہر نکالا گیا اور یہ لفظ سیف کے ساتھ مستعمل ہے چنانچہ سیف مسلول۔
مُسْتَدِل ع دلیل طلب کرنے والا حجت مانگنے والا
مُسْتَبْدِل ع بدلنے والا کسی چیز کو کسیکے ساتھ
مُسْتَبْدَل ع بدلا گیا عوض مین لیا گیا۔
مُسْتَهْل ع سہل کرنیوالا دو۔ سستانیوالی جسکو کہا سو دست آئین
مُسَلْسَل ع زنجیر مین باندھا گیا زنجیر دار پیچ در پیچ۔

میم با شین

مَشَاعِل ع جمع مشعل کی بہت سی مشعلین۔
مَشَاغِل ع جمع ہے شغل کی بہت سے کام۔
مُشَاكِل ع ہم شکل ہونیوالا شخص۔
مُشْتَعِل ع شعلہ مارنے والا روشن۔
مَشْغُول ع کام مین رکا ہوا۔
مُشْكِل ع کٹھن و دشوار بات۔
مَشْلُول ع جسکے ہاتھ پیر رہ گئے ہون اور شل ہو گیا ہو۔
مُشْتَمِل ع احاطہ کرنیوالا شامل ہونیوالا ہمراہ ہونیوالا۔
مُشْتَعِل ع شعلہ زن آتش آگ۔
مُشْتَغِل ع مشغول ہونیوالا کسی کام مین۔
مُشْتَمَال ف ورزش پہلوانون کی۔
مُشْتَمُول ع احاطہ کیا گیا شامل ہوا ہوا ہمراہ ہوا ہو بیچ

میم با صاد

مَصْقُول ع صقل کیا گیا روشن و صاف کیا گیا۔
مُصَيْقَل ع روشن کیا گیا اور روشن کرنیوالا۔
مَصَاقِل ع جمع ہے مصقلہ کے لفظ کی۔

میم با ضاد

کیطرف لانیوالا۔
مُضْمَحِل ع نیست و محو ناچیز و سست ہونیوالا۔

میم با ظاء

مُظَل ع سایہ بان جسکے سایہ مین بیٹھین۔

میم با عین

مَعُوْل ع اعتماد کیا گیا اسم مفعول عول سے
مَعْوَل ع جائے تکیہ و اعتماد و امر بڑا سے کا مقام
مُعَوَّل ع اعتماد کرنا اور اعتماد کیا گیا۔
مِعْوَل ع کلنگ آہنی جس سے لوہا کان سے نکالتے ہیں
مَعَاقِل ع جابائے پناہ و سرحدہا و مقامات مشکل۔
مُعَامِل ع معاملہ کرنیوالا اشتقاق آن دہندہ خرید و فروخت کرنیوالا
مُعْضِل ع دشوار و مشکل کرنے والا۔
مَعْقُول ع پسندیدہ جسکو عقل مان لے۔
مُعَادِل ع برابر و مساوی۔
مُعْتَدِل ع برابر تاثیر میں۔
مُعْتَزِل ع گوشہ نشین خلوت میں بیٹھنے والا۔
مَعْمُول ع عمل کیا گیا عادت روزمرہ۔
مُعِیْل ع مرد عیالدار جسکے گھر کے لوگ بہت ہوں
مُعَطَّل ع بیکار کیا گیا توقف میں ڈالا گیا۔
مُعَقَّل ع وہ اونٹ جسکے بازو باندہی ہوئی ہوں۔
مُعَجِّل ع پیشی گیرندہ و شتابی کرنیوالا۔
مَعْلُوْل ع سبب ہائے ضروری اور ضروری علتیں۔
مُعَلِّمِ اوّل ع لقب حکیم ارسطو حکیم آلہی کا ہے۔

میم با غین

مَغْلُوْل ع طوق گردن میں ڈالا گیا قید کیا گیا باندہا گیا
مِغْزَل ع دوک جس سے سوت کاتتے ہیں۔
مُغُوْل نام قوم جو مغل کہلاتی ہیں و بمعنی شریر و جنگ آور و جنگی لوگ

مُغَسَّل ع غسل دیا گیا نہلایا گیا دہویا گیا۔
مَغْسُوْل ع دہویا ہوا غسل دیا ہوا نہلایا ہوا

میم با فاء

مُفَضَّل فضیلت دیا گیا بڑہا گیا بزرگی دیا گیا
مُفَضِّل فضیلت دینے والا بزرگ بنانے والا
مُفْتَضِل ع افزونی کرنے والا بڑہنے والا۔
مَفْضُوْل ع فضیلت دیا گیا بزرگی دیا گیا۔
مُفَنْسِل بوزن منزل ع ندا ام اعضاء انسانی جسم بدنی
مَفْصُوْل جس گیا جدا کیا گیا الگ کیا گیا۔
مَفْعُوْل ع فعل کیا گیا یعنے جسکے ساتہہ فعل کریں
مُقْبِل جھٹے ہوئے رستے یا ڈہولنا ہوا آتا کا۔
مُفَصَّل بوزن منور تفصیل کردہ شدہ و نام کتاب
مَفَاصِل بدن کے جوڑ یعنے ہاتہہ پانو وغیرہ۔
مَفْتُوْل تار بافتہ و تار پیچیدہ او سوت کاتا ہوا

میم با قاف

مَقَال ع مصدر میمی گفتگو کرنا بات چیت کرنا۔
مُقْبِل قبول کرنیوالا و صاحب اقبال۔
مُقْبَل ع قبول کیا گیا مانا گیا۔
مُقَبَّل ع بوسیدہ ہوا ہوا گہسا ہوا پرانا ہوا ہوا۔
مَقْتَل ع جائے قتل جہاں کوئی شخص قتل ہو۔
مُقَاتِل ع جنگ کرنیوالا اور جنگ کیا گیا۔
مُقِل ع سخن مدنی کر برابولنا کسی شخص کمینہ و جاہل ع نابینا
مُقْل ع گوگل جو ایک مشہور چیز دواؤں میں پڑتا ہے۔

مقل ع کم کرنیوالا درویش و فقیر و مفلس و نادار

مقاع ع جمع مقان گرز جو ایک مشہور ہتہیار ہے

مقلقل ع شراب اور بے قرار و مضطرب آدمی -

مقول ع جاے گفتگو یعنے زبان جس سے گفتگو کرین

مقابل ع روبرو اور سامنے اور آگے -

مقبول ع قبول کیا گیا مانا گیا -

مقتول ع قتل کیا ہوا مارا ہوا شخص -

مقیل ع دوپہر کو سونا اور چاشت کو شراب پینا قیلولہ بہی اسکو کہتے ہین جسکے معنے دوپہر کو سونے کے ہین -

میم با کاف

مکبول ع بند کیا گیا قید کیا گیا باندھا گیا -

مکلل ع جمع کیا تاج اور روشن اور چمکتا ہوا تاج سر پر رکہا ہوا

مکحل ع سرمہ ناک آنکہین جسمین سرمہ کیا ہوا ہو -

مکحل ع سرمہ دان جسمین سرمہ رکہتے ہین -

مکحول ع سرمہ کیا ہوا جسنے اپنی آنکہون مین سرمہ لگایا ہوا ہو

مکیل ع ماپا گیا پیمانہ سے وزن کیا ہوا -

مکیال ع پیمانہ جس سے کوئی غلہ وغیرہ اشیا ماپین -

مکائیل ع جمع مکیال بہت سے پیمانے ماپنے کے -

مکمل ع کامل کیا گیا تمام کیا گیا پورا کیا گیا -

میم با لام

ملا جلال ع نام کتاب منطق مین جو شرح تہذیب کی ہے

ملل ع جمع ملت بہت سے دین و مذہب طریق -

ملال ع دلگیری و غمگینی و فکر و اندیشہ -

مل ع شراب جسکو عربی مین خمر کہتے ہین -

ملول ع غمگین و دلگیر و اندیشہ ناک و فکرمند آدمی -

میم با میم

مماثل ع مانند ہونیوالا کسیکی صورت بننے والا -

ممثل ع ہم مثل کیا گیا صورت سے صورت ملایا گیا -

ممل ع ملول کرنیوالا دلگیر کرنے والا -

میم با نون

منہل ع چشمہ جو چراگاہ مین ہو اور چارپایے اوس سے پانی پیئین اور روان پانی بہتا ہوا -

مناہل ع جمع منہل کی یعنے بہت سے چشمے -

منزل ع اوترنے کی جگہہ جاے نزول و خانہ و گہر

منزل ع اوتارا گیا کسیکو کسی مکان مین -

منازل ع جمع منزل بہت سے مقام اوترنے کے

منجل ع درانتی جسنے زراعت کاٹتے ہین یہ ایک آلہ آہنی ہوتا ہے

منجل ع کسی چیز کے ڈالنے کا مقام -

مندمل ع زخم بہرا ہوا اچہا ہونے والا ہو -

منتعل ع نعل کی شکل ہو مجازاً ماہ نو -

منجلی ع کہلنے والا ظاہر ہونیوالا -

منخل ع پرویزن غربال چہلنی -

منفصل ع فیصل شدہ علیحدہ جدا الگ -

منقول ع نقل کیا گیا ہو یعنے صورت سے اوتارا گیا ایک جگہہ سے دوسری جگہہ رکہا گیا -

منقل ع انگیٹہی جسمین آگ جلاتے ہین -

مَنْدِیل دمتہ جمع اسکی مَنادِیل ہی یعنے پگڑی -
مَنْدَل فع دویرہ افسون گران جادوگرونکا دایرہ
مَنْجُوال ... ویرہ شہر جو اپنا کہکر بیٹہا ہو -
مَنْوال ع جلاہا ... جو کپڑا لپیٹا جاتا ہی و ستور و طور و طریق
مَنال ع حاصل کرنیکا مقام جاے امید و آرزو -
مَنْبَت ع ... بد اعتقاد و محل زخم و نام دوا جو زخم پر لگاتے ہین
مُنْفَعِل ع شرمندہ اثر قبول کرنے والا -
مُنْتَقِل ع نقل کرنیوالا ایکجگہہ سی دوسری جگہہ لیجانیوالا

میم با واو

مُوصَل ع نام شہر عراق مین و نام جزیرہ وجاے
وصل و ... پیوند اور جوڑ کی جگہہ -
مُوصِل ع پہونچانیوالا وصل کرنے والا -
مُوصَّل ع پیوند کیا گیا جوڑ لگایا گیا -
مورچال ف مورچل مغاک جو قلعہ کے گرد کہود کر اسکی
اوٹ مین قلعہ والون سے لڑتے ہین -
مُؤَمِّل ع امیدوار و صاحب امید و آرزو -
مُؤَجَّل ع فرصت دیا گیا مہلت پایا گیا دیر مین ڈالا گیا -
مُوَکَّل ع جسکو کوئی کام سپرد ہو یعنی وکیل و مختار -
مُوَکِّل ع کام سپرد کرنیوالا وکیل بنانیوالا -
مُول ع معشوق زن و نازو حرامزدہ و درنگ و تاخیر
وام بمعنے باش و غمزہ و کرشمہ -
مَوْصُول ع ملا ہوا پیوند کیا ہوا جوڑا ہوا -

میم با ہا

مُہْمَل ع چھوڑا گیا بیکار کیا گیا مہلت دیا گیا -
مَہْبِل ع فرج عورت کا شرمگاہ عورت کی -
مُہْمِل ع متروک و بیکار و معطل و نکما آدمی -
مَہَل ع آہستگی و توقف و مہلت و فرصت -
مُہْل ع مس گداختہ یعنے گلایا ہوا تانبا -
مَہِل ع نگذار یعنے نہ چھوڑ -
مُہَلْہَل ع زہر دیا گیا اور باریک کپڑا بنا ہوا -

میم با یا

مَیْل ع خواہش و توجہ و خمیدگی و ریلنا اور رغبت کرنا -
مِیل ع سرمہ سرمہ کرنیکا و اندازہ مسافت یعنی کروہ بقدر چہار ہزار
قدم اور مگدر پہلوانونکا جس سے ورزش کرتے ہین -
مِیکال و میکائیل ع نام فرشتہ جو رزق پر موکل ہی -

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف نون اور اخیر مین لام ہے

نون با الف

نال ف رشتہ جو قلم سی نکلتا ہی و نیشکر و سود خانہ و نے میانہ تہی
نَاقِل ع نقل کرنیوالا ایکجگہہ سی دوسری جگہہ لیجانیوالا -
نارجیل ع ناریل کہوپرا جو مشہور چیز ہے -
نازِل ع اوترنے والا نزول کرنے والا -
ناقابِل ع نالایق اور نکما آدمی -
نامعقول ع نامناسب خراب -
ناہِل ع چشمے سی پانی بہنے والا پانی جاری -

نائل ع دریافت کرنیوالا جستجو کرنے والا کسی چیز کو۔

نون با بار

نبیل ع بزرگ و دانا و نیکو و فربہ۔
نبائل ع بزرگان و نیکوکاران۔
نبل ع تیراندازی و تیر و نکوکاری و آگاہی۔

نون با جیم

نجل ع نسل و اولاد و فرزند اور ڈالنا۔

نون با حار

نحول ع لاغر ہونا گل جانا گداختہ ہونا۔
نحل ع شہد کی مکھی جو مشہور جانور ہے۔
نحل ع مذہب ہای باطلہ جمع نحلت یعنی جھوٹے مذہب

نون با خار

نخل ع درخت خرما اور آٹا چھاننا چھلنے سے۔
نخیل ع درخت خرما و درختہای خرما یہ لفظ جمع نہین بلکہ جمع ہے اسم
نخلۂ بنی ہلال ع مکہ کے راہ مین ایک نخلستان کا نام ہے منسوب بنی ہلال سے۔

نون با زاہے

نزل ع ضیافت جو مہمانکو دین سامان مہمانداری
نزول ع اُترنا کسی جگہہ و مقام پر ٹھہرنا۔
نزیل ع مہمان جو اپنے گھر مین آکر اوترے۔

نون با سین

نسل ع اولاد و شاخ درخت کی اور ٹہنی [illegible]

نون با صاد

نصل ع پیکان تیر و نیزہ جو مشہور ہتیار ہین۔
نصول ع جمع نصل بہت سے تیر و نیزے۔
نصال ع جمع نصل تیر و نیزے جو بہت سے ہون۔

نون با طار

نطول ع پانی کسی دوا کا عضو پر ڈالنا اور اوس سے دھونا
نطول ع وہ پانی جو دوا سے نکالا جاوے۔

نون با عین

نعال ع جمع نعل یعنے پاپوش ہندی جوتی۔
نعل ع کفش جوتا اور نعل آہنی جو گھوڑوں کے پانوں مین لگاتے ہین
نعم البدل ع بہتر بدلہ نیک عوض جو ملجاوے۔

نون با غین

نغول ع قیام گاہ مویشی جو ویرانہ مین ہو۔
نغول ع عمیق و ژرف و دور و بعید۔
نغول ع نردبان یعنے لکڑی کی پوڑی۔
نغل ع جای شب باشی چارپایان جو جنگل میں واقع ہو اور سیر ہونا و بدنسبت و کینہ ور و غضبناک۔
نغل ع تباہ ہونا خراب و برباد ہونا۔

نون با فار

نفل ع وہ عبادت جو بندہ پر واجب فرض نہو اور بنظر حصول ثواب وہ عبادت حاصل کرتا ہو۔
نفول ع دور و بعید و عمیق و فہمیدگی و غور۔
نفس کل ع ذات بحت و نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم

نون با قاف

نُقِل ع ایک مقام سے دوسرے مقام پر لیجانا۔
نُقل ف وہ چیز جو شراب پی کر کہائین۔
نَقّال ع نقل کرنیوالا ایک مقام سے دوسرے مقام پر پہونچانیوالا
نُقُول ع جمع نقل کے لفظ کی ہے۔
نقطہ مقابل ف ہمسر و ہمرتبہ و برابر۔

نون با کاف

نَکال ع عقوبت و رنج و غم و اندوہ و آفت و بلا۔
اَنکَل ع زنجیر و بند آہنی جو قیدیون کو پہناتے ہین۔
نُکُول ع سوگند کہانے سے باز رہنا و بدولی و اعراض۔

نون با میم

نَمل ع مور چونٹی اور نام بیماری کا۔

نون با واو

نَوَل عربی مین عطا و بخشش و مہربانی و سخاوت
نَول ف منقار مرغان و کوزہ اور کوزہ کی ٹوٹی۔
نوح سباقل و کنایۃً انسان یعنے زمین کی پیدائش۔
نَوازِل ع جمع نازلہ کی مصیبتین و رنج و آفتین۔
نونہال ف نیا پودہ درخت کا مجازاً نوجوان لڑکا۔
نَوافِل ع جمع نفل جسکے معنے عبادت کے ہین۔
نَوال ع عطا و بخشش و سخاوت و مہربانی۔

نون با ہاء

نِہال ف درخت موزون و بستر و توشک و فرش چارپائی۔

نون با یاء

نَیل ع یافتن یعنی پانا مجازاً مطلب و مقصود و مراد۔
نیم بسمل ف نیم مردہ جو مرنے کے نزدیک ہو۔
نِیل ع نام دریا جو مصر کے نیچے بہتا ہے مشہور دریا ہے
نیال ع نام بادشاہ و نام غلام سلطان سنجر سلجوقی کا
نیم ہلال ف کنایۃً لب معشوق کی۔

چھبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف واو اور اخیر مین لام ہے

واو باالف

وَاصِل ع ملنے والا اور وصل کرنیوالا پیوند جوڑنیوالا شخص
وَابِل ع وہ مینہ جسکے قطرے بڑے ہون و نام قبیلہ عرب یعنے عرب کی قوم کا نام ہے۔
وَائِل ع نام قوم عرب و نام صنم جو عرب مین تہا
وَال ف قسم ماہی اور عربی مین پناہ لیجانا۔

واو با باء

وَبال ع ویرانی سختی و گرانی و خرابی و بربادی۔

واو با جیم

وَجِل ع وہ شخص جو ہمیشہ ڈرتا ہو یعنے وہمی خوف رکہتا ہو
وَجَل ع ترسیدن یعنے ڈرنا اپنے خیال سے۔

واو با حاء

وحی منزل ع قرآن شریف و کلام مجید۔
وحل ع کیچڑ یعنے گل ولای۔

واو با راء ل سے

وَرَل ع نام جانور جو مثل سوسمار کی ہوتا ہے۔
وَرَق الخیال ع بھنگ جو نشہ لاتی ہے۔

واو با شین

وَشَل ع آب اندک یعنے تہوڑا پانی۔

واو با صاد

وَصل ع پیوند اور جوڑ اور ملنا کسی سے۔
وُصُول ع ملنا ہاتھ لگ جانا کسی چیز کا۔
وَصَّال ع پیوند کرنیوالا جوڑنیوالا کسی چیز کو۔
وُصَّال ع جمع واصل یعنے بہت سے جوڑنیوالے۔
وصال ع ملنا مجازاً مرنا فوت ہونا وصل ہونا۔

واو با کاف

وَکَل ع وہ شخص جو اپنا کام دوسرے پر چھوڑدے۔
وَکِیل ع وہ جسپر کام چھوڑا جائے یعنے مختار کیا جائے۔
وَیل ع وای کلمہ افسوس ہے جو غم میں بولا جاتا ہے۔

ستائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے
اوّل حرف ہا اور آخر مین لام ہے

ہا با الف

ہاطل ع بادل بہت برسنے والا جوش سے برسنے والا۔
ہابیل ع نام فرزند آدم علیہ السلام کا جسکو قابیل نے
ہایل ع ہولناک و شدید و سخت و دشوار۔
ہال ف الاچی سفید و قرار و آرام و صبر و تحمل۔

ہا با بای

ہُبَل نام بت کا جو کعبہ میں رکہا تہا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اوسکو توڑا
ہَبل ع کاہل و گران تن۔

ہا با جیم

ہَجَل ع زمین پست میان دو کوہ یعنے نشیب دو پہاڑون مین

ہا با رای

ہَراوُل ع جو فوج سب سے آگے ہو اور فوج اوسکے پیچھے چلے۔
ہِرَقل و ہِرَقلُ نام بادشاہ نصارا کا جو روم و شام مین
بادشاہ تہا اور عمر خلیفہ ثانی اوسپر غالب آیا۔

ہا با زای

ہُزال ع لاغری ناتوانی کمزوری وضعیفی۔
ہَزَل ع سخن بیہودہ و مسخری و بیفائدہ تقریر۔

ہا با طای

ہَطل ع برابر اور لگاتار برسنا مینہ کا قطرہ قطرہ ٹپکنا پانی کا۔

ہا با لام

ہَلاہِل ع نام زہر قاتل اور نام کوہ جس جگہہ وہ زہر پیدا
ہوتا ہے اور وہ پہاڑ چین مین ہے۔
ہِل ف الاچی خورد اور صیغہ امر ہلیدن سے یعنے چہوڑ
و کنجارہ یعنے نخالہ کنجد و سرشف۔
ہَل ف آغوش یعنے بغل۔
ہَل ع کلمہ استفہام بمعنے آیا۔
ہِلال ع تراشہ ناخن مجازاً نیا چاند پہلی رات کا چاند۔
ہلال ہلال پارہ پارہ ٹکڑے ٹکڑے۔

ہا با میم

ہَمَال ف انباز و ہمتا و شریک و سہیم و ساجھی -

ہم لِحَاف ف ہمخوابہ ہم آغوش و ہم بستر -

ہا با واو

ہَول ف ڈرانا ڈرنا اور گیند جس سے کھیلتے ہین -

ہا با یا ر

ہَیَاکَل ع جمع ہیکل جسکو معنی شکل و صورت کے ہین -

ہَیکَل ع جثہ بزرگ و اسپ دراز جسم و شکوہ و عظمت و بناے بلند و بتخانہ و صورت و شکل و حمائل و تعویذ -

ہَیل ع الاچی سفید و قاقلہ صغار یعنی چھوٹی الاچی -

ہیولاے اول ہ ذات بحت نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم

اٹھائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یا اور آخیر مین لام ہے

یا با الف

یَال ف گردن اور گھوڑے کی گردن -

یال و کوپال ف شان شوکت و عزت و افتخار

یا با سین

یَسَاوُل ت سیر توزک و نقیب جو امیر و نکے ہواریکے ساتھ ہوتے ہین

یَسَل و یَسَال ت سپہ و فوج -

یا با لام

یَل ف پہلوان شجاع و آزاد اور ترکی مین رستہ اور گزرگاہ کو کہتے ہین

یا با واو

یُونت ئیل ف نام سال -

چوبیسوان باب

اُن لغات کی بیان مین جنکے اخیر مین حرف میم ہے اور پہلی حروف برعایت حروف ہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتی جاتی ہین اسمین اٹھائیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین میم ہے

الف با با

اِبہَام ع پوشیدہ کہنا پوشیدہ چھوڑنا اور انگشت
اور دروازہ بند کرنا -

اِبرَام ع تنگ کرنا ملول کرنا دق کرنا استوار کرنا و ہر کرنا بہت گاڑھا

اِبتِسَام ع تھوڑا ہنسنا کھلنا شگفتہ ہونا -

اَبرِیشم ف مشہور چیز ہے جس سے پارچات بنائے جاتے ہین

اَبکَم ع گنگ بے زبان وہ شخص جو بات نہ کرسکتا ہو -

اِبرَاہِیم ع پیغمبر مرسل کا نام ہے جنکا خطاب خلیل اللہ تہا -

اِبرَاہِیم ادہم ع ایک ولی کا نام ہے جو پہلی بادشاہ بلخ کا تہا پہر تارک ہو کر بدرجہ ولایت پہونچا ادہم اوسکے باپکا نام ہے

ابوالقاسم ع کنیت محمد صلے اللہ علیہ وسلم -

الف با تا

اَتَم ع کامل اور پوری چیز -

اِتہام ع تہمت لگانا بہتان باندہنا۔
اِتمام ع تمام کرنا پورا کرنا کامل کرنا۔

الف باثاء

اِثم ع گناہ و تقصیر جو کسی سے سرزد ہو۔
اَثیم ع گنہگار جو خلاف حکم شرع کے کام کرے۔
اَثّم ع گنہگار گنہ کرنیوالا خطاوار۔
آثام ع جمع اثم بہت سے گناہ بہت سی خطائیں

الف باجیم

اِجمام ع ستوانا گھوڑیکو سواری کیلئے ننہن وغیرہ سے
اِنجاعم باز رکھنا کسیکو نزدیک ہونا بچہ جنانیکی حالتمین ہونا۔
اَجَم ع نیستان و انبوہی درختان یعنے درختونکا ہجوم۔
اَجرام ع جسم جواہرات اور ستارون کے جسم۔
اَجسام ع جسم آدمیون و حیوانون کا اور انکے بدن
آجام ع جمع اجم انبوہی درختان و باغ وغیرہ۔

الف باحاء

اَحزم ع بہت ہوشیار بہت دانا ولیق۔
اِحتشام ع صاحب لشکر ہونا صاحب شان شوکت ہونا۔
اِحرام ع حرام کرنا اور احرام جو حاجی حج کیلئے باندہتے ہین اور بہت باتین ترک کر دیتے ہین اور یہی حرم مین جانیکی معنے کہتے ہے
اِحتلام ع خواب مین ناپاک ہونا اور انزال کرنا۔
اَحسن تقویم بخوبی درستگی نیکنا یہ ہے پیدائش انسان کی۔
اِحتجام ع نشتر مارنا فصد کے لیے خون نکالنا۔
اَحمر اقتم ع نہایت سرخ اور نہایت لال چیز۔

اِحشام ع نوکران و خادمان و خدمتگاران۔
اَحلام ع خوابہا و عقلہا و بردباریہا۔

الف باخاء

اِختتام ع ختم کرنا پورا کرنا تمام کرنا۔
اَخزم ع نر سانپ و نام جد حاتم طائی جو مشہور سخی ہے۔
اَخرم ع بینی بریدہ نک کٹا آدمی۔
اَخثم ع چین پیشانی و ابرو کا چین۔
اَخشم ع جسکو قوت شامہ نہو یعنے خوشبو بدبو کی تمیز نکرسکے

الف بادال

آدم ع نام ابو البشر علیہ السلام کا ہے جسکی نسل سے آدمی پیدا ہوئے و بمعنے شتر سفید و آہوی سفید جسکی پشت پر سیاہ خط ہون۔
اَدہم ع سیاہ اسپ سیاہ مار سیاہ و زنجیر آہنی جو قیدیون کے پاؤن مین ڈالتے ہین اور نام پدر ابراہیم بلخی کا جو کامل ولی تہے۔
اَدیم ع پوست باغت دیا ہوا اور پوست خوشبو و ابتدائے ہر چیز و چہرہ ہر چیز و طعام با نان خورش۔
اِدام ع نان خورش یعنے سالن جو روٹی کے ساتھ کہاتے ہین
اِدغام ع کہانا بیجا دیکھنا گھوڑیکو لگام دینا حرف کو حرف مین ملانا

الف باراء

اِرغام ع خوار کرنا رسوا کرنا خراب کرنا۔
اِرتطام ع پست ہونا مٹی مین ڈالنا ذلیل کرنا۔
اَرحام ع جمع رحم خویشیان رشتہ داریان۔
اَرقام ع خطوط۔
اَرحم ع بڑا رحم والا۔

اَعَاظِم ع بزرگان و سرداران و رئیسان یہ لفظ اعظم کی جمع ہی
اَعْظَم ع بزرگ و امیر و سردار و دولتمند و ولی و مرد صاحب عظمت
اِعْلَام ع خبر دینا آگاہ کرنا اطلاع پہونچانا -
اَعْلَام جمع عَلَم نشانہا یعنی وہ علم جو لشکر مین پائی جاتی ہین
اِعْدَام ع نابود کرنا فنا کرنا نیست کرنا کسیکو -
اَعَمّ ع سب پر متصرف ہونیوالا عام دخل کرنیوالا
اَعْجَم ع جسکی زبان باتکرنے مین بہلیتی ہو اور صاف بات نکر سکتا ہو
اَعْمَام ع جمع عم جسکے معنے چچہ کے ہین یعنی بہت سی بہائی باپکے
اَعْوَام ع سالہا جمع عام کے لفظ کی بہت سے برس

الف با غین

اَغْنَام ع بکریان جمع غنم کے لفظ کی جسکے معنے بکری کے ہین
اِغْلَام ع بچہ بازی کرنا کسی بچہ کے ساتہہ بدفعل کرنا -

الف با فاء

اَفْتِی آتشین م ف کنایہ بندوق جسین گولی چلاتے ہین
اِفْحَام ع خاموش کرانا چپ کرانا گفتگو سے -
اَفْگَندہ سُم ف جو ہل نسکے جو شخص چلنے سے رہجاوے -
اَفْرِیشَم معرب ابریشم مشہور چیز ہے -
اِفْہَام ع سمجہانا اصل بات سے آگاہ کرنا -
اَفْتَابِ لب بام ف قریب المرگ آدمی جو مرنے کو ہو

الف با قاف

اِقْتِحَام ع اختیار کرنا ظلم کرنا خوار رکہنا بے آبرو کہنا کسیکو -
اَقْسَام ع حصہ ہا یعنی کئی قسم کئی طرح کئی نوع -
اُقْنُوم ع اصل ہر چیز کی بنیاد ہر ایک چیز کی -
اِقْتِسَام ع قسمت کرنا بانٹنا حصہ کرنا -
اَقْدَم ع بہت آگے یہ صیغہ تفضیل کا ہے -
اَقَانِیم ع جمع اقنوم کی یعنے بنیاد دین -
اِقْتِحَام ع ڈالنا -
اَقْوَام ع جمع قوم یعنے بہت سی قومین اور گروہ -
اِقْدَام ع ارادہ کرنا آگے چلنا پیشروی کرنا -
اَقْدَام ع جمع قدم کی یعنے بیشمار پانو -
اِقْلِیم ع ولایت جمع اسکی اقالیم ہے یعنے بہت سی ولایتین

الف با کاف

اَکْرَم ع بزرگ اکارم اسکی جمع ہی جسکے معنے بہت سی بزرگونکی ہین
اَکَارِم ع بہت سخی اور بہت بزرگ اور امرا دولتمند -
اِکْتِتَام ع چہپانا خضاب کرنا رنگ کرنا -
اَکْمَام ع آستینہا اور غلاف شگوفہ کے -

الف با لام

اِلْہَام ع جو بات دل سے اوپر خدا کی طرف سے یعنے دل کے خیالات جو سچ ہوتے
اِلْتِیَام ع آپسمین ملنا اچہا ہونا زخم کا بہر آنا -
اُولِی العَزْم ع صاحبان عزم و پیغمبران مرسل -
اِلْزَام ع لازم کرنا اپنے یا غیر پر کوئی جرم کسی پر لگانا -
اِلْتِزَام ع اپنے اوپر لازم پکڑنا کسی بات کا -
اَلْزَم بہت لازم اور نہایت ضروری بات -
اَلَم ع رنج و درد و غم و پریشانی و فکر و اندیشہ -
اَلِیْم ع دردناک اور وہ بیماری جس سے تکلیف ہو
اِلْتِثَام ع بوسہ دینا ماخوذ لثم سے چومنا -

اَللّٰهُمَّ ع یا الٰہی اے میرے پروردگار سے معبود۔
اَلِیم ع رنج پہونچانیوالا دوکہہ دینے والا۔
اَلَام ع جمع الم کی رنجہا یعنے بہت سی تکلیفین و صیبتین۔

الف با میم

اَم ع عربی مین حرف عطف ہے بمعنے یا۔
اُمّ ع مادر یعنے ماجسکو والدہ بہی کہتے ہین۔
اُمّ العلوم ع علم صرف جس سے قواعد ہر ایک علم کے نکالے ہین
اُمّ مِلْدَم ع تپ دایمی یعنے بخار جو ہمیشہ رہے۔
اُمَم ع گروہ ہاے مردم یعنے بہت سی جماعتین اور قومین اور ملتین
اَمَام ع پیش یعنے آگے۔
اِمَام ع پیشرو و سرگروہ و پیر و مرشد۔

الف بالون

اِنْتِقَام ع بدلہ لینا عوض لینا کسی سے۔
اِنْہِدَام ع ویران ہونا گرجانا عمارت کا مسمار ہونا
اِنْصِرَام ع سرانجام پانا آخر ہونا انجام کو پہونچنا۔
اِنْہِزَام ع شکست کہانا لشکر کا اور بہاگ جانا۔
اِنْقِسَام ع بانٹنا تقسیم کرنا حصہ کرنا۔
اِنْضِمَام ع جمع ہونا پیوند ہونا وصل ہونا۔
اِنْعَام ع نعمت دینا نازک کرنا زیادہ ہونا بڑہ جانا
اَنْعَام ع چارپایہا جمع نعم و نام سورۃ قرآن کا
اَنْجُم ع جمع نجم ستارہا یعنے بہت سے آسمانی ستارے
اِنْتِظَام ع آراستہ و مرتب کرنا بندوبست کرنا پرونا کسی چیز کو
اَنَام ع مخلوقات الٰہی جن و انس۔
اِنْعِدَام ع نابود ہونا گم ہونا فنا ہونا مرجانا۔
اِنْفِصَام ع شکستہ ہونا ٹوٹا ہوا ہونا۔
اَنْدَام ف عضو مجازاً تمام بدن انسان کا۔
اِمْتِشَام ع خوشبو لینا بو لینا بو اکہنا۔
اَنْجَام ع انتہا و اخیر ہر ایک چیز کی۔
اِنْتِظَام ع بندوبست کرنا مرتب کرنا پرونا پیوند کرنا

الف با واو

اَوْرَم ت بواو غیر ملفوظ انگور جو ایک قسم کا میوہ ہے
اَوْرَام ع جمع ورم کی یعنی سوج جو جسم پر بلغم سے آجانا
اَوْہَام ع جمع وہم کی یعنے بہت سے خیالات باطل

الف با ہا

اَہْرَمَن ع شیطان و کفچہ مار یعنے سانپ کا کفچہ
اِہْتِمَام ع غمخواری کوشش و بندوبست و انتظام
اَہَمّ ع مشکلتر و ضرورتر اور بہت ضروری کام۔

الف با یا

اَیْم ع مار سفید یعنی سفید سانپ جو ایک قسم کا سانپ ہوتا ہے
اِیلَام ع دردمند کرنا دوکہہ دینا تکلیف پہونچانا۔
اَیْتَام ع جمع یتیم یعنے بہت سے بے پدر لڑکے۔
اِیہَام ع شک اور غلطی مین ڈالنا وہم مین ڈالنا کسیکو
اَیَّام ع روزہا و وقت و زمانہ یہ لفظ یوم کی جمع ہے

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف بار اور آخر مین میم ہے

با بالف

باغ نسیم ف کشمیر مین ایک باغ کا نام ہے -
بادام ف مشہور میوہ ہے اور اسکے مغز کو مغز بادام کہتے ہین
بامشم مکان بلند اور چھجہ مکان کا اور صبح کا وقت -
بادام ف قسم دام یعنے ایک قسم کی جالی شکاریون کی -
باردم ف گہوڑی کی دمچی جو مشہور چیز ہے -
باہم ف آپسمین ایک دوسرے کے اتفاق سے

با بادال

بدرام ف توسن سرکش چالاک گہوڑا تیز رفتار
بدنام ف مشہور لفظ ہے وہ شخص جسکا نام بد ہو -
بدرام ف آراستہ وخوش وقبول صورت ومطبوع

با باراے

برسام ف نام بیماری جسکو ذات الجنب کہتے ہین اور اصل
مین ورم کرنا اوسپر وہ کا ہے جو زیر بغل ہے کیونکہ
بر بمعنے بغل اور سام بمعنے ورم ہے -
برابا حسم ع نام ہے ... جو سمان ... تہا -
برجحم [illegible] ابریشم ... کہتے ہین ... از
برشتہ ف وہ آرد خشک جو گوندہ ہوے آٹے کو لگا کر روٹی
پکاتے ہین ہندی اوسکو پلیتھن کہتے ہین -
بریشم ف ریشم جو مشہور چیز ہے -
برہم ف اولٹ پلٹ اور بحالت غضب وغیرہ کے
برخم ف پیچدار پیچ وپیچ زنجیرہ دار مسلسل -
برچشم وبجشم ... یعنے مجہکو یہ بات منظور ہے -

برجمم ع بند انگشت یعنے انگلیون کا جوڑ -
براجم ع انگلیون کے جوڑ جمع برجم کی -

با بازای

بزم ف مجلس مجمع جہان بہت سے آدمی جمع ہون -

با باسین

بسطام ف نام شہر جہان بایزید ولی رہتا تہا -
بسیم ع تبسم کرنے والا ہنسنے والا شخص -
بسام ع خندان وشگفتہ یعنے ہنستا اور کہیلتا ہوا -

با باشین

بشم ف اون جو بہیڑی اور دنبہ کی بدن سے اوتارتے ہین -

با باصاد

بصم ع وہ فاصلہ جو درمیان خنصر وبنصر دو انگلیون کے واقع ہو

با باقاف

بقم ع وہ لکڑی جس سے کپڑے سرخ رنگتے ہین -

با باکاف

بکم ع جمع الکم کی یعنے گونگے لوگ اور گونگا ہونا یعنی زبان بند ہونا

با بالام

بلعم ع نام درویش جس نے موسی نبی پر بددعا کی تہی -

با بامیم

بم ف بلند آواز سرود کی اور پست آواز کو زیر کہتے ہین

با بانون

بنی تمیم ع نام قبیلہ عرب جو عرب کے ملک مین رہتا ہے
بنت الکرم ع نام شراب انگوری کیونکہ کرم انگور کو کہتے ہین

بابا واو

بُو تُم ت. بچہ و طفل خورد سال چھوٹی عمر کا لڑکا۔
بُو الحَکَم ع کنیت ابو الجہل کی جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دشمن تھا
بُوم ف زمین و ولایت اور اُلّو جو مشہور پرندہ ہے۔

با با ہا

بَہرام ف نام بادشاہ جو گور خر کا شکار کھیلتا تھا و نام ستارہ مریخ جو پانچوین آسمان پر ہے۔
بَہائِم ع جمع بہیمہ چارپایہ یعنے بہت سی چارپای اور مویشی

با با یا

بِیم ف خوف ڈر دہشت رعب۔
پَیہَم ف برابر لگاتار پے در پے بار بار گھڑی گھڑی
بَیتُ الحَرَم ع خانہ کعبہ یعنے مقام حرمت و عزت کا۔
بَیرَم ت کہانو نکا برہ اور ایک قسم کپڑیکا جو قیمتی ہوتا ہے اور ترکی مین عید جشن خوشنودی اور بیاہ و شادی کا روز
بیگَم ف زن عمدہ و زن امیر یعنے خوبصورت و امیر کی عورت
بیلَم ف نام پہلوان کا جو پشنگ افراسیاب کے لشکر کا تہا جسکو رستم نے قتل کیا تہا
پیام پیغام ف وہ تقریر جو کہ دوسرے شخص کے تئین کسی کی زبانی بھیجا جاتا ہے۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور آخر مین میم ہے

تا با الف

تَاَلُّم ع دردناک ہونا صاحب غم و اندیشہ و فکر و تشویش ہونا
تَاَمُّم ع تمام و کامل اور پورا ہونا جسمین کچھ عیب نقصان نہو۔

تا با با

تَبَسُّم ع ہنسنا مسکرانا اسقدر کہ دانتونکی سفیدی نظر آئی۔
تَبَرُّم ع استوار ہونا محکم و مضبوط ہونا صاحب استقلال ہونا

تا با تا

تَتمِیم ع تمام کرنا پورا کرنا انجام کو پہنچانا کسی چیز کا۔

تا با جیم

تَجَسُّم ع فربہ ہونا دولتمند ہونا جسیم ہونا اندر رہونا۔
تَجَشُّم ع رنج پہنچنا تکلیف پانا اذیت اوٹھانا۔

تا با حا

تَحَتُّم ع واجب ہونا درست و صحیح ہونا۔
تَحَکُّم ع حکومت کرنا غلبہ کرنا حاکم ہونا زبردست ہونا
تَحَمُّم ع [illegible] باہر نکلنا حجامت کرنا [illegible] کا عالم [illegible]
تَحَشُّم ع غضب کرنا صاحب لشکر ہونا اہل حشمت ہونا۔

تا با خا

تَخَتُّم ع نشان و مہر و جود و زمین مین جو واقع ہو و نام مہر کا
تُخم ع بیج کسی درخت یا غلہ وغیرہ کا جس سے وہ چیز پیدا ہو۔

تا با را

تَرَاکُم ع آپس مین بیٹھنا گرد آنا ہجوم و انبوہ کرنا۔
تَرَحُّم ع رحم کرنا کسی کے حال پر ترس کھانا۔
تَرخِیم ع نرم کرنا ڈالنا۔
تَرنِیم ع سرود کرنا اور گانا آواز کے ساتھ۔
تَرقِیم ع لکھنا اور تحریر کرنا کسی خط و کتاب کا۔
تَرمِیم ع مرمت کرنا درست کرنا بگڑی ہوئی چیز کا

تا با زاے

تزاحم ع انبوہ کرنا ہجوم کرنا مجمع کرنا مزاحم ہونا۔

تا با سین

تسلیم ع سونپنا ماننا گردن رکہنا اطاعت کرنا۔

تسنیم ع ایک نہر بہشت مین ہے جسکا یہ نام ہے۔

تا با شین

تشمیم ع سونگنا کسی خوشبو یا بدبو کا۔

تا با صاد

تصادم ع دہکا دینا دہکیل دینا کسیکو۔

تصمیم ع خالص کرنا استوار کرنا مضبوط کرنا۔

تصمم ع استوار کرنا مضبوط و محکم کرنا۔

تا با ظار

تظلم ع فریاد و زاری کرنا کسی حاکم سے ظلم کی داد چاہنا

تا با عین

تعمیم ع عام کرنا سب کو برابر دینا۔

تعلیم ع سکہلانا علم پڑہانا ہنر سکہلانا خبر دینا۔

تعلم ع علم پڑہانا یا پڑہنا ہنر سیکہنا یا سکہلانا۔

تعتم ع تاخیر کرنا توقف کرنا ڈہیلے ہونا۔

تعظیم ع تعظیم یعنی عزت دینا عظمت کرنا آبرو کرنا بڑائی دینا کسیکو

تعظم ع عزت دینا بڑائی دینا فخر دینا کسیکو۔

تعشم ع طمع رکہنا امیدوار ہونا۔

تعشم ع سخت ضعیف ہونا خشک ہونا لاغر و ناتوان ہونا

تا با فار

تفخیم ع بزرگ ہونا عزت دار ہونا صاحب آبرو ہونا

تفحیم ع سیاہ کرنا اندہیرے مین سیر کرنا۔

تفہم ع خود سمجہ جانا سمجہانے سے۔

تفہیم ع خود سمجہانا کسی دوسرے شخص کو۔

تا با قاف

تقویم ع قیمت کرنا حساب یکسالہ راست کرنا اور اسلامی کتاب جسکا ہندوستان مین جنتری نام ہے

تقسیم ع بانٹنا قسمت کرنا حصہ حصہ کرنا۔

تقدم ع آگے ہونا پیشدستی کرنا امام بننا۔

تقدم ع صیغہ امر آگے ہونا فارسی مین پیش شو

تا با کاف

تکریم ع بخشنا عزت کرنا آبرو دینا بزرگ جاننا

تکرم ع صیغہ امر عزت کر۔

تکلم ع گفتگو کرنا بات چیت کرنا کلام کرنا۔

تکارم ع مہربانی کرنا بخشش کرنا۔

تکرم ع عزت آبرو بڑائی فخر رتبہ۔

تا با لام

تلثیم ع بوسہ دینا چومنا کسی چیز کو۔

تلثم ع چومنا بوسہ دینا کسی چیز کو۔

تلاطم ع موج مارنا دریا کا طغیانی کی حالت مین۔

تلویم ع ملامت کرنا برا بولنا کسیکو کسی جرم پر۔

تا با میم

تمام ع درست و کافی و کامل و پورا اور سارا۔

تمائم ع جمع تمیمہ کی تعویذات جو ساتھ عمل لکھتے ہین -
تمتام ع توتلا آدمی جو زبان سے تقریر ادا نہ کرسکے -
تمم ع تاریکی و سیاہی و نام بیماری چشم جس سے نظر ضعیف ہوتی ہے
تمم ع صیغہ امر تمام کر پورا کر درست کر -

تا بانون

تنعم ع ناز و نعمت سے پرورش پانا آرام سے زندگی کرنا
تنظیم ع پرونا انتظام کرنا درست بنانا -
تنجیم ع ستارہ شناسی -
تنعیم ع مکہ معظمہ کے پاس ایک مکان ہے اور نعمت دینا -
تنگ چشم ف ممسک و بخیل جسکو کچھہ خرچ کرنا مشکل ہو -

تا باواو

توہم ع وہم مین ڈالنا اور ردو دلہ کرنا کسیکو
توام ع دو بچہ لکا ایک حمل سے پیدا ہونا -

تا بایار

تیم ف مسافرخانہ و کاروان سرائے کنایۃً دنیا
اور عربی مین بندہ اور غلام و خدمت گذار -
تیغ خم ف تلوار خمدار ٹیڑھی تلوار -
تیمم ع خاک سے وضو کرنا بحالت نہونے پانی کے
تیر تمام ف تیر بے عیب بہت اچھا تیر -

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے
اوّل حرف ثا اور اخیر مین میم ہے

ثا بالام

ثلم ع ناک کاٹنا کسی مجرم کا -

ثا بامیم

ثمیم ع پس باز پہر -
ثم ع آنجا اوس جگہہ اوس مقام پر

ثا باواو

ثوم ع سیر یعنے لسن جو ایک بو دار چیز ہے -

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے
اوّل حرف جیم اور اخیر مین میم ہے

جیم باالف

جام ف پیالہ اور نام خطہ کا خراسان کی ولایت مین
جاجم ت قسم فرش کا جو بچھایا جاتا ہے -
جازم ع مضبوط استوار کرنیوالا اور حرف جزم دینے والا
جام جم ف پیالہ جمشید کا اور نام ایک کتاب کا -
جاثوم ع کابوس نام ایک بیماری کا جس سے آدمی نیند مین دب جاتا ہے
چارخم ف ایک کشتی کے داؤ کا نام ہے -

جیم باحار

جحیم ع نام ایک دوزخ کا ساتوان دوزخ مین سے

جیم بادال

جذم ع بیخ ہر چیز کی اور اصل عمارت کا
یعنے نیو اور بنیاد -

جُذَام ع نام بیماری کا جسکو کوڑہ کہتے ہین۔

جیم با رائے

جَرَم ف چمڑا جو ذی جان کے بدن پر ہوتا ہے۔
جُرْم ع گناہ تقصیر جو کسی سے سرزد ہو۔
جِرْم ع جثہ و تن علویات و سفلیات مثل جرم کہ جرم کو ... جِرم شمس و جرم قمر۔
جَرَم ع گزیر و چارہ و ضرورت و خواہش۔
جَرَائِم ع گناہ جمع جریمہ یعنے بہت سے گناہ
جَرِیْم ع ... سے کاٹا ہوا ... سے نکالا ہوا۔

جیم با زائے

جَزْم ع کاٹنا ... کرنا ... کسی چیز کو۔

جیم با سین

جِسْم بدن تن اور وہ چیز جو طول و عرض و عمق رکھے مثل جسم انسان و حیوان۔
جَسِیْم ع فربہ و جسم دار چیز و پر گوشت۔

جیم با شین

چَشْم ف آنکھ اور امید و طمع اور رغبت و توجہ ...
چشم زخم ف بدنظر۔

جیم با میم

جَم ع ... نام بادشاہ کا جو مشہور ہے۔
جَمَام ع آسودگی گھوڑے کی بعد ماندگی کے۔
جَمَام و جِمَام ع آب منی مرد اور لبالب ہونا ظرف و پیمانہ کا شراب یا پانی وغیرہ سے۔

چَم ف خرام و رفتار ناز و پیچ و خم۔

جیم با ہائے

جَہَنَّم ع دوزخ اور نام ایک طبقے کا طبقات دوزخ سے
چہاردہم ف چودہوان عدد شمار مین۔
چہلم ف چالیسوان عدد شمار مین۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف حا اور آخیر مین میم ہے

حا با الف

حَام ع نام پسر نوح علیہ السلام۔
حَاتِم ع نام ایک سخی کا جو قبیلہ طے سے تھا اور سخاوت مین وہ ضرب المثل ہے۔
حاتم اصم نام ایک ولی کامل کا جو مسلمانی فرقے مین ...
حَازِم ع دانا و ہوشیار و لائق آدمی صاحب علم و فضل
حَاکِم ع حکم کرنیوالا۔

حا با تا

حَتْم ع استوار کرنا حکم کرنا واجب کرنا کام کا اور حکم کرنیوالا

حا با جیم

حَجْم ع برابری و بڑائی و حجامت کسی چیز کی جسقدر ہو۔
حَجَّام ع خون کھینچنے والا پچھنے لگانیوالا نائی حجامت کرنیوالا

حا با رائے

حَرَم ع حرم ... خانہ کعبہ کہ قتل انسان و شکار حیوان ...

اوسکےگہر منع ہی مجازاً ان خانہ و مقام پردہ دار اہل حرم

حَرَام ع منع کرنا منع کرنا یا ناروا و ناشائستہ

حَرِیم ع خانہ گہر پر دیواری ہنی کا مقام -

حروف معجم ع جو حروف نقطہ دار ہون -

حا با زاے

حَزم ع استواری ہوشیاری اور تنگی مضبوطی اور گہوڑیکا تنگ باندہ

حِزَام ع گہوڑے کا تنگ جو باندہتے ہین -

حا با سین

حُسَام ع شمشیر جسکو تلوار ہندی مین کہتے ہین

حَسْم ع کاٹنا قطع کرنا جدا کرنا زخم لگانا -

حَسّان عجم ع لقب خاقانی شاعر کا جو استاد شاعر تہا

حا با شین

حَشَم ع چاکران و خدمتگاران و غلامان -

حا با صاد

حِصرِم ع غورہ انگور یعنے انگور کاست -

حا با طا

حَطِیم ع شاذروان کعبہ یا مابین رکن و زمزم دیوار پر جانب کعبہ مغرب

حُطَام ع شکستہ ریزہ گیاہ و کنایہ مال اندک

حا با کاف

حُکم ع فرمان دینا اسم فاعل اسکا حاکم ہے -

حَکَمَہ ع زیر لبنا اور لگام دینا گہوڑے کو -

حَکَم ع حکم کرنیوالا اور نام ایک شخص کا جو بادشاہ تہا

حِکَم ع حکمتین جمع حکمت کی لغت کی -

حُکّام ع حاکمان جمع حاکم یعنے بہت سے حکم دینیوالے

حَکِیم ع صاحب حکمت بعقلمند و دانا و عقیل -

حا با لام

حِلم ع آہستگی نرم مزاجی و ملائمت طبع -

حُلْم و حُلُم ع خواب دیکہنا اور جو کچہہ خواب مین دیکہا جاے

حُلّام ع بچہ گوسپند یعنے بکری کا بچہ -

حَلِیم ع بدہ بار اور قسم طعام جو بہت سے اناج ملاکر پکاتے ہین

حا با میم

حَمِیم ع گرم و گرم پانی اور آدمی جسکو پیار ہو اور دوست رشتہ دار

حِمَام ع مرگ و کبوتران و کبوتر -

حَمَم ع خسر اسالا و رشتہ دار سسرال کا

حَمّام ع غسل خانہ جس مین گرم پانی ہو -

حَمَائِم ع کبوتر اور ہر مرغ طوقدار مثل قمری وغیرہ

حا با یاے

حَیُّ العالم ع نام ایک نہال کا ہے جو ہمیشہ سرسبز رہتا ہے

حَیُّ القیوم ع زندہ و قائم نام خداے تعالے -

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف خا اور اخیر مین میم ہے

خا با الف

خَام ف کچا اور چیز جسکو باغت نہو اور خالص و امیقل ٹوٹا ہوا

خَاتَم ع مہر و انگشتری و خاتِم ختم کرنے والا -

خارِم ع سگا فندہ برچینا ور ناک کاٹنے والا و فسیندہ سر فیسا دگیر آرادی
خانۂ ششم ف برج سنبلہ جو چھٹا برج ہے -
خادِم ع غلام و نوکر و چاکر و خدمتگار تابعدار

خا با تا

خَتم ع پورا کرنا مُہر کرنا -
خِتام ع موم یا لاکھہ سے مُہر کرنا بند کرنا -

خا با دال

خَدَم ع چاکران غلامان نوکران خدمتگزاران -
خُدّام ع جمع خادم کی یعنے بہت سے غلام خدمتگزار

خا با رائے

خُرطُوم ع ہاتھی کی ناک جمع اسکی خراطیم ہے -
خِرام ع رفتار نرم نازسے چلنا مٹک کر چلنا -
خَرم ع ناک کو چھید نا سوراخ کرنا ناک مین -
خُرَّم ع تازہ و سیراب و خوش و سرسبز
خَرق الَایّام ع بیٹھنا اور ملنا -

خا با شین

خَشم و خشم ف غضب غصہ کینہ و برہمی مزاج -

خا با صاد

خَصَم ع دشمن و مالک و صاحب و خاوند -
خُصُوم ع جھگڑالو و دشمن عداوتی بیری
خُصُوم ع دشمنی کرنا عداوت کرنا -
خَصِیم ع دشمن جو سب سے عداوت کرے -
خَصم ع جنگ و جدل کرنا اور جنگ کرنیوالے لوگ

خا با طا

خطِ مستقیم ع سیدھا خط جس مین کجی نہو -
خِطام ع اونٹ کی مُہار گہوڑے کی باگ -

خا با لام

خَلَم ف ناک کا فضلہ اور عربی مین یار و دوست

خا با میم

خُم ف مٹکا جسمین پانی وغیرہ اشیا ڈالی جائین -
خَم ف پیچ ٹیڑھاپن جو کسی چیز مین ہو -
خم و چم ف ناز و ادا وقت رفتار -

خا با واو

خوش قلم ف خوش خط آدمی جسکا خط اچھا ہو -
خوش قدم ف خوش رفتار گہوڑا اچھی چال کا گھوڑا -
خَواتِم ع مُہرین اور نقش جو قایم کیے جائین -
خوارزم ف نام ایک ملک کا ہے -
خُرّم ف خوش -
خودکام ف مرد خودرای خودغرض خود مطلب
خورشید بام ف قریب مرگ نزع کی حالت مین یعنی مرنیوالا شخص

خا با یا

خِیام ع جمع خیمہ یعنے بہت سے خیمے -
خَیّام ع خیمہ دوز جو خیمہ کو سیکر تیار کرے -
خِیَم ع خودی و عادت و خو جو انسان مین ہو -
خِیَم ع جمع خیمہ کی یعنے بہت سے خیمے -
خَیشُوم ع بینی و سہتزان ہڈی یعنے ناک کی ہڈی

خیاشیم ع پردہ ہائے بینی خیشوم کی جمع ہے -
خیر مقدم ع اچھا آنا یہ کلمہ کسی یار دوست کے آنیکے وقت کہتے ہین

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف دال اور آخیر مین میم ہے

دال باالف

دَاحِم ف جنگلی اور جانوران صحرائی جو درندہ نہون مثل آہو و گوزن وغیرہ و وزن اکیس ماشہ کا -
دار النعیم ع نعمت کا گہر یعنے بہشت -
دار السلام ع بہشت اور لقب شہر بغداد کا -
دابشلیم ف نام راجہ ہند جسنے کتاب کلیلہ دمنہ ایجاد کیا
دَائِم ع ہمیشہ - -

دال باراے

دُرِیتیم ف بڑا موتی جو سیپ مین ایک ہو -
درازدم ف ہر باہو مشہور جانور ہے -
درام ف سینہ ساہی خاردار جانور -
دراہم ع جمع درہم کی بہت سے درہم -
درہم ع وزن ساڑہے تین ماشہ کا اور نام ایک سکہ کا

دال بازاے

دِژَم ف پریشان واندوہگین و خشمناک -

دال باسین

دَسِم ع چرب یعنے وہ چیز جسکو روغن لگا ہو -
دَسَم ع چرب ہونا یہ لفظ مصدر ہے -
دست کلیم ف کنایہ آفتاب باعتبار روشنی کے

دال باشین

دُشنام ف گالی بدگوئی بدکلامی و بدگفتاری -
دشمن کام ف کم بخت ذلیل جسکی حالت دیکہکر دشمن خوش ہون

دال باعین

دَعَائِم ع جمع دعامہ پایہ ہاے تخت و ستونہاے عمارت

دال بامیم

دم ع عربی مین خون اور فارسی مین سانس و نفس و سخن و افسون و فریب و مکر و جرعہ آب و باد کش آہنگران و غرور و بوے و تیزی شمشیر و ہنگام و وقت و لاف و گفتگو و دم

دَمِیم ع زشت رو و بدصورت و مکروہ و نامطبوع
دمادم و دمبدم ف پے در پے بار بار ہر وقت ہر آن
دُم ہ پونچہ جانور کی دُنب لفظ کی بہی یہی معنی ہین
دم تسلیم ف وقت نزع جبوقت جان نکلتی ہے

دال باواو

دوازدہ مقام ف بارہ مقام موسیقی کی چنانچہ راہوی و حسینی و یا شاب و بوسلیک و عشاق و زیر بزرگ و زیر کوچک و حجاز و عراق و زنگلہ و حسینی و رہاوی و نوا یہ بارہ مقام موسیقی کی ہین

دوازدہ امام بارہ امام چنانچہ حضرت علیؑ و امام حسنؑ و امام حسینؑ و زین العابدینؑ و امام محمد باقرؑ و جعفر صادقؑ و موسیٰ کاظمؑ و علی رضاؑ و امام محمد تقیؑ و محمد نقیؑ و حسن عسکریؑ و امام مہدیؑ -

دوستکام وہ شخص جسکو دوست دیکہکر خوش ہون یعنے خوشحال آدمی

دوازدہم ف بارہوان حصہ یعنی بارہ مین سے ایک ۔
دُوُم ف دوسرا حصہ یعنے دو مین سے ایک ۔
دَوَام ف ہمیشگی اور ہمیشہ کا قیام ۔
دونیم ف اڈہائی یعنے دو حصے اور آدہا ۔
دَہُم ف دسوان حصہ یعنے دس مین سے ایک

دال بایار

دیو مردم ف جنگلی آدمی جنکو بن مانس کہتے ہین مجازاً وہ شخص جو جفاکار و شریر و مردم آزار ہو ۔
دیہیم ف تاج بادشاہی جو اجلاس کیوقت سر پر رکہتے ہین
دیلم نام ہے ایک قوم جنگلی بادشاہت مدت تک رہی
دیم ع روح و چہرہ و قسیم چرم ۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ذال اور آخیر مین میم ہے

ذال بامیم

ذم ع بدگوئی کرنا بدکلامی سے پیش آنا گالی دینا
ذمیم ع بد و زشت و فضلہ منی اور کبہی سفید جو کسی دنبل یا [illegible] کے بدن سے نکلے ۔
ذمائم ع جمع ذمیمہ بدگویان یعنے جنکو گالی دینے کی عادت ہو ۔

ذال بایاے

ذوسلم ع نام ایک مقام کا و نام درخت کا

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف راے اور آخیر مین میم ہے

راے باالف

راغم ف فرمان بردار و مطیع و متابعت کرنیوالا ۔
راحم ع مہربان صاحب رحم نرمی کرنیوالا معافی دینے والا
راقم ع لکہنے والا کسی خط یا کتاب کو ۔

راے باتار

رتم ع وہ رشتہ جو یادداشت کیلیے انگلی کو باندہ رکہین

راے باجیم

رجم ع پتہر مارنا سنگسار کرنا نفرین کرنا گمان سے سخن کہنا چلانا دور کرنا گالی دینا بدگوئی کرنا ۔
رجوم ع چلانیوالا پتہر مارنیوالا بدگو و بدکلام ۔
رجوم ع وہ تارے جو آسمان سے ٹوٹتے ہین اور شیطان انسے چلاجاتے ہین
رجیم ع سنگسار کیا گیا اور راندہ مجازاً شیطان ۔

راے باحار

رحم ع بچہ دان عورت کا جسمین بچہ پیدا ہوتا ہے ۔
رحیم ع مہربان صاحب رحم نرم دل معافی دینے والا
رحم ع بخشنا مہربانی کرنا ۔

راے باخار

رخم ع دودہ کی نرمی [illegible] بدخلقی ۔
رخیم ع مردم نرم آواز و ضعیف و مرد نرم [illegible]
رخامہ ع سنگ سفید و نرم مجازاً سنگ مرمر

راے با زاے

رزم ف جنگ و جدل و خصومت و لڑائی و فتنہ و فساد

راے با سین

رسم ع نشان و آئین و عادات اور لکھنا اور داغ دینا اور قاعدہ و قانون و وظیفہ و مشاہرہ و نقش کرنا۔

رسوم ع جمع رسم کی یعنی بہت سی عادتین و قاعدہ و قانون

رسام ع نقاش و مصور و نام آہنگر جو اپنے کام مین استاد ہو

راے با غین

رغام ع خاک ریگ آمیز یعنے جس مٹی مین ریگ ملی ہو

رغم ع خاک آلودہ ہونا خوار ہونا مکروہ کہنا ناپسند کرنا

راے با قاف

رقم ع لکھنا اور لکھی ہوئی تقریر۔

رقوم ع جمع رقم کی یعنے سی لکھی ہوئی باتین۔

رقایم ع جمع رقیمہ خطوط۔

راے با میم

رمم رمم ف بہاگنا و گلہ بانان و گوسپندان و نام جنگل کا

رمیم ع بوسیدہ و کہنہ ہڈیان اور چیز پرانی۔

رمایم ع جمع رمیمہ بوسیدہ و کہنہ۔

راے با واو

روم نام ملک اور ولایت کا جو مشہور ہے۔

روح مکرم ف جبرئیل علیہ السلام جو مشہور مقرب فرشتہ ہے

روح اعظم ع جبرئیل علیہ السلام جو خدا کیطرف سے پیغمبر کے پاس احکام الٰہی لاتا تہا

روز امید و بیم ف قیامت کا دن امید اور خوف کا دن

روزہ مریم ف روزہ خاموشی یعنی چپ کا روزہ۔

راے با ہاے

رہ انجام ف اسپ تیز رفتار و قاصد تیز رو

راے با یاے

ریم ف جو زخم سے سفید رنگ نکلتی ہے بگڑا ہوا خون

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف زاے اور اخیر مین میم ہے

زاے با الف

زاد بوم ف وطن اور جاے تولد یعنی جسجگہ انسان پیدا ہوا ہو

زاے با حاے

زحمت ع انبوہ و ہجوم و رنج و بلا و آفت و بیماری۔

زحام ع انبوہ و ہجوم و زحمت و بیماری و تکلیف۔

زاے با خاے

زخم ف جو تلوار وغیرہ سے بدن پر آئی ہندی مین اسکو گہاو کہتے ہین

زاے با عین

زعم ع گمان و وہم و خیال جو انسان کے دل مین آئے

زاے با قاف

زقوم ع تہوہر کا درخت جو مشہور خاردار درخت ہے

زاے با کاف

زکام ع نام بیماری کا جس سے دماغی فضلہ ناک کا راستہ سے جاری ہوتا ہے

زاے با میم

زَم ف - بو مین ایک رود کا نام ہے -
زِمام ع لگام اور مہار شتر یعنی گہوڑیکی باگ اور اونٹ کی نکیل
زمزم ع ایک چاہ کا نام ہے جو کعبہ مین ہے -
زَمَم ع مہار شتر و استوار و ارادہ و قصد -

زاے بانون

زَنیم ع وہ شخص جو بدی مین نشانہ ہو اور ہر کوئی اوسکو بد کہے

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف سین اور اخیر مین میم ہے

سین باالف

سام ف نام جد رستم اور نام پہاڑ کا اور قصد کرنا
و نام پسر نوح ع و بمعنی ورم و درد و آتش و مرگ و ہلاک زر سرخ یعنی سونا
سالِم ع پورا بے نقصان بے عیب تمام و کمال -

سین بابا

سبز چشم ف کبود چشم یعنی جسکی آنکہین نیلی ہوون -
سپیدہ دم ف صبح صادق کا وقت جس وقت کہ سفیدی شروع ہوتی ہے
سپر غم ف گل تازہ بو ہندی مروہ جسکو ریحان بہی کہتے ہین
بعض کے نزدیک ریحان اور پہول ہے -

سین باتا

ستام ت نام پو جسکو بلاق کہتے ہین اور ناک مین پہنی جاتی ہے مجازاً لگام
ستم ف ظلم بے انصافی جور و جفا تعدی -

سین باراے

سرسام ف ورم دماغ نام بیماری کا کہ سام ورم کو کہتے ہین یہ بیماری مہلک ہے
سرانجام ف عاقبت و آخر ہر چیز کا و سامان -
سریشم ف سریش جس سے لکڑیان آپسمین چپکاتے ہین -
سرگرم ف مشغول و مصروف کسی ضروری کام مین -
سرگم ف بے ابتدا و بے انتہا یعنی جسکے اول و آخر کی چیز نہو -
سُرم ع سوراخ مقعد و وہان رودہ جو ملحق مقعد کے ساتہہ ہے
سرم ت چمڑا پہیلا ہوا صفا کیا ہوا چمڑا -

سین باقاف

سُقم و سَقم ع بیماری و زحمت و تکلیف و رنج -
سَقیم ع بیمار آدمی و چیز ناقص و عیب دار و خراب -
سَقام ع بیماری و زحمت جو کسیکو لاحق ہو -
سِقام ع بیماران جمع سقیم کی بہت سے بیمار -

سین بالام

سلالم خیبر کے قلعون مین سے ایکا نام ہے جو مدینہ منورہ کے علاقے مین ہے
سلام ع فرمان برداری و بے آزاری و بے عیبی و تعظیم و بندگی
اور سلام کہنا اور ایک نام خدا کے نامون مین سے اور
فارسی مین عدد صد ہزار جسکو لکہہ کہتے ہین -
سلیم ع درست و صاف و سلامت و مردہ دل و نرم مزاج و سلامت رو
سلم ت نام پسر کلان فریدون جو مشہور بادشاہ ہے -
سلم ف تختی لڑکون کی لکہنیکی اور عربی مین نام درخت -
سُلَّم ع نردبان چوبین یعنی لکڑیکی بنائی ہوئی سیڑہی -
سلم ع صلح و آشتی و صفائی جو دو شخصون مین ہو -
شلجم معرب شلغم جو مشہور ترکاری ہے -

سین با میم

سَمُوم ع باد گرم گرم ہوا جو گرمی مین چلتی ہو -

سَہم ع نہر اور سوراخ سوزن و نام پہلوان جو بڑا جوانمرد تہا

سُم ف ناخن اسپ مجازاً گہوڑیکا پانو یا کسی اور چارپایہ کا -

سُمُوم ع جمع سم زہر یعنے بہت سی زہر جنکی کہانیسے آدمی مرجائے

سین با نون

سَنَام ع کوہان شتر یعنے اونٹ کی پیٹہہ کی ہڈی جو اونچی ہوتی ہے

سین با واو

سَوادِ اعظم ف شہر و علاقہ بزرگ اور ولایت و اقلیم -

سَوم ع گران بیچنا وقت کرنا نرخ کہینچنا گہاس چرنا

سُوُم ف ترجمہ ثالث ہندی مین تیسرا -

سین با ہا

سَہم ع تیر و حصہ و بخرہ اور فارسی زبان مین خوف و بیم و ہیبت و ڈر

سَہَّام ع تیر انداز جسکا تیر نشانہ سے خطا نہ جائے -

سِہَام ع بہت سے حصے اور تیر چلانے کے -

سُہَام ع تاریکی و تغیر چہرہ و لاغر ہونا کمزور ہونا

سَہَام ع شدت و حرارت تابستان و سخت گرمی

سَہِیم ع شریک یا صاحب حصہ جو کسی تجارت وغیرہ کام مین ہو

سَہم الحَشَم ع سر لشکر و بخشی فوج کا و سپہ سالار -

سین با یار

سِیہ گلیم ف بدبخت بے دولت مفلس نادار و تنگدست

سِیہ قلم ف معشوق ملیح یعنے سانولے رنگ کا معشوق

سیاہی چشم ف روشنی چشم یعنے آنکہونکی پتلی -

سِیم ع وہ پانی جو کشتی مین آتا ہے و ملاح اوسکو نکالتے ہین اور فارسی مین چاندی و دولت و مال -

سَیلُ العَرِم ع آب جاری نہر کا اور دریا کا پانی -

سیام ف نام ایک کوہ کا جو نزدیک شہر سمرقند ہے

سیہ بادام ف کنایہ معشوق کی آنکہہ -

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف شین اور آخیر مین میم ہے

شین با الف

شَام ف وقت مغرب کا اور نام ہے ایک ملک کا جسکا دار الخلافہ دمشق ہے

شادکام ف خوش دل -

شین با بار

شَبَم ع سردی اور سرد ہونا ٹہنڈا ہونا -

شَبِم ع چیز سرد جو ٹہنڈی ہو چکی ہو -

شَبنَم ف وہ قطرات جو رات کو برستے ہین اور صبح کو قطرات گہاس پہ نظر آتے ہین -

شین با تا

شَتم ع دشنام و بدگوئی و بدکلامی اور گالی دینا -

شُتُوم ع ظلم و تعدی و جور و جفا و سختی و ایذا -

شین با جیم

شجر کلیم ع وہ درخت جسپر موسیٰ کو تجلی ہوا اور آواز انی انا اللہ رب العالمین کی موسیٰ کو خدا کیطرف سے ہوئی -

شین با حاء

شَحْم ع پیه یعنی چربی جو انسان و حیوان کی بدن مین ہوتی ہی

شین با میم

شَمّ ع سونگھنا اور فارسی مین فریب نفرت نوحه و فریاد

شَمْشَم ف پاپوش و نعلین یعنی جوتا چرمی و نفرت بیہوشی و ناخن و قسم ابریشم ناقص۔

شَمَائِم ع خوشبو یان جمع شمیمه کے لفظ کی۔

شَمِیم ع خوشبودار ہوا و مطبوع و سرد و خوشبودار

شین با واو

شُوم ع بدفالی و بدفال بدبخت و منحوس و بخیل و ممسک

شور چشم ف وہ شخص جسکی نظر لگ جائے اور اوسکی نظر کی تاثیر سے دوسرے شخص کی حالت ابتر ہو جائے

شین با یاء

شِیَم ع عادتین خصلتین جمع شیمه کی جسکی معنی عادت کے ہین۔

شیم ع مچھلی دم دار یعنی وہ مچھلی جسکی جلد پر گول چھلکے ہون

شیر اندام ف وہ شخص جسکا سینه فراخ یعنی چوڑا کمر باریک بازو سطبر ہون شیر کا سا جسم ہو۔

شیر علم ف جو شیر علم پر لکھا ہوا ہوتا ہے۔

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان ہین جن کے اول حرف صاد اور اخیر مین میم ہے

صاد با الف

صَارِم ع تلوار کاٹنے والی ماخوذ صرم سے

صَائِم ع روزہ دار اور نام ایک رودہ کا جسمین فضله ٹھہرتا نہین ہے جو وقت آتا ہے نکلجاتا ہے۔

صاد با راء

صُرْم ع سرب چرم چمڑا اور کاٹنا قطع کرنا۔

صاد با لام

صلۂ رحم ع رشتیوشون سے میل رکھنی اقربا سے ملتے رہنا

صاد با میم

صَمِیم ع خالص مضبوط اور بہرا آدمی اور خلاصه ہر چیز کا

صَمْصَام ع شمشیر یعنی تلوار جو ایک مشہور ہتیار ہے۔

صَمَم ع بہرا پن یعنے بہرا ہونا بات نه سُن سکنا

صُمٌّ بُکْمٌ ع بہرے گونگے لوگ۔

صاد با نون

صَنَم ع بت و تصویر مجازاً معشوق خوبصورت تصویر جیسا

صاد با واو

صَوَارِم ع تلوارین اور بہت سے ہتیار کاٹنے والے

صَوْم ع روزہ رکھنا دن کو کچھ نه کھانا۔

صوم مریم ع تمام دن کسیسے کلام نه کرنا صبح سے شام تک چپ رہنا چونکه بی بی مریم عیسے علیه السلام کی والدہ نے یہه روزہ رکھا تھا اسواسطے روزۂ مریم کے ساتھه منسوب ہوا

صاد با یاء

صِیَام ع روزہ یعنی بہت سے روزے یه لفظ جمع صوم کی ہے

صید حرم ع حرم کا شکار جہان شکار کرنا حرام ہے۔

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ضاد اور آخیر مین میم ہے

ضاد با حاء

ضَیحم ع وہ شخص جسکی منہہ یا گردن یا زنخدان مین کجی ہو

ضاد با خاء

ضَیخَم ع فربہ و بزرگ جثہ لمبا چوڑا جسم۔

ضاد با راے

ضِرغام ع شیر درندہ جنگل کا شیر۔
ضِرام ع ہیزم باریک ریزہ جس سے آگ جلاتے ہین یعنی پتلی لکڑیان

ضاد با غین

ضَیغَم ع گزندہ درندہ جانور مثل شیر و گرگ وغیرہ۔

ضاد با میم

ضَمیم ع شامل کیا گیا پیوند کیا گیا متصل کیا گیا جوڑ لگایا گیا

ضاد با یاء

ضَیغَم ع گزندہ شیر درندہ کاٹنے والا جانور۔
ضَیم ع کسیکا نقصان کرنا ظلم کرنا تعدی روا رکہنا۔

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف طاء اور آخیر مین میم ہے

طا با الف

طارم ف خانہ چوبین و خانہ بلند و بالاخانہ یہ لفظ راے کی تینون حرکات سے پڑہا جاتا ہے۔

طا با راے

طرفدار انجم ف ستارہ مریخ جو پانچوین آسمان پر ہے

طا با عین

طَعم ف مزہ و لذت جو انسان کو کہانے سے حاصل ہوتی ہے
طُعم و طعام ع کہانے کی چیز لذت دار چیز۔

طا با لام

طِلِسم ف یونانی لفظ ہے اور یہ ایک عمل کا نام ہے کہ خزانہ و دفاین پر بترکیب اجزاے ارضی و سماوی بناتے ہین کہ کوئی غیر شخص اوسپر دخل نہ پاوے مجازاً اچنبہا و تعجب کی بات

طا با میم

طَمَع خام امید باطل ایسی بات کی جو ممکن نہو چاہنا تہوڑا و سکا عقل انسان

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ظاء اور آخیر مین میم ہے

ظاء با الف

ظالم ع ظلم کرنیوالا جور و تعدی پسند رکہنے والا ناانصاف

ظا با لام

ظُلم ع ستم و جور و جفا و ناانصافی و ناحق پسندی۔
ظُلَم ع تاریک اور تاریک ہونا ناانصاف ہونا۔
ظُلَم جمع ظلمت کی یعنی بہت سی تاریکیان و اندہیریان

ظَلُوم ع سخت ظالم نہایت ظلم کرنیوالا بے انصاف آدمی

ظَلَام ع تاریکی اول شب یعنے پہلی رات کا اندہیرا

ظُلَام ع جمع ظلمت یعنے بہت سی تاریکیاں اور اندہیرے

ظَلَّام ع نہایت ظالم اور سخت بے انصاف آدمی۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور اخیر مین میم ہے

عین با الف

عَاصِم ع بازرکہنے والا نگاہ رکہنے والا ایک قاری کا نام ہے جو قرارت کے علم مین یگانہ تہا۔

عَالِم ع صاحب علم دانا خبردار ہشیار آدمی

عَالَم ع جہان و انواع مخلوقات و عالم کائنات۔

عَام ع ضد خاص یعنے ہر ایک شخص اور ہر ایک چیز

عَام ع سال برس۔

عَازِم ع ارادہ کرنیوالا قصد کرنیوالا مستعد کسی چیز کا

عین با جیم

عَجْم ع اعراب دینا حروف اور نقطہ دینا حروف پر۔

عَجَم ع گنگ بانان و باشندگان ملک عجم۔

عَجَم ع وہ ملک جسکا سوا عرب کے ہو خصوصاً ایران توران مردم

عَجَم ع بحرکت جیم جسکو معنے گولی اور دانہ کی ہین یعنے دانہ خرما و دانۂ انگور

عین با دال

عَدَم ع نبودگی و نابود چیز جو موجود نہو۔

عَدِیم ع نایاب کمیاب یعنے جو چیز مل نہ سکے۔

عین بازاے

عَرَضِ عام ع ایک عرض جسمین مختلف پیدائش شامل ہون چنانچہ چلنا اسمین انسان گائ گہوڑی وغیرہ شامل ہین

عَرِم ع بند خانہ اور وہ دیوار جو پانی کی بندش کو بہی کے آگے بناتے ہین ہندو اوسکو باندہ کہتے ہین۔

عَرَمْرَم ت لشکر و فوج و ہجوم و انبوہ آدمیون کا۔

عین بازاے

عَزْم ع ارادہ و قصد جو کسی کام کے حاصل کرنیکے لئے ہو

عَزَائِم ع افسون اور وہ دعائین جو جنون کی حاضری و شفاے بیمار کے لئے پڑہتے ہین۔

عین با صاد

عِصَام ع پانی کی مشک کا بند و مشکی نام ایک شخص کا۔

عین با ظاء

عَظْم ع استخوان یعنے ہڈی انسان یا حیوان کے جسم کی

عِظَم ع بزرگی و عزت و عظمت و رتبہ و آبرو و بڑائی۔

عَظُم ع کلان ہونا بڑا ہونا بڑہنا عزت و آبرو پانا۔

عِظَام ع جمع عظیم بزرگان و کلانان و جمع عظم یعنے استخوان انسان یا حیوان

عُظَّام ع بزرگان و امیران و دولتمندان۔

عَظِیم ع بڑا صاحب عظمت و عزت و آبرو اور یہ لفظ خدا کے نام کے ساتہ استعمال کیا جاتا ہے۔

عین با قاف

عَقِیم ع بے اولاد عورت یا مرد یعنے وہ عورت جو بچہ

نہ جنے اور وہ مرد جس کا نطفہ ناکارہ ہو۔

عین بالام

عِلّتِ عالَم ع عقل اول و نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم
عَلَم ع رایت نشان مشہور معروف یعنی جس چیز کو ہر کوئی جانتا ہو
عِلْم ع آگاہ ہونا جاننا خبردار ہونا۔
عُلُوم ع بہت سے علم مثل علم حدیث وتفسیر وصرف ونحو وغیرہ
علی الدوام ع ہمیشہ ہر روز ہر وقت ہر حال۔
عَلِیم ع صاحب علم خبردار وآگاہ یہ نام خدا تعالی کے ناموں میں سے ہے
علم کلام ع وہ علم جس سے مقدمات نقلی کو بدلائل عقلی ثابت کریں
عَلّام ع بڑا دانا وصاحب علم وباخبر آدمی۔
علی الرغم ع برخلاف وبرعکس یعنے برخرابی۔

عین بامیم

عمر خیام ع نام ایک شاعر کا ہے جو عرب میں رہتا تھا
عَم ع برادر پدر جسکو ہندی میں چچا کہتے ہیں۔
عُمُوم ع زیادتی وبطریق عام سب کے واسطے اور سب کے روبرو
عَمِیم ع تمام وہمہ یعنے تمام وکمال پورا پورا۔
عَمائم ع جمع عمامہ دستارہا یعنے پگڑیاں جو سر پر باندھتے ہیں

عین باواو

عَوالِم ع جمع عالم یعنے جہان اور بہت سے جہان۔
عَوام ع جمع عامہ ہر طرح کے لوگ جو خاص نہو۔
عوام وعوام ع اسپ راہوار تیز رفتار گھوڑا۔

او نیسوین فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اوّل حرف غین اور آخر میں میم ہے
گلہ بان ف گڈریا مویشی چرانیوالا شخص جو تمام گانو کا مال چرائے اور گانو کا مال اوسکے حوالہ ہو۔
گلبن ف پھول کا بوٹا جسکے ساتھ پھول لگتے ہین
گل کردن ف ظاہر کرنا روشن کرنا چراغ کو بجھانا
گل شدن ف ظاہر ہونا شگفتہ ہونا ہنسنا خوش ہونا
گلگون ف نام اسپ شیرین مجازاً ہر اسپ سرخ رنگ۔

گلفشان ف قسم آتشبازی یعنے پہول جہڑی
گلشن ف باغ جسمین بہت سی گلزار ہو
گلستان ف باغ اور گلزار کا مقام
کلان ف بڑا اور بڑی عمر کا اور بڑے رتبہ اور قدر کا
گل زمین ف جو زمین پر سبزہ و سہراب شاداب ہو
گل چیدن ف تماشا کرنا سیر کرنا دیکہنا باغ کو

کاف با میم

کمین ف چہپنا کسی مقام مین بارادہ قتل دشمن کے گہات لگانا
کمزن ف کم ہمت و کم حوصلہ آدمی
کمان ف مشہور لفظ ہے جس سے تیر چلاتے ہین
کموّن ع زیرہ جو مشہور چیز اور مشہور مصالح ہے
کمر باختن ف بے طاقت ہونا کمزور ہونا
کمر کشادن ف ترک کرنا کسی ارادہ سے باز آنا
کمترین ف بہت ناکار بہت غریب آدمی
گماشتن ف مقرر کرنا چہوڑنا کسیکو کام پر تعینات کرنا اپنی عیوض
گمان ف وہم و شک و شبہ جو کسیکے دل مین ہو

کاف با نون

گندناگون ف سبز رنگ مائل بسیاہی یعنے سانولا رنگ
گندیدن ف بدبو دینا بدبو پہیلانا بدبو ہونا
کندن و کندیدن ف اوکہاڑنا کہودنا زمین وغیرہ کا
گنج شایگان ف خزانہ فراخ ولائق دینے دار اور وہ خزانہ جو مفت ملجائے
گنج روا ف خزانہ قارون جو ہمیشہ نیچے کو جاتا اور قیامت تک جائیگا
گنج قارون ف مشہور خزانہ ہے جو موسی نبی علیہ السلام
کی بددعا سے زمین مین غرق ہوگیا تھا
گندلان ف خیمہ شاہی جس مین بادشاہ مقام ہو
کتان ع پوشش لباس جو انسان پہنتے ہین
کنان ت کہنہ یعنے پرانا مال وغیرہ
کنج ت پردہ و پوشش و لباس و پوشاک
کن ع شو یعنے ہو صیغہ امر ہے عربی مین
کن ف کر صیغہ امر ہے فارسی مین
کن مکن امر و نہی کر مکر
کنعان نام پسر نوح جو کافر ہوگیا تہا نام شہر مشہور و نام مرد کا
گنجیدن ف سمانا گنجایش کرنا کسی مقام مین
کن فکان ع عالم موجودات و عالم پیدایش و دنیا
کن فیکون ع عالم کائنات و عالم موجودات زمانہ
کنون ف اب اسی وقت اسی دم ابہی

کاف با واو

گورگان ت لائق عیش و عشرت و لقب تیمور بادشاہ
گورخان ت لقب ایک بادشاہ کا جو ختا و ختن مین فرمانروا تہا
گوش کردن ف سننا کسی تقریر و بات کا
گوشمالیدن ف تنبیہ دینا خفیف سزا دینا کسی کو
گوزن ف گاو دشتی بارہ سنگا جسکو کہتے ہین
گوی بردن ف غالب ہونا غالب رہنا کسی کام مین
گوہر خاتون ف نام زن سلطان سنجر بادشاہ سلجوقی
گوان ف پہلوانان یعنے بہت سے بہادر پہلوان لوگ
گودبان ف کوہان شتر یعنے اونٹ کا کوہان

گورکن ف قبر کھودنے والا اور نام ایک درندہ جانور کا جسکو بجو کہتے ہین وہ مردون کو کھاتا ہے

گوالیدن ف سرسبز ہونا پھولنا درخت کا تازہ ہونا

گوکشتن ف موافق ہونا سزاوار ہونا

گوبیدن ف کوٹنا کسی چیز کو

کوشیدن ف کوشش کرنا

کوفتن ف کوٹنا کسی چیز کو

کونین ع دو جہان

کوہستان ف پہاڑ کا ملک

گواریدن ف ہضم ہونا طعام کا

گورستان ف قبرون کا مقام

گون ف رنگ لون طریق

گوناگون ف رنگ برنگ طرح بطرح قسم بقسم

کوک کردن ف موافق کرنا آواز اور ساز کا دوسرے ساز کی ساتھہ ملانا

کوکن نام ایک ملک کا دکن سے اور فارسی مین بمعنے جغد وطایر منحوس مشہور ہے ہندی مین اوسکو الو کہتے ہین

کون ع موجود ہونا پیدا ہونا ظاہر ہونا مجازاً عالم دنیا

کَون ف مقعد جسکے بل آدمی بیٹھتا ہے

کوہ کن ف لقب فرہاد کا جو عاشق شیرین کا تہا

کون خاریدن ف پشیمان ہونا شرمسار ہونا کسی بات سے

کوردین ف بروزن پوستین جامہ پشمین و گودڑی فقیرانہ لباس

کورکان ف جو ماں اور باپ کی طرف سے شہزادہ ہو بمعنے صحیح النسب

کوستن ف بمعنے کوفتن کوٹنا

کودن ع باربرداری کا گھوڑا اور احمق آدمی جو کم عقل رکہتا ہو

کوہان ف اونٹ کا کوہان جو پشت پر ہوتا ہے

کاف باہا

کہین ف بہت چھوٹا نادار مفلس و غریب

کہکشان ف اسکی تعریف کاہکشان کے معنی مین تحریر ہو چکی ہے

کہن ف پرانا ضعیف بہت مدت کا

کاف بایے

کیوان ف ستارہ زحل جو ساتوین آسمان پر ہے

کیان ف بادشاہان عظیم الشان چنانچہ کیقباد و کیخسرو کیومرث وغیرہ

کَیَن ف گوشت اندرون فرج زن

کین ف اختصار کینہ کے لفظ کا بمعنی غضب کینہ

گیہان ف جہان و روزگار و زمانہ و عالم دنیا

گین ف پردہ مخفف آگین کے لفظ کا

گیلان ع نام ملک جیلان بہی اسکو کہتے ہین

تیئسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول حرف لام اور اخیر مین نون ہے

لام باالف

لالایان ف غلامان و خدمتگاران و نوکران بادشاہ

لائیدن ف سخن کہنا لاف مارنا برائی کرنا

لاشکن ف ایک پہاڑ کا نام ہے

لاکین ف ایک پہاڑ کا نام ہے

لان ف ایک پہاڑ کا نام ہے

لاچین ت شاہین جو شکاری جانور مشہور ہے

لادن ت قسم خوشبو یعنی عنبر جسکو عسلی کہتے ہین

لامان ف فریب و دروغ و مغاک جو زمین مین ہو

لابن ع دودہ والا شیر فروش جو دودہ بیچے

لافیدن ف فضول بکنا لاف مارنا

لامکان ع وہ شخص جسکا کوئی مکان نہو و مقام نفی مکان

لام با با

لَبَن ع شیر یعنے دودہ گائے بکری بھینس وغیرہ کا

لِبِن ع خشتہا خام جمع لبنہ و خشت خام یعنی کچی اینٹ

لُبان ع ایک گوند کا قسم ہے جسکو کندر کہتے ہین

لَبُون ع شیر دار جانور جو دودہ دیتا ہو

لب زدن ف خاموش ہونا چپ رہنا

لب گزیدن ف غضبناک و شرمندہ ہونا افسوس کرنا

لب نان ف روٹی کا ٹکڑا ایک حصہ روٹی کا

لُبنان شام مین ایک پہاڑ ہے

لام با تا

لت انبان ت پرخوار بہت کھانیوالا آدمی بے صبر شکم بندہ

لُجَین ع بروزن حسین سیم خالص یعنے وہ چاندی جو آمیزش سے خالی ہے

لُچَین ف نقیہ و لولی و برہنہ و عریان و بے لباس و بے شرم و حیا

لام با حا

لِحیان ع رمل کی ایک شکل کا نام ہے و مرد ریش دار

لَحن ع آواز خوش اور مطبوع و دلپسند آواز

لام با خا

لخشیدن ف لغزیدن یعنے پھسلنا پانو کا کسی مقام سے

لخشان ع ایسی صاف چیز جسپر ہاتھ پھسل جائے

لام با رائے

لرزیدن ف کانپنا لرزہ کہانا ہلنا جنبش کرنا

لام با سین

لِسان ع زبان جسکو ہندی مین جیبہ کہتے ہین

لَسّان ع زبان آور آدمی تیز زبان

لَسِن ع زبان آور فصیح الکلام و تیز زبان آدمی

لُسن ع جمع لسن یعنی زبان آوران بہت سے زبان آور

لُسُن ع جمع السن نہایت زبان آور لوگ

لَسَن ع فصاحت و زبان آوری

لام با عین

لعن ع لعنت کرنا پھٹکارا ہوا

لعین ع لعنتی پھٹکارا ہوا

لام با غین

لغزان ف پھسلتا ہوا شخص

لغزیدن ف پھسلنا پانو کا کسی مقام سے

لام با فا

لَفچَن ف وہ شخص جس کے ہونٹھ سطبر ہون

لام با قاف

لُقمان ع ایک حکیم کا نام ہے جو داود نبی کا شاگرد تھا

لام با کاف

لگن ع ہاتہہ دہونے کا طشت جسکو چلفچی کہتے ہین

لام با میم

لمعان ع چمکنا اور چمکارا اور روشنی ہر ایک قسم کی

لام با نون

لنگر انداختن ف قرار پکڑنا ٹہرنا

لنگیدن ف لنگ کرنا ایک پانو سے چلنا

لام با واو

لوکان ع جو شخص انو یا ہاتہہ سے چلتا ہو

لوریان ف نام قوم صحرانشین جو رہزن ہوتے ہین

لون ع رنگ

لام با یا

لین ع نرمی طبیعت ضد خشونت

لیسیدن ف چاٹنا

لیکن ف مگر پر

لیمون ف نیبو

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف میم اور آخیر مین نون ہے

میم با الف

ماعون ع زکوۃ مال اور وہ چیز جسے سخاوت لین مثل اسباب خانہ برتن و ظروف وغیرہ

مائن ع دروغ گو کاذب جہوٹا آدمی۔

مامون ع امن دیا گیا و نام خلیفہ عباسی

مامن ع جاے امن و امان جس جگہہ کوئی خوف نہو

مارین سریینی

مافارقین ع نام ایک ولایت کا ہے

ماءِ معین ع آب روان اور جاری پانی

ماءالجبن ع دودہ کا پانی جو دودہ سے نکالا گیا ہو

مابین ع درمیان دوحصون کے یعنے بیچ مین

ماذون ع اذن دیا گیا حکم دیا گیا۔ اجازت دی گئی

مادیان ف مادہ استری یہہ مفرد لفظ ہے

مانستن ف مشابہ ہونا مانند ہونا ہمشکل ہونا

مالیدن ف ملنا مالش کرنا

ماندن ف باز رہنا مقام کرنا سکونت کرنا

مابون ع جو شخص علت ابنہ مین گرفتار ہو

مازندران ایک ملک کا نام ہے یعنے طبرستان توابع ایران سے مشہور ہے

ماچین ف نام ملک شرقی ہندوستان

ماکیان ف لفظ مفرد مادہ خروس یعنے مرغی

ماچیدن ف بوسہ لینا چومنا کسی کو

مادیان ف لفظ مفرد مادہ اسپ یعنے گہوڑی

مان ف خانہ و اسباب و بمعنی باش یعنے ٹہر جا و بمعنی شبیہ نظیر و مانند و ہم شکل و ہم تشبیہ

مائتین ع دو صد یعنے دو سوا عداد مین

مائین بہت سینکڑے یعنے صدہا

ماہ کنعان ف کنایۃً یوسف علیہ السلام

ماميران ف نام دوائی جو آنکھوں کو مفید ہے
ماہتاب بگیر میمون ف مشکل کام کرنا مشکل آسان کرنا
مادون ع سوائے و فرو تر و بغیر

میم با باء

مُبِين ع ظاہر کرنیوالا روشن کرنے والا پیدا کرنے والا
مُبَيِّن ع بیان کرنے والا تشریح کرنے والا
مُبَيَّن ع بیان کیا گیا تشریح کیا گیا ظاہر کیا گیا
مُبَرہَن ع مدلل بدلائل ثابت کیا گیا مضبوط و مستحکم بنا

میم با تاء

متدین ع دیندار یعنے وہ شخص جو پابند احکام شریعت کا ہو
متاخرین ع اخیر کے لوگ و پچھلے زمانہ کے لوگ
متخاصمین ع وہ آپس میں جھگڑنے والے
متضمن ع ضمن میں لینے والا شامل
متعندان ف جمع متعند دشمن لوگ
متعین ع مقرر کیا گیا معین کیا گیا
متوطن ع رہنے والا ساکن سکونت کرنے والا
متہاون ع سستی کرنیوالا توقف و دیر کرنے والا
متن ع پشت و استوار و جای بلند اور عبارت اندرونی کتاب کی
متین ع استوار و محکم و مضبوط اور سخت چیز
متناوِن ع سست و خوار و حقیر و بے عزت
مُتَحَصِّن ع قلعہ میں بیٹھنے والا اور محصور
مَتَالہین ع عبادت کرنے والے عابد زاہد
متقن ع استوار و محکم

مُتَبائِن ع جدا جدا ہونیوالا الگ ہونے والا
مُتَکَوِّن ع موجود ہونے والا پیدا ہونے والا
مُتَلَوِّن ع رنگ برنگ ہونے والا قسم قسم ہونے والا
مُتَمَکِّن ع مکان پکڑنے والا ٹھہرنے والا سکونت پکڑنیوالا
مُتَکَلِّمِین ع بولنے والے کلام کرنے والے لوگ تقریر کرنیوالے لوگ
یہہ لفظ جمع متکلم کی ہے جسکے معنے کلام کرنیوالے کے ہین

میم با ثاء

مُثَمَّن ع ہشت پہلو یعنے وہ چیز جسکے آٹھ پہلو ہون

میم با جیم

مَجّان ع مفت و ہرزہ و رایگان و بے کار
مُجُون ع بیباکی و شوخی و بیہودگی و عیاری
مِجَنّ ع سپر یعنے ڈہال جو سپاہی باندھتے ہین
مَجنُون ع دیوانہ و بیہوش خبطی صاحب جنون
مَجَانِین ع دیوانگان بہت سے دیوانے لوگ
مَجمَعُ البحرین ع وہ مقام جہان دو دریا ملین

میم با حاء

مِحَن ع جمع محنت یعنے بہت سی محنتین و تکلیفین
محزون ع غمناک اندوہگین و صاحب فکر و اندیشہ
مِحجَن ع چوگان جسکو کہونڈی کہتے ہین
مُحضَرون ع حاضر ہونے والے لوگ
مُحصِنِین ع مرد صاحب زن یعنے شخص جسکے پاس عورت ہو
مُحی الدین زندہ کرنے والا دین کا و لقب خاص حضرت
سید عبد القادر جیلانی قدس سرہ

مَحَاسِن ع نیکیان اور ریش یعنے داڑہی
مُحسِنِین ع احسان کرنے والا محسنین جسکی جمع ہے

میم با خاء

مَخزَن ع جای خزانہ یعنے جس جگہہ خزانہ ہو
مَختُون ع ختنہ کیا گیا
مَخَازِن ع جمع مخزن کی یعنے بہت سی خزانے
مَخزُون ع جو چیز خزانہ مین رکہی جائے

میم با دال

مَدیَن ع نام ایک شہر کا ہے
مُدَاہِن ع سستی کرنیوالا کاہل آدمی
مدفون ع دبایا گیا زمین مین
مدمن ع ہمیشہ کرنیوالا
مدائن ع جمع مدینہ بہت سے شہر اور آبادیان
مُدہامّتان ع دو باغ سرسبز و بارور
مُدُن ع جمع مدینہ بہت شہر اور آبادیان
مَدیُون ع قرضدار جسنے کسی کا قرض دینا ہو
مُدَوَّن ع جمع کیا گیا اکٹہا کیا گیا مال وغیرہ

میم با رای

مُرتَہِن ع گرو لینیوالا یعنی جسنے رہن پر کوئی چیز گرو لی
مَرکَن ع تغار دیگچہ و طشت چہینی وغیرہ
مَرزُبان ع کوہکان ماوہ روجنکو اپنی داڑہی کاٹی ہو
مَرہُون ع گرو کیا گیا یعنے وہ چیز جو گرو کی گئی ہو
مَرجَان ع ایک قسم جواہر سرخ رنگ ہے جسکو مونگا کہتے ہین

مُردگان ف مرے ہوئے لوگ متقدمین لوگ
مُردن ف مرنا انتقال کرنا گذر جانا دنیا سے
مَردان ف بہت سے مرد
مرزغان ف دوزخ اور گورستان کا مقام
مرزبان ف مالک زمین و ولایت مجازاً بادشاہ
مرغ سلیمان ف ہدہد جو ایک دراز نوک مشہور جانور ہے
مرغ زرین ف طاؤس جسکو ہند مین مور کہتے ہین
مرو شاہجہان ف خراسان مین ایک شہر کا نام ہے
مربع نشین ف چار زانو بیٹہنے والا با ادب بیٹہنے والا

میم با زای

مُزمِن ع دیرینہ و کہنہ شخص جو چل نسکے
مژگان ف پلکین آنکہون کی
مُزَیَّن ع زینت دیا گیا آراستہ کیا گیا
مُزَیِّن ع حلاق یعنے نائی و حجام حجامت کرنیوالا
مُزن ع ابر و باران یعنی بادل مینہ گرد و غبار
مزیدن ف بمعنی مکیدن چوسنا کسی چیز کو

میم با سین

مُستَہان ع ذلیل و خوار و سبک جو عزت و آبرو
مُستَہجَن ع زشت و قبیح و عیبدار و ناقص و غرابت
مُستَعَان ع یاری مانگا گیا مدد طلب کیا گیا
مُستَعِین ع اعانت چاہنی والا مدد ڈہونڈنے والا
مُستَبین ع روشن آشکارا و ظاہر سب کے روبرو
مَسجُون ع قید کیا گیا بند مین رکہا گیا

مسلمین ع جمع مسلم کی یعنی بہت سے مسلمان لوگ

مِسَن ع وہ پتہر جسپر کارد و شمشیر تیز کرین

مُسِن ع مرد پیر و سالخوردہ و ضعیف و پیرانا

مُسَن ع صاحب سنان یعنی جسکے پاس نیزہ ہو

مسکین ع عاجز و بے قوت بیحرکت و ناتوان و کمزور و تنگدست و فقیر و بے بضاعت مفلس نادار

مساکین ع جمع مسکین بہت سے فقیر و مفلس و نادار لوگ

مسکن ع جاے سکونت رہنے کی جگہہ مقام قیام

مُسَکِّن ع تسکین دینے والا تسلی دینے والا اطمینان دینے والا

مُسَمَّن ع فربہ اور پر گوشت چربی دار موٹا

مُسَمِّن ع فربہ کرنے والا موٹا کرنے والا

مُسَمَّن ع فربہ کیا گیا موٹا کیا گیا پر گوشت کیا گیا

مسلمان ف صاحب اسلام جو شخص محمدی دین ہو

مستحسن ع نیک کیا گیا پسند کیا گیا اچہا بنایا گیا

میم با شین

مشائین ع قوم حکماے متقدمین جو زمانہ سابق مین تھے

مشحون ع پر کیا گیا بہرا گیا

مشت زن ف پہلوان پنجہ گیر جنگ آور لڑویا

میم با صاد

مصئون ع نگاہ رکہا گیا حفاظت مین کیا گیا پاک و [illegible]

میم با ضاد

مضمون ع درمیان پکڑا گیا مضامین جمع

میم با طاء

مطران و مطران ع سرگروہ کفار مہتر قوم بت پرستان

مطاعن ع جمع ہے طعن کی یعنی بہت سے طعنے

مطلق العنان آزاد جو کسی کی قید و حکومت مین نہو

مطحن ع آسیا یعنی چکی آٹا پیسنے کی

مطعون ع نیزہ مارا گیا طعنہ دیا گیا عیب دار آدمی

مطین ع مٹی سے بہرا ہوا خاک آلودہ

مطمئن ع آرام پایا ہوا تسلی پایا ہوا شخص

میم با ظاء

مظان ع گمان لیجانا وہم کرنا شبہ لانا

مظنون شبہ کیا گیا گمان وہم مین پڑا ہوا

میم با عین

معان ع یاری دینا مددگار ہونا حمایت کرنا

معمعان ع شدت موسم گرما گرمی کا جوش

معن ع نام مرد سخی جو عرب مین تہا

معلق زدن ف اولٹا ہو کر سیدہا ہونا پہلو سے پہلو بدلنا

معلق زن ف بازیگر اولٹا سیدہا ہونے والا

معجون ع گوندہی ہوئی چیز کئی چیزون سے ملی ہوئی چیز

معنون ع عنوان کیا گیا دیباچہ کیا گیا تمہید کیا گیا

معین ع جاری ہونا پانی چشمہ دریا وغیرہ

معین ع یاری دینے والا مددگار حمایتی

معین ع مخصوص و مقرر کیا گیا تعینات کیا گیا

معدن ع کان جمع اسکی معادن ہے کان سونے چاندی کی

معاون ع مددگار یاری دینے والا حمایتی

میم با غین

مَغَابِن ع بنہاے ران ابتدا ران کا جو مشہور عضو ہے
مغیلان ع درختان ببول یعنے کیکر
مغز تر کردن ف خاموش ہونا
مغبون ع جسکو زیان پہونچا ہو غبن کیا گیا نقصان پہونچایا گیا
مغان ف جمع مغ بہت سے بت پرست

میم با فاء

مفتتین ع فتنہ اوٹہایا گیا فتنہ مین ڈالا گیا
مفتون ع شیفتہ و عاشق اور فتنہ مین ڈالا گیا
مفطن ع فہمایش کرنے والا سمجہانے والا
مفتتین ع فتنہ اندازان و فساد انگیزان

میم با قاف

مقدم العین ع گوشۂ چشم بطرف بینی
مقصود کن فکان کنایۃً ذات محمد صلی اللہ علیہ وسلم
مقنن ع قانون بنانیوالا و قانون دان

میم با کاف

مکون ع پیدا کیا گیا ظاہر کیا گیا موجود کیا گیا
مکان ع جگہہ رہنے کی اور سکونت کا مقام
مکمون پوشیدہ چہپا ہوا نظر سے غائب
مکیدن چوسنا ہونٹون مین دبا کر جیسے کہ شیر خوار لڑکا پستان
مکنون ع پوشیدہ رکہا گیا چہپایا گیا
مکین صاحب مکان اور مکاندار شخص

مکمن چہپنے کی جگہہ پوشیدہ ہونے کی جگہہ
مکامن ع جمع مکمن پوشیدہ ہونے کے مقام
مکران ف نام شہر جو ولایت سندہ مین ہے
مگسران ف مورچہل و چونری جس سے مکہیان چلاتے ہین

میم با لام

ملوین ع روز و شب دن رات صبح و شام
ملون ع رنگا رنگ قسم قسم طرح طرح
ملین ع نرم اور وہ دوا جو طبیعت کو نرم کرے
ملقن ع تلقین کیا گیا سکہلایا گیا
ملاعین ع جمع ملعون بہت سے پہٹکارے ہوئے لوگ
ملآن ع پر کرنے والا بہرنے والا کسی چیز کو

میم با میم

ممتحن ع آزمایا گیا امتحان لیا گیا
ممنون ع منت رکہا گیا احسانمند جسپر احسان کیا گیا ہو
ممتہن ع خوار کیا گیا اہانت کیا گیا بے عزت کیا گیا
ممکن ع ہونیکے لائق چیز جس کے ہونیکی امید قوی ہو
ممکن ع قائم و برجا کیا گیا استوار و مضبوط کیا گیا

میم با نون

منّان ع بہت نیکی والا یہ خدا کا نام ہے
منون ع زمانہ مرگ موت کا زمانہ
منون ع تنوین زدہ کیا گیا یعنے وہ حرف جسپر دو زبر یا دو پیش یا دو زیر ہون
منن جمع منت بہت سے احسان اور خوبیان

منتن ع گندہ و بدبو نامطبوع و خراب

منکبین ع ہر دو کتف یعنے دونو مونڈھے

منگیدن ف آہستہ ہونہونین بات کا کہنا نرم آواز سی

منخرین ع ہر دو سوراخ بینی یعنی ناک کے سوراخ۔

مِن ع از یعنے سے۔

مَن ع نعمت یا احسان کہنا و نقصان کرنا و ترنجبین اور ہر ایک رطوبت شیرین جو درختون پر جم جاے یعنے شیرخشت [illegible]

مَن ع اور عربی مین دو رطل اور ہندی مین چالیس سیر و ضمیر متکلم واحد یعنے ایک مین و بمعنی ہست چنانچہ دشمن من [illegible]

منہیان ع خبر دینے والی خبردار کرنے والے

میم با واو

مواطن ع جای وطن یا وطن اسکی جمع ہے

موہون ع سست کیا گیا۔

موازین ع جمع میزان بہت سے ترازو۔

موتمین ع امانت دار و معتمد جسپر اعتبار ہو

موقن ع یقین کرنیوالا جسکے دل مین شک نہ ہو

موذن ع بانگ نماز کہنے والا آواز دینے والا

مویدن ف رونا نوحہ کرنا چلانا کسی غم مین۔

مویان ف نوحہ کرنیوالے آواز سے رونے والے

مومن ع صاحب ایمان یعنی خدا کی توحید و محمد کی رسالت پر ایمان لانے والا ہو

موزون ع تولا ہوا وزن کیا ہوا اور کلام جو کسی وزن اور اوزان شعر پر ہو

میم با ہا

مہان ع اہانت کیا گیا و ذلیل و خوار و بے عزت۔

مہین ف بزرگتر و عمدہ تر و امیر و سردار و سرگروہ [illegible]

مہین ع سست و کاہل ضعیف و حقیر و بے عزت

مہیمن ع بیخوف کرنیوالا و گواہ صادق یہ لفظ اسماء الحسنی سے ہے

مہمان ع جو کسی کے گھر بلایا گیا ہو۔

مہرہ چین ف بازیگر و حقہ باز۔

مہرکن ف مہر کہودنے والا شخص۔

مہربان ف دوست و محبت والا۔

مہرجان ف مدت رہنے آفتاب کی میزان مین

میم با یا

میمون ع مبارک و خجستہ و بمعنی بوزنہ یعنے بندر

میان ف میانہ ہر چیز و کمر و غلاف شمشیر و کابہ وغیرہ

میلان ع خواہش آواز و رجوع و توجہ و میل۔

میامن ع برکتین یہ لفظ یمن کی جمع ہے۔

میزبان ف جو مہمان کو کہانا کہلاے اور بلاے

میدان ف مشہور لفظ ہے یعنے زمین فراخ۔

میامین ع جمع میمون مبارک چیزین اور اچھی باتین

مین جہوٹ بولنا دروغ کہنا۔

میزان ع ترازو لکڑی جس سے کوئی چیز تولین اور نام برج ساتوان [illegible]

میگون ف سرخ رنگ شراب کی رنگت۔

مین ت ترجمہ من یعنے مین۔

میتین ع میخ آہنی جسسے پتہر مین سوراخ کرین

پچیسوین فصل

ادن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور آخیر مین نون ہے

نون با الف

ناف زمین ع کنایہ خانہ بیت اللہ کعبہ ہے جو مقام حج

نارفن ف گلنار یعنے انار کے درخت کے پہول

نازنین ف صاحب ناز اور نازک معشوق۔

ناتوان ف بے طاقت کمزور لاغر جسم آدمی۔

ناتوان بین ف حاسد و دشمن جو کسیکے دولت ندیکہہ سکے

ناردان ف انار دانہ جو ترش انار کے خشک دانے ہوتے ہین

ناودان ف پرنالہ بدررو پانی کا گہر کی نالی۔

نارین ف درخت انار کا۔

ناسکان ف عبادت کرنیوالے عابد زاہد لوگ

نافہ زدن ف قطع کرنا جدا کرنا الگ کرنا۔

ناخن ف مشہور لفظ ہے یعنے انگلیون کے ناخن

نازیدن ف ناز کرنا۔

نافرمان ف جو حکم نہ مانے عاق و باغی آدمی

ناگہان ف اچانک اوسی وقت فی الفور۔

نالیدن ف شور کرنا رونا فریاد کرنا۔

نازیدن ف فخر کرنا بڑائی کرنا۔

نان ف روٹی جو کہاتے ہین۔

نامیدن ف نام رکہنا نشان قایم کرنا۔

نالان ف روتا ہوا فریاد کرتا ہوا۔

نادان ف بے عقل احمق بیوقوف لایعقل آدمی۔

نازان ف ناز کرتا ہوا۔

نون با تا

نتن ع بدبو۔

نتین ع وہ چیز جس سے بدبو آتی ہے یعنے صاحب بو

نون با خا

نخستین ف اول پہلا سب سے اول و مقدم۔

نخل بن ف درخت خرما یعنے کہجور کا درخت۔

نخجوان ف نام ایک شہر کا ہے۔

نون با دال

ندامت ع پشیمانی و فکر و اندیشہ و غم دائم۔

نون با را

نریمان ف نام جد رستم پہلوان جسکا بیٹا سام اور زال کا بیٹا رستم

نردبان ف زینہ چوبی یعنے لکڑی کی پوڑی۔

نزیدن ف باہر کہینچنا باہر نکالنا۔

نون با سین

نسیان ع بہولنا بہولانا۔

نسترن ع گل سیوتی جو مشہور پہول ہے۔

نسترن ف گل سیوتی جو مشہور پہول ہے

نسوان ع عورتین جمع نساء کی لفظ کی۔

نستعلیق حرف زدن ف صحیح کلام کرنا جو بیان کیا

نون با شین

نشیمن ف خلوتخانہ آرامگاہ و آشیانہ مرغان

نشستن نشاندن ف بیٹھنا بٹھلانا۔

نشوان ص مست متوالا شرابی ۔

نشین ص بیٹھنے والا

نشاندن ص بٹھلانا ۔

نشاتین ع دنیا و آخرت ۔

نشان ف علم فوج و فرمان شاہی جو جاری ہو ۔

نون با صاد

نصب العین ع مد نظر و منظور آنکھوں کے سامنے

نون با ظا

نظام الدین ع نام مرد ولی جو دہلی میں قطب وقت تھے مزار ان کا دہلی میں ہے اور نظام الدین اولیا مشہور ہیں ۔

نظم آرای شروان ف خاقانی کہ جو مشہور شاعر ہے

نظر یافتن ف تربیت پانا فیض لینا کسی سے ۔

نون با عین

نعمان ع نام بادشاہ عرب جسنے ایک محل بہت اونچا عالیشان بنوایا تھا

نعل افگندن و نعل ریختن ف رفتار سے رہ جانا تھک جانا

نعل در آتش نہادن ف بیقرار کرنا بے چین کرنا

نعلین ع جوتیاں جو پاؤں میں پہنتے ہیں ۔

نون با فا

نفی کردن ف دور کرنا نیست و نابود کرنا برباد کرنا

نفرین ف بد دعا و کلمہ بد جو کسی کی نسبت کہا جائے

نفس کشادن ف کلام کرنا بولنا ۔

نفس سوختن ف تنگ ہونا ۔

نفس راست کردن ف توقف کرنا ٹھہرنا آرام کرنا ۔

نفس زدن سانس لینا ۔

نفس واپسین ف آخر کا دم ۔

نون با قاف

نقطہ ریختن ف قرعہ ڈالنا فال کے واسطے ۔

نقش زدن ف لکھنا نقشہ اوتارنا کسی کا

نقش بد نشستن ف مقصود نہ حاصل ہونا مراد نہ ملنا

نقش جہان ف اصفہان میں ایک باغ کا نام ہے

نقصان ع کمی خسارہ خرابی عیب ۔

نقش بر آب کشیدن ف بیفائدہ کام کرنا یعنے محنت کرنا رائیگان

نون با کاف

نکتہ دان ف باریک بات جاننے والا ۔

نگین ف نگ جو انگشتری وغیرہ زیوروں میں نصب کرتے ہیں

نگون ف ٹیڑھا خم شدہ ۔

نگاشتن ف لکھنا خط کا ۔

نکوہیدن ف ملامت کرنا بدگوئی کرنا ۔

نگہبان ف چوکیدار محافظ ۔

نگران ف دیکھتا ہوا تاک لگائے ہوئے ۔

نگریستن ف دیکھنا آنکھ سے ۔

نون با میم

نمکین ف صاحب نمک و مزہ دار مطبوع طبع ۔

نمد زین ف وہ نمد جو زین کے نیچے ہوتا ہے خوگیر اسکو کہتے ہیں

نمازی کردن ف پاک کرنا دھونا پانی سے ۔

نمودن ف دیکھنا دکھانا اور ریا کرنا ۔

نم نداشتن ف مفلس ہونا نادا ری کی حالت میں ہونا

نماز بردن ف پرستش کرنا طاعت کرنا۔

نمایان ف ظاہر و آشکار اور روبرو۔

نون با نون

ننگین ف معیوب و زشت و بدشکل و ناپسند۔

نون با واو

نواختن ف خوش کرنا گانا ساز بجانا نوازش کرنا

نوجوان ف ابتدا عمر کا آدمی جوان لڑکا

نوردیدن ف لپیٹنا کسی فرش وغیرہ کا۔

نویدن ف رونا غم والم کی حالت میں۔

نویسانیدن ف لکھنا کسی خط کا۔

نوان ف خرامان و جنبان و لرزان و کور پشت و خمیدہ و کہنہ ولاغر و آگاہ و ہوشیار۔

نون ع مچھلی تلوار و نام شہر و حرف و چاہ زنخدان و دوات سیاہی

نوشیروان ف نام بادشاہ عادل جو مشہور پادشاہ گذرا ہے

نوئین ف امیر معظم و داماد و شہزادہ و مرد غنی و دولتمند و سرگروہ

نوبر کردن ف میوہ یا پھل کھانا جب وہ میوہ پہلی مرتبہ آتی ہے

نورہان ف تحفہ و سوغات جو دوستوں کو دیتے ہیں

نوآئین ف آراستہ و درست و بے عیب و خیز۔

نوشتن ف لکھنا کسی خط کا۔

نوشتن ف لپیٹنا کسی فرش وغیرہ کا۔

نواشین ف شیرین مزہ دار و مطبوع طبع۔

نوازان ف نام پردہ موسیقی یعنے راگ کی ایک پردہ کا نام ہے

نون با ہا

نہال ساختن ف سرسبز کرنا دولتمند بنانا۔

نہالین ف توشک لحاف سونے کے کپڑے۔

نہنبن ف سرپوش دیگ یعنے ہنڈیا کی ڈھکنے

نہادن ف رکھنا۔

نہان ف پوشیدہ اور چھپا ہوا آنکھوں سے۔

نہان شدن ف چھپنا اور پوشیدہ ہونا۔

نہفتن ف چھپانا اور پوشیدہ کرنا

نون با یاے

نیاکان ف بزرگان و آبا و اجداد و مردان سعید

نیرین ف چاند سورج دو بڑے ستارے۔

نیران ع آگ اور آگ کی روشنی و سوزش۔

نیوشیدن ف سننا کسی کلام کا۔

نیدلان ف سنگینی و گرانی جو خواب کی حالت میں انسان پر ظاہر ہوجاتی ہیں

نیستان ف جنگل درختوں کا ہجوم

نیش زدن ف ڈنک مارنا کاٹنا۔

نیلگون ف نیلا رنگ آسمانی رنگ۔

نیم اشتیان ف نام ساز جو نے اور چمڑے سے بنا ہے

نیسان ف نام ماہ جیت جس موسم میں آفتاب برج حمل میں ہے اور اسی موسم میں موتی پیدا ہوتا ہے۔

نیچان ف عاشق یا مردہ زندہ نزع کی حالت میں

نیل کشیدن ف داغ دار کرنا داغی بنانا۔

چہبیسوین فصل

ادن لغات کے بیان ہین جنکے اول حرف واو اور اخیر مین نون ہے

واو با الف

وابستگان ف رشتہ دار لوگ قریبی ناتے

وابستن ف باندہنا پیوند دینا

واپسین ف پچہلا چنانچہ دم واپسین

واماندگان ف وارث لوگ جنکو متوفی نیچہے چہوڑ گیا ہے

والدین ع مان باپ جنکی پشت اور پیٹ سے لڑکا ہو

واژگون ف واژدن ف سرنگون و نامبارک

والان ت بادیان ہندی سونف جو مشہور دوا ہے

وان ت نام ایک شہر کا۔

وادی ایمن ع وہ جنگل جسمین موسٰی نبی نے جلوہ الہی درخت کے اوپر سے دیکہا تہا۔

واشدن ف شگفتہ ہونا تکلیف سے نکلنا۔

وتین ع نام رگ جسکے ساتہہ دل معلق ہے

واو با ثا

وثن ع بتہر کا بت کافرون کے پوجنے کا۔

واو با جیم

وجدان ع پانا حاصل کرنا کسی دلی مقصود کا۔

واو با را

وزیدن ف چلنا ہوا کا

ندغلابندن ف بہکانا داؤ مین لانا فریب دینا

واو با زا

وزیدن ف چلنا ہوا کا

واو با سین

وسن ع خواب غنودگی کی حالت

واو با شین

وشتن ت ناچنا رقص کرنا

واو با طا

وطن ف جگہہ رہنے کی سکونت کا ملک

واو با ہا

وہن ع ضعف وسستی اعضا

واو با یا

ویران ف اُجڑا ہوا غیر آباد

ستائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ہا اور اخیر مین نون ہے

ہا با الف

ہارون ع نام برادر کلان موسٰی علیہ السلام و قاصد پیغام دبا یا بان

ہامان ع نام کافر جو فرعون کا وزیر تہا

ہاون ع اوکہلی وہ چیز جسمین کوئی چیز کوٹین

ہامون جنگل جسکی زمین ہموار ہو

ہان ف خبردار باش ہوشیار رہو

ہاجن ع کنواری لڑکی جس سے صحبت کی جاے

ہا با دال

ہدان ع بد دل و احمق و نادان و بیوقوف۔
ہدن ع صلح و آشتی و صفائی دل

ہا با ذال

ہذیان ع بیہودہ باتین بیہوشی مین کہنا بک بک کرنا

ہا با را

ہرمان ع ایک قدیمی و عالیشان عمارت مصر مین ہے
ہراسان ف ڈرتا ہوا خوفناک ڈرپوک
ہراسیدن ف ڈرنا خوف کرنا

ہا با زا

ہزار داستان ف بلبل اور ایک قسم کا بولنے والا جانور

ہا با شین

ہشتن ف چہوڑنا رہا کرنا خلاص کرنا

ہا با طا

ہطلان ع بارانِ ضعیف جو چند روز متواتر برسے یعنے جہڑی لگجاے

ہا با لام

ہلیدن ف چہوڑنا دس چیز کو جو پاس قبضے مین ہے
ہلیوان ع ایک گہاس کا نام ہے

ہا با میم

ہمگنان ف تمام لوگ تمام خلقت زمانے کے لوگ
ہمایون ع مبارک و خجستہ و بامراد
ہمیدون ف اسیطرح اب۔
ہمیان ف کیسہ یعنے روپوں کے تہیلے جس مین پیسہ ڈالتے ہین
ہمقران ف یار و مصاحب و جلیس و محرم و ہمدم و ہم قدم
ہمان ف وہ ایک اسم ضمیر ہے و لفظ اشارہ
ہمدان ع یمن مین ایک قبیلہ کا نام ہے
ہمدان ف ایران مین ایک شہر ہے
ہمچنین ف اسی طرح
ہم داستان ف ہمکلام اور ہم صحبت اور ہمزاد و ہمدم
ہم عنان ف ہمراہ و برابر و قدم بر قدم۔

ہا با نون

ہندستان ع مشہور ولایت ہے

ہا با واو

ہون ع عربی مین آرام و آہستگی اور فارسی مین کیست اور گلوخ
ہوشیدن ف ہوش کرنا ہوش مین آنا
ہون ع خواری و بیعزتی و بربادی و خرابی
ہوان ع خواری و بیعزتی و بربادی و خرابی

ہا با یا

ہیچمدان ف نادان و بیعلم و بیوقوف احمق
ہیون ف شتر چالاک و اسپ رہوار۔
ہیجان ع برانگیختہ ہونا جوش مین آنا۔
ہین ف سیلاب اور اسوقت اور چہوڑ
ہیجا ع سرگشتگی و حیرانی و ابتری و خرابی و جنگ و جدل

اٹہائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف یا
اور آخر مین نون ہے

یا با الف

یاد آمدن ف یاد آوردن ف یاد آنا اور یاد مین لانا
یاد دادن ف یاد داشتن ف یاد دینا یاد رکھنا
یاد کردن ف یاد گرفتن ف یاد کرنا یاد پکڑنا
یافتن ف پانا کسی چیز کو حاصل کرنا
یاوگیان ف گمراہان اور یاوہ اور بیہودہ لوگ
یاسین ع ایک سورۃ قرآن کا نام ہے اور نام آنحضرت صلعم کا
یاختن ف ہاتھ دراز کرنا ہاتھ پھیلانا حملہ کرنا
یازیدن ف پست آواز کرنا کسی کام مین اور حملہ کرنا
یازان ف حملہ کرنا دست درازی کرنا
یاسمین ف چنبیلی کا پھول جو مشہور پھول ہے
یارستن ف طاقت رکھنا صاحب قوت و زور مند ہونا

یا با خار

یخدان ف باورچی خانہ کا صندوق جسمین اسباب رہتا ہے
یخ خوردن ف سرد مہری کرنا پہلو تہی کرنا کسی کام سے

یا با رائے

یرقان ع نام مرض صفراوی جس سے بدن زرد ہوجاتا ہے

یا با زائے

یزدان ف نام خدا تعالیٰ جل شانہ

یا با فار

یفن ع پیر مرد فرتوت نہایت ضعیف آدمی

یا با قاف

یقین ع بیشک بے شبہ و بے وہم و بے گمان
یقظان ع بیدار جاگتا ہوا ہشیار
یقطین ع کدو و خربوزہ وغیرہ بیل دار درخت

یا با کاف

یکران ف سرخ رنگ گھوڑا جسکو سرخہ کہتے ہین
یگان ف یکسان و مہربان تابعین و ہمد متگزار

یا با میم

یمن ع خیر و برکت و نیکی و خوبی و بہتری
یمن ع ایک ملک کا نام ہے جو مشہور ہے
یمنی ع یمن کا رہنے والا یمن کا متوطن
یمین ع جانب راست دہنی طرف
یمکن ع ہوسکتا ہے ممکن ہے کہ ہو

یا با واو

یونان ع شہور ولایت داخل روم کے ہے
یوزیدن ف طلب کرنا بلانا کسیکو

چہلسوان باب

ان لغات کے بیان مین جنکے آخر حرف واو ہی اور پہلے
حرف برعایت حروف تہجی کے اپنے اپنے
موقع پر بدلتی جاتی ہین اسمین بیس فصلین ہین

پہلی فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول حرف
الف اور اخیر مین واو ہے

الف با بار

ابرو فـ عزت حسن و جمال خوبی بہتری ننگ ناموس
اب درجو فـ رونق دولت حشمت و عزت و امارت

الف با تار

آتشکدہ کاو فـ سیخ آہنی یا دست پناہ آہنی جس سے
آگ نکالین ہندی مین اوسکو چمٹا کہتے ہین
اتو فـ یہہ ایک کسب کا نام ہے اور وہ آہنی دست افزار
کو گرم کرکے کپڑو پر نقش کرتے ہین

الف با راے

اردو فـ لشکرگاہ پادشاہی مجازاً فوج و لشکر
آرزو فـ امید آس دلی مقصود
ارسطو فـ ایک حکیم کا نام ہے جو اسکندر کے اوستاد کا فرزند تہا

الف با نون

انگشتو فـ سیویان جو میدہ سے بناتے ہین اور دودہ
اور شکر کے ساتہہ ملا کر کہاتے ہین

الف با واو

او فـ وہ یہہ ایک اسم ضمیر فارسی مین ہے

دوسری فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول حرف
با اور اخیر مین واو ہے

با با الف

بازو فـ قوت دست و استعداد و زور و توانائی
بالنگو فـ مشہور تخم ہے جو دوا مین مستعمل ہے
بارو فـ دیوار قلعہ و حصار اور قلعہ کی عمارت
باکو فـ شروان کے پاس ایک شہر ہے جسکا نام ہے
بازگو فـ بیان کرنے والا ظاہر کرنے والا کسی راز کا
باہو فـ چوبدستی کلان جسکو لاٹہی کہتے ہین

با با دال

بدو ع بیابان و صحرا اور ابتدا کرنا
بدخو فـ اسپ سرکش و نافرمان و بدلگام
بدو ع ظاہر ہونا آغاز و ابتدا ہر کام کا
بدو ع آغاز و ابتدا ہر ایک کام کا

با با راے

برغو فـ حیوان کا سینگ جو اندر سے پولا ہو اور نفیری کی طرح اوسکو بجاتے ہین
پرستو فـ ابابیل جو مشہور جانور ہے
پرتو فـ روشنی و عکس و شعاع و چمکارہ

با با سین

بسرو فـ تابعدار و خادم خدمتگزار

با با طاے

لطو ع درنگ و آہستگی و توقف

با با لام

پلاو فـ پلاو نعمت و طعام و قسم طعام جو مشہور ہے

با با نون

بنگوف اسپغول جو شہور تخم ہے اور دوا میں کام آتے

با با واو

بوف امید و طمع سرایٔ و محبت و خوبی و بو خوش یا بد و شنیدہ

با با ہائے

بہشتی رو ف سادہ رو و مصفا چہرہ بے ریش
بہوت قصر و ایوان و نشیمن و محل و مکان و بالاخانہ
پہلوف شہر و زبان پہلو ہے و مرد شجاع دلاور نام پہلوان
پہلو ف پیٹ کے دونو طرف و نفع و فائدہ
پیکو ف ایک ملک کا نام ہے
پینو ف حضرات خشک تپنیر ترکی میں اسکو قروت کہتے ہین
پیشرو ف امام و رہنما و سرگروہ قوم و سالار قافلہ
پیرو ف تابعدار مقتدی مطیع و فرمانبردار
بیرو ف بے مروت بے الفت بے لحاظ آدمی

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف تا اور اخیر مین واو ہے

تا با الف

تاہو ف ایک قسم شراب کا ہے

تا با دال

تذرو ف بٹیر ا مشہور پرندہ ہے

تا با رائے

ترازو ف میزان تکڑی جسسے بڑی چیز تولی جاتی ہے

تا با فا

تفو ف آب دہان یعنے تھوک و لعاب زبان

تا با کاف

تکافو ع برابر ہونا مساوی ہونا یکسان ہونا
تکتو ت شمد زین اسپ و ریش سعد سبلت
تگا پوف دوڑنا تیز چلنا بھاگنا
تگ و دو و تگ و پوف دوڑ دھوپ تیز رفتاری

تا با لام

تلالو ع درخشیدن یعنے چمکنا روشنی دینا
تلو ع پیرو تابعدار و بچہ شتر جو ماں کے پیچھے چلتا ہو

تا با واو

توش ف پردہ و تہہ کپڑے وغیرہ کی
تو و مشہور لفظ ہے اور خطاب مخاطب کیطرف ہے

تا با یا

تیہو ف ایک جانور کا نام ہے ہندی لوا

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف جیم اور اخیر مین واو ہے

جیم با الف

جان دارو ف تریاق و نوشدارو جو ایک قسم کا معجون ہے
جادو ف سحر و ساحر یعنے جادو و جادوگر
چارسو ف شہر کا چوراستہ بازار جسکے چاروں طرف راستے جاتے ہوں

چارجو ف بہشت کی چار نہرین

جیم بارای

جزو ۲ ایک ٹکڑا ایک حصہ

جیم باسین

جستجو ف ڈہونڈنا تلاش کرنا کسی چیز کو

جیم بالام

جلدو ت انعام وصلہ وعوض کسی نیک کام کا

جلو ف عنان اسپ واسپ کو تل اور گہوڑا دوڑانا

چلاو ف خشکہ چاولون کا جو قسم طعام کا ہے

جیم باواو

جو ۲ وہ فرق و فاصلہ جو آسمان و زمین مین ہے

جو ف مشہور غلہ ہے

جواہر دارو ف ایک آنکہہ کا دوا ہے

چو ف تشبیہ اور شرط کے واسطے آتا ہے

پانچوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف حاء اور آخیر مین واو ہے

حاباذال

حذو ۶ برابر کرنا دو چیزون کو آپسمین

حاباسین

حسو ۶ شوربا وغیرہ جو تہوڑا پئین

حاباشین

حشو ۶ بہرنا روئی وغیرہ کا کسی تکیہ یا لحاف مین

حابالام

حلو ۶ شیرین یعنے میٹہا لذت مین

چہٹی فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف خا اور آخیر مین واو ہے

خاباالف

خالو ۶ برادر مادر یعنے ماموں

خاکدان دیو ف دنیا و عالم جہان

خاباذال

خدیو ف صاحب و والی و مالک و آقا

خابارای

خرذو خرذ ۶ جانورون کی پٹہہ

خاباسین

خسرو ف نام پسر سیاوش بن کیکاوس اور نام پرویز بن ہرمز بن نوشیروان و نام شاعر دہلی جو خواجہ خسرو مشہور ہین و بمعنے بادشاہ

خستو ف کہجور و آلو وغیرہ کی گٹہلے

خاباشین

خشک پہلو ف بخیل و کم مایہ و مفلس و نادار

خابالام

خلو ۶ خالی ہونا بے مایہ ہونا نادار و مفلس ہونا

خلو ۶ خلوت کرنا گوشہ نشین ہونا

خا با نون

خُنُو ۶ بدزبان بدسلیقہ بدکلام آدمی

خا با واو

خُوف عادت خصلت وخلق

خا با یار

خُیُو ف آب دہن یعنے تہوک

خیرو ف خطمی جو ایک مشہور تخم دوا مین مستعمل ہے

ساتوین فصل

ادن لغات کی بیان مین جنکے اول حرف دال اور اخیر مین واو ہی

دال با الف

داو ف دیوار پختہ ہو یا خام و مکر وحیلہ و دشنام یعنے گالی کا

دال با رای

درو ف زراعت کاٹنا کہیتی کاٹنا بعد پختہ ہونیکے

دال با فار

دِفو ۶ بروزن فعل موسم گرم و مقام گرم و بچہ اشتر و شتر

دال با لام

دلو ۶ بو کا اور ڈول پانی کا

دال با میم

دم گاو ف تازیانہ بزرگ و نفیری و قربانی

دم گو خر ف احمق اور ایک داو کشتی کا

دال با نون

دُنو ۶ نزدیک ہونا پاس جانا قریب بیٹہنا

دال با واو

دوو ف ۶ ڈہینہ یسی جسکو ہندی مین ہی کہتے ہین بالی جو نہین

دموف جسکے بال سیاہ و سفید ہون یعنے دو قسم کے بال

دوطفل ہندو ف دو آنکہین معشوق کی جو سیاہ ہون

دورو ف منافق آدمی جسکا ظاہر و باطن یکسان نہو

دال با یاے

دیو ف بہوت جن شیطان جو ایک قسم کی پیدایش ہے

اٹھوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف رے اور اخیر مین واو ہی

راے با خار

رِخو ۶ نرمی وسستی وکم طاقتی وکمزوری

رای با عین

رُغو ۶ کفک یعنے جہاگ جو پانی دودہ وغیرہ چیزون مین آجا تی ہے

رای با فا

رَفو ۶ درست کرنا کپڑے کو سوئی سے جہان پہٹا ہو

رای با واو

رُوف چہرہ انسان کا اور اوسکا موہنہ

رای با یای

ریو ف مکر کرنا وحیلہ کرنا و فریب دینا و انو مین لانا کسیکو

ریش گاو ف مرد احمق و نادان بیوقوف و بے علم

ریگ شو ف قوم نیار یا جو خاک کو دہو کر چاندی سونا نکالتے ہیں

نوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف زای اور آخر مین واو ہے

زای با الف

زالو ف ہلنا ہر ایک عضو انسانی اعضا سے ہے

زاے با بار

زبان ترازو ف ترازو کی چوٹی جہان سے لگاتے ہین

زاے با راے

زرد آلو ف میوہ خوبانی جو مشہور میوہ ہے

زای با لام

زلو ہ جونک مشہور کرم سیاہ رنگ ہے

دسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور آخر مین واو ہے

سین با الف

ساو ہ باج و خراج و حصہ طلای خالص ریزہ ریزہ

سازگاو ف تسمہ چرم جسسے بیل ہانکتے ہین

ساختہ رو ف شرمندہ شکل بنا دی چہرہ

سین با بار

سبو ف پانی کا گھڑا جسمین پانی رکھتے ہین

سین با خاے

سختو ف رودہ گوسپند بکری کی آنتین

سین با دال

سدیو ہ ایک دیو کا نام ہے جسنے انگشتری سلیمان علیہ السلام کی لی تھی

سین با راے

سرو ف سینگ حیوان و بارہ شاخ آہو و پیالہ شراب

سرو ف درخت مشہور ہے

سرخرو ف جو شخص اپنے متعلق خدمت ادا کر چکا ہو

سرنو ف نئے سرے سے دوبارہ

سین با کاف

سکو ہ چبوترہ چوبی جیسے خرمن [illegible]

بعض کے نزدیک سکو جہاز کا نام ہے

سین با لام

سلو ہ خوش ہونا و بلبل ہونا و نام کا فراموش کرنا

سین با میم

سمتو ہ بلندی اور اونچائی و دولتمندی و امیری

شمتو ہ بلند اونچا اور پر کو چڑھا ہوا امیر دولتمند

سین با نون

سنگ مرمر ف پتھر سفید رنگ کا مشہور پتھر ہے

سین با واو

سو ف طرف و جانب اور ترکی مین پانی شراب [illegible]

سور ہ اندوہ و غم و حالت پریشانی

سور ہ غمناک کرنا یعنی کرنا پریشان کرنا

سین با ہاے

سهو بهول جانا کسی بات کو جسکا کرنا ضرور تها

گیارهوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف شین اور آخر مین واو ہے

شین با الف

شاوُن خالص چنانچه زر شادن خالص

شاملوف قوم قزلباش جو مشهور شیعه قوم ہے

شاخ آهو ف نام ایک کمان جس سے تیر چلاتے ہین

شاتوت زر دبان یعنے پورے اور پرچے بندے کی

شین با بار

شب رو ف چور شب بیدار چوکیدار و کوتوال

شین با تار

شتر غو ت نام ساز جو گاڑی کے وقت بجایا جاتا ہے

شین با جیم

شجو غم و اندوه و فکر و اندیشه

شین با فار

شفتالو ف آڑو مشهور میوه ہے جو شیرین و ترش ہوتے

شین با نون

شنو ورزش پہلوانان یعنے ڈنڈ نکالنا

شین با واو

شوخ ترازو کم وزن جو شخص تولنے مین کم تولے

شین با هار

شهربانو نام دختر یزدجرد شاه ایران جو امام حسین علیه السلام کے نکاح مین تہی اور امام زین العابدین اوسکے بطن سے تھے

بارهوین فصل

ان لغات کی بیان مین جنکے اول حرف صاد اور آخر مین واو ہے

صاد با حار

صحو ہوشیاری اور پاک ہونا اور صاف ہونا ابر و گرد و غبار سے ضد مستی یعنے ہشیاری

تیرهوین فصل

ان لغات کی بیان مین جنکے اول حرف ضاد اور آخر مین واو ہے

ضاد با حار

ضحو چاشت روز کی کہانے کا وقت یعنے دن چڑھے صبح کا وقت

صاد با واو

ضو روشنی آفتاب کی جسکو دہوپ کہتے ہین

چودهوین فصل

ان لغات کی بیان مین جنکے اول حرف طا اور آخر مین واو ہے

طا با رائے

طرفو راه دو ایک طرف ہو پوشش پوش

پندرهوین فصل

گیو ف نام پسر گودرز پہلوان کا جو ایرانی پہلوان تہا

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف لام اور اخیر مین واو ہے

لام باالف

لاو ف وہ مٹی جسسے دیوار سفید کرین سفید مٹی

لام باغین

لغو ع بیہودہ بیفایدہ بے سود

لام باواو

لولو ع موتی و مروارید جو مشہور جواہر ہے

لام باہا

لہو ع کھیلنا بازی کرنا لڑکون کا

اکیسوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف میم اور اخیر مین واو ہے

میم باالف

ماشو ف غربال یعنے چھلنی جس سے آٹا چھانتے ہین

ماجو ف ایک دوا کا نام ہے جو پہل ہوتا ہے

ماکو ع جولاہون کی نال

ماہرو ف خوبصورت معشوق

میم باحا

محو ع موند تا نابل کرنا پاک کرنا حرف و نقوش کا صفحہ اوپر سے

گم ہونا بے خبر ہونا نابود ہونا

محشو ع پر کیا گیا بہر اگیا کوئی برتن کسی چیز سے

میم باراے

مرگ لو ف فتنہ تازہ جو ناگاہ برپا ہو

مرجو ع امید رکہا گیا امیدوار

مرو ف خراسان مین ایک شہر مشہور ہے

میم باعین

معفو ع عفو کیا گیا گناہ بخشا گیا

میم بامیم

مملو ع پر کیا گیا بھرا گیا لبالب کیا گیا

میم باواو

مولو ف حیوان کا سینگ جسکو فقیر بجاتے ہین

میم باہاے

مہجو ع ہجو کیا گیا برا کہا گیا

مہرو ف خوبصورت حسین معشوق

میم بایا

مینو ع بہشت عالم بالا اور کار آبگینہ یعنے مینا

بائیسوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکی اول حرف نون اور اخیر مین واو ہے

نون باالف

ناژو ف درخت چنار و سرو اور جو بلند درخت ہو

نون با تار

نشو ف بلندی و ارتفاع اور اونچائی ہر چیز کی

نون با حار

نحو ع طرف و راستہ و مانند اور نام علم کا جو مشہور ہے

نون با سین

نسو ع نرم و ہموار و برابر و یکسان

نستعلیق گو ف فصیح کلام کرنیوالا

نون با شین

نشو ع پیدا ہونا پہولنا بڑہنا تازہ ہونا

نون با طار

نطو ع دوری خاموشی اور تمنا

نون با میم

نمو ع بڑہنا پہولنا سرسبز و شاداب ہونا

نون با واو

نوشدارو ف قسم معجون نافع زہر جسکی کہانے سے ہر زہر دور کرتا ہین

نو ف نیا و تازہ و نو ایجاد چیز

نون با یار

نیرو ف زور و قوت و حوصلہ و استحکام

نیل گاو ف جنگلی گائے جسکو نیلا بہی کہتے ہین

تیئیسوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف

واو اور آخر مین واو ہی

واو با ضاد

وضو ع روشن رو ہونا اور ہاتہہ پانو دہونا

چوبیسوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف ہار
اور آخر مین واو ہے

ہا با جیم

ہجو ع مذمت کرنا برا کہنا بدگوئی کرنا

ہا با رائے

ہرزہ گو ف بیہودہ بکنی والا

ہرسو ف ہر طرف یعنی چارون طرف

ہرو ف چوب دستی یعنے لکڑی کی لاٹہی

ہا با لام

ہلاکو ت نام بادشاہ بن تولی خان بن چنگیز خان

ہا با میم

ہمچو ف مخفف ہمچنین ایسے ہی

ہم ترازو ف مقابل و ہم قوت و شریک و سہیم کسی کام مین

ہا با واو

ہندو ف جادوگر و چور و رہزن اور ہند کا رہنے والا

ہا با واو

ہو ع خدا کے نامون سے ایک نام ہے

ہو بہو ع اوسی طرح جسطرح تہا بعینہ ویسا ہی

پچیسوین فصل

ان لغات کی بیان مین جن کے اول حرف یا اور اخیر مین واو ہے

یا با الف

یابو ت اسپ سرکش اور وہ گھوڑا جو مضبوط و کم قد ہو

یا با بار

بیشلو ت منڈی غلہ وغیرہ کی جہان غلہ بکتا ہو

یا با را ر

یرغو ت سیاست و دہشت و حکومت بادشاہی

یا با کاف

یک جلو ف تیز رو تیز رفتار اور دوڑتا ہوا
یکرو ف مخلص دوست با اخلاص ظاہر و باطن یکسان

ستائیسوان باب

ان لغات کے بیان مین جن کے اخیر حرف ہا ہی اور پہلی حرف بر عایت حروف تہجی اپنی اپنی موقع پر بدلتے جاتے ہین اور اسمین اٹھائیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کی بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین ہا ہے

الف با بار

آبارہ ع حساب و کتاب و شمار و گنتی ہر چیز کی
آبگینہ ف کانچ اور شیشہ گلاب و شراب وغیرہ کا
آب خانہ ف پاخانہ جہان جہاڑے پہرنے جائین
آبرزنہ ابر مردہ جو پانی کو اوٹھا لیتا ہی اسفنج بھی اوسکو کہتے ہین
ابرہ ف سوزن و نیش و نوک خار وغیرہ
ابخرہ ع بخارات جو کسی جگہہ سے نکلین
ابنیہ جمع بنا یعنے بہت سی بنیادین
ابعاد ثلاثہ ع طول عرض و عمق ہر چیز کا
ابو شحمہ ع کنیت حضرت عمر رضی کی بیٹے کی جسنے بانوائی یہودی کے زنا کیا اور باپ نے اوس پر شرعی حد جاری کی اور وہ تازیانہ کی ضربون سے مر گیا
آبلہ ف پہالا جو انسان کے جسم پر ظاہر ہوتا ہے
ابلہ ف احمق نادان بیوقوف کم عقل آدمی
ابن مقلہ ع نام ایک خطاط کا جسنے چہہ خط ایجاد کیے ثلث نسخ محقق توقیع ریحان رقاع
ابرہہ ع نام نائب بادشاہ حبش جسنے قلیس نام بتخانہ بنا کر چاہا کہ کعبہ کو گرا دیوے اور بہت ہاتہی اور لشکر لیکر مکہ مین آیا اور بحکم قادر حقیقی نے شمار چڑیان چونچ اور پنجون مین کنکر لیکر آئے اور ان کنکرون سے لشکر اور ہاتہیون کو ہلاک کیا
ابادہ ف بمعنی مرد اوسکی جان برباد ہے
بادا ف خدا ہلاک کرے خدا مار دے یہ جملہ بد دعا ہے

الف با تا

آتشکدہ ف آتشخانہ جہان آتش پرست ہمیشہ آگ جلاتے ہین
آتشگیرہ دستپناہ آہنی جسکو چمٹا کہتے ہین
آتش زنہ ف سنگ چقماق جس سے آگ نکالتی ہین
آنگہ ن شوہر دایہ جو شخص دایہ عورت کا شوہر ہو
اُناقہ ت کلغی جو بادشہ و امرا سر پر رکہتے ہین

الف با تار

اَثنیہ ع جمع ثنا یعنی بہت سی مدح و تعریفین و صفتین
اَثاثہ ع گہر کا اسباب اور گہر کا سامان
اُثفیہ ع دیگدان کے تین پایہ سے ایک پایہ

الف با جیم

اَجِلّہ ع جمع جلیل بزرگان و امرایان و دولتمندان ہین
اَجنحہ ع جمع جناح آدمیون کے بازو اور مرغون کے پر جس سے اڑتا وہ
اَجوِبہ ع جمع جواب یعنے بہت سے جواب
اُجُورہ ع مزدوری اجرت جو کسی کام پر لیجائے
اَجِنّہ ع جمع جنین مشہور جمع جنی غلط ہے
اَجَدَہ و اَجیدَہ ع سطان ناہمواری

الف با حار

اُحجیّہ ع چیستان یعنے پہیلی و معمہ جسکے معنی غور طلب ہون

الف با خار

اِخاذہ ع آبگیر و تالاب جہان پانی جمع رہے
آخترخانہ ف طویلہ اسپان جہان گہوڑے باندہی جاتی ہین
اَخچہ و اَخچہ ت ریزہ زر و درہم و سکہ کو
اَخیلیدہ ت چوبیسوین منزل قمر کا نام ہے

اَتمہ ت چین و شکنج جو کسی چیز مین ہو

الف با دال

اَدخنہ ع جمع دخان جسکے معنی دود کے ہین یعنے دہوان
اُدرَہ ع بڑہ جانا ایک خایہ کا بسبب مرض کے
اَدقیجہ ت قسم فرش جو چارپائی پر بچہاتے ہین
اَدعِیہ جمع دعا کی لفظ کی معنی پکارنا بلانا
ادعیہ ماثورہ ع اثر والی دعائین یعنے جسکی سند آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے
اَدِلّہ جمع دلیل یعنے بہت سی دلیلین
آداب فاضلہ ع خصائل پسندیدہ و نیک جو ہین
آدینہ ع جمعہ کا روز

الف با ذال

اَذوقہ ع طعام کہانا و رزق انسان کا

الف با رائے

اَرنبہ ع نرگس مادہ و پردہ بینی
اَزبیّہ ع بن ران یعنے ران کی ابتدا جہان سے اوسکا آغاز ہے
اَرضَہ دیمک جو مشہور کرم ہے اور لکڑی کو کہا جاتی ہے
ارگجہ ع ایک مرکب خوشبو کا نام ہے جو لطیف تر ہے
اَرمنہ نام پیغمبر جسکو ارمیان کہتی ہے
آراستہ ف درست کیا ہوا صاف کیا زینت دیا گیا
اریکہ تخت آراستہ اور وہ تخت جسپر چہت اور پردہ ہو
یعنے چہپر کہاٹ پردہ دار پلنگ
اَرابہ ع گردون یعنے گاڑی پہیہ دار
اریجہ منتشا سمہ کو ... [illegible]

ازراقه ع پانی گرانا اور چہرکنا پانی کا

ازره ع مشہور آله ہے جیسی لکڑی اوپر پتہر چیرتے ہین

الف با زے

ازقه آزوقه ع تہوڑا گذاره و کم تنخواه و مشاہره

اژده ف چین و شکنج جو کسی چیز مین پڑجائین

ازمّه ع جمع زمام جسکے معنی باگ کے ہین

ازمه ع رنج و سختی و قحط و ایام نحوست

ازمنه ع جمع زمانه بہت سے وقت اور زمانے

ازاله ع دور کرنا دفع کرنا رد کرنا نکالنا

الف با سین

اسطوره ع فسانه و سخن باطل و داستان مصنوعی

اسکنه ع ترکہانون کا برمہ جس سے سوراخ کرتے ہین

اساتذه ع جمع استاد معرب استاد

استقاده ع غم و اندوه و فکر و اندیشه و رنج و الم

استفاضه ع فیض لینا فائده اوٹہانا نفع پانا

اسبوعه ع کامل ایک ہفتہ یعنے سات روز کی میعاد

اسکندریه ع نام شہر جسے سکندر بن فیلقوس نے جو مشہور بادشاہ تہا

استه ع تخم خرما تخم کنار و شفتالو وغیره بعضے خسته ان درختون کے پہل کا

اسوه ع پیشوا و مقدم و سرگروه و افسر قوم

استره ع مشہور لفظ ہے جس سے بال مونڈتے ہین

استنباه ع خبرداری چاہنا آگاہی مانگنا

استعاره ع عاریت لینا و شعرا کے نزدیک استعاره اسکو کہتے ہین کہ نرگس و آہو کو بجاے چشم و سنبل کو بجاے زلف و سرو کو بجاے قد

ازروی رعایت کے شعر مین باندہتی ہین

استخاره ع خیر و نیکی مانگنا خدا سے اور آگاہی چاہنا کسی بات غیب سے

استجازه ع اجازت چاہنا حکم چاہنا واسطے کرنے کسی کام کے

استشاره ع مشوره کرنا صلاح لینا کسی کام مین

اسئوله ع جمع سوال کے لفظ کی بہت سے سوال

استحاله ع طلب محال کرنا محال ہونا مشکل ہونا حال بحال لانا پہرنا حیله کرنا

استغاثه ع فریاد کرنا انصاف مانگنا حاکم عادل سے

اسلحه ع جمع سلاح ہے یعنے ہتہیار جس سے لڑتے ہین

استکیزه ع کودنا و دولتی مارنا گہوڑے یا گدہے کا

استکراه ع کراہیت کرنا برا جاننا ناپسند کرنا

استمراده ع برگشته ہونا پہر جانا ایک حال سے

اسطوانه ع ستون یعنے کہم کسی چہت وغیره کا

اسناده ع بمعنی وساده یعنی بالش تکیه وغیره

آسیه ع نام زن فرعون جو پوشیده مسلمان ہوکر موسیٰ نبی پر ایمان لائی تہی اور فرعون نے اوسکو بڑے عذاب سے مارا تہا۔

آسمانه ع سقف خانه یعنے گہر کی چہت

آسیمه ف پریشان و سراسیمه و ابتر و حیران

الف با شین

آشیانه ف خانه حیوانات جس مین وه رہتی ہین

اشکره ف طائر شکاری جسکو شکره کہتے ہین

اشنه ف گیاه خوشبو یعنے چہا چہیلا جو خوشبو دیتا ہے و چہریله و گیرہی اوسکو کہتی ہین

اشنوسه ف عطسه یعنی چہینک

اشعہ ع جمع شعاع پرتوین روشنیان جلوی
اشربہ ع جمع شراب پینی والی چیزین شربت وغیرہ
اشباہ ع جمع شبہ بہت سی شک و شبہہ و خیال و گمان
اشبہ ع بہت مشابہت رکہنی والا دوسری چیز کے ساتہہ
اشگنہ ع ترکہانون کا برہ جسی لکڑی مین سوراخ کرتے ہین

الف با ضاد

اضحوکہ ع ہنسانی والی چیز جسکو دیکہہ کر انسان ہنسے
اضعاف مضاعفہ ع دو چند یعنی دوگنی سے کی دو دو تا

الف با طا

اطرایہ ع رشتہ میدہ یعنی سویان جو پکا کر اور گہی ملا کر شیر و شکر سے
کہاتے ہین بعض اوسکو سیمیا کہتے ہین
اطروبہ ع خوش کرنیوالی چیز جسکو دیکہہ کر انسان خوش ہو
اطرہ ع ناخن کے جڑہ کی زہ جو چمڑے کے ساتہہ ملی ہوتی ہے
اطعمہ ع جمع طعام بہت سی کہانے لذیذ

الف با عین

اعجوبہ ع جو چیز تعجب مین ڈالے یعنے عجیب و انوکہی چیز
اعنہ ع جمع عنان بہت سی باگین گہوڑے کی
اعزہ ع جمع عزیز بہت سی زبردست اور پیاری لوگ
اعونہ ع جمع عون اعانت کرنیوالے مددگار
اعیان ثابتہ ع صور علمیہ یعنے علمیہ صورتین
اعضای رئیسہ ع دل دماغ جگر وغیرہ

الف با غین

اغلوطہ ع جو چیز غلطی مین ڈالے

آغشتہ ف آلودہ اور بہرا ہوا کسی پلیدی سے
اغذیہ ع جمع غذا بہت سی غذائین

الف با فا

افسردہ ف بسبب سردی اور برف کے پژمردہ اور سست
افریقہ ت نام ایک شہر کا ہے
افئدہ ع جمع فواد بمعنی دل یعنے بہت سے دل
افواہ ع جمع فواہ بمعنی دہن یعنی بہت سے منہہ
افاغنہ ع جمع افغان یعنے پٹہانون کا گروہ
افضیہ ع جمع فضا بہت سی سرسبز میدان
افگانہ ع بچہ ناتمام جو ساتوین مہینے کے حمل سے اول پیدا ہو یعنے جو سقط ہو جائے

الف با قاف

اقچہ ع روپیہ یا اشرفی یا پیسہ یعنے سکہ کہ مضروب ہو
اقضیہ ع جمع قضا بمعنی حکم و حکومت و فیصلہ و مقدمہ
اقالہ ع بیع کو فسخ کرنا اور درگزر یعنی تقصیر معاف کرنا
اقمشہ ع جمع قماش یعنے متاع و اسباب یعنی بہت سا گہر کا اسباب

الف با کاف

اکاسرہ ع جمع کسرے بادشاہان عالیشان و امرا عظام
اکلہ ع کہانی کی چیزین جو انسان کے کہانے مین آتی ہین
اکمہ ع کور مادرزاد جو مان کے پیٹ سے اندہا پیدا ہو
آکلہ ع نام مرض جو مہلک بیماری ہے
اکتناہ ع کسی چیز کی کنہ کو پہونچنا اصل حقیقت دریافت کرنا
اکراہ ع زبردستی سے کام لینا یعنے بگڑ کر مفت کام کرانا
اکالہ ع بہت کہانیوالا آدمی پرخور شکم بندہ

آگاہ ف خبردار صاحب علم و عقل و ہوش و ہنرمند

الف با لام

اَلبتہ ع ہرمند مشرب ہے یا کسی قید لا مذہب
اَلُوچہ ف مشہور میوہ ہے جو ترش و شیرین ہوتا ہی
اَلسِنَہ ع جمع لسان یا زبانہا یعنی بہت سی زبانین
اَلیَتہ ع سرین یعنے چوتڑ آدمی کے
اَلیہ ع دنبہ گوسپند و گوشت سرین ہر جانور کا
اَلفِیَہ ع نام کتاب علم نحو مین جسکی ہزار بیت ہے و باصطلاح اہل الرمل
اَلکہ ف کشور یعنے ولایت و اقلیم
اللہ ع معبود مطلق و اسم ذات باری تعالیٰ جل شانہ
اَلوِیَہ ع جمع لوا علم ہای فوج و نشانہای لشکر
الاچہ ت دو رنگ کپڑا جسکا سوت دو رنگ کا ہو
الجہت ت لوٹ کا مال غارت سی لیا ہوا اسباب
الفیہ شلفیہ ع نام کتاب جو قوت باہ کی تقویت اور اسکان کا ...ہین
البتہ ع بیشک ہان ایسا ہی ہے
القصہ ع حاصل کلام نتیجہ تقریر و خلاصہ اوسکا
آلہ ع ہتیار اوزار جسسے کام کیا جائے
آلہ ع خدا کا نام ہی و اسم ذات کا اختصار

الف با میم

آمنہ ع نام والدہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
آملہ ہ مشہور پہل ہے جو دواؤن مین مستعمل
آموختہ ف مخفف آموختہ پڑہا ہوا اور سیکہا ہوا علم
اَمکنہ ع جمع مکان بہت سے مکان

اِمالہ ع میل دینا مایل کرنا اور اصطلاح مین فتحہ کو طرف کسرہ کے جیسے کتیب امالہ کتاب و رکیب امالہ رکاب
اَمثِلہ ع جمع مثال یعنے بہت سے مثالین و تشبیہین
اَمتِعہ ع جمع متاع یعنے بہت سی اسباب و سامان
اَمزِجہ ع جمع مزاج یعنے بہت سے مزاج
امور عامہ ع وہ چیزین جنکی دلالت عام ہو
اِمامیہ ع فرقہ شیعہ جو ابوبکر و عمر و عثمان ثلاثہ صحابہ کبار کی خلافت و امامت سے منکر ہین سوائے علی المرتضیٰ کے

الف با نون

انبرہ ع وہ آلہ جس سے لوہار گرم لوہا پکڑتے ہین ہندی سنسی مشہور اوسکا ہی
اَنمِلہ ع سر انگشت انامل اسکی جمع ہی
اندازہ ف جرأت و طاقت و تخمینہ و نمونہ و نشانہ و علامت و قصد و ارادہ
انگہ ف اوسوقت اوس حالت و زمانہ مین
انوشہ ف خرم و خوشحال و شہزادہ حسین و نوجوان و دانا و مرد نوکد خدا جسکی نئی شادی ہو
انگارہ ف خاکہ تصویر کا و نقش ناتمام
انتباہ ع خبردار کرنا اور خبردار ہونا مطلع ہونا
انبوبہ ع لوٹے کی ٹونٹی جس سے پانی نکالتے ہین
انگلہ ف تکمہ کی گہنڈی جسمین تکمہ ڈالا جاتا ہے
انگوزہ ف ہینگ ہے مشہور بدبو چیز ہی اور دواؤن مین مستعمل ہے
انفحہ ع پنیر جو دودہ سے بنایا جاتا ہی
انبانہ ف وہ چمڑا جسمین غلہ بہرتے ہین
انیقہ ع ماتو ذایق سی جسکی معنی خوش ہونیکے ہین

اُتہتہ ۶ خبر دینی والا اتنبیہ یعنی والا آگاہ کرنے والا
اُنسیّہ ۶ منسوب بانس یعنی خوگر نے والا دوتا ہے
انطاکیہ ۶ ایک شہر شام مین ہے جسکا یہہ نام ہی

الف باواو

اودَہ ہہ ہند کے ایک صوبہ کا نام ہی جسکا دار السلطنت لکھنؤ ہے
اُوقیہ ۶ چالیس درم کے وزن کا نام ہی
اولکہ ت ترکی مین ولایت اور اقلیم کو کہتے ہین
ادارجہ ف بھی کہانہ دفتر کی کتاب روزنامچہ
آوارہ ف خراب وابتر و پریشان
آویزہ ف لٹکا ہوا اور نام ایک زیور کا جسکو بندا اور جھمکا کہتے ہین
اوعیہ ۶ ظروف و اوندے یعنی برتن مثل [illegible] و کلی وغیرہ
اوارجہ ف دفتر حساب کی کتاب جسمین ہر ایک طرح کا حساب ہو
اوّاہ ۶ دعا پڑھتی والا زاری کرنے والا رونیوالا عاجز ہونیوالا
اوردہ ف جمع ورید یعنی رگین جو انسان کے جسم مین ہین
آورہ ف قبا کا ایرہ جو استر کے اوپر ہوتا ہی
اولی اجنحہ ۶ صاحبان بازو و پر یعنی فرشتگان آسمانی

الف باہا

اہل بختہ ف مرد رند و خراباتی و فساد انگیز ہے
آہ ت ای افسوس یہہ لفظ افسوس کے مکام بولا جاتا ہے
آہلّہ ۶ جمع ہلال ہے یعنے بہت سی نئی چاند
اہویہ ۶ جمع ہوا یعنی بہت سی [illegible]
اہل ذمہ ۶ کفار جو اہل اسلام کی حکومت مین ہین

الف بایا

آیکہ ۶ جنگل اور انبوہ درختون کا جہان بیشمار درخت ہون
ایلخہ ن گلّا اسپان یعنے گھوڑون کا گلہ اور بہت سے گھوڑے
ایلہ ت ساتھہ ہمراہ شراکت مین۔
ایجیرہ ت درمیان اور بیچ مین
ایمہ ۶ جمع امام کی لفظ کی یعنے بہت سے امام و پیشوا
آئینہ ف مشہور لفظ ہی معنی زینت و آرایش اور وہ چیز جسمی چہرہ نظر آئے ہندی مین اوسکو درپن کہتے ہین

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف با اور اخیر مین ہا ہی

باب با الف

بارقہ ۶ روشنی و ابر و برق و شمشیر
باختہ ۶ ہارا ہوا
بازندہ ف کھیلنی والا اور قسم ایک کبوتر کا جو ہوا مین بازیان لگاتا ہے
بارہ ف حصار و قلعہ و اسپ تیز رفتار و شتر رہوار و کثرت
نوبت و حق و شان و شوکت
باغندہ ف روئی کا گالہ
بالوعہ ۶ حوض کوچک جس مین گندہ پانی جمع ہوتا ہو
عربی مین اوسکو منجلاب بھی کہتے ہین
بادفراہ و بادافراہ جزاے گناہ و سزای جرم
بادہ ف شراب جسکی پینے سی آدمی مست ہو جاتا ہے
باکرہ ۶ زن دوشیزہ یعنی کنواری عورت

باغچہ ف چھوٹا باغ جہان تھوڑی سے درخت ہون
بالیہ ف پرانا ہونا کہن سال وقدیم ہونا
باخہ ع جانور آبی یعنے کچھوا جو مشہور جانور ہے
بارحہ ع شب گذشتہ گذری ہوئی رات کل کی رات
بارخانہ ف اسباب رکھنی کا مکان
بارگہ ف کچہری پادشاہی محل جس مین بادشاہ ہوتا ہے
باکورہ ع نیا میوہ نیا پھل جو باغ سے اوترے
تازنامہ ف اسب تجمل وتفاخر وسامان حشمت
بالغہ ع عورت جوان جو بالغ ہو چکی ہو
بادیہ ع جنگل ویرانہ غیر آباد زمین
بایستہ ف لائق وبہتر وسزاوار
بازغہ ع طلوع کرنے والا اور نام ایک عورت کا جو بعض نے عاد سے
باطش ع سخت پکڑنے والا مضبوطی کرنے والا
بلوحکہ ف شہوت زنان وخواہش نفس زن
بادکلہ ف ضربت جماع
بالمشافہ ع روبرو آنکھون کے سامنے
بادریسہ ف چوب مدور جو خیمہ کی چوب کہتی مین
بادگانہ ف دریچہ ودرزن جو مکان کی دیوار مین ہو
باسکونہ ف دواز گونہ یعنے ٹہرا
بادام سیہ ف چشم محبوب معشوق کی آنکہہ
بازیچہ ف کہلونا جس سے لڑکے کہیلتے ہین
پاکیزہ ف پاک ودرست ولطیف مطبوع طبع
باللہ ع قسم خدا کی

بالجملہ ف حاصل کلام کا نتیجہ تقریر وگفتگو کا
باہ ف قوت شہوت اور مردی کی قوت
پارچہ ف کپڑا اور پہنی اور پہننے کا ٹکڑا کسی چیز کا
پارہ ف ٹکڑا کسی چیز کا
پالودہ ف فالودہ جو مشہور چیز ہے
پانزدہ ف پندرہ (۱۵) عدد مین
پاجامہ ف کمر کا کپڑا دہوتی وغیرہ وشلوار وازار وغیرہ
پاتیلہ ف دیگ تان فراخ چوڑی مہنہ کا دیگچہ
پاچاہ ف جولاہی کی گاڑہ جس مین وہ پانو لٹکا کر کام کرتا ہی
پالنگانہ ف بام بلند وپاسنگ ترازو
پارینہ ف کہنہ ودرختری ایکسال کی
نبیلہ ع خوبصورت بزرگ پسند خاطر و عزیز دل ۔
نبیرہ ف پوتا یا دھوتا پوتی یا دھوتی ۔
نبلہ ع مٹی کا ڈھیلا جس سے استنجا کریں ۔
نبردہ ف بہادر و دلاور و جوانمرد آدمی ۔
نبیہ ع بروزن وجیہ خبردار کرنے والا ۔
نبیسہ ع پسرزادہ یا دخترزادہ ۔

نون باتاء

نتیجہ ۔ غرض حاصل مطلب خلاصہ کلام ۔

نون باثاء

نثرہ ۔ نام آٹھوین منزل کا منازل قمر سے ۔

نون باحاء

نحلہ ۔ بخشش عطا صدقہ جو دیا جاوے ۔

نون باخاء

نخلہ ۔ درخت خرما یعنے کھجور کا درخت جو مشہور درخت ہے ۔

نخالہ ۔ آٹے کا چھان جو چھلنی سے چھن کر نکلتا ہے بورا بھی اوسکو کہتے ہین ۔

نون بادال

ندبہ ۔ نوحہ و شیون و نالہ و زاری اور گریہ بیآواز سے رونا ۔

نون بازاے

نژاد ۔ ف ۔ اصل و اصیل آدمی خاندانی ۔

نزلہ ۔ ورسد جو کسی کو پہچانے اور نام بیماری زکام کا ۔

نزہ ۔ بے عیب تازہ اور خوب اور اچھا ۔

نون باسین

نسیئہ ۔ قرض اودھار اور وام جو کسی کو دیا جائے ۔

نسخہ ۔ لکھا ہوا نقل کیا ہوا اور کتاب و صحیفہ و رسالہ ۔

نون باشین

نشارہ ۔ برادہ بوبے علاج وغیرہ جو اوسکے چیرنے سے نکلے

نشاستہ ۔ میدہ گیہون کا جو گیہون بھگو کر نکالین ۔

نشرہ ۔ تعویذ جو صاحب عمل لکھتے ہین ۔

نشرہ ۔ ختم قرآن تمام قرآن پڑھنا ۔

نشہ ۔ بیہوشی اور مستی جو شراب وغیرہ سے حاصل ہوتی ہے

نون باصاد

نصیبہ ۔ قسمت و نصیب ۔

نون باطاء

نطیفہ ۔ صاف و سفید پانی اور تخم آدمی کا ۔

نون باظاء

نظارہ ۔ حرکت نظر کرنا آنکھ سے دیکھنا سیر کرنا ۔

نظارہ ۔ دیکھنے والے لوگ سیر کرنے والے لوگ ۔

نظارت پیشہ ۔ ف ۔ نگہبان و خواجہ سرا ۔

نون باعین

نعجہ ۔ میش یعنے بھیڑ جو مشہور چارپایہ ہے ۔

نعامہ ۔ شترمرغ جو ایک جانور ہے ۔

نعرہ ۔ بلند آواز

نعوذ باللہ ۔ پناہ مانگتے ہین ہم اللہ سے ۔

نون باغین

نغمہ ۔ سرود راگ جو گایا جاتا ہے ۔

نغنغہ ۔ آواز لطیف اور مطبوع آواز ۔

نغولہ ۔ موئے پیچیدہ اور گوندھی ہوئی زلفین ۔

نون بافاء

نفس امارہ ۔ خواہش طبیعت بطرف بدی ۔

نفوس ثلاثہ ۔ تین نفس انسان کے امارہ لوامہ مطمئنہ

نفوس قدسیہ ع عالم ارواح و عالم ملائک -

نفس ناطقہ ع نفس انسانی جو بولتا ہی یعنی بولنے والا نفس

نفقہ ع خرچ عیال و اطفال و ضروری خرچ -

نفخہ ع ایک مرتبہ پھونکنا دم لگانا -

نفطہ ع آبلہ او چھالا جو بدن پر ظاہر ہوتا ہے -

نفحہ ع بو خوش عطر و کستوری وغیرہ کی -

نون با قاف

نقاوہ ع برگزیدہ آدمی بہت اچھا آدمی -

نقلہ نقل کرنے والا نقشہ اوتارنے والے

نقرہ ع چاندی خوشنما دھات ہے

نقشہ ف تصویر و نمونہ کسی چیز کا جیسی وہ ہو -

نقطہ ع خط کی مقدار اور وہ مقدار جو نہ قسم ہو -

نقبہ ع مرض خارش کھجلی کی بیماری -

نقیعہ ع ضیافت قدوم یعنی اوسکی ضیافت جو سفر سے آیا ہو بجائے مسافر

نون با کاف

نکتہ ع سخن باریک و پوشیدہ -

نکرہ ع ناشناختگی ضد معرفہ یعنی وہ جسکی پہچان نہو -

نکوہیدہ ف ملامت کیا گیا بد و زشت و نابون -

نگارخانہ ف تصویرخانہ جہان بہت سی تصویرین ہون

نون با میم

نمگیرہ ف پلنگ پوش اور چپرکھٹ کا غلاف -

نمیقہ ع لکھا ہوا خط نقش کیا ہوا -

نمرقہ ع چھوٹا گاو تکیہ پشت پر رکھنے کا -

نمرقہ ع چھوٹا گاو تکیہ پشت پر رکھنے کا

نمیمہ ع چغل خوری و غمازی -

نمونہ ف دکھلاو کسی چیز کا اصل اس لفظ کا نمودہ تھا -

نملہ ع ایک قسم کی پھنسیان ہین -

نون با واو

نواخانہ ف قیدخانہ جہان قیدی مقید ہون -

نوباوہ ف میوہ تازہ و نو رسیدہ -

نورہ ف چونہ جس سے بال اوکھاڑ ڈالتے ہین -

نوالہ ع لقمہ طعام کا -

نوادہ ف پوتا بیٹو کا بیٹا -

نوخواستہ ف نوجوان بچہ -

نوزدہ ف انیس جسکو عربی مین تسعہ عشر کہتے ہین -

نوشتہ ف لکھا ہوا

نوشابہ نام ملکہ بردع جسکی ملاقات سکندر سے ہوئی تھی

نوکیسہ ف نو دولت جو پہلے مفلس تھا اور اب دولتمند ہو

نوشہ ف نوجوان و نوکتخدا یعنی جسکی نئی شادی ہوئی ہو

نوحہ ع آواز سے رونا چلاکر رونا کسی ماتم و غم کی وجہ سے

نوچہ ف جوان نوخواستہ بالغ لڑکا -

نون با ہا

نہانخانہ ف مقام پوشیدہ تہ خانہ خلوت کا مقام

نہینہ ع عقل ہوش -

نہبہ ع غارت و تاراج اور آواز کرنا -

نون با یا

نیم کلہ ف ناتمام چیز جو ابہی پوری نہوئی ہو -

نیم کارہ ف ناتمام چیز ناقص چیز -

نیمہ ف آدہا و جانب و طرف -

نیشہ ف نے کو جیک میانہ تہی جسکو نیچہ بہی کہتے ہین

نیلہ ف نام چارپایہ صحرائی جسکو نیل گاو کہتے ہین -

نیفہ ہ بند کش ازار و قسم پوستین جو قیمتی ہوتی ہے -

نیزہ ف برچہی جو ایک قسم کا مشہور ہتہیار ہے -

نیچہ ف چہوٹی نے حقہ پینے کی جسسے تما کو کا دہوان لیتے ہین

چہیلسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف واو اور اخیر مین نون ہے

واو با الف

وابستہ ف متعلق و رشتہ دار -

والاجاہ ف بلند مرتبہ -

واقعہ ع حادثہ و رنج و سختی و تکلیف -

واقعیہ ع قسم حیوان بہشتی -

واہلہ نام زن نوح علیہ السلام جو کافر تہی -

والہ ع دیوانہ و عاشق و نام شاعر ہر دی -

واعیہ ع پکارنیوالا حافظ و پاسبان و چوکیدار -

وارستہ ف فارغ البال و رہائی یافتہ -

واقصہ ع راہ مکہ مین ایک مقام کا نام ہے -

واماندہ ف باقیماندہ اور بچا ہوا -

واعجباہ ع کلمہ تعجب و تاسف و حسرت -

واہیہ ع شکستہ اور گرا ہوا اور خراب و خستہ -

واہمہ ع قوت وہمی کا نام ہے جو انسان کے قوی مین ہے

وایہ ع حاجت و مراد و مستا و ہر روزہ و وظیفہ روزانہ مثل کوکنار و فیون وغیرہ جسکے کہانیکی عادت ہو -

واو با تاء

وتیرہ ع روش طریق و دستور و طرز و عادت و خو -

واو با ثاء

وثیقہ ع سند و عہد و پیمان و محکمی و تمسک کا غذ قبالہ

واو با جیم

وَجہ ع رو و چہرہ و طریقہ و طور -

وِجہَہ ع جسطرف رخ کیا جائے و قبلہ -

وَجنہ ع ابہرے ہوئے رخسار معشوقون کے -

وجوہ ع جمع وجہ کی بہت سے رو و چہرے و طریقے -

وجیہہ ع خوبصورت و حسین آدمی مقبول صورت -

واو با راے

ورطہ ع جائے ہلاک و گرداب و مکان پُر ہراس بے کار است

ورثہ ع میراث لینے والے لوگ جو مردہ کے وارث ہون

واو با زاے

وزغہ ع غوک مینڈک جو آبی مشہور جانور ہے -

واو با سین

وسادہ ف بالین و بالش و تکیہ

وسیلہ ع ذریعہ و واسطہ جو کسی کام مین ہو -

واو با صاد

وصیلہ ۔ عمارت و فراخی مکان و صحن فراخ ۔
وصیفہ ۔ باندی کنیزک پرستارندہ متگار ۔
وصلہ ۔ ٹکڑا کپڑے کا یا کاغذ وغیرہ کا اور پیوند جوڑا ہو

واو با ظا

وظیفہ ۔ جو چیز ہر روز مقرر ہو یعنی روزینہ و راتب روز کا

واو با عین

وعدہ ۔ اقرار اور خبر دینا آگاہ کرنا ۔

واو با فا

وفضہ ۔ ترکش جس مین تیر رکھتے ہین ۔

واو با قاف

وقایہ ۔ نگاہ رکھنا اور نام ایک کتاب کا ۔
وقیہ ۔ وزن چہل درم یعنی چالیس درم کا وزن ۔
وقفہ ۔ توقف و مہلت و فرصت و میعاد ۔

واو با کاف

وکیرہ ۔ ضیافت تعمیر مکان و خانہ جسکو چٹہ کہتے ہین

واو با لام

ولہ ۔ سرگشتگی و جنون و عشق و محبت و دیوانگی و خبط ۔
ولولہ ۔ شور و غوغا و بانگ و فریاد و زاری و بیقراری
ولیۃ ۔ دوست عورت پیاری عورت اور وہ عورت جو مالک گہر کی ہو یعنی خانہ دار اور منکوحہ بی بی ۔
ولیمہ ۔ پالان خر و اسپ و طعام ضیافت و شادی و نکاح ۔

واو با نون

وندہ ۔ تہ و تیز رنگ سبزہ جسکو کالون کہتے ہین ۔

واو با ہا

وہدہ ۔ زمین پست و نشیب جہان پانی جمع رہتا ہو ۔
وہلہ ۔ ڈرا اور ڈرانا و نوبت و کرت ۔
وہمہ ۔ دردزہ یعنی درد ولادت جو عورت کو ہوتی ہے ۔

ستائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ہائے ہوز اور اخیر مین نون ہو

ہائے با الف

ہامہ ۔ کاسہ سر و پیشانی اور بمعنے بوم یعنی الّو جو مشہور منحوس جانور ہے ۔
ہالکہ ۔ نفس و حریص و محتاج ۔
ہبہ نامہ ۔ سند بخشش کی جو وہب اپنے اقرار سے لکھدے ۔
ہائلہ ۔ ہولناک و خوفناک مقام ۔
ہالہ ۔ دائرہ ماہ چاند کا کنڈل ۔
ہاویہ ۔ نام دوزخ جو ساتوان طبقہ ہے ۔
ہال گاہ ۔ میدان چوگان بازی جہان گیند کھیلتے ہین

ہا با با

ہبہ ۔ بخشدینا مالک کردینا دیدینا کسی چیز کا کسی کو ۔

ہا با دال

ہدرہ ۔ فائدہ بیہودہ بے فائدہ ۔

ہدیہ ف تحفہ چیز پیشکش جو دوست دوستوں کو دیتے ہین -

ہائے با رائے

ہراسہ ف خوفناک شکل جس سے کوئی ڈرے -

ہرانچہ ف جو کچھ جو چیز -

ہرانکہ ف جو شخص جو آدمی -

ہرچہ ف جو کچھ -

ہرکارہ ف قاصد اور ہر کام کرنیوالا -

ہربرہ ع گربہ بلی جو مشہور جانور ہے -

ہرزہ ف بیہودہ بیفائدہ بے سود چیز -

ہرآئینہ ف ناچار بالضرورت البتہ -

ہرہ ع بلی مادہ گربہ جو نر نہو -

ہروله ف رفتار پویہ جو ایک قسم کی چال ہے -

ہریسہ ع ایک آش کی قسم ہے جو پیتے ہین -

ہائے با زائے

ہزہ ع ہلانا جنبش دینا حرکت دینا -

ہزار چشمہ ف سرطان کی بیماری یہ ایک مہلک دنبل پشت پر ہوتا ہے منہ اوسکے بہت ہوتے ہین اور وہ مہلک بیماری ہے جس سے آدمی مرجاتا ہے -

ہزہ ع ہلنا حرکت کرنا جنبش مین آنا -

ہزار پایہ ف جانور کنسلائی جسکے پانو بہت ہوتے ہین

ہزینہ ف نان نفقہ عیال کا اور ضروری خرچ -

ہا با ضاد

ہضبہ ع زمین بلند و پشتہ جہان پانی نہ ٹھہر سکے -

ہائے با فاء

ہفتہ ف سات روز کا شمار

ہفتدہ ف ۱۷ عدد مین سترہ عربی مین سبع عشر کہتے ہین

ہائے با میم

ہمخوابہ ف زن منکوحہ ہم بستر عورت -

ہمراہ ف ساتھی جو راہ مین ساتھ ہو -

ہمسایہ ف پڑوسی دیوار بدیوار رہنیوالا پاس رہنیوالا

ہمشیرہ ف بہن جسنے کہ ایک والدہ کا دودھ پیا ہو -

ہمارہ ع اندازہ و حساب -

ہمہمہ ف گرجنا شیر درندہ کا -

ہمہ ف تمام بالکل سارا -

ہم رشتہ ف بستہ و ریگانگی و ہم قوم -

ہا با نون

ہنیدہ ع سو اونٹ و مقدار صد عدد -

ہنعہ ع داغ جو اونٹ کی گردن کے نیچے ہو -

ہندوانہ ف تربوز جو مشہور میوہ ہے -

ہندسہ ع اندازہ اور نام علم کا -

ہنگامہ ف وقت و مجلس و مجمع و محفل -

ہائے با واو

ہوالہ ع ہولناک جس سے خوف آئے -

ہوا خواہ ف دوست خیرخواہ -

ہودہ ف حق و درست چنانچہ بیہودہ وغیرہ -

ہائے با یاء

اٹھائیسواں باب

اون لغات کے بیان مین جن کے اخیر مین یائے ہے اور پہلے حروف بر رعائت حروف تہجی کے اپنے اپنے موقع پہ بدلتے جاتے ہین اس مین ستائیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین یائے ہے

الف با با

آبائے علوم ع ساتون آسمان یا سات ستارہ -

آب بازی ف شناوری پانی مین تیرنا -

آبادی ف بستی شہر قریہ و گانو -

آب پاشی ف چھڑکاؤ کرنا کھیتی کو پانی دینا -

ابلہی ع کمینہ پن

آب یاری ف درختون کو پانی دینا سرسبز کرنا

آبی ع سرکش و نافرمان و عاق -

ابدالی ظرافت و مسخرہ و نام قوم افغان -

ابہری ساکن شہر ابہر جو زنجان کے پاس موجود ہے -

ابوی ع باپ اور میرا باپ -

الف با تاء

آتشی ف قسم دیو و جن و شیاطین -

آتش نمرودی ف جسمین ابراہیم خلیل اللہ کو ڈالا تھا اور وہ آگ گلزار بنگئی تھی -

الف با ثاء

اثنا عشری ع جو لوگ امامیہ مذہب کے ہین بارہ امام کو امام جانتے ہین چار امام اہل سنت سے منکر ہین ثلاثہ اصحاب کی خلافت کو حق نہین جانتے -

الف با جیم

اجنبی ع بیگانہ غیر آدمی جو واقف نہو -

اچی ت بہادر کلان بڑا بھائی جسکو عربی مین اخ و اخوی کہتے ہین -

الف با حاء

احتبالی ع حیلہ انگیزی و بیمار -

احلی ع نہائت شیرین نہائت مزہ دار و پر ذائقہ

احدی ع پیادگان شاہی و سرہنگان سلطانی

الف با خاء

اخیافی ف وہ بھائی جنکی ما ایک اور باپ الگ الگ ہون اور اعیانی وہ جنکا باپ ایک اور ما علیحدہ علیحدہ ہو

اخری ع پچھلی عورت یا چیز -

اخوی ع میرا بھائی -

اخی ع میرے بھائی -

الف با دال

اعجمی ع جو اچھی گفتگو نہ کر سکے زبان اوسکی پسلتی ہو گفتگو مین -

اعلی ع بلند اونچا دولتمند اوپر چڑھا ہوا -

اعرابی ع صحرانشین جنگلی آدمی -

اعنی ع مراد میری یہ ہو مطلب میرا یہ ہے -

الف باغین

اغانی ع نام ایک ساز کا ہو جسکو بجاتے ہین -

الف بافا

افتابی ف سورج مکھی پہول جو چھوٹا پہول زرد رنگ ہے

افاعی ع بہت سے سانپ جمع افعی کے لفظ کی -

افعی ع سانپ یعنے ایک سانپ

افضلی ع تخلص شاعر خاقانی کا ہے -

الف باقاف

اقاسی داروغہ جو دیوان خانہ کا داروغہ ہو -

اقاصی ع دور تر بہت دور فاصلہ -

الف باکاف

اکسیری ف کیمیاگر جو کیمیا بنانے مہوسی -

آگاہی ف خبرداری و ہوشیاری -

الف بالام

الچی ت پکڑنیوالا لینیوالا قبضہ مین لانیوالا -

المعی ع مرد نیک رائے و ہوشیار و دانا -

الچی ت مال و قیدی جو ملک بیگانہ سے لیتے ہین -

الہی ع بار خدایا اے خدا تعالی لت میرے معبود -

الف بامیم

امی ع ناخواندہ شخص اور وہ شخص جسکی والدہ یا ایام شیرخواری مرجانے باپ کی پرورش سے بھی وہ محروم رہی یہ لفظ خطاب حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا ہے

امہات سفلی ع اربع عناصر جن سے سب چیز پیدا ہوتی ہو

امانی ع جمع امنیہ آرزوئین امیدین مقصودین -

امام محمد غزالی ع یہ بزرگ طوس مین رہتا تھا کتابین اسنے بہت تصنیف کین ہین شامل کیمیائی سعادت وغیرہ

آموی ف ایران و توران مین ایک رود کا نام ہے

الف بانون

انگشتری ف انگوٹھی جو انگلی مین پہنتے ہین -

انسی آدمی جانب اندرون ہر چیز جانب اپنے طرف یعنی

انبازی ف شریک پن شریک ہونا سہیم ہونا -

انوری ع یہ ایک جلیل شاعر استاد مشہور ہے دیوان انوری ایک اسکا یادگار ہے مولد اسکا موضع مہنہ خراسان مین واقع ہے

اناثی ع پیدائش مخلوقات عالم کائنات و عالم ظاہر

انفسی ع عالم ارواح و عالم باطن و عالم ملکوتی -

اندامی ف جامہ چست و درست اور بدن پر پورا -

الف باواو

اولی ع خداوندان و مالکان -

اولی ع بہت اچھا بہت بہتر -

اولی ع پہلی عورت -

اوجی ع تخلص ایک شاعر کا -

اودالی ع مرغ بہ آ...ہ جمع ...کے نقد کی -
اویس قرنی ن نام بزرگ جو عاشق رسول مقبول تھا
آوارگی ف خرابی و ویرانی و پریشان حالی -

الف با ہائے ہوز

اہالی ع اہل حلقہ قیاس سے بمعنی دوتمندان و ایلیا و شہر و مستغری
آہنی ف لوہے کی چیز جو لوہے سے بنائی جائے -

الف بایا

ایادی ع جمع ایدی اور ایدی جمع ید ہے اور ید کے معنے ہاتھ نعمت قدرت
ایشیک آقاسی ت داروغہ دیوان خانہ -
ائی ف حرف ندا فارسی میں اور یا عربی میں -
ایگی ع چہ کدام کونسا کون شخص کون آدمی -
ایّاکی ع مجکو عربی میں ترجمہ مرا کے لفظ کا جو فارسی ہے
ایشتی ع صف زنان عورتونکا گروہ عورتون کی جماعت
ایلخی ت گلہ اسپان گھوڑون کا گلہ بہت سے گھوڑے -

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف با

اور اخیر مین نون ہے

بابا الف

باراتی ع وہ کھیتی جو بارش کے پانی سے پختہ ہو جاوے کہ پانی اوسمین نہ لگے
بارتندگی ف مکاری وحیلہ گری و کمیل ہو کود -
بادہ ریحانی ف شراب خوشبودار جو ایک قسم کی شراب ہوتی ہے
بارگی ع گھوڑا سواری کا اور رہوار گھوڑا -

باقی ع بنا گرنیو الا مینیاد ڈالنیو الا کسی مکان کا -
بادمیشنی ف چپت جینگ پہنگے ... وہ زندہ ہو جاتا تھا
باغی ع نافرمان اور عاق جو مالک کا حکم نہ مانے -
بازی ف کھیل کود لڑکون کی -
بادی ع ابتدا کرنے والا اور فارسی مین ہوائی -
باکی ع رونے والا گریہ وزاری کرنیوالا -
بارتی ف بیائے مجہول ایک مرتبہ ایک دفعہ -
باریتعالی ع خداوند تعالی جل جلالہ عم نوالہ -
بازرگانی ف سوداگری مال و سوداگری طریق وغیرہ
بالائی ف بلندی اونچائی -
باورچی ف روٹی پکانیوالا طعام پکانیوالا -
بالیدگی ف بڑہنا درخت وغیرہ کا سرسبز ہونا -
باقی ع رہ جانے والا بچ رہنے والا -
پاسداری ف چوکیداری حفاظت و ذمہ داری
باری ع خدا کا نام ہے پیدا کرنے والا -
بالی ع کہنہ و پرانا و قدیمی -
باشی ت سردار افسر امیر سرگروہ -
باجی ت خواہر و ہمشیرہ یعنے بہن
باریکی ف نفاست و دارو نگی و افسری -
پاکی ف استرہ جس سے بال مونڈتے ہین
پاسبانی ف حفاظت و چوکیداری
پاجی ف کمذات آدمی بدذات شخص -
پارگی ف پورا نا بیکار رہوتا -

پا مین پرستی ف خدمتگاری -
پاکوبی ف ناچنا رقص کرنا کودنا -
پائی ف پانو قدم انسان یا حیوان یا درخت وغیرہ کا
پالائی ف صاف کرنیوالا اصفهانی وغیرہ والا -
پارکابی ف مقدار قلیل تهوڑا مقدار -
پالانی ف اسپ بار بردار جسپر بوجہ لادین -
پا [illegible] بہ تہی و پامالی -
پا [illegible] بہ صاف [illegible] کرنا -

با با حاد

بحری ف دریائی چیز پانی کا ہو -

با با خاء

بخردی ف دانائی عقلمندی و ہوش و ادراک
بختی ف بنداد کی اونٹ بار بردار اونٹ بوجہ لادنیوالا
بخشی ف تنخواہ وغیرہ کا حصہ بانٹنیوالا فوج کو روپیہ دینیوالا

با با دال

بدنی ف منسوب بہ بدن یعنی غلط بدنی و آسائش بدنی وغیرہ
بدیہی ع ابتدائی پہلا اولین -
بدی ف بد ہونا برائی و خرابی -
پدری ف باپ کا -
بدوی ع بادیہ نشین جنگلی جو لوگ جنگل مین رہین -
بدیہہ گوئی ف فی البدیہہ بے تردد کلام کرنا بے سوچے جواب دینا

با با راے

بریخی ف اندکے یعنی تهوڑا سا بہت کم -

برخی ف برونٹن و بخشیدہ و قربان صدقہ کردہ
برکی ف ایک قماش کا نام جو شتر یعنی اونٹ کی
پشم سے بناتے ہین اور وہ لباس فقرا کا ہوتا ہے -
بریٔ ع پاک و بیزار و بیگناہ و بے عیب شخص -
بری ع ہر چیز جو جنگل مین ہو بخلاف بحری کے -
برد خطی ع منقش خط دار چادر یا دوشالہ کپڑا -
برانی ع دشت بیابان جنگل و ویرانہ زمین -
برائی ف واسطے -
برہنگی ف ننگا ہونا عریان ہونا بے لباس ہونا
پراگندگی و پریشانی ف ابتر ہونا خراب ہونا -
برہنہ گوئی ف صاف صاف کہنا بے پردہ کہنا
برد قلمی ع وہ چادر جسپر قلم سے نقش بنے ہوئے ہون -
برد یمانی ع قسم چادر جو یمن مین بنتی ہے -
برنائی ف جوانی اور جوانی کی عمر -
بریانی ایک قسم کا پلاؤ ہے جو گھی مین بہون کر پکاتے
برج آبی ف سرطان عقرب حوت تین برج ہین -
برج خاکی ف ثور سنبلہ جدی تین برج ہین -
برج بادی ف جوزا میزان دلو تین برج ہین -
برج آتشی ف حمل اسد قوس تین برج ہین -
پرپائی ف قسم کبوتر یا مور جسکے پاؤن پر پر ہوتے ہین
پری ف قوم جن و پرسون روز گذشتہ -
پردہ عنبی ف آنکھ کے ایک پردہ کا نام ہے
پردہ زنبوری ف خانہ جالی دار -

پردہ بازی ف شب بازی ۔

پردگی ف پردہ نشین و ستردار عورت ۔

پرسیدنی ف لائق پوچھنے کے ۔

پردہ بیتی ف نتھنی کا پردہ ۔

پرافشانی ف ترک علائق و ترک دینا ۔

پروانگی ف اجازت

پرواری ف موٹا تازہ ۔

پرسیدنی ف لائق پوچھنے کے بندگی کے طریق ۔

با با زائے

بزگیری ف مکر و حیلہ و فریب و دغا و داؤ کھیلنا

بزبازی ف نچانا بکری اور بندر کو ۔

بزشکی ف طبابت کرنا معالجہ کا کام کرنا ۔

با با سین

بستی ف نیچائی زیر ہونا نیچے ہونا ۔

بسی ف بہت بے شمار جسکی تعداد نہو ۔

بستان سرائے عمدہ عمارت جو باغ مین ہو بارہ دری وغیرہ

با با شین

بشر حافی ع نام ایک مرد عابد کا جو ولی کامل تھا

بشارت ع خوشخبری اچھی خبر نیک بات ۔

پشتی ف مدد و حمایت و پناہ ۔

پشیمانی ف پچھتانا نادم ہونا اپنے اعمال پر ۔

پشت گرمی ف مددگاری و حمایت ۔

با با طاء

بطی ع درنگ کرنیوالا و آہستہ کام کرنیوالا ۔

با با غین

بغی ع نافرمانی و بغاوت و عدم اطاعت ۔

بغی ع نافرمان و باغی جو حاکم کی اطاعت نہ کرے ۔

بغلی ف زنبیل گدائی کی جو فقیر بغل مین رکھتے ہین ۔

با با فاء

بفتری ف کارگاہ بافندہ جہان وہ کپڑا بنتا ہے

با با کاف

بنگلی کشمیر مین ایک علاقہ کا نام ہے ۔

با با لام

بلے بلے ع ہان آرے ۔

بلندی ف درازی اونچائی ۔

بلا تحاشی ع بیدرنگ بلا توقف ۔ فی الفور ۔

بلیچی ف بیسہ فروش اور ترکی مین گندہ بان اور گدا

راہ نشین جو راستہ مین بیٹھکر گدائی کرے ۔

با با نون

بنی طے ع نام قبیلہ جس سے حاتم طائی سخی پیدا ہوا تھا

بنائی ف بنیاد ابتدا اور نیو دیوار کی ۔

بندگی ف پرستش عبادت اور بندہ ہونا ۔

بنی ع جمع ابن کی بہت سے بیٹے اور نسل اور اولاد ۔

بندی ف قیدی و اسیر و گرفتار و مبتلا ۔

بنجاری ف نام ایک منصب بادشاہی کا ہے ۔

با با واو

تاریکی ف اندھیرا اور سیاہی -

تا با با

تباہی ف اوجڑنا خراب و ویران ہونا -

تبنی ع بیٹا بنانا فرزند بنانا -

تا با تا

تتری ف تاتار کا رہنے والا تاتار کا متوطن

تا با جیم

تجلی ع ظاہر ہونا روشن ہونا اور جلوہ کرنا -

تجزی ع جزو جزو کرنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا -

تجنی ع کسی پر گناہ باندھنا تہمت کرنا بدنام کرنا

تا با حا

تحاشی ع یکسو ہونا یکطرف ہونا -

تحری ع صواب ڈھونڈھنا سزاوار و بہتر ڈھونڈھنا

تحفگی ف نادر ہونا تحفہ ہونا نہایت بہتر ہونا -

تحافی ع یکسو ہونا جدا ہونا الگ ہونا -

تا با دال

تداوی ع دوا کرنا علاج کرنا کسی بیماری کے لئے چارہ جوئی کرنا

تا با رائے

تردامنی ف گنہگاری و بدکرداری و خطاواری -

ترجی ع امیدوار ہونا چیز ممکن الحصول کا -

تریاکی ف افیونی آدمی جسکو افیون کھانیکی عادت ہو

ترشح ع جو چیز منسوب ہے کسی سبب کے ہو یعنی ڈھال کیطرح چوری ہے

تردماغی ف خفقان و تہور و سرمستی بیہوشی کی حد تک پہنچے

تراجی ع مراد و امید رکھنا کسی سے اپنی بہبودی کے لئے

تریاق لالی ف زہر مہرہ ملک لالن کا جو نہایت اچھا ہوتا ہے

تراخی ع سستی و تغافل و لاپرواہی جو کسی کام میں کیجاوے

تراہی ع نوبادہ میوہ نورسیدہ یعنی تازہ بوٹا اور تازہ میوہ

ترقی ع بلند ہونا اوپر چڑھنا زیادہ ہونا بڑھنا -

ترخانی ف نام منصب بادشاہی جو امراؤ کو ملتا ہے

ترکتازی ف حملہ و دوانہ و چالاکی و تیز رفتاری -

ترشی ف بیدماغی و ناخوشی و درشتی و نارضامندی

تراضی ع رضامندی و خوشنودی و خوش دلی -

ترش روئی ف ناراض و حالت غضب و غصہ -

ترمذی ف منسوب شہر ترمذ یعنی ترمذ کے رہنے والا شخص

ترکی ف منسوب بولائت ترکستان یعنی ترکستان کے رہنے والا شخص

تا با زائے

تزکی ع نام ایک امیر کا امرائے سلطان معز الدین کے

تا با سین

تساوی ع برابر ہونا اور برابر کرنا -

تسلی ع ڈھارس خاطر جمع -

تا با شین

تشفی ع آرام پانا شفا پانا -

تشنگی ف پیاس پانی پینے کی خواہش -

تا با صاد

تصدی ع پیش آنا روبرو آنا سامنے آنا -

تا با عین

تعدی ع ظلم و جفا جور و ستم زبردستی -

تعالی ع بلند یہ لفظ خدا کے نام کے ساتھ بولا جاتا ہے

تا با غین

تغالی ت ناموں پر اور ہار پہنے خال -

تغشی ع غش کہانا بیہوش ہو کر گرنا -

تا با فا

تفضی ع بروزن ترکی تنگی و دشواری -

تفنگچی ف بندوق چلانیوالا بندوقچی -

تا با قاف

تقضی ع گذرنا مدت کا پورا ہونا میعاد کا -

تقی ع ڈرنے والا خدا سے مجازاً پرہیزگار -

تقوی ع ڈرنا و پرہیزگاری کرنا -

تقادی ع قوت دینا مدد ملنا سرکار کیطرف سے زمیندار کو زراعت میں

تقلیدی ع پیروی کرنیوالا -

تا با کاف

تکافی ع برابر ہونا کفایت کرنا بس ہونا -

تکامشی ت تگ و دو کرنا ڈھونڈنا تلاش و جستجو میں مصروف رہنا

تا با لام

تلافی ع پانا ہاتھ میں لانا دلجوئی کرنا -

تلاقی ع ملاقات کرنا ملنا آپس میں -

تلنگی ف بجانا دف اور دائرہ کا ساز بجانا -

تلاشی ع ماخوذ لاشی سے نیست و نابود ہونا -

تلقی ع ملاقات کرنا آپس میں ملنا ایک دوسرے کو

تا با میم

تمشی ع روان کرنا جاری کرنا ارادہ کرنا راہ چلنا -

تمنی ع آرزو کرنا التجا کرنا مانگنا -

تمغاچی ت محصول لینیوالا محصولیہ جو سرکار سے مامور ہو

تمطی ع خمیازہ بندی انگڑائی -

تمادی ع دراز ہونا نہایت تک پہونچنا -

تا با نون

تن آسانی ف راحت و آرام و آسایش و دلجمعی -

تناہی ع انتہا تک پہنچنا اخیر تک جانا -

تنگ چشمی ف بخل و کمی و تنگ حوصلگی -

تنگ ورزی ف اختلاط کرنا و پیوستگی کرنا -

تنگری ت نام حقتعالی ترکی زبان میں -

تنداری ف بیوقوف بیعقل بیہوش -

تنگنائی ف کوچہ تنگ اور مشکل کام -

تنافی ع نفی کرنا دور کرنا محو کرنا -

تن دہی ف کوشش و تلاش و جستجو

تندی ف غضبناکی و خشمگینی و بدخوئی -

تنگی ف تنگ ہونا -

تا با واو

تولی ع پھرنا واپس ہونا حکومت کرنا ولایت کرنا نائب ہونا کسی کے کام پر ممتاز ہونا -

توازی ع برابر ہونا ایک وزن و ہمرتبہ ہونا -

توقی ع نگہبانی و پاسداری و حفاظت -

توانگری ف مالدار ہونا صاحب ثروت ہونا دولتمند ہونا

توزی ف قسم جامہ توز جو شہر توز مین بنتا ہے۔

توانی ع سستی کرنا تقصیر کرنا بدل جانا۔

توی ت شادی عروسی کتخدائی بیاہ۔

تونی ع کنس و زدو دغاباز و فریبی و مکار و دغاکرد

توانائی ف زور قوت طاقت دولت حشمت۔

توالی ع پے درپے ہونا باربار ہونا۔

تواری ع پوشیدہ ہونا چھپنا آنکھوں سے۔

تا با ہائے

تہ بندی ف جزبندی و جلد بندی۔

تہادی ع ہدیہ بھیجنا تحفہ دینا۔

تہی ف خالی جو اندر سے پولا ہو بیجا ناکم ہمت و کم عقل

تہجی ع ہجو کہنا اور حروف مفردہ الف با تا وغیرہ

تہانی ع مبارکباد کہنا تہنیت ادا کرنا کسی شادی وغیرہ کا

تا با یا

تیردستی ف عصا اور لاٹھی ہاتھ کی لکڑی۔

تیرگی ف اندھیرا کدورت سیاہی میلاپن۔

تیرہ روئی ف عیاری و مکاری و فریب بازی۔

تیغ مغربی ف کنایۂ ماہ نو اور قسم تلوار کا۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے
اول حرف ثا اور اخیر مین یا ہے

ثا با الف

ثانی ع دوسرا

ثانوی ع دوسرے والا

ثا با دال

ثدی و ثدی ع پستان زنان و مردان و بہائم

ثا با را

ثری ع زمین کا نچلا درجہ اور دولت و مال۔

ثا با عین

ثعلب مصری ع ایک دوا کا نام ہے چونکہ اکثر وہ مصر مین پیدا ہوتی ہے مصری کہتے ہین

ثا با لام

ثلاثی ع وہ لفظ جو تین حرف کا ہو جیسا نچہ درد کا لفظ

ثا با نون

ثنائی ع لفظ دو حرفی اور پہلے دو دانت آدمی کے

ثنی ع گاؤ و گوسپند جو تیسرے سال مین ہو۔

ثائے با واو

ثوانی ع جمع ثانیہ جسکے معنی دوسرے ہین۔

چوتھی فصل

اون لغات کی بیان ہین جن کے
اول حرف جیم اور اخیر مین یا ہے

جیم با الف

جاری ع روان بہتا ہوا پانی اور چلتا ہوا راستہ وغیرہ

جاری مجری ع قائم مقام و جانشین ۔
جان فشانی ف سخت محنت و عرق ریزی ۔
جامی ف یہ شخص عبدالرحمن نام جام شہر میں رہتا تھا شاعر اجل و فاضل اکمل عالم متبحر جسکی چوبیس کتابیں تصنیف مثل شرح ملا و یوسف زلیخا تحفة الاحرار وغیرہ آجتک بدل فصحا کے
جارچی ت نقیب اور منادی کرنیوالا آواز دینے والا ۔
جائی ف جگہہ مکان اور گھر و قیام گاہ ۔
جانی ف دوست پیارا اور گنہگار اور لاد جنون کی
جالی ع جلا دینے والا روشن کرنیوالا صاف کرنیوالا ۔
جامگی ف وظیفہ و پس ماندہ و فضلہ جام جو پیالہ میں رہجاتا ہے
جادوئی ف سحر و ساحری یعنی جادو اور جادوگری ۔
جافی ع ظلم و جفا کرنیوالا زبردستی و تعدی کرنیوالا ۔
جاودانی ف ہمیشہ رہنے والی چیز قایم رہنے والی ۔
چاشنی ف تھوڑی چیز شراب و طعام سے جو چکھنے کو لیجائے
چارجوئی بہشتی ف بہشت کی چار نہریں اول نہر آب دوم نہر شیر سوم نہر شراب چہارم نہر شہد ۔
چاپلوسی ف نرم زبانی و خوشامد و شیرین کلامی ۔
چاچی ف جو کمان شہر چاچ کی بنی ہوئی ہو ۔
چابکی ف تیزی و اسپ تیز رفتار ۔
چائی ت مشہور چیز ہے جسکا قہوہ بنا کر پیتے ہیں ۔
چادر کافوری ف صبح اور صبح کی روشنی ۔
چارپائی ف پلنگ اور کھاٹ جسپر سوتے ہیں ۔
چالاکی ف تیزی و تندی و مستعد ہونا ۔

جیم با بار

جبلی ع طبعی پیدائشی مادی اصلی ۔
چپاتی ف فطیری روٹی جو خمیری نہو ۔

جیم با تار

چترسیابی ف چودھوین رات کا چاند ۔
چتر کحلی ف آسمان و ابر سیاہ ۔

جیم با دال

جدری ع چیچک یعنی سیتلا جو ایک بیماری مہلک ہے
جُدی ع نام دسوین برج آسمان کا ۔
جدائی ف الگ ہونا علیحدہ ہونا ۔

جیم با رائے

جری ع مرد دلیر و بہادر و جوانمرد و جنگ آور ۔
چرخی ف نام ایک ابریشمی کپڑے کا ہے اور وہ چیز جو پھرتی ہے
چرخگی ف رقص کرنا ناچنا ۔
چرخچی ف ہراول فوج کے آگے چلنے والا ۔
چرخ دولابی ف آسمان پھرتا ہوا ۔

جیم با زائے

جزورسی ف کفایت اندیشی کرنا ۔
جزوی ع تھوڑا سا اندک و کم مقدار ۔

جیم با سین

جسمانی ف جسم کا ۔
جسدی ع جسمی اور بدنی ۔
چستی ف مضبوطی و محکمی و استواری ۔

جیم با شین

چشم پوشی ف لحاظ کرنا کسی کے گناہ سے گذر کرنا

چشم نمائی ف دھمکانا معتوب کرنا۔

جیم با عین

جعلی ع ایک نئی چیز جو اصلی چیز کی طرح بنائی جائے

جعفری ف نام ایک پھول زرد رنگ کا ہے۔

جیم با غین

چغلی ف کسی کی برائی کرنا پیٹھ پیچھے بدی کرنا۔

جیم با کاف

چگونگی ف کیفیت حقیقت و ماہیت و اصل حال

جیم با لام

جلدی ف شتابی کرنا کسی کام میں۔

جلی ع روشن و آشکار اور بڑا۔

جلقی ع مشت زنی کرنیوالا شخص۔

چلمچی ت ہاتھ دھونیکا طشت جسمیں ہاتھ دھولاتے ہیں

چلی ف حمق و بیعقلی و نادانی و بیوقوفی۔

[illegible] ف نامردی و کم ہمتی و سستی و کاہلی۔

جیم با میم

جمادی الثانی ع نام چھٹے ماہ قمری کا۔

جماگی ف تمام اور بالکل اور سارا۔

جیم با نون

جنگ [illegible] ف جنگ کے معنوں میں [illegible]

چند [illegible] ف چند ساکسی قدر۔

جنی ت قوم جن اور جنون زدہ دیوانہ۔

چنگی ت چنگ نواز جو چنگ بجانیوالا ہو۔

جیم با واو

جوئی ف نہر پانی کی جو جاری ہو۔

جودی ع پہاڑ جسپر نوح کی کشتی ٹھیری تھی۔

جوہی ف ایک قسم کے پھول کا نام ہے۔

چوکی ف نگہبانی و چوکیداری و پاسبانی و حفاظت

جوفی ع ایک قسم کی مچھلی کا نام ہے۔

جولقی ع پشمینہ پوش قلندر فقیر و بینوا۔

جوجی ع بجانے مسخرہ و ظریف یعنے بھانڈ۔

جوہری ف جوہر شناس جواہر کا پرکھنے والا۔

جوہر ثانی ع عقول عشرہ سے دوسری عقل۔

جواری ع کنیزان و دختران گھر کی عورتیں و کشتیاں [illegible] جاری ہونیوالیاں

جوانی ف بالغ ہونیکی عمر زور و قوت کا زمانہ۔

جوز ہندی ف مغز ناریل جو مشہور چیز ہے۔

جوز خراسانی ف اخروٹ خراسان ملک کا۔

جوزی ع جوز کا رہنے والا جو ایک شہر ہے۔

جولانی ف اسپ و پیالہ شراب جو دور میں ہو۔

چوگانی ف چوگان باز جو گیند کھیلے۔

چوبکی ف چوبدار جو امراؤں کی ڈیوڑھی میں ہوتے ہیں

چوبی ف لکڑی کی بنی ہوئی چیز۔

جیم با ہا

جہودی ع ایک شخص جو قوم یہود سے ہو۔

چہرہ کشائی ۔ ف مصوری و نقاشی و پردہ دری اظہار

جیم با یاء

جی ۔ ف نام پرگنہ ملک اصفہان سے ۔

چیرہ دستی ۔ ف غالب ہونا زبردست ہونا ۔

چینی ۔ ف چین کی چیز اور چین کا آدمی ۔

چی ۔ ت غم و اندوہ و فکر و اندیشہ ۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حا اور اخیر مین یا ہے

حا با الف

حاکی ۔ ع حکایت کرنیوالا بات کرنیوالا ۔

حاوی ۔ ع احاطہ کرنیوالا گرد گھیرنے والا ۔

حامی ۔ ع حمایت کرنیوالا مدد کرنیوالا پناہ دینے والا ۔

حافی ۔ ع پا برہنہ جسکے پانو مین جوتی نہو ۔

حاضری ۔ ع مخفف ماحضر طعام جو موجود ہو ۔

حالی ۔ ع بیائے مجہول کسی وقت کسی زمانہ مین ۔

حالی ۔ ع بیائے معروف فی الحال اور وہ شخص جسکو زیور رہتا ہو ۔

حاجی ۔ ع حج کرنیوالا زیارت کرنیوالا ۔

حا با باء

حبلی ۔ ع حاملہ عورت پیٹ والی عورت ۔

حبالی ۔ ع حاملہ عورتین پیٹ والی عورتین ۔

حباری ۔ ع جانور جسکا چرز نام ہے ۔

حبشی و حبشی ۔ ع حبش کے رہنے والا شخص ۔

حا با تا

حتی ۔ ع یہان تک ۔

حا با جیم

حجی ۔ ع عقل اور کنارہ ہر چیز کا ۔

حا با راے

حرز یمانی ۔ ع ایک دعا کا نام ہے جو ۔۔ دعاؤن مین ہے ۔

حرامی ۔ ف چور راہزن ڈاکو ہارومی ۔

حرکت مذبوحی ۔ بیفائدہ کام ۔

حرکات نفسانی ۔ غم فرحت وغیرہ ۔

حرارت غریزی ۔ گرمی طبعی نفسی ۔

حرارت غریبی ۔ گرمی غیر طبعی جو نفسی نہو ۔

حرفی ۔ ع ہنرور اور واقف کسی پیشہ کا ہے ۔

حریری ۔ ع ریشمی کپڑے کی پوشاک ۔

حا با سین

حسنی ۔ ع خوبصورت عورت معشوق جمیل ۔

حسی ۔ ع منسوب بحواس خمسہ ۔

حسینی ۔ ع نام سرود جو پچھلی رات گاتے ہین

حسنی و حسینی ۔ ع سادات حسنی و حسینی جو امام حسن حسین کی اولاد ہین

حا با فاء

حفی ۔ ع مہربان دوست پیارا ۔

حا با قاف

حقانی ۔ ع خدا کا دوست ۔

حقیقی ع اصلی بات حق کی بات راست اور سچ بات

حا با کاف

حکمت مدنی ع شرع محمدی صلے اللہ علیہ وسلم۔
حکمت عملی ع تین قسم پر منقسم ہے ایک تہذیب اخلاق دوم تدبیر مستقل سوم سیاست مدن۔

حا بالام

حُلی ع جمع حلیہ زیور چاندی سونیکے۔
حلبی ت ہر چیز حلب کی خصوصاً شیشہ۔
حلوائے قرضی ع قسم حلوا جو خشک اور کترے ہوئے کاغذ کی طرح ہوتا ہے۔
حلوائی ف حلوا بنانیوالا شیرینی بیچنے والا۔
حلوائے پشمین ف قسم شیرینی جو پشم کیطرح ہوتی ہے۔
حلقچی ف جلیبی جو مشہور شیرینی ہے۔

حا بامیم

حِمی ع سبزہ زار سبزوار یعنی وہ چراگاہ جہاں چارپائے چرین
حُمّی ع تپ گرم اور تپ ہر ایک قسم کی۔
حمری اسرخ رنگ عورت و سرخ پوشش۔

حا باواو

حواس باطنی ع پانچ حس باطن کے حس مشترک خیال متصرفہ واہمہ حافظہ۔
حواس ظاہری ع پانچ حس ظاہر کے ذائقہ باصرہ شامہ لامسہ سامعہ۔
حواشی ع جمع حاشیہ وخدمتگاران۔کنیزان۔
حویشی ع امالہ حواشی غلامان وخدمتگاران۔
حواری ع یاری دینے والے اور نام اصحاب جناب عیسی علیہ السلام کا جو دہوبی قوم کے تھے۔
حَواری ع پالان سفید پوست وطعام سفید وہر چیز سفید
حوالی ع گرداگرد چارون طرف۔
حویلی ع امالہ حوالی مشہور لفظ ہے مجازاً مکان گھر رہنے کی جگہ

حا بایاے

حیوانی ع جو چیز حیوان سے پیدا ہو مثل گوشت وشیر وروغن وحبزات وغیرہ۔
حی ع زندہ جاوید نام خدا تعالی و نام قبیلہ عرب اور جمع کرنا وحاصل کرنا۔

چھٹی فصل

ان لغات کے بیان میں جن کا اول حرف خا اور آخر میں یا ہے

خا باالف

خاشی ع وہ پوک خائف ترسناک۔
خاوی ع خالی جس میں کچھ نہ ہو۔
خاصگی ف مقرب ومصاحب وخزانچی وامانت دار۔
خاکشی ف خوبکلان مشہور دوا ہے۔
خانی ف حوض کوچک وقسم زر مسکوک۔
خارج آہنگی ف وہ سرود جو بیقاعدہ ہو۔
خام دستی ف ناتجربہ کاری وناآزمودہ کاری۔

خاتم بندی وخاتم کاری ف ہڈی پر ہاتھی دانت پر گل پھول نقش بنانے -

خاطی ع جو اپنے ارادہ سے خطا کرے -

خاکی ف جو خاک سے پیدا ہوا ہو انسان وحیوان وغیرہ

خاکبازی ف مٹی سے کھیلنا لڑکون کا -

خالی ف مشہور لفظ ہے یعنی جو چیز اندر سے پوپلی ہو -

خامی ف بیوقوفی اور کچاپن اور جہل ونادانی -

خا با تا

ختلی ف گھوڑا ولایت ختلان کا جو بہت اچھا ہوتا ہے -

خا با دال

خدری ع ایک بیماری کا نام ہے جس سے بدن انسان کا بےحس ہو جاتا ہے -

خدمتی ف تحفہ وپیشکش و نذرانہ -

خا با رائے

خرابی ف ویرانی وشکستگی وخرابی -

خرقانی ف ابو الحسن خرقانی ایک بزرگ کا نام ہے

خراسانی ف قسم طعام ہے اور قسم اجوائن کا -

خراطی ع خراط کرنیوالا لکڑی کو -

خردمندی ف داناتی وعقلمندی وہوشیاری

خا با زائے

خزی ع رسوا وبدنام وخراب وخستہ -

خزری ع منسوب بخزر جو ایک ملک کا نام ہے -

خزانگی ف جو چیز خزانہ مین ہو گھر مین رکھی ہو -

خزانچی جسکے سپرد مین خزانہ ہوا مین آدمی -

خا با سین

خسروانی ف ایک راگ کا نام ہے -

خسروی ف بادشاہی وحکومت وراج -

خستگی ف زخمی ہونا ٹوٹنا نقصان مین آنا -

خا با شین

خشکی ف بیوست سوکھنا بے آب ہونا -

خشک مغزی ف دیوانگی وجنون وخبط ومالیخولیا -

خشوی ف مادر زن ومادر شوہر یعنی ساس -

خشی ع خوف وبیم وترس -

خا با صاد

خصمی ع دشمنی عداوت بیر وخصومت -

خصّی ع جسکے خصیہ نکال ڈالین -

خا با طاء

خطمی ع نام ایک دوا کا ہے جو بیج ہوتے ہین تخم خطمی بھی اسکو کہتے ہین -

خا با فاء

خفگی ف گلا گھوٹنا مجاز غصہ وغضب وخشمناکی -

خفی ع پوشیدہ چھپا ہوا آنکھون سے -

خا با لام

خلاق المعانی ولقب حکیم خاقانی کا -

خلی ع بے غم وبیفکر وبے اندیشہ -

خا با میم

خرِ عیسی ف عیسی کا گدھا جس سے وہ براہ اعجاز ہر ایک سنگ کا کپڑا رنگ دیتے تھے۔

خماسی ع وہ کلمہ جسمین پانچ حرف ہون۔

خا با نون

خنثی ع جو شخص نہ عورت ہو نہ مرد۔

خا با واو

خودسری ف تکبر و غرور و عجیب و بڑائی۔

خورائی ف لائق شخص اور لائق چیز۔

خون گرمی ف الفت و محبت و پیار و جوش محبت کا

خواری ف خرابی و ویرانی و خستگی۔

خورسندی ف خوشی۔

خورمی ف خوشی۔

خوشنودی ف خوشی

خواصی ف خدمتگار۔

خوبانی ف زرد آلو خشک جسکی گٹھلی کا بادام ہوتا ہے۔

خوردنی ف کھانیکی چیز طعام و میوہ وغیرہ۔

خوردی ف چھوٹاپن کم عمر ہونا لڑکا ہونا۔

خونی ف قاتل جو کسی کو قتل کر دیوے۔

خویشی ف رشتہ داری و قرابت و ہم قومی۔

خواستگاری ف طلب نکاح زنانہ نسبت

خوئے ف پسینہ عادت و طرز و طریق۔

خود ساختی اپنے آپ کو سنوار کر دکھلانا تھا ہر آرائشی کرنا

خوشی ف خوش لفظ ہے یعنی شادی خورمی و سینہ عشرت و عیش

خا با ہا

خہی ف کلمہ تحسین و آفرین شاباش واہ واہ۔

خا با یاء

خے ف پکھال پانی کی۔

خیلے ف اکثر۔

خیری ف ایک پھول کا نام ہے جسکو گل خیرو کہتے ہین

خیرہ رائی ف کم عقل بیوقوف و نادان۔

خیرگی ف تیرگی و تاریکی کم عقلی و نادانی۔

خیمگی ف جو شخص خیمہ مین ہو پردہ نشین

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف دال اور اخیر مین یا ہے

دال با الف

داہی ع دانا و زیرک و صاحب علم و ہوشیار۔

داعی ع دعا کرنیوالا طلب کرنیوالا بلانیوالا۔

دادنی ف قرض جو واجب الادا ہو۔

دارچینی ایک دوا کا نام ہے۔

دانائی ف عقلمندی و ہشیاری۔

دائمی ف ہمیشہ ہر لحظہ ہر وقت۔

دارائی ف پادشاہی اور نام ہے ایک ریشمی پارچہ کا

داروئے بیہوشی ف ایک دوا کا نام ہے۔

دامنی ف چادر باریک یک عرضہ۔

دوشیزگی ف کنوارا ہونا۔

دوسری ف نفاق جو نظاہر دوستی اور دل دشمنی ہو

دورو‌ئی ف نفاق کرنا و دورخہ ہونا۔

دوائر فلکی ت دائرہ ہائے آسمانی۔

دوست کامی ف دوست کی خاطر اپنے فائدہ سے دست بردار ہونا۔

دوئی ف دو ہونا ضد یگانگت۔

دوی ع بولنا کان کا اگر آواز نرم اور غلیظ ہو اور اگر باریک و تیز ہو تو طنین نام ہے۔

دوزخی ف منسوب بدوزخ یعنے جو شخص دوزخ کے لائق ہو

دوالک بازی ف مکاری و فریب و دغا۔

دواعی ف خواہشین جمع داعیہ یعنے ارادے۔

دواہی سختیان زمانہ کی اور رنج اور تکلیفین۔

دال با ہاء

دہ دہی ف خالص سونا کامل ہونا کھرا ہونا۔

دہ پنجی ف ناقص ہونا عیب دار ہونا۔

دہن عصری دہن بلسان جو مصر مین نکلتا ہے

دہری ف پیر سالخوردہ اور نیز وہ شخص جو عالم کو قدیم جانے مگر قیامت کا قایل نہو۔

دال با یاء

دی ماہ گہ موسم سرما اور نام نوین تاریخ کا ہر ماہ شمسی کے و شب تاریک۔

دیوانگی ف دیوانہ پن خبط و جنون

دیوانی ف وہ عدالت جسمین نقد روپیہ اور زمین کے دعوی دائر ہون۔

دی ف روز گذشتہ جو گذر چکا ہو۔

دین حنیفی ع دین ابراہیم خلیل اللہ کا۔

دیلمی ع نام قوم جنمین سے بہت بادشاہ ہوئے چنانچہ عضد الدولہ دیلمی وغیرہ۔

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ذال و راخیر مین یا ہے

ذال با الف

ذات الکرسی ع نام ایک شکل کا اشکال آسمانی سے

ذال با کاف

ذکی ع تیز طبع فہیم و عقلمند ہونا۔

ذال با میم

ذمی ع اہل کتاب جو زنہاری ہو جسکے ذمہ دار اہل اسلام ہوں

ذال با یاء

ذی ع خداوند و صاحب و مالک۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف

رائے داو ۔ اخیر مین بارے

رائے باالف

راذی ؟ بدال سخاوت وجوانمردی وحکمت۔

رافضی ؟ وہ شخص جو اپنے مالک کے ساتھ بیوفائی کرے چونکہ زید شہید کے پیرون نے ونکے ساتھ وقت پر بے وفائی کی اور الگ ہو گئے اسیطرح اونکا خطاب رافضی ہوا۔

راہداری ؟ چوکیداری و پاسبانی۔

راہی ؟ مسافر راستہ چلنے والا۔

رامی ؟ تیرانداز و سنگ انداز و تہمت کرنیوالا۔

راعی ؟ شبان و حاکم و نگہبان قوم کا۔

راستی ف سچائی و درستی۔

راضی ؟ رضامند۔

راجی ؟ امیدوار جس سے کسی کو نیکی کا طمع ہو۔

راوی ؟ روایت کرنیوالا دیکھی بات کرنیوالا۔

راقی ؟ افسونگر عزیمت خوان اور اوپر کو چلنے والا۔

رائی ف عقل و فکر نہایت ہی مین چھوٹا راجہ۔

رامشی ف مطرب گانیوالا سرود کرنے والا۔

راشی ؟ رشوت لینیوالا ناجائز حق کسی کام مین لینیوالا شخص

رائے باباء

رباعی ؟ چار مصراع کا شعر اور ہر چیز جو چار کی تعداد پر ہو

ربانی ؟ پروردگار کا بندہ چنانچہ محبوب ربانی۔

رائے باجیم

رجعت قمری ؟ واپس پانو پیچھے کو چلنا چنانچہ بعض ستارون کی گردش ہوتی ہے۔

رائے بادال

ردی ؟ ردہوا ہوا مردود راندہ۔

رائے باسین

رستی ؟ فراحت و فراغت نعمت و رزق روزی

رسینی چاکر و خراج محصول۔

رسائی ف پہونچ پہونچنا۔

رسمی ف بموجب رسم کے

رستنی ف گہاس پات اوگنے والی چیز۔

رسیدگی ف بالغ ہونا جوان ہونا پہونچنا اپنے حد ومقدار بلوغ تک۔

رائے باضاد

رضی ؟ خوشنود اور رضامند و خوشدل

رضاعی ؟ ہم شیر جسنے کسی اور سے ملکر ایک دایہ کا دودہ پیا ہو وہ دوسرے شخص کا برادر رضاعی ہا یعنے دودہ بہائی

رعنائی خودآرائی و زیبائی و خوبی حسن و جمال و زینت۔

رعی ؟ چرنا چرانا و نگہبانی کرنا مویشی یعنے گائے بیل بہینس بکری بہیڑ کا۔

رعی ؟ گہاس مویشی کے چرنے کی اور نیز خوراک مویشی کا

رائے باکاف

رکابی ف چہوٹا طشت چہوٹا رکاب۔

رکنی ؟ زرخالص کی نام ایک بیا گرکہ تہا دوسکا بنایا ہوا خالص ہوتا تہا

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف زاے اور اخیر مین یا ہو

زاے باالف

زانی ز زنا کرنیوالا محرم عورت سے صحبت کرنیوالا۔

زاری ف رونا تضرع کرنا فریاد کرنا۔

زایندگی ف پیدا ہونا وزائیدہ اور بچہ کا ماکے پیٹ سے

زاے باباد

زبانی ع موکلان دوزخ یعنے دوزخ کے فرشتے

زبان بازی ف برابری وخصومت وطول کلامی

زبردستی ف زورآوری وناانصافی وجوانمردی۔

زبان درازی ف بہت بولنا گالی دینا گستاخی

زاے باذال

زدائی ف پاک کرنیوالا درست کرنیوالا

زاے باراے

زردوزی ف طلا کا کام کپڑے پر کرنا۔

زرگری ف سنارکا کام اور مکر وفریب وحیلہ وبہانہ کرنا

زرجعفری زر خالص او جعفر کیمیا گر تہا جو جعفر برمکی ہارون رشید کا وزیر تہا۔

زرمغربی ع سونا خالص ملک مغرب کا جہان خالص سونا ہوتا ہے

زرجوبی فت نام معجون مقوی کمر وپشت ومقوی باہ۔

زرسی ف قسم پارچہ زرین مثل کمخواب وغیرہ

زاے باکاف

زکی ع پاک فساد سے اور صاف وخوبصورت۔

زاے بالام

زلالی ف نام شاعر جسکا فارسی دیوان مشہور ہے

زاے باجیم

زنگی زنجی ع رہنیوالا ملک زنگ کا یعنی حبشی

زمانی ع زمانہ کا جو زمانہ کے منسوب ہی۔

زاے بانون

زنہاری ف جو کسی کی پناہ مین اور امان مین ہو اگر چہ ایک دشمن سے خوف ہو۔

زنگی ف حبشی زنگبار کا آدمی جو ایک مشہور ملک ہے۔

زندگی ف عمراور جینا وحیات۔

زندگانی ف عمراور جینا اور حیات

زنجیری ف قیدی جسکو زنجیر پہنایا گیا ہو۔

زنبوری ف ایک قسم کی کستوری نہایت عمدہ ہے

زنگاری ف مشہور رنگ ہے زنگار کے رنگ پر ہے

زودی ف شتابی جلدی بلاتوقف۔

زاے باہاے

زہی ف کلمہ تحسین ہے واہ واہ بہت خوب بہت بہتر

زاے بایاء

زہی ف کنارہ مدطرف تہا مخفف زیست او صیغہ از زیستن

زیادہ سری ف غرور سرکشی وتکبر۔

زیرکی ف دانائی عقلمندی ہشیاری ومآل اندیشی۔

زیی ع لباس وجامہ وپوشاک۔

زیتونی ف ایک رنگ کا نام ہے۔

زیرہ پانی ف قسم طعام جو نہایت لذیذ ہوتا ہے۔
زیرہ بائی ف ایک قسم آتش کا ہے۔
زیرپائی ف نقش یعنی عرق جو پانو میں پہنتے ہین

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور آخیر مین یا ہے

سین با الف

سامری ع قوم موسیٰ مین ایک مرتد کا نام جس نے موسیٰ علیہ السلام کی غیبت مین براہ مکرو فریب سونے کا بچہرا بنا کر قوم کو گمراہ کیا تہا اور بہت سے لوگ اونکے فریب مین آگئے تہے۔
سادگی ف صفائی بے تکلفی و بیعیبی و سادہ لوحی
سال شمسی وہ برس جو سورج کی چال بحسوب بروج کے چہنے سے۔
سال قمری ف چاند کی چال کا برس محرم سے ماہ ذی الحجہ تک
سالوسی ف چرب زبانی فریب و مکر و دغابازی
سائی ف گہسا رگڑا چنانچہ آسیا سائی۔
ساعی ع کوشش کرنے والا۔
سانگی نام میوہ جسکو ساوگی کہتے ہین۔
سائشی ف اثر کرنے والا سرایت کرنیوالا۔
ساہی ع غافل اور فراموش اور بہولا ہوا۔
ساقی ع پلانے والا پانی شراب وغیرہ کا۔
سامی ع بزرگ بلند اونچا۔
ساری ع جاری و روان۔

سین با باء

سبکی ف ہولاپن دندگرانی کی اور خفت وبیعزتی۔
سباعی ع سات آسمان یا سات ستارے یا سات والے تین
سبحی ع درندگی و پہاڑ کہانا۔
سبع المثانی ع سات آیتین جو دو بار نازل ہوئین یعنے سورۂ فاتحہ یہ سورۂ ایکمرتبہ مکہ اور دوسری مدینہ مین نازل ہوئی۔
سبز بختی ف نیک طالعی و دولتمندی نیک نصیبی
سبکروحی ف بے تعلقی و ترک و تجرید۔
سبکسری ف حماقت بیوقوفی نادانی
سبکروئی ف تیز رفتاری تیز چلنا دوڑنا
سپردنی ف لائق سپرد کرنے کے
سبزی ف رنگ پات گہاس وغیرہ اشیاء
سپنجی سرا ف خانہ بے ثبات صرف اس جہان مین تین یا پانچ دن تک قیام ہو مجازاً خانہ نے یعنے جہونپڑا۔
سپری ف گذرا ہوا آخر ہوا ہوا ختم ہوا ہوا۔

سین با تاء

ستی ف فولاد و آہن نیزہ و سنان یعنے برچہی۔
ستبری ف موٹائی موٹاپن و فربہی۔

سین با جیم

سجاوندی ف قرائت کے علم مین ایک کتاب ہے۔

سین با حا

سحانی ع وہ تاگا جو خط پر باندہتے ہین اس لئے کہ کوئی اوسکو کہول نہ سکے۔

سین با خا

سختی ف دشواری و تنگی و ناچاری۔

سخی ع صاحب بخشش و سخاوت آدمی۔

سین با دال

سدرة المنتہی ع بیری کا درخت ساتوین آسمان پر اور سپہر جبرئیل کا مقام ہے۔

سین با رائے

سردستی ف جو کچہ حاضر ہو جو موجود ہو۔

سراری ع جمع سریہ کی لونڈیان مدخولہ کنیزکین۔

سرائے ف مکان گہر و مسافرخانہ۔

سربازی ف لڑائی جنگ فساد معرکہ آرائی۔

سرپنجگی ف زور آوری و جوانمردی۔

سرافرازی ف سربلندی عزت آبرو بادشاہی وغیرہ

سرخی ف سرخ ہونا لال ہونا غصہ مین آنا۔

سرتابی ف نافرمانی و بغاوت۔

سرکوچکی ف فرومایگی سفلہ پن بے آبروئی۔

سروسہی ف کنایہ قد معشوق سیدہا قد۔

سرگردگی ف سرداری افسری سرگروہی۔

سرخوشی ف سرور و نشہ شراب کا جو تہوڑا ہو۔

سرکاری ف منسوب بسرکار چنانچہ فوج سرکاری و سردار کار یعنے کوتوال و داروغہ وغیرہ۔

سربراہی ف درستی انتظام و بندوبست۔

سربابانی ف اظہار عزت و بزرگی۔

سرٹپے ف ٹہوکر و ضرب جو کسیکو لگ جائے۔

سرگوشی ف کان مین باتین کہنی آہستہ باتین کہنی

سرائیلی ع قوم بنی اسرائیل یعقوب نبی کی اولاد۔

سراپیلی ہنر و محنت یعنی بہت بڑا آدمی۔

سرکہ پیشانی ف ترش رو وہ بدمزاج و بدخو۔

سری سقطی ع نام بزرگ جو کامل ولی مشہور ہین

سرآوری ف گردآوری یعنے جمع کرنا۔

سرپرستی ف مختاری و افسری و سرداری۔

سرپائی ف جماع کرنا صحبت کرنا۔

سردردی ف محنت و تکلیف و درد سر۔

سردی ف ٹھنڈک جاڑا سرد ہونا۔

سرسری ف بے تامل بے تحقیق فے الفور۔

سروری ف سرداری افسری و باآبروئی۔

سری ف سرداری افسری عزت آبرو۔

سرمدی ف ہمیشگی

سرکشی ف نافرمانی کرنا بغاوت کرنا۔

سرمہ صفاہانی ف قسم سرمہ کا ہے۔

سین با عین

سعی ع کوشش و تن دہی و عرق ریزی و محنت۔

سعدی تخلص شاعر جسکا نام مصلح الدین شیرازی
تہا کتاب پندنامہ و گلستان و بوستان و دیوان
عدی اسکی یادگار ہین اور مشہور نامی شعرا مین سے ہے
سعتری چپٹی سینو والی عورت اور شہوتن عورت

سین با فا

سفلی پستی اور زیرین یعنی نچلی اور بجھوکی -
سفلیٰ ع پست ترین مونث اسفل کے لفظ کی -

سین با لام

سلوی ع نام جانور پرند جو موسی نبی کے لشکر
مین تہے اور وہ ول اوسکے کباب کرکے کہاتے -
سلاحی ع سپاہی ہتھیار باندہ ہو ہوئے -
سلاخی ع بکرا اور کہال نا پوست اوتارنا -

سین با میم

سمانی ہ نام طایر جسکو سلوی کہتے ہین ہندی بٹیر
سماری ف آسمانی ستارہ یا کوئی اور چیز جو آسمان سے
نازل ہوئی چنانچہ کتب سماوی آسمانی کتابین -

سین با نون

سنی ع رفیع و بلند و روشن و تابان اور مشہور فرقہ اہل سنت
و جماعت کا جس مذہب کے لوگ محمد صلے اللہ علیہ وسلم
کے ابوبکر عمر عثمان علی چارون جانشینون کو خلیفہ
برحق مانتے ہین بخلاف شیعہ کے -
سنگدلی ف بیرحمی و ظلم و ستم -
سنجیدگی ف وزن دار ہونا وزن کرنا -

سین با واو

سوہنی ف ایک رنگ کا نام جو سرخ و نیل ہوتا ہے -
سوانی ف اس سے الگ اور بغیر -
سوختگی ف جلن سوزش -
سودائی ف دیوانہ اور خبطی -
سوداگری ف تجارت کرنا سودا بیچنا -
سوائی ع برابر ہموار -
سوری ف ایک سرخ پہول کا نام ہے -
سوانی ہ شتر ن آبکش یعنی اونٹ پانی کہینچنے والے
سواقی ع جمع ساقیہ یعنے چھوٹی چہوٹی نہر -
سوفسطائی ع قوم حکمائے باطلہ جو نفی حقایق مین
تقریر کرتے ہین اور خدا کی ہستی کے قائل نہیں -
سوی ف طرف اور ترکی مین پانی -
سوقی ع بازاری و بازار نشین و دکاندار -
سوزنی ف ایک قسم کا فرش ہے جسپر بخیہ اور سوئی کا
کام ہوتا ہے کشمیر مین یہ کپڑا بہت بنایا جاتا ہے -

سین با ہا

سہروردی نام خاندان مشایخ ہے جنکے امام شیخ
شہاب الدین سہروردی ہین اور سہرورد ایک شہر عجم مین ہے
سہی ف راست قد کی تعریف مین آتا ہے خصوصا سہی سرو وغیرہ

سین با یا

سیری ف پیٹ بہر جانا کہانیکے بعد -
سیلی ف مکا اور گہونسہ -

سی ف تیش ترکی ہین او چیق وہ۔

سیہ کاری ف ظلم و بدی و خرابی و فتنہ و فساد

سیر التوانی ہ ناز نخرا آب کش

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان ہین جن کے اول حرف شین اور اخیر مین یا ہے

شین با الف

شاکی ف شکایت کرنیوالا ناراض آدمی۔

شاطی ع کنارہ دریا ساحل دریا نہر کا کنارہ

شافعی ع نام امام مذہب جو اہل سنت کے چار امام سے ایک امام

شاخچہ بندی ف پیوند کرنا جوڑنا انتظام کرنا۔

شاہی ف بادشاہی دربار بادشاہی محل وغیرہ جو باتین بادشاہ کے ساتھ منسوب ہون۔

شامی شام کا رہنے والا شام کے ملک کا۔

شانی ع دشمن اور بیری وعداوتی آدمی۔

شانہ بندی ف مشکین باندہنا بازو باندہنا۔

شادی ف خوشی وعیش وعشرت۔

شافی ع شفا دینے والا آرام بخشنے والا ایک نام خدا تعالی کے نامون مین سے ہے۔

شین با با

شبابی ف چرواہا ہوتا مویشی چرانا۔

شبلی ع نام ایک مرد عابد کا ہے جو کامل ولی تہا

شب گردی ف رات کو پہرنا گشت کرنا کوتوال کا رات کو

شین با تا

شتی ع متفرق الگ الگ۔

شین با را

شربتی ف ایک قسم جامہ ابریشمی جو شربتی رنگ ہوتا ہے

شراب زدگی ف کمال بیہوشی جو شراب پینے سے واقع ہو

شین با سین

ششتری ف قسم جامہ منسوب بشہر ششتر

شین با کاف

شکرنگی و شکرنجی ف آزردگی و رنجیدگی۔

شکرتری ف شکر سفید کھانڈ و قند سفید۔

شکوی ع گلا شکایت و ناراضی جو زبان سے بیان کیجائے

شین با لام

شلائینی و شوخی و چسپیدگی اور چپک۔

شین با میم

شماسی ع مرد شمس پرست جو سورج کو پوجے۔

شماخی ع شروان کے پاس ایک قصبہ ہے۔

شماعی ف شمع روشن کرنیوالا چراغ جلانیوالا۔

شین با واو

شوری ع مشورت و صلاح و تجویز و تدبیر آئیمین کرنا۔

شومی ف نحوست بدبختی خرابی وابتری۔

شورہ پشتی ف شوخی و کج ادائی۔

شوی ف عورت کا شوہر یعنے خاوند عورت کا۔

شین با ہاء

شہوت کلبی ع گرسنہ رہنا ایک بیماری کا نام ہے جس سے آدمی کا پیٹ نہین بہرتا یعنی کُتّے کی بہوکھ۔

شہر نبی ف مدینہ منورہ جو محمد صلعم کا مسکن ہے۔

شہنائی ف ایک ساز کا نام ہے جو جنگ مین بجایا جاتا ہے بگل و اسکو نفیری

شہیدی ف ایک شاعر کا نام ہے جسکا دیوان مشہور ہے

شہی ف بادشاہی سلطنت و حکومت و فرمانروائی

شہری ف ایک سرود کا نام ہے اور شہر مین بسنے والا

شہوی ف صاحب شہوت جسکو خواہش بہوکہ بہت ہو

شہوائی ف خواہشمند و طالب و چاہ رکہنے والا۔

شین با یاء

شیفتگی ف حیرانی و دیوانہ پن و پریشانی۔

شیٔ ع چیز۔

شیدی ف لقب حبشیان و زنگیان۔

شیلانچی ف داروغہ باورچی خانہ کا۔

شیرینی سواد غیرہ میٹہی چیز۔

شیرین کاری ف سرانجام کار بوجہ احسن۔

شیعی ف جو شخص شیعہ مذہب ہو۔

شیخ نجدی ف لقب شیطان لعین کا۔

شیخی ف فخر و بڑائی و تکبر و غرور۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف صاد اور اخیر مین یائے ہے

صاد با الف

صاحبی ف قسم انگور و نام جامہ ابریشمی مخطط۔

صافی ع صاف و بے کدورت و آبدار۔

صاد با باء

صبوری ع صبر کرنا ٹہیرے رہنا مصیبت کیوقت بیقرار نہ ہونا

صبی ع بچہ و کوڈک کم عمر لڑکا۔

صبوحی ع شراب بامداد و صبح کی شراب۔

صِبی ع طفلی و کوڈکی و کم عمری۔

صاد با حاء

صحاری ع جمع صحرا بہت سے جنگل اور ویرانے۔

صاد با راء

صرعی ع جو مرگی کی بیماری سے بیمار ہو۔

صراحی ع شراب یا پانی رکہنے کا برتن۔

صرفی ع جو علم صرف کا پڑہتا ہو۔

صاد با فاء

صفی ع برگزیدہ و خاص و لقب آدم علیہ السلام۔

صفراوی ع جو مرض صفرا سے بیمار ہو۔

صاد با لام

صلیبی ع خط صلیبی اسطرح +

صلبی ع پشتی و نسلی۔

صاد با نون

صندلی ؛ چوکی تخت کوچک یعنی چھوٹا تخت۔

صاد با واؤ

صُوری ؛ ظاہری بخلاف باطنی کے۔

صُوفی ؛ درویش پشمینہ پوش گودڑی پہننے والا۔

صورتگری ؛ مصوری و نقاشی۔

صاد با یاء

صیرفی ؛ صراف جو روپیہ اشرفی پرکھتا ہے۔

صیقلی ؛ وہ پتھر جسپر تلوار صیقل کرتے ہین۔

چودہوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف

ضاد اور اخیر مین یا ہے

ضاد با الف

ضاری ؛ شکاری کہ پیچھے جانیوالا کتہ وغیرہ۔

ضاد با حاء

ضحی ؛ وہ پہر وقت جسکو چاشت فارسی مین کہتی ہین نہایت روشنی کا وقت

ضاد با عین

ضعیفی ؛ ناطاقتی کمزوری و ناتوان ہونا۔

ضاد با نون

ضنی ؛ لاغر و ناتوان کمزور و ناقوت۔

پندرہوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف

طا اور اخیر مین یا ہے

طا با الف

طاری ؛ ظاہر ہونیوالا ناگاہ اترنے والا۔

طاغی ؛ حد سے گذرنیوالا اندازہ سے بڑھنے والا

طاقی ؛ ایک قسم کی ٹوپی ہے یعنی اونچا کلاہ۔

طامۂ کبریٰ ؛ قیامت کا دن حشر کا روز۔

طاس بازی ؛ نام ایک بازی کا ہے۔

طافی ؛ وہ کم وزن چیز جو پانی کے سطح پر آجاوے مثل سبزی وغیرہ بخلاف دیگر جو وزندار ہو اور تہ مین بیٹھ جاتی ہے

طائی ؛ جو قبیلہ طے مین سے ہو چنانچہ حاتم طائی

طا با باء

طبعی ؛ منسوب طبیعت یعنی اصلی۔

طبّی ؛ جو چیز طب سے منسوب ہو یعنی متعلق علم طب کا

طبرزی ؛ نام ایک مقام کا ہے۔

طبقی ؛ پستان چار پایہ۔

طبری ؛ منسوب معشوق بمعنے طبریہ جسکے معنے مصری مین

طا با راے

طری ؛ تازہ و نیا و آبدار۔

طا با غین

طغیانی ؛ زیادتی ترقی پانی کا چڑہاؤ جو دریا مین ہو

طا با فاء

طفلی ؛ بچپن و کم عمری و کودکی۔

طا با لام

طلائی — سونے کا زیور اور سونے کی بنی ہوئی کوئی چیز

طا با واو

طوبی — شادی عروسی کدخدائی۔

طوَی — گرسنگی بھوک خواہش

طوبے — ہونیث اطیب خوشبودار تازہ اور نام درخت کا جو بیچ بہشت کے ہے

طوطی — مشہور جانور ہے جسکو ہند میں طوطا کہتے ہیں اور سوہ [illegible]

طا با یا

طئی — نام قبیلہ جو عرب میں ہے اور حاتم وسی قبیلہ میں سے تہا۔

طئی — گرسنگی اور لپیٹنا اور لپیٹ کسی چیز کی۔

سولہوین فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول حرف ظا اور اخیر مین یا ہے

ظا با الف

ظامی — پیاسا تشنہ۔

ظاہری — ظاہر اور نسبت بظاہر

ظا با با

ظبی — ہرن آہو جو مشہور چارپایہ ہے۔

ظا با لام

ظلمانی — تاریک اور اندہیرا۔

ظا با نون

ظنی — قریب یقین کے جس مین شک و شبہہ نہو

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف عین اور اخیر مین یا ہے

عین با الف

عارضی — جو چیز پیچھے سے لاحق ہوئی ہو۔

عادی — عادت کیا گیا بار بار کرنیوالا۔

عالم ہیولائی — عالم اجسام یعنے ظاہری عالم۔

عالم معنی — عالم باطن بخلاف عالم ظاہری کے

عامری — منسوب بقبیلہ بنی عامر۔

عاری — برہنہ و محروم و نادان ناچار و بے لباس۔

عامّی — عام لوگ عام خلقت۔

عاصی — گنہگار لوگ تقصیری و مجرم

عائلی — درویشی و فقیری و ناداری۔

عین با با

عبقری — جامہ لطیف و خوب بہت اچھا کپڑا۔

عباسی — ایک مشہور رنگدار پہول ہے۔

عبری عبرانی — نام زبان جو اہل کنعان آپس مین بولتے ہین اور نام سرزمین کنعان کا۔

عین با تا

عُتی و عِتی — حد سے گذرنا تکبر کرنا۔

عتابی — ایک قسم کا کپڑا ہے۔

عین با جیم

عجمی عجم کا رہنے والا شخص۔

عین باراے

عروسی شادی نکاح کدخدائی۔

عراقی تخلص ایک شاعر کا اور عراق کا رہنے والا۔

عرق مدنی بیماری رشتہ یعنے نارو۔

عرش ثانی کرسی۔

عرض بیگی بادشاہ کے حضور میں عرض کرنیوالا۔

عرائی صحرائے بے درخت و بے گیاہ

عربی عرب کا رہنے والا

عرفی تخلص ایک شاعر کا جسکا نام جمال الدین اور مولد شیراز ہے اکبر بادشاہ کے وقت میں ہند مین آیا اور شاہزادہ سلیم سے جو آخر جہانگیر شاہ تھا محبت رکھتا تھا اور اوسی عشر میں مسموم ہوا

عرضی جو اصل ہو۔

عین باسین

